A-155

حق تالیف محفوظ ہے

هٰذا بیان للناس وهدی وموعظة للمتقین

انه لقرآن کریم فی کتاب مکنون

قرآن مجید مترجم

لا یمسه الا المطهرون

منشی سید ظفر یاب علی جوہر پرنٹر پبلشر

سورۃ الفاتحۃ مکیۃ وھی سبع آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ

کل عالموں کے پروردگار خدا کیلئے ہر قسم کی تعریف خاص ہے (جو)

الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ

رحمٰن و رحیم ہے (اور) جیسے کے دن کا مالک ہم تیری ہی

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا

عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں خاص

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

راہ حق پر ہمکو ثابت قدم رکھیو اُن لوگوں کی راہ پر

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

جنپر تو نے انعام فرمایا نہ اُنکی جنپر غضب

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

نازل کیا گیا اور نہ گمراہوں کی

سورۃ البقرۃ مدنیۃ وھی مائتان وست او سبع او ثمان وثلثون ایۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(رحمن ورحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى

الٓمٓ یہ کتاب یعنی جو حسین کسی قسم کا شک نہیں ان پرہیزگاروں

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

کیلئے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان لائیں اور

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

اقامت صلوٰۃ کریں اور جو کچھ ہم نے انکو دیا ہے اسمیں سے ایک جزو (ہماری راہ میں) خرچ کریں

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

اور (اے رسول) جو کچھ تم پر نازل کیا گیا ہے اور جو تم سے پہلے

قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى

آ چکا ہے اسپر (بھی) یا (ہی) یقین اور آخرت پر بھی وہ (پورا پورا) یقین رکھیں یہی لوگ

هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی (پوری پوری) فلاح پانے والے ہیں

آیاتہا ۲۸۶ کلماتہا ۶۰۳۱ حروفہا ۲۵۰۰

کے معنے مروی ہیں کہ جو علم معنے تمھیں دیا ہے اُسے پھیلاتے ہیں ۱۲ ش المفلحون جس چیز سے ڈر ہو اُن سے نجات پانے والے اور جس چیز کی امید

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ
جو کافر ہوچکے انکے لئے برابر ہے خواہ تم انکو ڈرا دو یا

لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ
نہ ڈراؤ وہ ایمان نہ لائینگے انکے دلوں اور کانوں پر خدا نے

وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ
نشان کردیا ہے اور انکی آنکھوں پر پردہ (پڑا ہوا) ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَن
اور انکے لئے بڑا عذاب ہے اور آدمیوں میں سے ایسے (بھی) ہیں

يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ
جو (یہ) کہتے ہیں کہ ہم خدا اور قیامت کے دن پر ایمان لائے ہیں حالانکہ وہ مومن نہیں ہیں

يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا ۖ وَمَا يَخْدَعُونَ
وہ خدا کو اور مومنوں کو دھوکا دیتے ہیں حالانکہ وہ اپنے ہی آپ کو

إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ
دھوکا دیتے ہیں اور سمجھتے نہیں انکے دلوں میں روگ ہے

فَزَادَهُمُ اللَّهُ مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۢ
خدا انکے روگ کو اور بڑھائے اور انکے لئے بوجہ (برابر) جھوٹ بولتے رہنے کے

بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا
تکلیف دینے والا عذاب (مقرر کیا گیا) ہے اور جب انسے یہ کہا گیا کہ زمین میں فساد

فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ۝ أَلَا إِنَّهُمْ
مت کرو (تو) انھوں نے یہ کہدیا کہ ہم تو اصلاح ہی کرنیوالے ہیں خبردار رہو

هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ۝ وَإِذَا قِيلَ
یہ لوگ بلاشک مفسد ہیں ولیکن سمجھتے نہیں اور جب انسے

ع ۱ وقفہ لازم

منزل ۱

لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ
یہ کہا گیا کہ جسطرح اور لوگ ایمان لائے ہیں تم بھی ایمان لاؤ تو انھوں نے یہ کہدیا کیا ہم اسطرح
اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ
ایمان لے آئیں جسطرح یہ بیوقوف ایمان لے آئے خبردار رہو یہ لوگ خود ہی بیوقوف ہیں ولیکن
لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ
جانتے نہیں اور جب یہ مؤمنوں سے ملاقات کرتے ہیں تو کہدیتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں
وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا
اور جب خلوت میں اپنے شیطانوں سے ملتے ہیں تو کہدیتے ہیں کہ ہم تو تمھارے ہی ساتھ ہیں آپسے تو
نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ
ہم صرف ہنسی کرتے ہیں اللہ (بھی) انکے ہنسی کرتا ہے اور انکو انکی سرکشی میں
فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا
ڈالے رکھتا کہ (آپہی) سرگردان رہیں یہی لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت کے بدلے
الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا
گمراہی خریدی نہ انکی تجارت ہی نے انکو نفع دیا اور نہ انھوں نے
مُهْتَدِيْنَ ۝ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ
ہدایت ہی پائی انکی مثل اس شخص کی سی ہے جسنے آگ روشن کی
فَلَمَّآ اَضَاۗءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ
اور جب آگ نے ہر طرف اجالا کر دیا تو اللہ نے انکی روشنی لیلی اور انکو ایسی تاریکیوں
فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ۝ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ
میں چھوڑا کہ کچھ دیکھتے (ہی) نہیں بہرے گونگے اندھے ہیں اب (کفر سے)
لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاۗءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ
پلٹ کر نہیں آسکتے یا (انکی حالت) جو (کچھ سننا پڑا) اسکی مثال اس بارش کی سی ہے جسمیں تاریکیاں بھی ہوں

ہیں لیکن دیکھتے نہیں ۱۲ مجھے گمان ہیں لیکن سنتے نہیں ۱۲

وَرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ
اور گرج بھی اور چمک بھی یہ کڑک کی آواز سنکر موت کے ڈر سے اپنے اپنے کانوں میں
مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝
انگلیاں دے لیتے ہیں حالانکہ اللہ ان کافروں کو اپنے علم و قدرت سے گھیرے ہوئے ہے
يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَاۗءَ لَهُمْ
قریب ہے کہ بجلی انکی بصارتوں کو خیرہ کر دے جب بھی انہیں روشنی دکھائی دیتی ہے
مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ
تو اس میں چل پڑتے ہیں اور جب اندھیری ہو جاتی ہے تو کھڑے رہجاتے ہیں اور اگر اللہ چاہتا
اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي
تو ان کی سماعت اور بصارت کو لیجا سکتا بیشک اللہ ہر شے پر
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ
(پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اے آدمیو تم اپنے پروردگار کی عبادت کرو
الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝
جسنے تمکو اور تمسے پہلوں کو پیدا کیا ہے تاکہ تم کو آسکا خوف ہو جائے
الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَاۗءَ بِنَاۗءً ۠
جسنے زمین کو تمھارا فرش بنایا ہے اور آسمان کو سائبان
وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ
اور آسمان سے پانی اتارا جسکے ذریعہ سے تمھیں روزی دینے کے لئے پھل
رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝
پیدا کئے پھر اب تو جان بوجھ کر خدا کے لئے شریک نہ بناؤ
وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰي عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ
اور اگر تم کو شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کیا اگر تمھیں کچھ شک ہو تو ویسی ہی ایک سورت

مِّن مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ
تم بھی بنا لاؤ اور اگر تم سچے ہو تو خدا کے سوا اور اپنے
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا
سب گواہوں کو بلا لو پھر اگر تم ایسا نہ کرو اور ہرگز نہ کر سکو گے
فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚ
تو اس آگ سے (بھی) ڈرتے رہو جسکا ایندھن آدمی ہیں اور پتھر (ہو)
اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
تیار کی گئی ہے اور (اے رسول) ایمانداروں اور نیکوکار آدمیوں کو بشارت دو
الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ
کہ انکے لئے باغ ہیں جنکے نیچے نہریں بہتی (پھرتی) ہیں
كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ
جب کبھی انکو کھانے کے لئے انمیں سے کوئی پھل دیا جائیگا تو وہ کہینگے کہ ایسا ہی تو ہم کو
رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا
پہلے بھی مل چکا ہے حالانکہ وہ رنگت ہی میں ویسا ہوگا (نہ ذائقہ میں) اور انکے لئے انمیں باطون
اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ
بیبیاں پاکیزہ (جسمانی بھی ہونگی) اور انمیں وہ ہمیشہ رہینگے بیشک اللہ کچھ نہیں شرماتا
اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ
مثال بیان کرنے میں کوئی شرم نہیں ہے نہ اس سے کسی بڑے جانور کی اب جو
اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ
ایمان لانیوالے ہیں وہ تو جانتے ہی ہیں کہ خدا کیطرف سے حق ہے رہے کفار وہ یہ
كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ
کہتے ہیں کہ اس مثل سے خدا نے مقصد ہی کیا لیا (مگر خدا نے تو)

كَثِيرًا ۚ وَيَهْدِي بِهِۦ كَثِيرًا ۚ وَمَا يُضِلُّ بِهِۦٓ إِلَّا ٱلْفَٰسِقِينَ ۝

ایسی ہی مثال سے بہتیروں کو ہدایت کر دیتا ہے اور بہتیروں کو توفیق ہدایت سلب کر لیتا ہے مگر توفیق ہدایت

ٱلَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ ٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ مِيثَٰقِهِۦ ۠ وَيَقْطَعُونَ

صرف فاسقوں سے سلب کرتا ہے۔ جو خدا سے عہد پیمان کر کے پھر اسے توڑ دیتے ہیں اور جن چیزوں سے

مَآ أَمَرَ ٱللَّهُ بِهِۦٓ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِى ٱلْأَرْضِ ۚ

خدا نے چل کا حکم دیا تھا انہیں فصل کر دیتے ہیں اور زمین میں فساد کرتے ہیں

أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ ۝ كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِٱللَّهِ وَ

یہی لوگ نقصان میں رہنے والے ہیں تم لوگ خدا کا انکار کرتے کیونکر ہو حالانکہ

كُنتُمْ أَمْوَٰتًا فَأَحْيَٰكُمْ ۖ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ

تم مردہ تھے تمکو زندہ کیا پھر تمکو موت دیگا اور پھر (دوبارہ) زندہ کریگا پھر تم اسکے

تُرْجَعُونَ ۝ هُوَ ٱلَّذِى خَلَقَ لَكُم مَّا فِى ٱلْأَرْضِ جَمِيعًا ۚ

حضور میں حاضر کئے جاؤ گے (خدا وہی تو ہے جسنے زمین کی کل چیزیں تمھارے لئے پیدا کیں

ثُمَّ ٱسْتَوَىٰٓ إِلَى ٱلسَّمَآءِ فَسَوَّىٰهُنَّ سَبْعَ سَمَٰوَٰتٍ ۚ وَ

پھر آسمان کی جانب توجہ فرمائی پھر برابر سات آسمان پیدا کر دئے اور

هُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَٰٓئِكَةِ إِنِّى

وہی ہر چیز کا پورا علم رکھنے والا ہے اور (اے رسول) تمھارے رب نے جبکہ فرشتوں سے کہا

جَاعِلٌ فِى ٱلْأَرْضِ خَلِيفَةً ۖ قَالُوٓا۟ أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن

فرمایا کہ زمین پر خلیفہ (ہمیشہ) میں مقرر کرونگا تو انھوں نے کہا کیا تو ایسوں کو

يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ ٱلدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

(خلیفہ) مقرر کریگا جو زمین میں فساد اور خونریزی کیا کرین حالانکہ ہم تیری تسبیح

وَنُقَدِّسُ لَكَ ۖ قَالَ إِنِّىٓ أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَعَلَّمَ

تقدیس کیا کرتے ہیں (پروردگار عالم نے) فرمایا کہ جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے اور آدم

اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ

(علیہ السلام) کو کل نام تعلیم کئے پھر (جتلئے نام تعلیم کئے تھے) انکو فرشتوں کے سامنے پیش کرکے ارشاد

اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قَالُوْا

فرمایا کہ اگر تم سچے ہو تو انکے نام مجھے بتا دو فرشتوں نے

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ

(عاجزانہ) عرض کی تیری شان عالی ہے ہمکو سوائے اتنے علم کے جتنا تو نے تعلیم کیا ہے اور علم کمال بیشک

الْحَكِيْمُ ۝ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ

صاحب علم و حکمت تو ہی ہے (خدا نے) فرمایا اے آدم انکے نام ان فرشتوں کو تم بتا دو چنانچہ جب آدم نے

بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ

انکے نام اُن فرشتوں کو بتائے تو (خدا نے) فرمایا کہ کیوں میں نے تم سے کہا نہیں تھا کہ میں آسمان

وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِذْ

اور زمین کی پوشیدہ باتوں سے بھی آگاہ ہوں اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اسے اور جو چھپاتے ہو اسے بھی جانتا ہوں

قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ

واقعہ ہوں اور جبکہ ہمنے کل فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سوا ابلیس کے سب نے سجدہ کیا

اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۫ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ

(ابلیس) انکو انکاری ہوا اور کافروں میں شمار ہوا اور ہمنے حکم دیا کہ اے آدم

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ

تم اور تمہاری زوجہ اس باغ میں بسو اور جہاں جہاں سے تم دونوں کا جی چاہے خوب کھاؤ پیو

شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

مگر اس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ تمہارا شمار نافرمانوں میں ہو جائے گا

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪

شیطان نے اُن دونوں کو وہاں سے ٹلانے کی تدبیر کی اور جس حالت میں دونوں تھے اُسمیں انکو نہ رہنے دیا

وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ
اور ہم نے حکم دیا کہ نیچے جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن رہو گے اور مقررہ وقت تک زمین ہی
مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ۝ فَتَلَقَّىٰ آدَمُ مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ
میں تمہاری جائے قرار ہے (اور) دنیا میں تمہارے لئے سازوسامان ہے پس آدم نے اپنے رب کی طرف سے چند کلمات سیکھ
فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ قُلْنَا اهْبِطُوا
(جنہیں) خدا نے انکی توبہ قبول کر لی بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ ہم نے حکم دیا کہ تم سب کے سب
مِنْهَا جَمِيعًا ۖ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ
یہاں سے نیچے جاؤ پس میری طرف سے تمکو ہدایت ضرور پہنچے گی پھر جو میری ہدایت کی پیروی کرینگے
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا
انکے لئے نہ آئندہ کا کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ گزشتہ کا غم کرینگے اور جو انکار کرینگے
وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ
اور ہماری آیتوں کو جھٹلائینگے وہی جہنمی ہیں (اور) وہ ہمیشہ ہمیشہ آگ میں رہینگے
يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ
اے بنی اسرائیل میری اُن نعمتوں کا ذکر کرتے رہو جو میں تم پر انعام کر چکا اور جو عہد
أَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ ۖ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ۝
مجھے کرنیکے ہو اُسے پورا کرتے رہو تاکہ میں نے جو عہد تم سے کیا ہے اُسے پورا کروں اور صرف مجھی سے ڈرو
وَآمِنُوا بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ
اور ایمان لاؤ میرے نازل کیا ہے اُسپر ایمان لاؤ کہ تمہارے پاس جو کچھ پہلے سے موجود ہے وہ اُسکی تصدیق کرتا ہے اور
كَافِرٍ بِهِ ۖ وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ
تم سب سے پہلے اسکے منکر نہ ہو اور میری آیتوں کو تھوڑی قیمت پر نہ فروخت کرو اور صرف مجھی سے ڈرتے رہو
وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝
اور باطل کو حق کے پیرایہ میں مت ظاہر کرو اور حق کو جان بوجھکر نہ چھپاؤ

منزل ١

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ○

اور نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور باجماعت نماز ادا کرو

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ

کیا لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود کو فراموش کر جاتے ہو؟ باوجودیکہ تم کتاب

الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ

پڑھتے ہو کیا تم اتنی عقل نہیں رکھتے اور روزے اور نماز کے ساتھ (ہم سے) مدد مانگو

وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ○ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ

بیشک نہیں کر خاشع پر بھاری سوائے اُن عاجزی کرنیوالوں کے جو یقین ہے کہ ہمیں اپنے

اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ○ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

رب کے سامنے پیش کرنا ہوگا اور اُسکی حضور میں پیش ہونا ہے اے بنی اسرائیل

اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ

میری اُن نعمتوں کو یاد کرو جو تم کو عطا کر چکا ہوں اور اس بات کو کہ میں نے تمکو تمام

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ

عالم پر فضیلت دی ہے اور اُس دن سے ڈرو جسمیں کوئی نفس کسی دوسرے نفس کے

نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا

کسی طرح کام نہ آسکیگا اور نہ کسی (عام) شخص کی اسکے بارے میں سفارش قبول کیجائیگی اور نہ کوئی معاوضہ لیا جائیگا

عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ

اور نہ اُنکی کسی قسم کی امداد کیجائیگی اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے تمھیں

فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

فرعون کے لوگوں سے نجات دی تھی کہ وہ تمھیں بُرے سے بُرے عذاب دیتے تھے تمھارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور تمھاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اسمیں تمھارے پروردگار کیطرف سے تمھاری بڑی آزمائش تھی

عَظِيمٌ ○ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ

اور (اُسوقت کو بھی یاد کرو) جبکہ ہم نے سمندر میں تمہارے لئے راستہ پیدا کردیا تھا اور تمہیں بچالیا تھا

فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ

(اور) فرعون کو اور تمہارے دیکھتے دیکھتے (فرعون اور اسکے لشکر کو) ڈبو دیا تھا اور (اسے بھی یاد کرو) جبکہ ہم نے موسےٰ سے چالیس

لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ○

شبوں کا وعدہ کیا تھا پھر تم نے یہ ظلم کیا کہ (اُنکی غیبت میں) بچھڑا پوجنے لگے

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○

اسپر بھی ہم نے تمہارا قصور معاف کر دیا تاکہ تم شکرگزار بنو

وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○

اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہم نے موسےٰ کو کتاب (توریت) اور (باطل کی) جانچ عنایت کی تاکہ تم راہ راست پر آجاؤ

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

اور جب موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم تمنے بچھڑا پوجکر اور اوروں کو خدا بنا کر اپنے اوپر ظلم توڑا ہے اب

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

اپنے پیدا کرنیوالے کے حضور میں توبہ کرو اور آپس میں ایک دوسرے کو قتل کردالو

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ اِنَّهٗ هُوَ

یہی تمہارے پیدا کرنیوالے کے نزدیک تمہارے حق میں بہتر ہے پھر تمہاری توبہ قبول کی بیشک وہ

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى

بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور (جبکہ تم نے یہ کہا تھا کہ) اے موسےٰ جبتک ہم ظاہر (اور) ظاہر

نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○

خدا کو نہ دیکھ لیں ہم تو تمہاری باتوں پر ایمان نہ لائینگے تو تمہارے دیکھتے دیکھتے تم پر بجلی گری تھی

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ وَظَلَّلْنَا

پھر تمہارے مرنے کے بعد تمکو زندہ کیا تاکہ تم شکرگزار بنو اور ہم نے تم پر

عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا

بادلوں کا سایہ کیا۔ اور اتارا تم پر من اور سلویٰ نازل کیا۔ (اور ہم نے حکم دیا کہ)

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

ہماری دی روزی کی ستھری چیزیں۔ کھاؤ اور (جو اس پر بھی شکر گزار نہ ہوئے تو) ہمارا کچھ نقصان نہ کیا انہوں نے آپ ہی

يَظْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا

ظلم کرتے تھے۔ اور جب ہم نے کہا کہ اس گاؤں میں جاؤ اور اس میں سے جو کچھ تمہارا جی چاہے

حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا

کھاؤ کھاؤ (پیو)۔ اور اس دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور (لفظ) حطہ

حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فَبَدَّلَ

بھی اپنی زبان پر جاری کرو تو ہم تمہاری خطائیں بخش دیں گے اور ہم نیک لوگوں کو اور بھی زیادہ دیں گے پھر ظالموں نے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى

جو کہ اُن سے کہا گیا تھا اسے بدل کر کسی اور طرح کی دوسری بات کہہ دی پس ہم نے ظالموں پر آسمان سے ایک عذاب نازل کیا

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝

اس بے ہودہ

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ

اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ موسیٰ نے اپنی قوم کیلئے پانی مانگا تو ہم نے یہ کہا کہ اپنی لاٹھی پتھر پر

الْحَجَرَ ؕ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ

اپنا عصا مارو۔ پھر اس سے بارہ چشمے جاری ہو گئے تھے (اور) ہر گروہ نے اپنے اپنے

كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

چشمے کو پہچان لیا تھا (پھر ہم نے یہ حکم دیا کہ) خدا نے جو کچھ تمہیں روزی دیا ہے کھاؤ پیو

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ وَاِذْ قُلْتُمْ

اور فساد مچاتے نہ پھرو۔ اور جبکہ تم نے یہ کہا تھا

يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ

کہ اے موسیٰ ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ کریں گے اسلئے اپنے خدا سے ہمارے لئے

يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا

یہ دعا کرو کہ زمین سے جو جو چیزیں پیدا ہوا کرتی ہیں ساگ بات کھیرا لکڑی گیہوں

وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۭ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ

مسور پیاز وہ ہمارے لئے بھی پیدا کردے (موسےٰ علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا تم لیتے

الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ۭ اِهْبِطُوْا

چیزوں کو اُس سے بدلنا چاہتے ہو جو تحفہ ہے (ایسا ہی ہے تو کسی شہر

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ۭ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ

میں چلے جاؤ کہ جو کچھ مانگتے ہو تمکو وہاں ملجائے گا اور ایسی باتیں چنانچہ ان کو

الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۤ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ

ذلت اور افلاس کی مار دی گئی تھی اور غضب خدا میں آگئے تھے یہ نتیجہ اُسکا

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

تھا کہ خدا کی نشانیوں کا انکار کیا کرتے تھے اور انبیاء کو ناحق قتل کیا

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝

کرتے تھے (اور) یہ اُسکا سبب تھا کہ وہ نافرمانی اور زیادتی کیا کرتے تھے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى

بیشک جو لوگ ایمان لائے (مسلمان) اور جو یہودی ہوئے اور نصارےٰ

وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ

اور ستارہ پرست (انمیں سے) جو بھی خدا اور روز قیامت پر ایمان لائیگا اور نیک

صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۠ وَلَا خَوْفٌ

عمل کریگا پس انکا اجر انکے خدا کے پاس ہے اور انکو کوئی خوف نہ ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ تم سے عہد لیا تھا

وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ

اور کوہ طور تمہارے سر پر اونچا کر دیا تھا اور (یہ حکم دیا تھا کہ) جو کچھ ہم تمہیں دیا اُسے مضبوطی کے ساتھ

وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ

قائم رکھو اور اُسکے مطالب بیان کرتے رہو تاکہ تم متقی ہو جاؤ اسکے بعد تم پھر روگردان

بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

ہوئے پس اگر اللہ کا فضل اور اُسکی رحمت تمہارے شامل حال

لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ

نہ ہوتی تو تم نقصان اٹھانیوالوں میں سے ہو جاتے اور تم میں سے جنہوں نے سبت کے باب میں زیادتی کی

اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا

تم اُنکو خوب جانتے ہو پس ہم نے اُنسے کہا کہ

قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ۝ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا

ذلیل بندر بنجاؤ پھر ہم نے اس واقعہ کو اُسکے ہم عصروں

وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ

اور بعد میں آنیوالوں کے لئے عقوبت قرار دیا اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ

مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا

موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ خدا تم کو گائے ذبح کرنے کا حکم

بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

دیتا ہے اُنھوں نے کہا کیا آپ ہم سے مسخراپن کرتے ہیں (موسےٰ نے) فرمایا پناہ مجھ

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

کو خدا سے کہ میں جاہلوں سے ہو جاؤں اُنھوں نے کہا کہ اپنے خدا سے دعا کیجئے کہ وہ

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ

ہمارے لئے کھولکر بیان کرے کہا وہ کہتا ہے کہ (سوچنے) فرمایا خدائے تعالیٰ نے فرماتا ہے کہ وہ گائے نہ تو

فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۚ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذَٰلِكَ ۚ فَافْعَلُوا

بڑھیا ہو اور نہ بچھیا بلکہ دونوں کے بین بین ہو اب تم کو جو حکم دیا گیا ہے

مَا تُؤْمَرُونَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا

بجا لاؤ انہوں نے کہا کہ خدا سے کہئے کہ ہمکو صاف بتا دے

مَا لَوْنُهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ

کہ اسکا رنگ کیسا ہے (موسیٰ نے) فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ وہ گائے ایسی گہرے زرد رنگ کی ہو

فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا

کہ دیکھنے والوں کو بھلی معلوم ہو انہوں نے کہا کہ خدا سے دعا

رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا

کیجئے کہ اسکی ماہیت کھولکر بیان کردے ہمیں اس گائے کے بارے میں دھوکا ہوا

وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ۝ قَالَ إِنَّهُ

پھر ہم انشاء اللہ راہ راست پر آجائینگے (موسیٰ نے) کہا کہ خداوند عالم

يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا

فرماتا ہے کہ یہ گائے ایسی ہو جو نہ کام کرنیوالی ہو کہ زمین جوتتی ہو اور نہ

تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ قَالُوا الْآنَ

زراعت سینچتی ہو بھی وسالم ہو اسمیں کوئی داغ وصبہ نہو وہ بولے کہ اب آپ نے

جِئْتَ بِالْحَقِّ ۚ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ۝

ٹھیک ٹھیک بیان کیا پھر گائے ذبح کی کو انسے ایسا کرنے کی امید نہ تھی

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا ۖ وَاللَّهُ مُخْرِجٌ

اور جبکہ تم نے ایک شخص کو قتل کیا اور پھر اسکے بارے میں اختلاف کیا اور جو تم چھپاتے تھے

مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ
اسکو ظاہر کرنے والا تھا پس کہنا کہ اس گائے کا ایک ٹکڑا اس میت کو چھوا دو

كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ
اسی طرح اللہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم

تَعْقِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ
سمجھ جاؤ پھر اسکے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ
پس وہ پتھر کے مانند تھے یا اس سے بھی زیادہ سخت حالانکہ

الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا
پتھروں میں سے بعض تو ایسے بھی ہیں جن میں سے چشمے نکلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو

يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ
پھٹ جاتے ہیں پس اُن سے پانی نکل آتا ہے اور بعض ایسے ہیں کہ خوف

مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝
خدا سے گر پڑتے ہیں اور جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے اللہ بے خبر نہیں ہے

اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ
کیا تمہاری یہ خواہش ہے کہ وہ لوگ تمہارے ایمان لے آئیں حالانکہ ایک گروہ اُن میں ایسا ہے

يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا
کہ کلام خدا کو سنتے ہیں پھر بدلدیتے ہیں اسے سمجھ چکنے کے بعد

عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
جان بوجھ کر اُسمیں تحریف کرتے ہیں اور جب مومنوں سے ملاقات کرتے ہیں تو

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا
کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لے آئے اور جب آپس میں ایک دوسرے سے خلوت کرتے ہیں تو کہتے ہیں

اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ
کیا تم اُنسے مضامین بیان کرتے ہو جو اللہ نے تم پر ظاہر کی ہیں تاکہ وہ تمہارے رب کے حضور میں اُنھیں
رَبِّكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ
باتوں سے تم پر حجت قائم کریں کیا تمکو اتنی بھی عقل نہیں۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ وہ بھی
يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ
جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور وہ بھی جسکا وہ اعلان کرتے ہیں اور اُنمیں جو بالکل اَن پڑھ ہیں کہ
لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝
کتاب کو اتنا ہی جانتے ہیں کہ اُسکی تلاوت کو سوچ لیں اور مطلب کیا ہے اسکے گمان ہی گمان میں لگے ہیں
فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۣ ثُمَّ
پس وبل ہے اُن لوگوں کے لیے جو کتاب کو اپنے ہی ہاتھوں سے لکھتے ہیں اور پھر (نسبت کے)
يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا
کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس سے آئی ہے تاکہ اُسکو تھوڑی سی قیمت پر
قَلِيْلًا ۭ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ
بیچ لیں پس وبل ہے اُنکے لئے جو وہ اپنے ہاتھوں سے لکھتے ہیں اور وبل ہے اُنکے لئے
مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا
جو کچھ وہ اُس سے کماتے ہیں اور اُنھوں نے کہا کہ ہمکو تو سوائے گنتی کے دنوں کے جہنم کی آگ
مَّعْدُوْدَةً ۭ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ
چھوئے گی بھی نہیں تم اُنسے یہ کہو کیا تم نے خدا سے کوئی عہد لے لیا ہے کہ
يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝
خدا اپنے عہد کے برخلاف نہ کرے گا یا بغیر اسکے کہ تم کچھ علم رکھو خدا کے خلاف باتیں بناتے ہو
بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ
ہاں جو کوئی بدی بھی کریگا اور اُسکا گناہ اُسکو گھیر لیگا ایسے لوگ

أَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝ وَالَّذِينَ ءَامَنُوا

صحبتی دوزخ ہیں وہ ہمیشہ رہیں گے اس میں اور جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا

اور کام کئے نیک کہ وہی ہیں صحبتی بہشت کے وہ ہمیشہ رہیں گے اس میں

خٰلِدُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثٰقَ بَنِىٓ إِسْرٰٓءِيلَ

(ہمیشہ) اور (اے محمد تو یاد کر) جب ہم نے اولاد اسرائیل سے عہد لیا کہ

لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ ۖ وَبِالْوٰلِدَيْنِ إِحْسَانًا وَذِى

کہ سوائے اللہ کے کسی اور کی عبادت نہ کرنا اور اپنے ماں باپ سے (خصوصاً) اور

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِينِ وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا

کنبے والوں اور یتیموں اور مسکینوں سے (غرضیکہ سب کے ساتھ) اچھی بات کرنا

وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَءَاتُوا الزَّكٰوةَ ۚ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا

اور نماز پڑھتے رہنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا پھر تم اس عہد سے روگردان

مِّنكُمْ وَأَنتُم مُّعْرِضُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثٰقَكُمْ

ہو کر سوائے معدودے چند کے سب پھر گئے اور جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا تھا کہ

لَا تَسْفِكُونَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُونَ أَنفُسَكُم مِّن

آپس میں خونریزی نہ کرنا اور نہ اپنوں کو اپنے ملک سے

دِيَارِكُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ ۝ ثُمَّ أَنتُمْ

نکالنا پھر تم نے اقرار کیا تھا اور تم اسکے گواہ ہو پھر وہی تم ہو کہ

هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُونَ أَنفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِّنكُم

اب اپنوں کو قتل کرتے ہو اور اپنے میں سے ایک گروہ کو اپنے ملک سے

مِّن دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُونَ عَلَيْهِم بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَٰنِ

نکالتے ہو اور انکے برخلاف گناہ اور زیادتی کرتے ہیں ایک دوسرے کی پشتی لیتے ہو

وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ

اور جب وہ تمہارے پاس قید ہو کے آئیں تو اُنکے فدیہ لیتے ہو حالانکہ اُنکا نکال دینا ہی

عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ

تم پر حرام کر دیا گیا تھا کیا تم کتاب کے بعض حصے پر ایمان لاتے ہو

وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ

اور بعض کے منکر ہو اور جو تم میں سے ایسا کرے اُسکا بدلا سوا اسکے اور کیا نہیں ہے

اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ

کہ زندگانی دنیا میں رسوائی ہو اور قیامت کے دن سخت سے سخت

اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۗ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

عذاب میں ڈالے جائیں بہرحال جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے بے خبر نہیں ہے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۡ

وہ لوگ وہی ہیں جنہوں نے آخرت کے عوض زندگانی دنیا (بخوشی) خرید لی

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝

پس نہ اُنکے عذاب میں کوئی تخفیف کیجائے گی اور نہ اُنھیں کوئی مدد دیجائے گی

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ

اور بالتحقیق ہم نے کو کتاب عنایت کی اور اُنکے بعد اور رسول (یکے بعد دیگرے) بھیجے

وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ

اور ہم نے عیسی ابن مریم کو کھلی کھلی نشانیاں عنایت فرمائیں اور روح القدس کے ذریعہ اُنکی تائید کی

اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ

کیا ایسا نہیں ہوا کہ جو وقت بھی تمہارے پاس کوئی رسول تمہارے نفسوں کی خواہش کے خلاف حکم لیکر آیا

فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا

تم برابر اکڑتے رہے پھر کسی کو جھٹلایا اور کسی کو قتل کیا اور انھوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے

ع ١٢

غُلْفٌ ۚ بَل لَّعَنَهُمُ اللَّهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيلًا مَّا يُؤْمِنُونَ ۝

علوم کے کہتے ہیں (ایسا نہیں) بلکہ اللہ نے اُنکے کفر کے سبب پر لعنت کی ہو اور وہ بہت ہی کم ایمان لاتے ہیں

وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

اور جب اللہ کی طرف سے اُنکے پاس ایک ایسی کتاب آئی جو خود اُنکی کتابوں کی تصدیق

مَعَهُمْ وَكَانُوا مِن قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ

کرنے والی تھی حالانکہ پہلے سے وہ خود کافروں کے برخلاف فتح حاصل کرنا چاہتے

كَفَرُوا ۖ فَلَمَّا جَاءَهُم مَّا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهِ ۚ فَلَعْنَةُ

بھی تھے مگر جب وہ آیا جسکو وہ پہچانتے تھے تو اُسکا انکار کر بیٹھے پس اِن انکار کرنیوالوں

اللَّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهِ أَنفُسَهُمْ

پر خدا کی لعنت ہو کیا بُری چیز ہے وہ جسکے بدلے اُنھوں نے اپنی جانوں کو

أَن يَكْفُرُوا بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ بَغْيًا أَن يُنَزِّلَ اللَّهُ مِن

بیچ ڈالا کہ اللہ نے جو کچھ نازل کیا اُس سے انکار کر دیں یہ بغاوت اسلئے کی کہ اللہ اپنے

فَضْلِهِ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ فَبَاءُو بِغَضَبٍ عَلَىٰ

بندوں میں سے جسپر چاہتا ہے اپنا فضل نازل کرتا ہے پس وہ غضب بالائے غضب کے

غَضَبٍ ۚ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ

مستحق ہوئے اور منکروں کے لئے ذلیل کرنیوالا عذاب مقرر کیا گیا ہے اور جب اُنسے یہ کہا جاتا ہے

آمِنُوا بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا نُؤْمِنُ بِمَا أُنزِلَ عَلَيْنَا وَ

کہ جو کچھ اللہ نے نازل فرمایا ہے اُسپر ایمان لاؤ تو کہتے ہیں کہ جو کچھ ہم پر نازل کیا گیا ہے بس اُسپر ایمان لاتے ہیں اور

يَكْفُرُونَ بِمَا وَرَاءَهُ ۖ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۗ

جو اُسکے علاوہ ہے اُسپر ایمان نہیں لاتے حالانکہ وہ حق ہے اور جو کچھ اُنکے پاس ہے اُسکی بھی تصدیق کرنیوالا ہے

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنبِيَاءَ اللَّهِ مِن قَبْلُ إِن كُنتُم

پس تم یہ کہو کہ اگر تم مومن ہوتے تو اس سے پہلے انبیائے خدا کو قتل کیوں کرتے

مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ
اور بیشک موسےٰ تمہارے پاس کھلی نشانیاں لیکر آئے تھے پھر
اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ
اُنکی غیبت میں تمنے بچھڑا پوج لیا اور اُس میں تم ہی ظالم تھے اور (اُسوقت کو
اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا
یاد کرو) جبکہ ہمنے تم سے پختہ عہد لیا تھا اور کوہ طور تمہارے سر پر لاکھڑا کیا تھا (اور تم سے کہا تھا) جو کچھ
مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۚ
ہم تمہیں دیتے ہیں اسے مضبوط ہوکر لو اور سنو تمہارے بزرگوں نے اُسوقت یہ کہا تھا کہ ہمنے (تمہاری) بات سنی نہیں
وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۭ قُلْ بِئْسَمَا
اور اُنکے کفر کیوجہ سے اُنکے دلوں میں بچھڑے کی محبت بیٹھ گئی تھی (اے رسول) تم یہ کہدو کہ اگر تم
يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ
مومن ہو تو تمہارا ایمان تم کو بہت ہی بُرا حکم دیتا ہے یہ بھی کہدو کہ
اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً
اگر آخرت کا گھر خدا کے نزدیک خالص تمہارے ہی لئے ہے اور
مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ
اَور لوگوں کے لئے نہیں ہے پس اگر تم سچے ہو تو مرنے کی آرزو
صٰدِقِيْنَ ۝ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ
کرو اور جو کچھ وہ اپنے ہاتھوں سے پہلے کر بھیجے ہیں اُسکے سب
اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَتَجِدَنَّهُمْ
وہ ایسی تمنا ہرگز نہ کرینگے اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے اور تم اُن کو
اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰي حَيٰوةٍ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ ع ۲
زندگی کا سب سے زیادہ شیفتہ پاؤ گے یہاں تک کہ مشرکین سے بھی

يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ ۖ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ
ایک ایک کا تمنین سے یہی چاہتا ہے کہ کاش ہزار برس تو جیئے مگر کسی کا معمر ہونا اُسکو
مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُعَمَّرَ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۝ ع ١١
عذاب سے نہیں بچا سکتا اور جو عمل وہ کرتے ہیں خدا اُنکا دیکھنے والا ہے
قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ
(اے رسول) کہدو کہ جو شخص جبرئیل کا دشمن ہو (جبرئیل) وہ ہیں جنہوں نے اللہ کے حکم سے
بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَىٰ
تمہارے دل پر وہ (قرآن) نازل کیا ہے جو اپنے سے پہلے کی تصدیق کرنیوالا ہے اور مومنوں کے لئے
لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ
ہدایت اور خوشخبری جو شخص اللہ اور اُسکے فرشتوں اور اُسکے رسولوں
وَجِبْرِيلَ وَمِيكَالَ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِّلْكَافِرِينَ ۝
اور جبرئیل اور میکائیل کا دشمن ہو تو بس اللہ (بھی) ضرور کافروں کا دشمن ہے
وَلَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۖ وَمَا يَكْفُرُ بِهَا
اور (اے رسول) ہم نے تمہارے پاس کھلی نشانیاں بھیجی ہیں اور سوائے نافرمان لوگوں کے
إِلَّا الْفَاسِقُونَ ۝ أَوَكُلَّمَا عَاهَدُوا عَهْدًا نَّبَذَهُ
اُنکا کوئی انکار نہ کریگا کیا جب بھی وہ کوئی عہد کر بیٹھے تو اُنمیں سے ایک فریق
فَرِيقٌ مِّنْهُم بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَمَّا جَاءَهُمْ
اُسکو توڑ دیگا بلکہ اُنمیں زیادہ ایسے ہونگے جو ایمان نہ لائینگے اور جب اللہ کیطرف سے
رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ
اُنکے پاس ایسا رسول آیا جو اُنکے پاس کی چیزوں کی تصدیق بھی کرنیوالا تھا تو جن کو کتاب دی گئی
مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ
تھی اُن میں سے ایک گروہ نے کتاب خدا کو اس طرح پس پشت پھینکا

ع ١٠

ل عدد آیات ۲۸۵ تعلیم امام حسن عسکری علیہ السلام میں مروی ہے کہ پروردگار عالم نے یہودیوں کی مذمت اس وجہ سے کی کہ
اگر کوئی جبرئیل سے عناد رکھتا ہے تو اسکا سبب یہ ہے کہ جبرئیل ہی محمد صلعم پر وحی لاتے تھے اور وہ بنی اسرائیل میں سے نہیں تھے
اور یہ لوگ اس لئے حسد کرتے تھے کہ وحی ہمارے بھائی بندوں پر کیوں نہ نازل ہوئی اور اس لئے بھی کہ محمد صلعم نے ہمارے
دشمن بخت نصر کے قتل کرنے کا حکم دیا تھا اور جبرئیل علیہ السلام ہمیشہ اپنی تیغ برّاں سے کافرین اور منافقین پر غالب آیا کرتے تھے

كَانَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِينُ عَلٰى
گویا وہ اُسکو جانتے ہی تھے اور اُسکی پیروی کرنے لگے جو کچھ شیاطین عہد سلطنت سلیمان
مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِينَ
مین پڑھا کرتے تھے حالانکہ سلیمان کی طرف سے کفر کی کوئی بات نہیں ہوئی بلکہ شیاطین نے
كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى
کفر کیا جو آدمیون کو جادو سکھایا کرتے تھے اور اُسکی تعلیم کیا کرتے تھے جو بابل مین
الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ ۚ وَمَا يُعَلِّمٰنِ
دو فرشتون ہاروت اور ماروت پر نازل ہوا تھا حالانکہ یہ دونون فرشتے
مِنْ أَحَدٍ حَتّٰى يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۖ
کسی شخص کو کوئی بات نہ بتاتے تھے جبتک یہ نہ کہ لیتے تھے کہ (دیکھ) ہم آزمائش ہین اور تو کفر نکر
فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۚ
پھر بھی لوگ اُن دونون سے ایسی باتین سیکھ لیتے تھے جن سے شوہر اور زوجہ مین جدائی ڈالدین
وَمَا هُمْ بِضَآرِّينَ بِهٖ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ
حالانکہ بغیر حکم خدا وہ اُس سے کسی کو نقصان نہین پہنچا سکتے تھے
وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۗ وَلَقَدْ عَلِمُوا
اور سیکھتے بھی تھے تو وہ جو اُنکو نقصان پہنچائے اور نفع نہ کرے حالانکہ خوب جانتے تھے کہ
لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۗ وَلَبِئْسَ
جو ان چیزون کا خریدار ہوگا آخرت مین اُسکا کوئی حصہ نہین اور بہت ہی بُرا
مَا شَرَوْا بِهٖ أَنْفُسَهُمْ ۗ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّهُمْ
اُنکا معاوضہ ہے جنھون نے اپنی جانین اِن باتون کے عوض مین بیچڈالین کاش اسے وہ جانتے ہوتے اور اگر وہ لوگ
اٰمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۗ لَوْ كَانُوا
ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو خدا کی طرف سے جو ثواب اُنکو ملتا بہت بہتر ہوتا کاش وہ اسے

يَعْلَمُونَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ ع ۱۲
جانتے ہوتے اے ایمان لانیوالو (رسولؐ سے) رَاعِنَا نہ کہو اور

قُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۗ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝
اُنْظُرْنَا کہو اور (توجہ سے) سنو اور انکار کرنے والوں کے لئے دردناک عذاب ہے

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ
اہل کتاب میں سے جو کافر ہو گئے ہیں انکو اور مشرکوں کو پسند نہیں ہے

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ
کہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے کوئی خیر (وبرکت) نازل کیجائے حالانکہ اللہ جسکو چاہتا ہے

بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ مَا نَنْسَخْ
اپنی رحمت کے لئے خاص کر لیتا ہے اور اللہ صاحب فضل عظیم ہے ہم کسی آیت کو

مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ۗ اَلَمْ تَعْلَمْ
منسوخ نہیں کرتے نہ بھلاتے ہیں جبتک کہ اس سے بہتر یا ویسی ہی نازل نہ کردیں کیا تمکو علم نہیں

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ
کہ خدا ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے کیا تم نہیں جانتے کہ آسمانوں کا اور

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ
زمین کا اختیار صرف خدا ہی کو ہے اور سوائے خدا کے نہ تمہارا کوئی

وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ
یار ہے اور نہ مددگار آیا تمہارا یہی ارادہ ہے کہ تم اپنے رسولؐ سے جسطرح پہلے

كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۗ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ
جیسے پہلے موسیٰؑ سے سوال کئے گئے تھے اور جو شخص ایمان سے کفر کو

بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ وَدَّ كَثِيْرٌ
بدل لے گا وہ بلاشک گمراہ و بدراہ ہو جائیگا اہل کتاب میں سے

فرمایا کہ خدا نے جو کچھ فرمایا ہے آمین الف ولام زمین ہے خدا نے جو فرمایا ہے وہ یہ ہے مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اس آیت قرآن میں لفظ آیت

مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ بَعْدِ إِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا
تو بہت سوں کی یہ خواہش ہے کہ تمکو ایمان لانے کے بعد مرتد بنا کر کافر کر لیں
حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ
(مرف) حسد کی وجہ سے جو انکے دلوں میں ہے بعد اس بات کے کہ حق انپر کھل چکا ہے
فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَأْتِيَ اللّٰهُ بِأَمْرِهٖ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ
پس تم معاف کر دو اور درگزر رہا تک کہ خدا اپنے امر کو خود ظاہر کر دے بیشک اللہ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكٰوةَ ۚ وَمَا
ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور جو
تُقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ
نیکی تم اپنی ذات کے لئے پہلے سے بھیج دو گے اسے اپنے خدا کے پاس پاؤ گے بیشک خدا
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ
تمہارے کل اعمال کا دیکھنے والا ہے اور (یہود) یہ کہتے ہیں کہ سوائے اسکے جو یہودی ہو یا
كَانَ هُوْدًا أَوْ نَصٰرٰى ۗ تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ ۗ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ
نصرانی ہو کوئی داخل جنت نہ ہوگا یہ انکی آرزوئیں ہیں تم (ان) کہدو (کہ) اگر تم سچے ہو
إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلٰى ۚ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ
تو اپنی دلیل پیش کرو ہاں جو شخص خدا کے لئے اپنی ذات کو آمادۂ اطاعت
مُحْسِنٌ فَلَهٗ أَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
کرلے اور وہ نیکوکار (بھی) ہو اسکا اجر خدا کے ذمہ ہے اور (جو ایسے ہیں) انکو نہ (آئندہ کا) خوف ہوگا
وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى
اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کریں گے اور یہود دین نے کہا کہ نصارے (دین کی) کسی بات
عَلٰى شَيْءٍ ۖ وَقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۗ
پر نہیں اور نصارے نے یہ کہدیا کہ یہودی (دین کی) کسی بات پر نہیں

ثلثة ارباع
ع ٩ ١٣

وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتٰبَ ۗ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ
حالانکہ وہ (دونوں) کتاب خدا پڑھتے ہیں انھی کی سی باتیں اُن لوگوں نے بھی بنائی تھیں جو

مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا
(حق کو) کچھ نہیں جانتے پھر اللہ تعالےٰ قیامت کے دن جن جن باتوں میں یہ اختلاف کر رہے

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ
ہیں اُن (سب) کا فیصلہ کر دے گا اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہو جو اللہ کی

مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ۭ
مسجدوں میں اُنکے نام کے ذکر کو روک دے اور اُنکی بربادی میں کوشش کرے

اُولٰۗىِٕكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَاۗىِٕفِيْنَ ۭ
بھی لوگ ہیں کہ انکے لئے مناسب نہیں ہے کہ مسجدوں میں آئیں مگر ڈرتے ڈرتے

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ
دنیا میں اُنکے لئے رسوائی ہے اور آخرت میں اُنکے واسطے بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ
ہے اور مشرق و مغرب اللہ کے ہیں پھر جس طرف تم منہ کرو ادھر ہی خدا کا

وَجْهُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ
رُخ اُدھر ہی ہو گا بیشک اللہ صاحب وسعت و علم ہے اور اُنھوں نے یہ کہدیا کہ خدا نے

وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ
کوئی بیٹا بنایا اُسکی ذات (ایسی باتوں سے) منزہ ہے بلکہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

قٰنِتُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا
اُسی کا ہے (اور) سب اسی کے فرمانبردار ہیں۔ (وہ) آسمانوں اور زمین کو بیسا کہ نمونہ الہٰی پر اور عجیب طرح سے بنانے والا ہے اور جب کسی امر کو

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ
طے کر دیتا ہے تو صرف کن فرماتا ہے اور (وہ) ہو جاتا ہے اور جاہلوں نے یہ کہدیا کہ خدا

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ
ہم سے باتیں کیوں نہیں کرتا یا ہمپر کوئی آیت کیوں نہیں آتی اسیطرح انسے پہلے والوں نے بھی
مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا
ایسی ہی بات کہی تھی ان سبکے دل باہم یکسان ہیں بیشک ہمنے نشانیاں لانیوالے
الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا
آدمیوں کے لئے ہم دلیلیں صاف بیان کرچکے باتحقیں بھیجکر حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا
وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ۝ وَلَنْ تَرْضٰى
اور ڈرانیوالا (بنا کر) بھیجا ہے اور تمسے دوزخیوں کی بابت بازپرس نہوگی یہودی اور نصرانی تو
عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ
تم سے ہرگز راضی نہونگے جبتک تم انکی ملت پر نہ چلو تم (یہ) کہدو
هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ
کہ اللہ کی ہدایت حقیقی ہدایت ہے اور اگر بعد اسکے کہ تمہیں علم حاصل ہوچکا
بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ
تم انکی خواہشوں کی پابندی کی تو خدا کی طرف سے نہ کوئی تمہارا یار ہوگا
وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖٓ
اور نہ مددگار اور جن لوگوں کو ہمنے کتاب دی ہے وہ اسکو ایسا (ہی) پڑھتے ہیں جیسا (کہ) پڑھنے کا حق ہے
اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
وہی اسپر ایمان (بھی) رکھتے ہیں اور جو اس سے منکر ہوگئے وہی
الْخٰسِرُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ
نقصان اٹھانیوالے ہیں اے اولاد اسرائیل میری اُن نعمتوں کو یاد کرو جو
اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاتَّقُوْا
میں نے تم کو عطا کیں اور اس بات کو کہ میں نے تمکو تمام عالم پر فضیلت دی اور اُس

يَوْمًا لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا
دن سے ڈرو جس دن کسی نفس کا بدلہ کسی طرح نہ کرے کسی نفس جان سے دیکر اور نہ اسکا فدیہ قبول
عَدْلٌ وَّلَا تَنفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنصَرُونَ ۝
کیا جائیگا اور نہ کوئی سفارش اسکو نفع پہونچائے گی اور نہ کوئی (کسی اور طرح سے) مدد کیجائے گی
وَإِذِ ابْتَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ ۖ قَالَ إِنِّي
اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ آزمایا ابراہیم کو انکے رب نے کچھ باتوں (احکام) کے امتحان لیا اور ابراہیم نے انکو پورا کردیا (ضدائے)
جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا ۖ قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِي ۖ قَالَ
فرمایا کہ میں تمکو کل آدمیوں کا امام مقرر کرونگا (ابراہیم نے) عرض کی اور میری اولاد میں سے بھی (بنانا) فرمایا
لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ ۝ وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ
جو ظالم ہونگے (وہ میرے عہد سے فائدہ نہ اٹھائیں گے اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہم نے گھر کو
مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا ۖ وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ
ثواب کی جگہ اور امن کا مقام مقرر کیا اور (یہ حکم دیا کہ) مقام ابراہیم کو جسکے
مُصَلًّى ۖ وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ
قرار دو اور ابراہیم اور اسمٰعیل کو ہمنے حکم دیا کہ تم دونوں میرے گھر کو
لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ۝ وَإِذْ قَالَ
طواف کرنیوالوں اور اعتکاف کرنیوالوں اور رکوع و سجود کرنیوالوں کے لئے پاک صاف رکھو اور (اسوقت کو یاد کرو)
إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ
جبکہ ابراہیم نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار اسکو شہر امن قرار دے اور اسکے رہنے والوں کو میوہ جات سے
الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُم بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ قَالَ وَمَن
اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں پھلوں سے رزق پہنچا (اللہ نے) فرمایا اور جو ان میں سے
كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَىٰ عَذَابِ النَّارِ ۖ وَبِئْسَ
کافر ہوگا میں اسکو تھوڑے عرصہ کیلئے نفع پہنچاؤنگا پھر اسکو عذاب جہنم کے لئے مضطر کردونگا اور وہ بری

الْبَصِيْرُ ○ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ

بازگشت ہے اور (اسے) یاد کرو جبکہ ابراہیم اور اسمٰعیل اس گھر کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے

اِسْمٰعِيْلُ ۭ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ رَبَّنَا

(اور یہ عرض کرتے تھے) اے ہمارے پروردگار ہماری یہ خدمت قبول کر بیشک تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠

اے ہمارے پروردگار ہم دونوں کو اپنا فرمانبردار قرار دے اور ہماری اولاد میں سے ایک گروہ کو اپنا فرمانبردار قرار دے

وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

اور ہمیں ہمارے قواعد عبادت ظاہر فرما اور ہماری توبہ قبول فرما بلاشک تو بڑا توبہ قبول کرنے والا (اور) رحم فرمانیوالا ہے

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَ

اے ہمارے پروردگار انہیں ایک رسول انہی میں سے مبعوث فرما جو تیری آیتیں انہیں پڑھ کر سنائے اور

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور انہیں (کفر کے ظاہر و باطن) کو پاک کرے بیشک تو غالب (اور)

الْحَكِيْمُ ○ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ ع ١٥ ١٥

حکمت والا ہے اور ملت ابراہیم سے روگردان ہو گون سکتا ہے سوائے اسکے جو اپنے آپ کو بھی

نَفْسَهٗ ۭ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ

بیوقوف بنا رہا ہو حالانکہ ہم نے دنیا میں بھی انہیں برگزیدہ قرار دیا تھا اور آخرت میں بھی وہ (یقینی طور پر) (یعنی ابراہیم)

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ

صالحین میں سے ہیں جبکہ انکے پروردگار نے انسے فرمایا کہ اطاعت کرو انہوں نے

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ۭ

عرض کی کہ میں رب العالمین کا مطیع ہوں اور ابراہیم اور یعقوب نے اپنے بیٹوں کو اسی کی وصیت کی کہ

يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ

اے میرے بیٹو اللہ نے تمہارے لئے اس دین کو پسند فرمایا ہے پس تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حالت میں کہ

ہے کہ ملت ابراہیم پر صرف ہم اور ہمارے شیعہ قائم ہیں اور کوئی نہیں ۱۲ ؂

مُسْلِمُونَ ۝ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ

فرمانبردار ہو آیا تم آسوقت موجود تھے جب یعقوب کو موت آئی تھی

إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ

کہ آسوقت انھوں نے اپنے بیٹوں سے دریافت کیا تھا کہ میرے بعد کسی عبادت کروگے انھوں نے جواب دیا کہ

إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا

ہم آپکے معبود اور آپکے دادا جان۔ باپ ابراہیم و اسمٰعیل و اسحٰق کے معبود خدائے واحد کی عبادت

وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ۝ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ

کیا کرینگے اور ہم اُسی کے مطیع رہینگے ۞ ایک لوگ تھے جو گزر گئے

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا

اُنکا کیا آنکے لئے رہا اور تمھارا کیا تمھارے لئے اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکی بابت تم سے

كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ

سوال نہ کیا جائے گا اور انھوں نے کہدیا کہ یہودی یا نصرانی ہوجاؤ تو ہدایت

تَهْتَدُوا ۗ قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ

پاؤگے (اے رسول) تم یہ کہدو کہ خالص دل سے ملت ابراہیم کا اتباع کرو اور وہ مشرکین میں سے

الْمُشْرِكِينَ ۝ قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا

نہ تھے تم یہ کہدو کہ ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور جو کچھ ہم پر نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ

أُنزِلَ إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ

ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب

وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ

اور اسباط پر نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا گیا ہے اُسپر اور جو اور نبیوں کو اُنکے رب کیطرف

مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ

سے دیا گیا ہے اُسپر اور ہم (مثل یہود کے) ان میں سے کسی میں کوئی فرق نہیں کرتے اور ہم اُسی خدا کے

مُسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا
ہرگز (ہرگز بھی) (کسے درجے) کو نہ پہنچو گے جبتک کہ (ان چیزوں میں سے کچھ) خرچ نہ کرو جو تم کو محبوب ہیں۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُلُّ

اور جو چیز بھی تم (راہِ خدا میں) خرچ کرتے ہو اللہ اُسکو خوب جانتا ہے۔ ہر ہر کھانا

الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ

بنی اسرائیل کے لیے حلال تھا سوائے اُسکے جو

اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ۭ

اسرائیل (یعقوبؑ) نے اپنی ذات پر حرام کر لیا تھا قبل اِس کے کہ توریت نازل کی جائے۔

قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

تم (یہود سے) کہدو کہ اگر تم سچے ہو تو توریت لاؤ اور اُس کو پڑھو (اور ثابت کرو)

فَمَنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

پھر جو شخص اِس کے بعد اللہ پر بہتان باندھے

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۣ

وہی تو ظالم ہیں۔ کہدو اللہ نے سچ فرمایا

فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ

اب تم سچے دل سے ابراہیمؑ کی پیروی کرو اور وہ مشرک

الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ

نہ تھے۔ بیشک سب سے پہلا گھر جو آدمیوں کے لیے بنایا گیا

لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ فِيْهِ

وہی ہے جو مکہ میں ہے وہ گھر برکت والا ہے اور کل عالموں کے لیے ہدایت ہے۔ اُس میں

اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ

کھلی نشانیاں ہیں (از جملہ) مقامِ ابراہیمؑ ہے۔ اور جو اُس میں داخل ہوگا

وقف جبریل علیہ السلام

الم ۱

(اس کا ضمیر میں ملاحظہ ہو) ۵۵ مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اٰمِنًا ۭ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ

امن پائیگا۔ اور لوگوں کو خدا کیواسطے اس بیت کا حج کرنا واجب ہے جسکو (بھی) اُس تک

اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۭ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ

پہنچنے کی راہ میسر ہو جائے۔ اور جو کافر ہو جائیگا تو اللہ کل عالموں سے

الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ

بے پروا ہے کہدو اے اہل کتاب تم خدا کی آیتوں کا کیوں انکار

اللّٰهِ ڰ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي مَا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ

کرتے ہو؟ حالانکہ اللہ جو (جو کچھ تم عمل کرتے ہو سب سے واقف ہے۔ کہدو

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

اے اہل کتاب جو ایمان لایا ہے اُسکو راہ خدا سے کیوں روکتے ہو اور کیوں اُسکی

تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَاۗءُ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

کجروی کے خواستگار ہو جس حال میں کہ تم خود گواہ ہو؟ حالانکہ اللہ تمہارے اعمال سے

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا

بے خبر نہیں ہے۔ اے ایمان لانیوالو اگر تم اُن لوگوں میں سے جن کو

فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ

کتاب دی گئی ہے کسی گروہ کی پیروی کروگے تو وہ تم کو تمہارے ایمان لانیکے بعد

اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ۝ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى

پھر کافر بنا دینگے۔ اور تم کیونکر کافر ہو جاؤگے حالانکہ تم پر خدا کی

عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ۭ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ

آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور تمہارے درمیان اُسکا رسول موجود ہے اور جو شخص خدا کا سہارا لیگا

فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۱۰

بیشک اُسکو صراط مستقیم کی ہدایت کی جائیگی۔ اے ایمان لانیوالو!

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ
اللہ سے ایسا ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور ہرگز نہ مرو لیکن اس حالت میں کہ تم
مُّسْلِمُوْنَ ۝ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا
اسلام پر ہو۔ اور چمٹ جاؤ سب اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ کر اور
تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ
پھوٹ نہ ڈالو اور اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے۔ یاد کرتے رہو کہ تم
اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ
دشمن تھے پھر تمہارے دلوں میں الفت پیدا کر دی اور تم اس کی نعمت کی بدولت بھائی بھائی ہو گئے
وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ
اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے پھر اس نے تم کو اس سے
مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ
بچا دیا۔ اسی طرح سے اللہ اپنی نشانیاں تمہارے لئے بیان کرتا ہے تاکہ تم
تَهْتَدُوْنَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى
ہدایت پاجاؤ۔ اور لازم ہے کہ تم میں سے کچھ ایسے ہوں جو نیکی کی طرف
الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ
بلائیں اور اچھی باتوں کا حکم دیں اور بری باتوں سے منع کریں۔
وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ
اور وہی (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہوں۔ اور ان لوگوں کے مانند مت ہو جاؤ
تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ
جنہیں اس سے کہ ان کے پاس کھلی نشانیاں آچکی تھیں اختلاف کیا اور متفرق ہو گئے
وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ
انہی کے لیے تو بڑا عذاب ہے۔ جس دن کچھ چہرے نورانی

وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ
ہوئے اور کچھ منہ کالے ہوں گے پھر جن لوگوں کے منہ کالے ہوئے (اُن سے کہا جائیگا کہ)

أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ
تم ایمان لانے کے بعد منکر ہو گئے تھے نا؟ تو اب مزہ (انکار کرنے کا) مزہ (چکھو) اپنے کفر کے بدلے

تَكْفُرُونَ ○ وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي
عذاب بھی چکھو رہے وہ لوگ جنکے چہرے نورانی ہوئے اور رحمت خدا میں

رَحْمَةِ اللَّهِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ○ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ
ہوئے اور اُسی میں ہمیشہ رہینگے۔ یہ خدا کی (سچی) آیتیں ہیں

نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا
جو ہم تم پر ٹھیک تلاوت کرتے ہیں۔ اور خدا تمام عالم پر کسی پر ظلم کا

لِلْعَالَمِينَ ○ وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ
ارادہ نہیں کرتا۔ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے وہ اور جو کچھ زمین میں ہے (یہ) سب کچھ خدا کا ہے۔

وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ○ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ ع ۲
اور خدا ہی کی طرف سب امور کی بازگشت ہوگی۔ تم (مسلمانو) وہ بہترین امت ہو جو (ہدایت) مردم کے لیے پیدا کی گئیں

لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
(اور) لوگوں کو نیک کام کرنے کا حکم دیتے ہو اور بدی سے منع کرتے ہو

وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۗ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ
اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب بھی ایمان لاتے تو اُن کے لیے بہت

خَيْرًا لَهُمْ ۚ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ ○
اچھا ہوتا۔ اُن میں سے کچھ تو مومن ہیں اور بہت سے نافرمان

لَنْ يَضُرُّوكُمْ إِلَّا أَذًى ۖ وَإِنْ يُقَاتِلُوكُمْ يُوَلُّوكُمُ
سوائے ایذا پہنچانے کے وہ تمہارا ہرگز کچھ ضرر نہ کرینگے۔ اور اگر تم سے لڑینگے تو پیٹھ

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ○ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ
دکھائیں پھر انکی مدد نہ کی جائیگی۔ کہیں پائے جائیں انکے لیے ذلت

اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ
قرار دی گئی ہے سوائے اسکے کہ خدا کے عہد اور آدمیوں کے عہد کی پناہ میں آجائیں

وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ
اور غضب خدا میں گرفتار ہوئے اور آخر تنگدستی کی مار پڑی۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ
یہ اس لیے کہ وہ آیات خدا کا انکار کیا کرتے تھے اور ناحق (انا حق)

الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ق
انبیا کو قتل کیا کرتے تھے نیز اس لیے کہ نافرمانیاں کیا کرتے تھے اور حد سے گزر جایا کرتے تھے

لَيْسُوْا سَوَاۗءً ۭ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَاۗىِٕمَةٌ يَّتْلُوْنَ
سب برابر نہیں ہیں۔ اہل کتاب میں سے ایک گروہ ثابت قدم ہے جو راتوں کو

اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ○ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
آیات خدا پڑھتے اور سجدے کیا کرتے ہیں۔ وہ خدا اور قیامت کے

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ
دن پر ایمان رکھتے ہیں اور نیکی کا حکم دیتے ہیں اور بدی سے منع

الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ مِنَ
کرتے ہیں اور نیک کاموں میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور یہی لوگ

الصّٰلِحِيْنَ ○ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ
صلحا میں سے ہیں۔ اور جو نیکی بھی وہ کریں گے اسکی ناقدری نہیں کی جائیگی اور اللہ

عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ
پرہیزگاروں کے حال سے آگاہ ہے۔ بیشک جو کافر ہوئے نہ ان کے مال

أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ۖ وَأُولٰٓئِكَ
اللہ کے ہاں اُن کے کچھ کام آئینگے اور نہ اُن کی اولاد اور وہی
أَصْحٰبُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝ مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ
جہنمی ہیں۔ جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے۔ جو کچھ وہ اس
فِي هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ
زندگانی دنیا میں خرچ کرتے ہیں اُس کی مثال اُس تند ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو
حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوٓا أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ
اور وہ اُس قوم کی کھیتی پر آپڑے اور اُسکو تباہ کردے جسنے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہو اور اللہ نے
اللّٰهُ وَلٰكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا
اُنپر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ اپنی جانوں پر وہ خود ظلم کرتے ہیں۔ اے ایمان لانیوالو
لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا ۚ
اپنوں کے سوا کسی کو رازدار نہ بناؤ وہ تمہاری خرابی میں کمی نہ کرینگے۔
وَدُّوا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ
جتنی تم کو تکلیف پہنچے وہ خوش ہونگے دشمنی اُن کی بات بات سے ظاہر ہے۔
وَمَا تُخْفِي صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْءَايٰتِ
اور جو کچھ اُنکے دلوں میں چھپا ہوا ہے وہ اس سے کہیں بڑھکر ہے۔ ہمنے تو تمہارے لیے نشانیاں
إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ۝ هَٰٓأَنتُمْ أُولَآءِ تُحِبُّونَهُمْ وَلَا
کھول کر بیان کردیں بشرطیکہ تم سمجھو۔ لو اب تم انہی سے محبت کرتے ہو حالانکہ وہ تم سے
يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهِ ۖ وَإِذَا لَقُوكُمْ
محبت نہیں کرتے اور تم پوری کتاب پر ایمان رکھتے ہو۔ اور وہ جب تم سے ملتے ہیں
قَالُوٓا ءَامَنَّا ۖ وَإِذَا خَلَوْا عَضُّوا عَلَيْكُمُ الْأَنَامِلَ
کہدیتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لائے۔ اور جب اکیلے ہوتے ہیں تو تمہارے برخلاف غصہ سے اپنی انگلیاں

لہ ۱۲ رکوع ۱۰ آیات ۱۲۰ کلمات ۴۸۲ حروف ۱۹۰۰ منزل

مِنَ الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اپنے دلوں ہی کا کھا جیں۔ کہدو کہ تم اپنے ہی غصہ سے مر جاؤ۔ بیشک اللہ دلوں کے حال سے

الصُّدُوْرِ ۝ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ

واقف ہے۔ اگر تم کو کوئی نفع پہنچتا ہے تو اُن کو بُرا لگتا ہے اور اگر

تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا

تم پہ کوئی مصیبت پڑتی ہے تو اِس سے وہ خوش ہوتے ہیں۔ اور اگر تم صبر کرو گے اور اُنسے بچتے رہو گے

لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

تو اُنکا مکر تمکو کچھ نقصان نہ پہنچائیگا۔ اس میں شک نہیں کہ جو کچھ (بھی) وہ کرتے ہیں خدا اُن

مُحِيْطٌ ۝ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ

احاطہ میں ہے۔ اور (اُن دنوں) تم اُس وقت کو یاد کرو (جبکہ صبح ہی صبح تم اپنے بال بچوں میں سے نکلے اور مومنوں

مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِذْ هَمَّتْ

کو لڑائی کے مورچوں میں بٹھانے لگے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ

طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَى

تم میں دو گروہوں نے ہمت ہار دینی چاہی حالانکہ اللہ اُن دونوں کی مددگار تھا۔ اور

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ

مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ بیشک اللہ نے بدر میں تمہاری مدد کی تھی

بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

جبکہ تم خستہ تھے پس خدا سے ڈرو تاکہ تم شکرگزار ہو جاؤ۔

اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ

(اے پیغمبر تم اُس وقت کو یاد کرو) جب تم مومنوں سے یہ کہہ رہے تھے کہ کیا یہ بات تمہارے لیے کافی نہ تھی

يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ مُنْزَلِيْنَ ۝

کہ تمہارا پروردگار (آسمان سے) تین ہزار فرشتے بھیجکر تمہاری مدد کریگا۔

بَلٰٓى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ

ہاں اگر تم صبر کرو اور نافرمانی سے بچو اور دشمن تمہیں یکایک آ لیں

هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

تو تمہارا پروردگار پانچ ہزار سجے سجائے فرشتوں سے تمہاری

ع مُسَوِّمِيْنَ ○ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ

مدد کریگا۔ اور یہ مدد خدا نے مقرر نہیں کی مگر اس لیے کہ تمہارے لیے خوشخبری ہو

وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

اور اس لیے کہ تمہارے دل اس سے مطمئن ہو جائیں۔ اور (یہ) مدد زبردست حکمت والے

عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ○ لِيَقْطَعَ طَرَفًا

خدا ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔ تاکہ کافروں کے

مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا

جتھے میں سے کچھ کم کر دے یا انکو ایسا ذلیل کرے کہ وہ ناکام

خَآئِبِيْنَ ○ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ

پلٹ جائیں۔ (اے رسول) اس معاملہ میں تمہارا کچھ اختیار نہیں خواہ خدا انکی توبہ

عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○ وَلِلّٰهِ

قبول کرے یا انکو عذاب دے اس لیے کہ وہ ظالم ہیں۔ اور جو کچھ

مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۚ يَغْفِرُ لِمَنْ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے

ع يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

بخشدیتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب کرتا ہے۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) مہربان کرنیوالا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا

اے ایمان لانیوالو! دونا دون سود

مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَاتَّقُوا

نہ کھاؤ۔ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاجاؤ اور اُس آگ سے

النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

ڈرو جو انکار کرنیوالوں ہی کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اور اللہ اور رسُول کی

وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى

اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور اپنے پروردگار کی بخشش

مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ

اور جنّت کی طرف دوڑ کر جاؤ جس کی وسعت کل آسمانوں اور ساری زمین

وَالْاَرْضُ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

کے برابر ہے (جو) پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ جو فراخی اور تنگدستی میں

فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ

خرچ کرتے اور غصّے کو روکتے

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اور لوگوں (کے قصور) سے درگزر کرتے رہتے ہیں۔ اور اللہ احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اور وہ لوگ جو بدی کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر

ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۡ وَمَنْ يَّغْفِرُ

ظلم کرتے ہیں تو خدا کو یاد کرکے اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں اور سوا خدا کے

الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۡ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَهُمْ

گناہوں کو کون معاف کرسکتا ہے؟ اور جو کچھ وہ کر چکے جان بوجھ کر اُس پر اصرار

يَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ

نہیں کرتے۔ اُنکی جزا اُنکے پروردگار کی طرف سے بخشش ہے

رَبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
اور ایسے باغ جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں جن میں وہ ہمیشہ (رہینگے)

فِيْهَا وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ قَدْ خَلَتْ مِنْ
رہینگے۔ اور نیک عمل کرنیوالوں کا کیا ہی اچھا اجر ہے۔ تم سے پہلے بہت سے واقعات

قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ
گزر گئے پس چلو پھرو اور دیکھو کہ جھٹلانیوالوں کا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ
کیسا انجام ہوا۔ یہ کُل آدمیوں کے لیے سمجھانا ہے۔

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا
اور پرہیزگاروں کے لیے ہدایت و نصیحت۔ اور ہمت نہ ہارو اور

تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝
رنجیدہ ہو حالانکہ اگر مومن ہو تو تم ہی غالب آؤ گے۔

اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ
اگر تمکو زخم لگا تو اُن لوگوں کو بھی ایسا ہی زخم لگ چکا ہے۔

وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ
اور یہ واقعات زمانہ ہیں جو ہم آدمیوں کو درمیان اُلٹ پھیر کرتے رہتے ہیں۔ اور اس لیے کہ خدا جان لے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا
کہ ایمان لانیوالے کون ہیں اور تم میں سے بعض کو گواہ بنائے۔ اور اللہ ظالموں

يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ
کو دوست نہیں رکھتا۔ اور اس لیے (بھی) کہ خدا ایمان لانیوالوں کو خالص کرے

الْكٰفِرِيْنَ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا
اور کافروں کو مٹا دے۔ یا تم یہ گمان کیا تھا کہ تم بہشت میں چلے جاؤ گے؟ حالانکہ اب تک

يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ○
اللہ نے (بہ ربط امتحان) ان لوگوں کو جانا تھا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا اور ان لوگوں کو جانا تھا جو ثابت قدم رہے

وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ
اور ملاقات کرنے سے پہلے تو تم موت کی تمنا کیا کرتے تھے پھر تو تم نے

رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ
اسے کھلی آنکھوں سے دیکھ لیا محمد ایک رسول ہی ہیں۔

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَاۗىِٕنْ مَّاتَ اَوْ
جن سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے کیا اگر وہ مر جائیں

قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۭ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ
قتل کر دیے جائیں تو تم اپنے پچھلے پاؤں لیٹ جاؤ گے۔ اور جو اپنے پچھلے پاؤں

عَلٰي عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۭ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ
پلٹ جائیگا وہ خدا کا کچھ نہ بگاڑ جائیگا۔ اور عنقریب خدا شکر کرنیوالوں کو

الشّٰكِرِيْنَ ○ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ
جزا دیگا۔ اور کوئی شخص بغیر خدا کے حکم کے جو لکھا ہوا اور

اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۭ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ
مقرر کیا ہوا ہے نہیں مر سکتا۔ اور جو شخص دنیا کا بدلا چاہیگا ہم اسکو ہیں

مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۭ
دینگے۔ اور جو شخص آخرت کا بدلا چاہیگا اس کو وہیں دینگے۔

وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ○ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ
اور عنقریب ہم شکر گزاروں کو جزائے خیر دینگے۔ اور نبیوں میں سے بہت سے ایسے ہوئے ہیں جنکی

رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
معیت میں اللہ والے لڑے۔ پھر خدا کی راہ میں جو مصیبت انپر پڑی اس سے انہوں نے ہمت

ع ۱۴ ۱۵

الجزء الرابع

وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ○
بہت کی نبو دیں ظاہر کیا اور نہ (دشمن کے آگے) گڑگڑائے۔ اور اللہ (ایسی) صبر کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا
اور انکا قول اسکے سوا کچھ نہ تھا کہ انہوں نے یہ کہا کہ اے ہمارے پروردگار ہمارے گناہوں کو اور

وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
معاملات میں ہماری زیادتیوں کو بخشدے اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور ان کافر

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ
لوگوں کے برخلاف ہماری مدد کر۔ پھر اللہ نے انکو دنیا کا بھی

الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ ع ۱۵ ۶
بدلہ دیا اور آخرت کا بدلہ اُس سے اچھا دیا۔ اور اللہ نیکی کرنیوالوں کو پسند کرتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اے ایمان لانیوالو! اگر تم کافروں کی اطاعت کرو گے تو وہ تم کو

يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ○
تمہارے پچھلے پاؤں لوٹا دینگے پھر تم زیاں کار ہو کر پلٹ جاؤ گے۔

بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ○ سَنُلْقِيْ
بلکہ اللہ تمہارا حامی اور سب سے اچھا مدد گار ہے۔ عنقریب ہم

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ
کافروں کے دل میں رعب ڈالدینگے بوجہ اس کے کہ اُس کو اُنہوں نے خدا کا

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى
شریک قرار دیا جسکی بابت اُسنے کوئی دلیل نازل نہیں کی اور آگ انکا ٹھکانا ہے۔ اور ظالموں کی بازنشت

الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ
بہت ہی بری ہے۔ اور بیشک اللہ نے تم سے اپنا وعدہ سچا کیا جبکہ تم اُس کے

۱ اور اور دل نے تلوار کی باڑھ پر رکھ لیا۔ یہانتک کہ دشمن شکست کھا کر بھاگے۔ اور مسلمانوں نے اُن کا تعاقب کیا۔

مِنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۗ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

تم کہدو کہ یہ معاملہ پورا خدا کے ہاتھ ہے۔ وہ اپنے دلوں میں وہ کچھ چھپا رہے ہیں

مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۗ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ

جو تم پر ظاہر نہیں کرتے۔ کہتے ہیں کہ اس معاملہ میں اگر ہمارا کچھ اختیار ہوتا

شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۗ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ

تو ہم اس جگہ قتل نہ کیے جاتے۔ تم کہدو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے

لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ

تو جن کے قتل لکھا جا چکا تھا وہ اپنے مقتل میں ضرور نکل کر آتے

وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ

اور اس لیے کہ خدا تمہارے دلوں کی باتوں کو آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے

قُلُوْبِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ

اسکو جانچ لے۔ اور اللہ دلوں کی خالت سے آگاہ ہے۔ یقیناً تم میں سے

الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا

وہ لوگ جو (اُحد میں) بھاگ گئے تھے جس دن دو گروہوں کا مقابلہ ہوا تھا سو اسکے

اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ

نہیں کہ شیطان نے بوجہ اُنکے بعض افعال کے اُن کے قدم ڈگمگا دیے تھے۔

وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

اور اللہ نے اُن کے قصور سے درگزر کی بیشک خدا بخشنے والا (اور) بردبار ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اے ایمان لانیوالو! تم اُن کے مانند نہ ہو جو منکر ہو گئے

وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ

اور اپنے بھائیوں کے بارے میں جبکہ وہ سفر میں گئے یا جہاد میں گئے یہ کہنے لگے کہ

ع ۱۶

نصف

منزل

اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا
اگر یہ ہمارے پاس رہتے تو نہ موت سے مرتے اور نہ قتل کیے جاتے (تم کو منع
قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ
اس لیے کیا کہ خدا اُنے اِس خیال کو اُن کے دلوں میں ایک حسرت قرار دیدیا ہے۔
وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝
حالانکہ اللہ ہی جلاتا اور مارتا ہے۔ اور جو اعمال تم کرتے ہو اللہ اُن سب کا دیکھنے والا ہے۔
وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ
اور اگر تم راہِ خدا میں قتل کیے گئے یا اپنی موت سے مرگئے تو جو کچھ لوگ جمع کرتے رہتے ہیں
اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ وَلَئِنْ مُّتُّمْ
اُن سب سے خدا کی مغفرت اور رحمت بہت ہی بہتر ہے۔ اور اگر تم (ویسے ہی)
اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ
مرگئے یا قتل کر دیئے گئے تو بھی خدا ہی کی حضور میں محشور کیے جاؤ گے۔ پھر (اے رسول) خدا ہی کی رحمت کے
اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ
سبب تم اُن سے نرمی برتی۔ اور اگر تم درشت مزاج اور سخت دل ہوتے تو وہ
لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ
تمہارے پاس سے متفرق ہو جاتے۔ پس اب بھی تم اُن سے درگزر کرو اور اُنکے لیے دعائے
لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ
مغفرت کرو اور اُن سے معاملات میں مشورہ کر لیا کرو۔ اور جب تم کسی بات کا پختہ ارادہ کر لو
فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝
تو اُس وقت اللہ پر بھروسہ کیا کرو۔ یقیناً اللہ بھروسہ کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔
اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ
اگر اللہ تمہاری مدد کریگا تو کوئی تم پر غلبہ نہ پائیگا۔ اور اگر وہ تم کو چھوڑ دیگا

فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ
تو پھر وہ کون ہے جو اس کے خلاف تمہاری نصرت کرے گا؟ اور مومنوں کو لازم ہے
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ
کہ اللہ ہی پر بھروسہ کیا کریں۔ اور نبی کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ
يَّغُلَّ ۭ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ
خیانت کرے اور جو خیانت کرے گا وہ اپنی خیانت کو قیامت کے دن لائے گا پھر ہر شخص
تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ اَفَمَنِ
کو اس کی کمائی پوری پوری دی جائے گی اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ کیا وہ شخص جو
اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَاۗءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ
خوشنودی خدا کا تابع ہو اس کے مانند ہو سکتا ہے جو پھر کر خدا کے غضب میں گرفتار ہو اور اس کا
جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ○ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ
ٹھکانا جہنم ہو۔ اور وہ بہت ہی بری بازگشت ہے۔ اللہ کے نزدیک بڑے درجے ہیں
وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ○ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى
اور جو بھی وہ کرتے ہیں خدا ان کا نگران ہے۔ بیشک اللہ نے مومنوں پر
الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ
احسان کیا جبکہ ایک رسول انہی میں سے مبعوث کر دیا جو
يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ
ان پر خدا کی آیتیں پڑھتا ہے اور انکو (خدا برائی سے) پاک کرتا ہے اور انکو کتاب اور
وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ اَوَلَمَّآ
حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ بیشک اس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔
اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۭ
کیا جب تم پر ایسی مصیبت آپڑی جس کی دوگنی تم خود پہنچا چکے تھے تو تم یہ کہنے لگے کہ یہ کہاں سے آئی۔

قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

(اے رسول) تم کہدو کہ یہ تمہاری اپنی طرف سے ہے۔ بیشک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

وَمَا أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيَعْلَمَ

اور جو کچھ مصیبت تم پر اُس دن پڑی جس دن دو گروہوں کی مڈبھیڑ ہوئی تو وہ خدا کے حکم سے تھی (اور اسلئے تھی)

الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚ وَقِيلَ لَهُمْ

کہ خدا مومنوں کو جان لے۔ اور اُن کو بھی جان لے جو منافق ہو گئے تھے۔ اور اُن سے جب یہ کہا گیا

تَعَالَوْا قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوِ ادْفَعُوا ۖ قَالُوا لَوْ

کہ آؤ خدا کی راہ میں لڑو یا (کم از کم) مدافعت ہی کرو تو کہنے لگے اگر

نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنَاكُمْ ۗ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ

ہمکو لڑائی کی خبر ہوتی تو ہم تمہاری پیروی ہی نہ کرتے اُس دن وہ (منافق) ایمان کی بہ نسبت

مِنْهُمْ لِلْإِيمَانِ ۚ يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِمْ مَا لَيْسَ فِي

کفر سے زیادہ قریب تھے اپنے مُنہ سے وہ کہتے ہیں جو کچھ اُن کے دلوں میں

قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ ۝ الَّذِينَ قَالُوا

نہیں ہے۔ حالانکہ جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اُس سے خدا خوب آگاہ ہے۔ جو لوگ لڑائی سے بیٹھ رہے

لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوا لَوْ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا ۗ قُلْ

تھے اور اُنہوں نے اپنے بھائیوں کے بارے میں یہ کہا تھا کہ اگر وہ ہماری اطاعت کرتے تو قتل نہ کیے جاتے۔ تم

فَادْرَءُوا عَنْ أَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝

اُن سے کہدو کہ اگر تم سچے ہو تو اپنی ہی جانوں سے موت کو ٹال دو۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ

اور جو لوگ راہِ خدا میں قتل کیے گئے ہیں اُنکو ہرگز مُردہ نہ خیال کرنا۔ بلکہ وہ

أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ۝ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ

زندہ ہیں اور اپنے رب کے پاس رزق پاتے ہیں۔ اللہ نے اپنے فضل سے جو کچھ اُنکو دیا ہے

مِنْ فَضْلٍ وَّيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ
وہ اُس سے خوش ہیں اور جو لوگ پیچھے رہے ہیں اور اب تک اُن سے نہیں آملے اُن کی بابت میں خوشخبری پاتے ہیں
خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝
کہ اُن پر کسی طرح کا خوف نہیں ہے اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے۔
يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا
خدا کی نعمت اور فضل کی خوشخبری پاتے ہیں اور اسکہ کہ اللہ مومنوں
يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ
کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔ جنہوں نے زخم کھانے کے بعد بھی اللہ
وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ
اور رسول کا حکم مان لیا اُن میں سے جو
اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ
نیکوکار اور پرہیزگار ہیں اُنکے لیے بہت بڑا اجر ہے۔ وہی تو ہیں کہ
قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ
جن سے آدمیوں نے کہا کہ لوگوں نے تمہارے لیے بڑا ایکا کیا ہے لہذا
فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ
اُن سے ڈرو تو اس جوہنے انکا ایمان اور بڑھا دیا اور انہوں نے یہ کہدیا کہ اللہ ہمارے لیے
وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ
کافی ہے اور وہ سب سے بہتر کارساز ہے۔ وہ خدا کی نعمت اور فضل کے ساتھ پلٹ کر آئے
لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ
اور اُنکو کوئی تکلیف نہ پہنچی اور وہ خوشنودی خدا کے پیرو رہے۔ اور اللہ
ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ
بڑا فضل کرنیوالا ہے۔ یہ تمہارا شیطان ہی اپنے یاروں کو ڈرایا کرتا

أَوْلِيَاءَهُ ۖ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِن كُنتُم
ہے۔ پس اگر تم مومن ہو تو اُن سے ہراساں نہ ہو صرف مجھ سے ہی
مُّؤْمِنِينَ ۝ وَلَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي
ڈرتے رہو۔ اور (اے رسول) یہ لوگ جو کفر کی طرف دوڑے چلے جاتے ہیں یہ بات تمہیں
الْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۗ يُرِيدُ اللَّهُ أَلَّا
کچھ رنج نہ پہنچائے۔ یقیناً وہ اللہ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے (اور) اللہ کا ارادہ ہے کہ
يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ
آخرت میں اُنکا کچھ حصہ نہ رکھے۔ اور اُنکے لیے بڑا عذاب (تیار)
عَظِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ
ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کو (بجائے) ایمان کے بدلے خرید لیا
لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلَا
وہ ہرگز خدا کا کچھ نقصان نہ کر سکیں گے اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور جو لوگ منکر
يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ ۚ
ہو گئے ہیں وہ کبھی یہ گمان نہ کریں کہ ہم جو مہلت اُن کو دیتے ہیں یہ اُنکے لیے کچھ بہتری ہے ہم
إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ
اسلئے اُن کو مہلت دیتے ہیں کہ گناہگاری میں وہ اور بڑھ جائیں اور اُنکے لیے ذلت دینے والا عذاب
مُّهِينٌ ۝ مَّا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا أَنتُمْ
(مہیا) ہے۔ خدا کی یہ شان نہیں ہے کہ مومنوں کو اُسی حالت پر رہنے دے کہ جس حالت پر
عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ اللَّهُ
تم ہو یہانتک کہ ناپاک کو پاک سے جدا نہ کر دے۔ اور خدا کی یہ شان نہیں ہے کہ
لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَجْتَبِي مِن رُّسُلِهِ
وہ تم کو غیب کی باتوں سے آگاہ کر دے لیکن خدا اپنے رسولوں میں سے جسکو چاہتا ہے (اس

لہ انما نملی لھم خیر لانفسھم الخ تفسیر صافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ان حضرت کا فرکے بارے میں دریافت

مَنْ يَّشَآءُ ۚ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا
بات کو لیوا منتخب کر لیتا ہو پس تم اللہ پر اور اسکے رسولوں پر ایمان لاؤ۔ اور اگر تم ایمان لاؤ گے
وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ
اور پرہیزگاری ہو تو گے تو تمہارے لیو ہوت بڑا اجر ہوگا۔ اور جو لوگ کسے بارے میں بخل کرتے ہیں
يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ
جو کچھ اللہ (نے) فضل سے انکو دیا ہے وہ ہرگز یہ گمان کریں کہ انکا بخل کرنا انکے لیے اچھا ہے۔
بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ
بلکہ یہ انکے لیے برا ہے۔ قریب ہو کہ قیامت کو دن وہی چیزیں جنکے بارے میں وہ بخل کرتے تھے طوق
وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بنا کر انکو پہنائی جائینگی اور اللہ کی آسمانوں اور زمین کی میراث خدا ہی کی ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے
خَبِيْرٌ ۝ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ
آگاہ ہے۔ یقیناً اللہ نے اُن لوگوں کی بات سُن لی جنہوں نے یہ کہا کہ اللہ تو
فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ
محتاج ہے اور ہم مالدار ہیں۔ جو کچھ انہوں نے کہا وہ اور اُن کا
الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝
انبیاء کو ناحق قتل کرنا ہم لکھ لینگے۔ اور کہینگے کہ آگ کے عذاب کا مزا چکھو۔
ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ
تمہارے ہاتھوں جو کچھ ہو چکا یہ اسی کا بدلہ ہے اور یقیناً اللہ (اپنی) بندوں کی حق میں ظالم
لِّلْعَبِيْدِ ۝ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا
نہیں ہے۔ جنہوں نے یہ کہا کہ اللہ نے ہم سے عہد لے لیا ہے
نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ۭ
کہ ہم کسی رسول
پر ایمان نہ لائیں جبتک کہ وہ ایسی قربانی ہمارے روبرو پیش نہ کرے جس کو آگ کھا جائے۔

ع ۱۵ وقف لازم

منزل

قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ
(اے رسول) تم یہ کہدو کہ مجھ سے پہلے بہت سے رسول تمہارے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے اور جو کچھ تم
قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ
کہتے ہو یہی لائے تھے پھر اگر تم سچے ہو تو انہیں قتل کیوں کیا تھا؟ پھر بھی اگر وہ
كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ
تمکو جھٹلائیں تو تم سے پہلے بہت سے ایسے رسول جھٹلائے گئے ہیں جو کھلی نشانیاں
بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ
(بھی) لائے تھے اور نصیحت کی باتیں بھی اور روشن کتاب بھی) ہر جان کو موت کا مزہ
الْمَوْتِ ۭ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ فَمَنْ
چکھنا ہے۔ اور قیامت کے دن تم کو تمہارے اجر پورے پورے دیے جائینگے۔ پس جو شخص
زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۭ وَمَا
آتش جہنم سے بچالیا گیا اور جنت میں داخل کردیا گیا وہ تو بیشک کامیاب ہوگیا۔ اور یہ
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝ لَتُبْلَوُنَّ فِيْ
زندگانی دنیا تو صرف دھوکے کی ٹٹی ہے۔ ضرور تم اپنے مالوں اور جانی
اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۡ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
جانوں کے بارے میں آزمائے جاؤ گے اور جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے ان سے
الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى
اور جو لوگ مشرک ہوگئے ہیں ان سے ضرور بہت سی ایذا کی باتیں
كَثِيْرًا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ
سنوگے۔ اور اگر تم صبر کرو گے اور پرہیزگار رہوگے تو یہی تو بڑی ہمت کے کاموں میں سے
الْاُمُوْرِ ۝ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
(ایک بات) ہے۔ اور (اس وقت کو یاد کرو) جبکہ اللہ نے ان لوگوں سے جن کو کتاب دی گئی تھی اس بات کا

لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ
عہد (لیا تھا کہ ضرور تم اسکو کل آدمیوں سے کھول کر بیان کرنا اور اسکو پوشیدہ نہ کرنا پھر انہوں نے اس عہد خدا کو پس پشت ڈالدیا
وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ۝
اور کتاب خدا کو تھوڑی سی قیمت پر بیچ لیا۔ تو کیا ہی بری وہ قیمت ہے جو وہ لیتے ہیں!
لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ
جو لوگ اپنے کیے پر خوش ہوتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ جو کچھ انہوں نے نہیں کیا اس پر بھی
يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ
اُن کی تعریف کی جائے اُن کی نسبت ہرگز یہ گمان نہ کرنا کہ وہ
مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ
عذاب سے بچجینگے حالانکہ اُن کے لیے دردناک عذاب تیار ہے۔ اور کل آسمانوں کی
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ع ۱۹
اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کے لیے ہے۔ اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔
اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ
بیشک آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے آنے جانے
وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ
میں اُن صاحبان عقل کے لیے نشانیاں موجود ہیں جو کھڑے (کھڑے) اور
اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ
بیٹھے (بیٹھے) اور کروٹوں کے بل لیٹے لیٹے) اللہ کو یاد کرتے رہتے ہیں اور آسمان و زمین کی
خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ
پیدائش میں غور کرتے ہیں (اور یہ کہتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار تو نے اپنکو فضول نہیں پیدا کیا۔
سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ
تیری ذات پاک ہے پس تو ہمکو آتش دوزخ سے بچالے۔ اے ہمارے پروردگار بیشک جسکو تو جہنم میں داخل کرے

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَا
اُسی کو تو رسوا کر چکا۔ اور ظالموں کا حمایتی کوئی بھی نہ ہوگا۔ اے ہمارے پروردگار!

سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ
ہمنے ایک پکارنے والے کی آواز سنی جو ایمان کے لیے پکارتا تھا کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ

فَاٰمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا
پس ای ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے ہمارے پروردگار تو ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو ہم سے دور کر

وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى
اور ہمکو نیکوں کے ساتھ محسوب فرما۔ اے ہمارے پروردگار جو کچھ تو نے اپنے رسولوں کی زبانی ہم سے وعدہ

رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ
کیا ہے وہ ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہم کو رسوا نہ کر۔ بیشک تو وعدے کے خلاف

الْمِيْعَادَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ
نہیں کرتا۔ پس اُنکے رب نے اُنکی دعا قبول کر لی (اور یہ فرمایا) کہ میں تم میں سے کسی عمل کرنیوالے کا عمل

عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ
ضائع نہ کرونگا (خواہ وہ) مرد ہو یا عورت کہ ایک تم میں سے دوسرے سے ہے

فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا
پس جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے وطن سے نکالے گئے اور میری راہ میں اُن کو

فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ
ایذا دی گئی اور لڑے اور مارے گئے میں ضرور اُنکی برائیاں اُن سے دور کرونگا

وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا
اور ضرور اُنکو ایسی جنتوں میں داخل کرونگا جنکے نیچے نہریں بہتی پھرتی ہیں یہ اللہ کی

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝
طرف سے ایک صلہ ملیگا۔ اور سب سے اچھا صلہ اللہ ہی کے پاس ہے۔

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۝

جو لوگ کافر ہو گئے ہیں انکی شہر شہر کی آمد و رفت تجھ ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے۔

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

یہ چند روزہ پونجی ہے پھر انکا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں انکے لیے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَمَا

بہتی پھرتی ہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ انہی میں رہینگے یہ اللہ کی طرف سے ایک مہمانی ہوگی۔ اور جو (نعمتیں) اللہ

عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ۝ وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

وہ نیکوں کے لیے اللہ کے پاس (مہیا) ہے۔ اور بیشک اہل کتاب میں سے کچھ لوگ

لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ

ایسے ہیں جو خدا پر اور جو تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ اُن کی طرف نازل کیا گیا تھا

اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا

اُس پر ایمان رکھتے ہیں اللہ سے ڈرتے ہیں (اور) اللہ کی آیتوں کو تھوڑی قیمت پر نہیں

قَلِيْلًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ اِنَّ

بیچتے۔ انہی کا اجر اُن کے رب کے پاس ہے۔ بیشک

اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا

اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔ اے ایمان لانیوالو صبر کرو اور ایک دوسرے کو

وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

صبر دلاؤ اور (اطاعت امام پر) کمر کس لو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّسَبْعٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً

الجزء ۴ ع ۱۱ ۲



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ

اے لوگو! تم اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک متنفس سے

وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا

پیدا کیا اور اُسی (کی بائیں پسلی) سے اُسکا جوڑا بنایا اور اُن دونوں سے بہت سے مرد

كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ

اور عورتیں پھیلا دیں۔ اور اُس اللہ سے ڈرو جسکا واسطہ دیکر آپس میں تم سوال کرتے ہو

وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝ وَاٰتُوا

اور قطع رحمی سے بچو۔ اس میں شک نہیں کہ خدا تم پر نگران ہے۔ اور یتیموں کو

الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠

اُن کے مال دیدو اور بُرے کو اچھے سے نہ بدلو۔

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا

اور اپنے مال کے ساتھ (ملا کر) اُنکے مال نہ کھا جاؤ۔ بلاشک یہ بہت بڑا گناہ

كَبِيْرًا ۝ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا

ہے۔ اور اگر تم کو یہ خوف ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے تو (اور)

مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاۗءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ

عورتوں میں سے جو تم کو پسند آجائیں دو دو تین تین چار چار سے نکاح کرلو۔

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ

پھر اگر تمہیں یہ خوف ہو کہ (انکے ساتھ بھی) عدالت نہ کرسکو گے تو ایک ہی ہو یا (لونڈیاں)

اَيْمَانُكُمْ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝ وَاٰتُوا النِّسَاۗءَ

جو تمہاری ملکیت ہوں۔ یہ بات ناانصافی سے بچنے کے لیے اقرب ہے۔ اور عورتوں کو اُن کے

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا

مہر خدا کا عطیہ سمجھ کر دیدو۔ پھر اگر بخوشی وہ اس میں سے کچھ تم کو چھوڑ دیں تو

فَكُلُوْهُ هَنِیْٓـًٔا مَّرِیْٓـًٔا ۝ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ

اسے کھا لو وہ تم کو رچے پچے۔ اور بیوقوفوں کو اپنے وہ مال

الَّتِیْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِیٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِیْهَا

جو خدا نے تمہارا سہارا بنایا ہے نہ دو ہاں اس میں سے انکو کھلاؤ

وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَابْتَلُوا

اور پہناؤ بھی اور ان سے نرمی کی بات کرو۔ اور یتیموں کو

الْیَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ

کاروبار میں لگا کر جانچتے رہو جبتک کہ وہ نکاح کے قابل ہو جائیں۔ پھر اگر تم ان میں کافی سمجھ

رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ

دیکھو تو ان کے مال انکے حوالے کر دو۔ اور اس مال کو فضول خرچی کر کے اور

اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ یَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ كَانَ غَنِیًّا

جلدی جلدی (اس خیال سے) کہ کہا جائیگا کہ یتیم بڑا ہو جائیگا (تو حساب لینگے) اور جو مالدار ہو تو وہ مال بچا

فَلْیَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِیْرًا فَلْیَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

سے (خطعاً) پرہیز کرے۔ اور جو محتاج ہو وہ دستور کے بطابق کھائے۔

فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَیْهِمْ ؕ

پھر جب تم انکے مال ان کے حوالے کرو تو اس پر گواہ بھی کر لو۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِیْبًا ۝ لِلرِّجَالِ نَصِیْبٌ مِّمَّا تَرَكَ

اور خدا حساب لینے کے لیے کافی ہے۔ مال باپ اور قریبی رشتہ دار جو ترکہ چھوڑ جائیں

الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۪ وَلِلنِّسَآءِ نَصِیْبٌ مِّمَّا

اس میں مردوں کا بھی حصہ ہے۔ اور ماں باپ اور رشتہ داروں نے جو ترکہ

تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى

تھوڑا ہو وہ حصہ ہے۔ اس میں اور جب عورتوں کا بھی حصہ اور دوسرے قرابت والے

وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ

اور یتیم اور مسکین یتیم تو اس کو وقت حاضر ہوں تو اس میں سے کچھ انکو بھی دیدو اور اُن سے نرمی

قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ

کے ساتھ بات کرو۔ اور اُن لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اگر اپنے پیچھے کمزور بچے

ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا

چھوڑ جاتے تو انکو خطرہ ہوتا کہ کیسا خوف کھاتے پس لازم ہے کہ وہ اللہ سے ڈریں

قَوْلًا سَدِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى

اور ٹھیک بات کہیں۔ بلاشک جو ظلم سے یتیموں کا مال کھا جاتے

ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ وَسَيَصْلَوْنَ

ہیں سوائے اسکے نہیں کہ وہ اپنے پیٹ میں انگارے بھرتے ہیں۔ اور وہ عنقریب جہنم ہوئی

سَعِيْرًا ۝ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۪ لِلذَّكَرِ مِثْلُ

آگ میں جائینگے۔ خدا تم کو تمہاری اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے کہ مرد کے لیے دو

حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ

عورتوں کے برابر حصہ ہے۔ پھر اگر فقط بیٹیاں دو (یا دو) سے زائد ہوں

فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا

تو مرنے والے کا دو تہائی انکا ہے۔ اور اگر ایک ہی بیٹی ہو تو اس کا

النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ

آدھا ہے۔ اور مرنے والے کے ماں باپ میں سے ہر ایک کے لیے اگر مرنے والے کی

لہ اکْلًا لَمًّا ظُلْمًا۔ کافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ یتیم کا مال کھانا الا اپنی

ع ۱۱

الجزء الرابع

مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُ
کچھ اولاد بھی ہے تو اُسکے ترکہ میں سے ایک چھٹا حصہ ہے اور اگر اُسکے کوئی اولاد نہو اور
وَلَدٌ وَّوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَإِنْ كَانَ
ماں باپ ہی اُسکے وارث ہوئے ہوں تو ماں کے لیے تہائی ہے۔ اور اگر اُس کے
لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ
بھائی بہنیں بھی ہوں تو اُسکی ماں کا چھٹا حصہ ہے (یہ تقسیم) بعد تعمیل وصیت (ہوگی)
يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ
جو مرنے کر کیا ہو یا بعد ادائے قرض۔ تمہارے باپ (دادا) ہوں اور تمہارے بیٹے (پوتے)
لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۚ فَرِيضَةً
تم نہیں جانتے کہ باعتبار نفع رسانی کون تم سے زیادہ قریب ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے
مِّنَ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ○ وَ
مقرر ہو چکا ہے۔ بیشک اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔ اور
لَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ
تمہاری ازواج جو کچھ چھوڑ جائیں اگر اُن سے کوئی اولاد نہو تو اُس میں سے آدھا
لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ
تمہارا ہے۔ پھر اگر اُن کے کوئی اولاد ہو تو اُنکے ترکے کا چوتھائی تمہارا ہے
مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ
بعد اُس وصیت کے جو وہ کر گئی ہوں یا بعد ادائے قرض
دَيْنٍ ۚ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ
کے۔ اور تمہارے ترکے میں سے اُن کے لیے چوتھائی ہے اگر تمہارے
لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ
کوئی اولاد نہو۔ پھر اگر تمہارے اولاد ہو تو تمہارے ترکے میں سے اُنکا آٹھواں

مَا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَآ أَوْ

یہ ہے بعد تعمیل وصیت کے جو تم نے کی ہو یا بعد ادائے

دَيْنٍ ۗ وَإِن كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلٰلَةً أَوِ امْرَأَةٌ

قرض کے۔ اور اگر کسی مرد یا عورت کے وارث بھائی بہن ہوں اور اُسکا

وَلَهٗ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ

کوئی اخیافی بھائی یا بہن بھی ہو تو اُن میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے

فَإِن كَانُوٓا أَكْثَرَ مِن ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي

اور اگر وہ اِس سے زیادہ ہوں تو ایک تہائی میں وہ سب

الثُّلُثِ مِنۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصٰى بِهَآ أَوْ دَيْنٍ ۙ

شریک ہیں بعد تعمیل وصیت کے جو کی گئی ہو یا ادائے قرض کے جس میں

غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝

وارثوں کا ضرر مدنظر نہو۔ یہ وصیت خدا کی ہے۔ اور اللہ جاننے والا (اور) بردبار ہے۔

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۗ وَمَن يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

یہ اللہ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں۔ اور جو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کریگا

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

اُسکو خدا اُن جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں پھرتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ (بہشت)

فِيْهَا ۗ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَمَن يَّعْصِ اللّٰهَ

رہینگے۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو خدا کی اور اُسکے رسول کی

وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا

نافرمانی کریگا اور اُسکی حدود سے تجاوز کریگا اُسکو وہ آتش جہنم میں داخل کریگا جس میں وہ

فِيْهَا ۖ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَالّٰتِيْ يَأْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ

ہمیشہ (ہمیشہ) رہیگا۔ اور اُسکیلئے ذلت دینے والا عذاب ہوگا اور تمہاری عورتوں میں سے جو

ع ۱۲ ۲

لہ کلالۃ۔ کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے کلالۃ کی تفسیر یوں وارد ہوئی کہ وہ مرد یا عورت جسکے نہ ماں باپ اور نہ بیٹا بیٹی باقی رہیں نہ

مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعًا مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ

زنا کی مرتکب ہوں آپنے بر خلاف اپنے میں سے چار آدمیوں کی گواہی طلب کرو پھر اگر وہ گواہی دیدیں تو انکو مکانوں میں قید رکھو

حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ۝ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ

جبتک کہ موت انکا خاتمہ کردے یا اللہ اُن کے لیے کوئی اور راستہ نکالے۔ اور جو دو شخص تم میں سے ایسی بدی کریں اُنکو ایذا دو

فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ

پھر اگر وہ توبہ کریں اور نیکی اختیار کرلیں تو اُن سے روگردانی کرو۔ بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اللہ کے ذمے انہی لوگوں کی توبہ قبول کرنی لازم ہے

لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ

جو نادانی سے بدی کرتے ہیں پھر قریب ہی توبہ

مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ

کرلیتے ہیں پس انہی کی توبہ اللہ قبول کرلیتا ہے۔ اور اللہ صاحب علم (و) حکمت ہے۔ اور اُنکے لیے کوئی توبہ نہیں ہے جو

يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ

بدی کیے چلے جاتے ہیں۔ بیشک کہ اُن میں سے کسی کو موت

الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْئٰنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ

آجائے (اور) کہے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ اُنکے لیے ہے جو کفر کی حالت میں

وَهُمْ كُفَّارٌ أُولٰٓئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا
مرجائے ہیں۔ اُنکے لیے تو ہمنے دردناک عذاب تیار
أَلِيمًا ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ
کیا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! یہ تمہارے لیے حلال نہیں ہے کہ
تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۖ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا
تم زبردستی عورتوں کو میراث میں لیلو اور نہ اُنکو اس غرض سے قید رکھو کہ جو کچھ تم
بِبَعْضِ مَآ آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّآ أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ
اُنکو دے چکے ہو اُس میں سے کچھ اُن سے چھین لو سوائے اُس صورت کے کہ اُنہوں نے کھلی
مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِنْ
بدکاری کی ہو۔ اور اُنکے ساتھ بھلے طریقے سے بسر کرو پھر اگر
كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسٰٓى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْـًٔا وَيَجْعَلَ
تم کو اُن سے کراہت ہو جائے تو شاید ایک چیز سے تم کو کراہت ہو رہے ہو اور خدا نے
اللّٰهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا ۝ وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ
اُسی میں بہت سی خوبی رکھی ہو۔ اور اگر تم ایک زوجہ کے بدلے دوسری
زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَآتَيْتُمْ إِحْدٰىهُنَّ قِنطَارًا
زوجہ کرلینی چاہتے ہو اور اُن میں سے ایک کو بہت سا مال دے چکے ہو
فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْـًٔا ۚ أَتَأْخُذُونَهُۥ بُهْتَانًا وَّ
تو اُس میں سے کچھ نہ لینا۔ کیا تم بہتان لگا کے بالکل ناروا لے کرے
إِثْمًا مُّبِينًا ۝ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُۥ وَقَدْ أَفْضٰى
وہ واپس لیلوگے؟ اور تم اُسے کیونکر لے لوگے حالانکہ تم ایک دوسرے کے
بَعْضُكُمْ إِلٰى بَعْضٍ وَّأَخَذْنَ مِنكُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا ۝
ساتھ صحبت کر چکے ہو اور وہ (عورتیں) تم سے پکا عہد لے چکی ہیں۔

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ
اور جن عورتوں سے تمہارے باپ دادا نکاح کر چکے ہوں تم اُن سے نکاح نہ کرنا سوائے اُس کے جو
سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ۝
ہے ہو چکا۔ بیشک یہ بڑی بیحیائی کی اور ناپسند یدہ بات ہے۔ اور بُرا دستور ہے۔

ع ۴ ۱۴

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ
تم پر حرام کی گئی ہیں تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں
وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ
اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں
الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ
اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے اور بہنیں تمہاری
مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ
دودھ شریک بہنیں اور تمہاری ساسیں اور تمہاری ربیبہ بیٹیاں
الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ
جو تمہاری اُن ازواج کی گودیں ہوں جن سے تم نے صحبت
بِهِنَّ ز فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا
کی ہو۔ پھر اگر تم نے اُن سے صحبت نہ کی ہو تو
جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ز وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ
کوئی حرج نہیں ہے۔ اور تمہارے اُن بیٹوں کی ازواج
الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ
جو تمہارے صلب سے ہوں (تم پر حرام ہیں) اور یہ بات بھی حرام کر دی گئی کہ دو بہنیں ایک وقت میں دو
اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝
بہنوں کو جمع کرلو سوا اُس کے جو پہلے ہو چکا۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ

اور شوہردار عورتیں سوائے اُنکے جو تمہاری ملکیت ہو جائیں۔

اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ

(یہ حرام ہونا) خدا نے تمہارے ذمے لکھدیا۔ اور اس کے سوا سب تمہارے لیے حلال

ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ

کی گئی ہیں کہ تم اپنے مال خرچ کرکے بحالتِ پاکدامنی نہ بدفعلی اُنکی خواستگاری

مُسٰفِحِيْنَ ۚ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ

کرو۔ پھر اُن میں سے جن سے تم متعہ کرلو تو مقرر کیا ہوا

اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

مہر اُنکو دیدو۔ اور مہر مقرر ہوجانیکے بعد آپس میں اگر تم

تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ

کسی بیشی پر راضی ہوجاؤ تو تم پر کوئی الزام نہیں ہے۔ بیشک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ

صاحب علم و حکمت ہے۔ اور جو تم میں سے اتنا مقدور نہ رکھتا ہو

طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا

کہ آزاد مومن عورتوں سے نکاح کرے تو وہ مومن

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۚ وَاللّٰهُ

لونڈیوں سے نکاح کرلے جو تمہارے قبضہ میں ہوں۔ اور اللہ

اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ

تمہارے ایمان سے خوب واقف ہے۔ تم ایک دوسرے کے جنس ہو پس اُن سے اُنکے

بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

مالکوں کی اجازت سے نکاح کرو اور اُنکے مہر قرینے کے ساتھ اُن کو دیدو

مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ

(وہ) عفیفہ ہوں نہ بدکاریں اور نہ چوری چھپے آشنائی کرنیوالیاں۔ پھر جب

اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ

وہ نکاح میں آجائیں اور بدکاری کریں تو ان کو آزاد

مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ

عورتوں کی بہ نسبت آدھی سزا دی جائیگی۔ یہ (حکم) اس کے لیے ہے جو

خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ

تم میں سے زحمت (مجرد) سے ڈرتے ہوں۔ اور صبر کرنا تمہارے لیے بہت ہی اچھا ہے۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ ع ۴

اور اللہ بخشنے والا رحم کرنیوالا ہے۔ اللہ یہ ارادہ فرماتا ہے کہ تمہارے لیے

وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ

تم سے پہلے والوں کے قاعدے کھولکر بیان کر دے اور تمہاری توبہ

عَلَيْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ

قبول کرلے۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور خدا تو چاہتا ہے کہ

يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ

تمہاری توبہ قبول کرلے۔ اور جو لوگ خواہشوں کے پابند ہیں وہ یہ چاہتے ہیں

اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ۝ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ

کہ تم بڑے منحرف ہو جاؤ۔ اللہ تعالےٰ کا ارادہ ہے کہ تمہارا بوجھ ہلکا کر دے

عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ اے ایمان لانیوالو!

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ

ایک دوسرے کے مال ناحق نہ کھا جاؤ سوائے اس کے

لینا یا رکھ لینا ۱۲

اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا
کہ باہمی رضامندی سے تجارت ہو اور اپنے آپ کو قتل
اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَمَنْ
نہ کرو۔ بیشک اللہ تم پر رحم کرنیوالا ہے۔ اور جو شخص
يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ
بطور زیادتی وظلم کے ایسا کریگا تو آگے بڑھکر ہم اُس کو آتش جہنم میں
نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ اِنْ تَجْتَنِبُوْا
پہنچائینگے۔ اور یہ بات اللہ پر آسان ہے۔ اگر کبیرہ گناہوں سے
كَبَاۗىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ
جن کو تم منع کیے گئے ہو بچتے رہوگے تو ہم تمہاری چھوٹی برائیاں تم سے دور کر دینگے
وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ۝ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا
اور تم کو اچھے مکان میں داخل کرینگے۔ اور جو زیادتی تم میں سے
فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ
خدا نے بعض کو بعض پر دی ہے اُس کے بارے میں تمنا نہ کرو۔ مردوں کا
نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا
حصہ اُسکے کیے میں ہے۔ اور عورتوں کا حصہ اُن کے کیے میں
اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْـَٔـلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
ہے۔ اور اللہ سے اُس کے فضل کے خواستگار رہو۔ بیشک اللہ
كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ
ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اور جو کچھ ماں باپ اور عزیز و قریب
مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ
چھوڑ جائیں اُس کے لیے ہم نے ہر ایک کے وارث قرار دیے ہیں۔ اور جن سے

عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
تم نے عہد باندھ لیے ہیں تو اُنکا حصّہ اُنکو دیدو۔ بیشک خدا
كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝ اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى ع ۴
ہر چیز کا گواہ ہے۔ مرد عورتوں پر حاکم
النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَا
ہیں (ایک تو) اُس فضیلت کے سبب جو خدا نے ایک کو دوسرے پر دی ہے اور (دوسرے)
اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ
اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔ پس نیکبخت تو اطاعت کرنیوالیاں ہیں اور پیٹھ پیچھے ان
لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ
چیزوں کی حفاظت کرنیوالیاں جنکی خدا نے حفاظت چاہی۔ اور جن کی نافرمانی کا تم کو خوف ہو
فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِى الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ
اُن کو نصیحت کرو اور اُنکے بستروں پر اُن کو چھوڑ دو اور (نہ مانیں تو) اُنکو مارو
فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کریں تو اُن پر کسی طرح بیجا زیادتی نہ کرو۔ بیشک اللہ
كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا
بزرگ و برتر ہے۔ اور اگر تم کو شوہر اور زوجہ کی مخالفت کا اندیشہ ہو
فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ
تو ایک پنچ مرد کے کنبے سے بھیجدو اور ایک پنچ عورت کے کنبے سے۔
اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
اگر وہ دونوں اصلاح کا ارادہ کرینگے تو اللہ اُن دونوں میں ملاپ کرا دیگا۔ بیشک اللہ
كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ
صاحبِ علم و خبر ہے۔ اور اللہ کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اُسکا شریک

شَيْـًٔا ۭ وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور قرابت داروں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ

اور مسکینوں اور رشتہ دار ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ

وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ

اور پہلو میں بیٹھنے والے رفیق اور مسافر اور لونڈی غلاموں کے ساتھ

اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا

نیکی کرتے رہو)۔ بیشک خدا اُن کو دوست نہیں رکھتا جو متکبر ہوں (اور) شیخی مارنیوالے

فَخُوْرَۨا ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

ہوں جو خود بھی کنجوس ہوں اور لوگوں کو بھی بخل ہو نیکی سے

بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ

دیتے ہوں اور جو کچھ اللہ نے اپنے فضل سے اُن کو دیا ہے اُسکو چھپاتے ہوں۔

وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ

اور ہم نے منکروں کے لیے ذلیل کرنیوالا عذاب تیار کیا ہے۔ اور جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ

اپنے مال لوگوں کے دکھاوے کے لیے صرف کرتے ہیں اور خدا اور قیامت

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ

کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور جن کا رفیق شیطان ہے

قَرِيْنًا فَسَاۗءَ قَرِيْنًا ۝ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا

تو وہ کیا ہی بُرا رفیق ہے۔ اور اُنکا کیا نقصان ہوتا اگر وہ اللہ اور

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ۭ

قیامت کے دن پر ایمان لاتے اور جو کچھ اللہ نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے راہ خدا میں خرچ کرتے

وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ

حالانکہ اللہ اُن سے آگاہ ہے۔ بیشک اللہ ذرہ بھر ظلم نہیں کرتا

ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ

اور اگر کچھ بھی نیکی ہوتی ہے تو اُس کو بڑھا دیتا ہے اور اپنے پاس سے

لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ

بہت بڑا ثواب دیتا ہے۔ پھر اُس وقت کیا حالت ہوگی جب ہم ہر گروہ کو

اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝

اُسکے گواہ کے ساتھ بلائینگے اور تم کو اُن سب پر گواہ کرکے بلائینگے۔

يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ

اُسدن وہ لوگ جو کافر ہو گئے تھے اور رسول کی نافرمانی کیا کرتے تھے آرزو کرینگے کہ

تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۭ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝

کاش وہ پیوند زمین ہو جاتے۔ حالانکہ کوئی بات اللہ سے چھپا نہ سکینگے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ

اے ایمان لانیوالو جب تم حالت نشہ میں ہو تو (مسجد میں یا) نماز کے پاس نہ جاؤ

سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا

جبتک کہ تم جو کچھ منہ سے کہتے ہو اُسے سمجھنے نہ لگو اور نہ حالت جنابت میں (جانا)

عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى

سوائے اس کے کہ راستہ سے گزر جاؤ جبتک کہ غسل نہ کرلو۔ اور اگر تم بیمار ہو

اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ

یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی بیت الخلاء سے (فارغ ہو کر) آئے

لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا

یا تم نے عورتوں سے مجامعت کیا ہو پھر تم کو پانی نہ ملا ہو تو پاک مٹی سے تیمم

ع ۹ ۳

معرفت النبی علیہ السلام

منزل

طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
کر لینا پھر اپنے چہروں کی بعض حصّوں کا اور ہاتھوں کے بعض حصوں کا مسح کرنا۔ بیشک اللہ
كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا
بڑا درگزر کرنیوالا اور بڑا بخشنے والا ہے۔ کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو
نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ
کتاب سے بہرہ دیا گیا ہے وہ خود گمراہی خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی
اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَاۗىِٕكُمْ ۭ
راہ (راست) سے بھٹک جاؤ۔ اور اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب واقف ہے۔
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۝ مِنَ الَّذِيْنَ
اور اللہ حامی بننے کے لیے بھی کافی ہے اللہ مددگار ہونے کو بھی کافی ہے۔ جو لوگ
هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ
یہودی ہوگئے اُن میں سے بعض ضد اور کلموں کو اُن کے موقعوں سے تبدیل کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ
سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا
ہم نے سُنا اور نافرمانی کی اور (یہ بھی زبان پھیر پھیر کر اور دین میں طعن کرنے کے لیے
لَيًّۢا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ
کہتے ہیں کہ جو باتیں نہ سننے کے لائق ہیں وہ سُن اور ہمارا لحاظ کر۔ اور اگر وہ یہ
قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ
کہتے کہ ہم نے سُنا اور اطاعت کی اور آپ سنیے اور ہماری حالت پر نظر کیجیے تو یہ
خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ
بات سیدھی بھی ہوتی اور اُنکے لیے بہتر بھی لیکن اللہ نے اُنکے کفر کے سبب اُن پر لعنت کی
فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اور وہ بہت ہی کم ایمان لائینگے۔ اے وہ لوگو! جن کو

اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا
کتاب دی گئی ہے اُس پر ایمان لاؤ جو کچھ ہمنے نازل کیا ہے درحالیکہ جو کچھ تمہارے پاس
مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا
پہلے سے تمہارے اسکی تصدیق بھی کرتا ہے قبل اسکے کہ ہم چہرے بگاڑ دیں اور پھر اُن کو
عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ
پشت کی طرف پھیر دیں یا اُن پر ایسی ہی لعنت کریں جیسے ہمنے اصحاب سبت پر لعنت کی تھی
وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ
اور امر خدا ہو کر رہیگا۔ یقیناً اللہ اسکو نہ بخشیگا
اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ
کہ اُسکے ساتھ شرک کیا جائے اور اسکے ماسوا جسکو چاہے بخش دے۔
وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝
اور جس نے اللہ سے شرک کیا تو گویا بہتا بڑا گناہ کیا۔
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ
کیا تم نے اُنکو نہیں دیکھا جو اپنے نفوس کو پاک قرار دیتے ہیں؟ بلکہ اللہ جسکو چاہتا ہے
مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ
پاک قرار دیتا ہے اور اُن پر ذرا برابر ظلم نہ کیا جائیگا۔ دیکھو تو سہی یہ
يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا
اللہ پر کیسا جھوٹا بہتان باندھتے ہیں۔ اور صریح گناہ کے لیے یہی
مُّبِيْنًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ
کافی ہے۔ کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب خدا سے بہرہ
الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ
دیا گیا ہے وہ بت اور طاغوت پر ایمان لاتے ہیں اور جو منکر ہو گئے ہیں

ع ۸

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ
ان سے یہ کہتے ہیں کہ یہ ان ایمان لانیوالوں کی بہ نسبت زیادہ راہِ راست
اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ
پر ہیں۔ وہی تو ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے۔
وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝ اَمْ لَهُمْ
اور جس پر اللہ لعنت کر چکا تم اسکا مددگار ہرگز کسی کو نہ پاؤ گے۔ آیا سلطنت (میں)
نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ
میں سے انکا کچھ حصہ ہے؟ اگر ہے تو کسی کو تل برابر (بھی)
نَقِيْرًا ۝ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ
نہ دیں گے۔ کیا وہ لوگوں پر اس کا حسد کرتے ہیں جو اللہ نے ان کو اپنے
مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ
فضل سے دیا ہے؟ بیشک ہم نے آل ابراہیمؑ کو کتاب اور حکمت
وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ۝ فَمِنْهُمْ
عطا فرمائی اور انکو بہت بڑی (حقیقی) سلطنت دی۔ پھر (عام) آدمیوں میں سے
مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ
کچھ لوگ تو اس پر ایمان لائے اور کچھ اس سے روک گئے اور (ان کیلئے) جہنم کافی ہے
سَعِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ
آگ کافی ہے۔ بالتحقیق جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا عنقریب ہم انکو آتش جہنم میں
نَارًا ۭ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ
پہنچائیں گے۔ جب انکی جلدیں جل جائینگی تو اس غرض سے کہ وہ عذاب کا مزہ
جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
چکھیں ہم انکی اور جلدیں بدل دیں گے۔ بیشک خدا زبردست

ربع

عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور حکمت والا ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے ہیں

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

عنقریب ہم انکو ایسی جنتوں میں پہنچا دیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی پھر رہی ہیں

خٰلِدِينَ فِيهَا اَبَدًا ۭ لَهُمْ فِيهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ

اُن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہینگے۔ اُنکے لیے پاکیزہ اُنکی بیبیاں ہیں

وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ

اور ہم اُنکو گھنے سایے میں پہنچا دینگے۔ بیشک اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ

تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ

حکم امانتیں اُنکے مالکوں کو پہنچا دو اور جس وقت آدمیوں کا تین فیصلہ کرو

النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

تو انصاف کے ساتھ حکم دو۔ اللہ اس بارے میں تم کو وعظ ہی اچھی

يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ۝

نصیحت کرتا ہے۔ بیشک اللہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

اے ایمان لانیوالو! اللہ کی اطاعت کرو اور اُس رسول اور

الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ

اُن والیان امر کی اطاعت کرو جو تم ہی میں سے ہیں۔ پھر اگر

تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

کسی معاملہ میں تم میں آپس میں جھگڑا ہو تو اُسے اللہ اور رسول کی طرف پھیرو

اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ

بشرطیکہ تم اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے

ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ ع ۸ ۹ ۵
یہی سب سے بہتر اور عمدہ تاویل ہے کیا تم نے اُن کو نہیں دیکھا جو یہ

يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ
گمان کرتے ہیں کہ جو کچھ تم پر نازل کیا گیا اور جو کچھ تم سے پہلے نازل کیا گیا وہ سب پر

اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى
ایمان لائے ہیں (اور) چاہتے ہیں کہ اپنا مقدمہ طاغوت کے پاس

الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ۭ وَيُرِيْدُ
لے جائیں حالانکہ اُن کو حکم دیا جا چکا ہے کہ اس کے منکر ہوں۔ اور شیطان

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ وَاِذَا
یہ ارادہ کرتا ہے کہ اُن کو بھٹکا کر بڑی گمراہی میں ڈال دے۔ اور جس وقت

قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ
اُن سے یہ کہا جائے کہ آؤ اللہ نے جو کچھ نازل کیا اُس کی طرف اور اُس رسولؐ کی طرف آؤ

رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝
تو تم منافقوں کو اپنے سے رُکتا ہوا دیکھو گے۔

فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ
پھر اُس وقت کیا حالت ہو گی جبکہ اُن پر اپنے ہاتھوں کے کیے ہوئے کے سبب کوئی مصیبت پڑے گی

ثُمَّ جَاۗءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا
پھر وہ تمہارے پاس خدا کی قسم کھاتے ہوئے آئیں گے کہ ہمارا ارادہ سوائے بھلائی اور اتفاق کرنے

وَّتَوْفِيْقًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ
اور کچھ نہ تھا۔ یہ لوگ وہی ہیں کہ جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اُسے اللہ جانتا ہے

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
پس تم بھی ان سے منہ پھیر لو اور ان کو نصیحت کرو اور اُن کے حق میں جو بات کے بدلے میں ان سے برملا

قَوْلًا بَلِيْغًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ

باتیں کیا کرو۔ اور ہمنے کسی رسول کو نہیں بھیجا مگر اس لیئے کہ خدا کے حکم کے بموجب اُس کی اطاعت

اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا

کی جائے۔ اور اگر یہ لوگ اُس وقت جبکہ انہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا تمہارے پاس آجاتے اور اللہ سے بخشش مانگتے

اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا

اور رسول بھی انکے لیئے بخشش طلب کرتا تو یہ ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنیوالا (اور) نہایت رحم کرنیوالا

رَّحِيْمًا ۝ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰي يُحَكِّمُوْكَ

پاتے۔ سو ایسا نہیں ہے تمہارے پروردگار کی قسم یہ لوگ (کبھی) مومن نہونگے جبتک کہ اُن جھگڑوں میں

فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا

جو انکے مابین پڑے وہ تم کو حاکم نہ بنالیں پھر جو کچھ تم فیصلہ کردو اُس سے اپنے دلوں میں خفا نہ پائیں اور

قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ

اُسکو اس طرح تسلیم کریں جیسا کہ تسلیم کرنیکا حق ہے۔ اور اگر ہم اُن پر یہ لازم کر دیتے

اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ

کہ آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرو یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ تو سوائے معدودے چند

اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ

کے یہ لوگ اُسکی تعمیل نہ کرتے۔ اور اگر وہ اُسکے موافق کرتے جو کچھ انکو نصیحت کی گئی تھی تو یہ بات

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۝ وَّاِذًا

اُنکے لیئے بہت ہی اچھی ہوتی اور (اُنکے ایمان کی) زیادہ مضبوطی کا باعث ہوتا۔ اور اُس وقت

لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ

ہم بھی اُن کو بڑا اجر دیتے۔ اور اُن کو

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

سیدھا رستہ تک پہنچا دیتے۔ اور جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ

وہی تو اُن لوگوں کے ساتھ ہونگے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے کہ بعض پیغمبروں میں سے ہیں

وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ

اور بعض صدیقوں میں سے ہیں اور بعض شہیدوں میں سے ہیں اور بعض صلحا میں سے ہیں اور وہی لوگ رفاقت کے

اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

سب سے اچھے ہیں۔ یہ خدا کی طرف سے فضل ہے۔ اور خدا کا آگاہ ہونا

عَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ع ۱۱ ۹

کافی ہے۔ اے ایمان لانیوالو اپنی حفاظت کے سامان کرو۔ پس دستے دستے

ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ۝ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ

نکلو یا اکٹھے نکل پڑو۔ اور ضرور تم میں کوئی ایسا بھی ہے کہ وہ دیر لگائیگا

فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ

پھر اگر تم پر کوئی مصیبت پڑ گئی تو وہ یہ کہیگا کہ خدا نے مجھ پر احسان کیا کہ

اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ۝ وَلَىِٕنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ

میں تمہارے ساتھ حاضر نہ تھا۔ اور اگر تم پر خدا کا فضل ہو گیا تو (اس صورت میں کہ

مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ

گویا تمہارے اور اُس کے مابین کوئی محبت ہی نہ تھی ضرور یہ کہیگا کہ

مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝

کاش میں بھی اُن لوگوں کے ساتھ ہوتا اور بڑی کامیابی حاصل کرتا۔

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

پس وہ لوگ جو آخرت کے عوض میں زندگانی دنیا کو بیچتے ہیں اُن کو لازم ہے کہ راہ خدا میں

بِالْاٰخِرَةِ ۭ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ

لڑیں۔ اور جو شخص راہ خدا میں لڑیگا وہ مارا جائیگا تب یا غالب آئیگا تب

فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ

عنقریب ہم اس کو بہت بڑا اجر دیں گے۔ اور تم کو کیا ہو گیا ہے کہ تم راہِ خدا میں

فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

نہیں لڑتے حالانکہ بعض کمزور مرد اور عورتیں

وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ

اور بچے جو (روک لیے گئے ہیں) عرض کر رہے ہیں (کہ) اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس بستی سے

الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ

کہ جس کے باشندے ظالم ہیں۔ اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی مقرر

وَلِيًّا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيرًا ۝ الَّذِينَ

فرما دے اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی مددگار بنا دے۔ جو ایمان

آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ

لائے ہیں وہ تو خدا کی راہ میں لڑتے ہیں اور جو کافر

كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ

ہو گئے ہیں وہ طاغوت کی راہ میں لڑتے ہیں پس تم شیطان کے

الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى

دوستوں سے لڑو۔ بیشک شیطان کا مکر بودا ہے۔ (اور رسول) کیا تم نے انکو نہیں دیکھا

الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ

جن سے یہ کہا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روک لو اور نماز پڑھو

وَآتُوا الزَّكَاةَ ۖ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ

اور زکوٰۃ دو پھر جب انپر جہاد واجب کیا گیا تو ان میں سے ایک گروہ آدمیوں سے

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا

ایسا ڈرنے لگا جیسا کہ اللہ سے ڈرنا یا اس سے بھی زیادہ اور وہ یہ کہنے لگے کہ اے پروردگار

ع ۱۰

المنزل

كُتِبَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ؕ
تونے ہم پر کیوں جہاد واجب کیا؟ کاش ہمکو تھوڑے دن اور مہلت دی ہوتی۔

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى
تم کہدو کہ سرمایۂ دنیا کچھ نہیں۔ اور جو لوگ پرہیزگار ہیں انکے لئے آخرت کہیں بہتر ہے

وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ
اور تمپر ایک سوت برابر بھی ظلم نہ کیا جائیگا۔ جہاں کہیں بھی تم ہوگے موت تمکو (ضرور)

الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ
آلیگی گو تم مضبوط برجوں ہی میں کیوں نہو۔ اور (حالت انکی یہ ہے کہ) اگر انکو

حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ
بھلائی پہنچتی ہے تو کہدیتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر اُن کو

سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ
برائی پہنچتی ہے تو کہدیتے ہیں کہ یہ تمہاری طرف سے ہے۔ تم کہدو کہ سب

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ
اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ اِن لوگوں کو کیا ہو گیا ہے۔ کہ (اتنی سی

يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ
بات بھی نہیں سمجھتے۔ (اے شنیدہ) جو بھلائی تجھ کو پہنچتی ہے

فَمِنَ اللّٰهِ ۘ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ
اللہ کی طرف سے ہے اور جو برائی تجھ کو پہنچتی ہے یہ تیری ذات کی طرف سے ہے۔

وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝ مَنْ
اور (اے رسول) ہمنے تمکو آدمیوں کیلئے پیغامبر (بنا کر) بھیجا ہے۔ اور اللہ شہادت کیلئے کافی ہے۔ جو

يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ
رسول کی اطاعت کریگا اسنے یقیناً خدا کی اطاعت کی اور جو پھر جائیگا تو ہمنے تم کو اسکا نگہبان بنا کر

حَفِيظًا ۝ وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ ۖ فَإِذَا بَرَزُوا مِنْ عِنْدِكَ
نہیں بھیجا۔ اور (اے نبی) یہ لوگ تمہارے تو اطاعت کا اقرار کرتے ہیں اور جب تمہارے پاس سے باہر جاتے ہیں

بَيَّتَ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِي تَقُولُ ۖ وَاللَّهُ يَكْتُبُ
تو جو کچھ تم کہہ چکتے ہو اس کے برخلاف ان میں سے ایک گروہ رات کو مشورہ کرتا ہے اور جو باتیں یہ رات کو مشورہ کرتے ہیں

مَا يُبَيِّتُونَ ۖ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ
اسکو اللہ لکھتا جاتا ہے۔ تو (اب) تم ان سے درگذر کرو اور اللہ پر بھروسہ رکھو۔

وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ۝ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ
اور کارساز ہونے کے لئے اللہ کافی ہے۔ کیا ،، قرآن میں غور نہیں کرتے؟

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا
اور اگر وہ خدا کے سوا کسی کے پاس سے آیا ہوتا تو اس میں بہت سا اختلاف

كَثِيرًا ۝ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ
پاتے۔ اور جس وقت انکو امن یا خوف کی کوئی بات معلوم ہو جاتی ہے تو اسکا

أَذَاعُوا بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ
افشا کر دیتے ہیں۔ اور اگر وہ اس کو پیغمبر صلعم اور والیان امر کے سامنے

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا
پیش کرتے تو ان میں سے جو بات کی تہ تک پہنچ جانیوالے ہیں وہ اس (کی حقیقت) کو سمجھ لیتے۔ اور اگر

فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ إِلَّا
تم پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی تو معدودے چند لوگوں کے سب شیطان کے پیرو

قَلِيلًا ۝ فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ
ہو گئے ہوتے۔ پس (اے رسول) تم خدا کی راہ میں لڑو۔ تمہاری ذات کے سوا کسی کو تکلیف نہیں دی جائیگی

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ
اور مومنین کو آمادہ کرو۔ شاید اللہ کافروں کے زور کو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ○

وکی اور اللہ زور کی حیثیت سے سب سے بڑا قوی اور عذاب دینے کی حیثیت سے سب سے زیادہ سخت ہے۔

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ

جو شخص اچھی سفارش کریگا اس میں سے اس کو بھی حصّہ ملیگا

وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَ

اور جو شخص بُری سفارش کریگا اس میں سے اسکو حصّہ ملیگا اور

كَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ○ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ

خدا ہر شے کا نگران ہے۔ اور جس وقت تم کو سلام کیا جائے

فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي

تو تم اس کو بہتر طرز پر سلام کرو یا اس کا جواب دو۔ بیشک اللہ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى

حساب لینے والا ہے۔ اللہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ○

قیامت کے روز وہ ضرور تم سب کو اکٹھا کریگا اور بات کہنے میں اللہ سے زیادہ سچا کون ہے؟

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا

تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ منافقین کے بارے میں دو گروہ ہو گئے ہو حالانکہ اللہ نے انکو انکے اعمال کے سبب

كَسَبُوْا ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ

اُلٹ دیا۔ کیا تم یہ ارادہ رکھتے ہو کہ خدا نے جس کو توفیق ہدایت سلب کی ہے تم اسکو راہ راست پر لے آؤ؟

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ○ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ

اور جس کو خدا توفیق ہدایت سلب کر لیگا تم ہرگز اسکیلئے کوئی رستہ نہ پاؤ گے۔ وہ تو آرزو کرتے ہیں جس طرح وہ کافر ہوئے

كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَاۗءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَاۗءَ

تم بھی اسی طرح کافر ہو جاؤ کہ سب برابر ہو جاؤ۔ پس تم ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ

ع ۱۱

حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ
جب تک کردہ راہِ خدا میں ہجرت نہ کریں پھر اگر وہ روگرداں ہوں تو انکو گرفتار کرو
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ
اور جہاں انکو پاؤ قتل کر ڈالو اور ان میں سے کسی کو نہ دوست
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ
بناؤ اور نہ مددگار۔ سوائے انکے جو ایسی قوم سے جا ملے ہوں کہ
بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَاۗءُوْكُمْ حَصِرَتْ
تمہارے اور اس قوم کے مابین معاہدہ ہو یا تمہارے پاس اس حالت سے آئیں کہ تم سے لڑنے میں
صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ۭ وَلَوْ
یا اپنی قوم سے لڑنے میں دلتنگ ہوتے ہوں۔ اور اگر
شَاۗءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ
اللہ چاہتا تو انکو تم پر مسلط کر دیتا پھر وہ تم سے ضرور لڑتے۔ پس اگر وہ تم سے الگ رہیں
فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ
اور تم سے نہ لڑیں اور تمہیں صلح کا پیغام دیں تو اللہ تعالیٰ (تمہارے لئے) خدا نے تمہارے لیے
عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۝ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ
کوئی راستہ نہیں رکھا ہے۔ عنقریب تم کچھ اور لوگوں کو ایسا پاؤ گے کہ وہ چاہتے ہیں کہ
يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ
تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی بے رہیں جہاں فتنہ کی طرف بلائے جائیں اندھا دھند
اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ
اس میں گر پڑیں۔ پس اگر وہ لوگ تم سے کنارہ کش نہ ہوں اور تم سے صلح نہ کریں
وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ
اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو انکو گرفتار کرلو اور جہاں پاؤ اُن کو قتل کردو۔

منزل

وقتل کا حکم آگیا خواہ وہ کنارہ کشی کریں یا نہ کریں۔ اس حکم سے وہ متثنیٰ ہیں جن سے آنحضرت رفع فتنہ کا دعا جلد پورا کرنا تھا مثلاً صفوان ابن امیہ عکرمہ
الا الذین تابوا، ۱۲ منہ

وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ وَمَا ع ۱۲
اور اُنہی پر ہم نے تم کو کھلا تسلط دیا ہے۔ اور کسی

كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ
مومن کا یہ کام نہیں کہ کسی مومن کو قتل کرے سوائے (اسکے کہ) غلطی ہو جائے۔ اور جو شخص

قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ
غلطی سے کسی مومن کو قتل کر دے تو اُسکے ذمہ ایک ایماندار بردہ کا آزاد کرنا اور پہرا خونبہا

مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۚ فَاِنْ
اُس (مقتول) کے ورثہ کو دینا سوائے اِسکے کہ وہ معاف کر دیں۔ پھر اگر وہ (مقتول)

كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ
ایسی قوم سے ہو جو تمہاری دشمن ہو لیکن ہو مومن تو (قاتل کے ذمہ) ایک ایماندار بردہ کا

مُّؤْمِنَةٍ ۚ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ
آزاد کرنا ہے۔ اور اگر ایسی قوم سے ہو کہ تمہاری قوم کے اور اُس کے مابین

مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ
معاہدہ ہو تو اُسکے ورثہ کو پورا خونبہا دینا اور ایک ایمان دار بردہ کا آزاد کرنا

مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ
(لازم ہے) پھر جس کو (بردہ آزاد کرنا) میسّر نہ ہو تو دو ماہ کی طرف سے توبہ کیلئے لے اُسکے ذمے

تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَمَنْ
متواتر دو مہینے کے روزے ہیں۔ اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے۔ اور جو شخص

يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا
کسی مومن کو جان بوجھ کر مار ڈالیگا اُسکا بدلہ جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ
رہیگا اور اُسپر خدا غضبناک ہوگا اور اُسپر لعنت کریگا اور اُس کے لیے

عَذَابًا عَظِيمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا

بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اے ایمان لانیوالو جب تم

ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ

راہ خدا میں باہر نکلو تو تحقیق کر لو اور جو شخص تم سے (بقاعدۂ اسلام)

اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ

سلام کرے تو یہ نہ کہدو کہ تو مومن نہیں ہے۔ تم زندگانی دنیا کا

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ

اثاثہ ڈھونڈتے ہو حالانکہ بڑے بڑے منافع خدا کے

كَثِيْرَةٌ ۭ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

پاس ہیں۔ تم بھی پہلے سے ایسے ہی تھے۔ پھر اللہ نے تم پر احسان کیا

فَتَبَيَّنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

پس تحقیق کر لیا کرو۔ یقیناً اللہ اُس سے جو کچھ تم کرتے ہو خبردار ہے۔

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ

مومنوں میں سے گھر میں بیٹھے رہنے والے سوائے اُن کے جو

اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

معذور ہیں اور راہِ خدا میں اپنے مالوں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ

اور جانوں سے جہاد کرنیوالے برابر نہیں ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے مال اور

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ۭ

جان سے جہاد کرنیوالوں کو بیٹھ رہنے والوں پر درجے کی رو سے فضیلت دی ہے۔

وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ

حالانکہ ثواب کا وعدہ ہر ایک سے کیا ہے۔ اور جہاد کرنیوالوں کو

عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَ
بیٹھ رہنے والوں پر بڑی بزرگی دی ہے۔ یہ اسکی طرف سے درجے ہیں اور
مَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝
مغفرت ہو اور رحمت ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔
اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا
بیشک وہ لوگ جنکا خاتمہ فرشتوں اس حال میں کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر ستم توڑنیوالے ہوں (تو) ان سے
فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ
کہتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے؟ وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم اس زمین میں کمزور کر دیے گئے تھے۔
قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ
فرشتے دریافت کرتے ہیں کہ کیا اللہ کی زمین لمبی چوڑی نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے؟
فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝
پس انہی کا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور وہ بری بازگشت ہے۔
اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ
سوائے اُن کے جو مرد اور عورتوں اور بچوں سے والے
لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۝
بے بس ہوں کہ نہ کوئی حیلہ کر سکیں اور نہ کوئی راستہ پائیں۔
فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
پس قریب ہے کہ خدا ایسوں سے درگزرے۔ اور خدا بڑا درگزر کرنیوالا (اور)
عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ
بڑا بخشنے والا ہے۔ اور جو شخص راہ خدا میں ہجرت کریگا تو وہ
فِى الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ
زمین میں بڑی وسعت اور کشائش پائیگا۔ اور جو خدا اور رسول

مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ
کے لیے اپنے گھر سے ہجرت کر کے نکلیگا پھر اُسے موت
الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
آلیگی تو اُسکا اجر یقیناً خدا کے ذمے رہا۔ اور اللہ بڑا
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ ع ۱۴ ۱۱
بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور جب تم زمین میں سفر کرتے ہو تو
عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ
تم کو کوئی گناہ نہیں کہ نماز میں قصر کرو۔ اگر
خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ
تم کو خوف ہو کہ کافر تمہیں فساد میں مبتلا کر دینگے تو تمہیں کچھ الزام نہیں بیشک کافر
كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ
تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ اور (اے رسول) جب تم اُن میں ہو اور
فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ
تم کو نماز پڑھانے لگو تو لازم ہے کہ اُن میں سے ایک گروہ تمہارے ساتھ نماز پڑھے
وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۖ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا
(اس حال میں کہ) ہتھیار لیے رہیں۔ پس جب وہ سجدہ کر چکیں تو انہیں لازم ہے کہ
مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۪ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا
وہ تمہارے پیچھے آجائیں اور دوسرا گروہ جس نے ابھی نماز نہیں پڑھی ہے انہیں چاہیے کہ وہ آکر
فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۔
تمہارے ساتھ نماز پڑھیں لیکن انکو بھی لازم ہو کہ وہ اپنی حفاظت کی چیز لیں اور ہتھیار لگا رہیں
وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ
کافر اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ اگر وہ تم کو تمہارے ہتھیاروں سے اور تمہارے

وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا
اسباب سے غافل پائیں تو وہ ایک (دفعہ ہی) تم پر حملہ کر دیں اور اگر
جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ
تمکو بارش سے تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو تم پر کچھ گناہ
مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ
نہیں ہے کہ تم اپنے ہتھیار رکھدو اور اپنے اپنی حفاظت کرو۔
اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ فَاِذَا قَضَيْتُمُ
بیشک اللہ نے کافروں کیلئے رسوا کرنیوالا عذاب مہیا کیا ہے۔ پھر جب تم نماز
الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى
ختم کر چکو تو کھڑے کھڑے بیٹھے بیٹھے لیٹے لیٹے خدا کی یاد
جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ
کیا کرو پھر جب تم مطمئن ہو جاؤ تو (پوری) نماز پڑھو۔ بیشک
الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝ وَلَا
نماز مومنین پر واجب ہے اور لکھی گئی ہے۔ اور اُن
تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ
لوگوں کا تعاقب کرنے میں سستی نہ کرو۔ اگر تم کو تکلیف پہنچتی ہے تو انکو بھی تو اسی طرح
يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ؕ
تکلیف پہنچتی ہے جس طرح تمکو تکلیف پہنچتی ہے حالانکہ تم اللہ سے جو امید رکھتے ہو وہ امید وہ نہیں رکھتے۔
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ
اور خدا صاحب علم و حکمت ہے۔ (اے رسول) بیشک ہم تمہاری طرف کتاب برحق
بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ
اُتاری تاکہ تم آدمیوں کے مابین جو جب اسکے فیصلہ کرو جو خدا نے تمہیں دکھلایا ہے۔ اور تم

لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۝ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
خیانت کرنیوالوں کی طرفدار نہ ہو۔ اور اللہ سے بخشش مانگو۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ
والا مہربان ہے۔ اور جو لوگ اپنی ذات سے خیانت کرتے ہیں تم ان کی طرف سے
اَنْفُسَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝
جھگڑا نہ کرو۔ بیشک اللہ ایسے شخص کو دوست نہیں رکھتا جو خائن (اور) گنہگار ہیں۔
يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ
لوگوں سے تو یہ چھپاتے ہیں اور خدا سے نہیں چھپاتے حالانکہ جب
مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ
انہوں کو ان باتوں کی مشورہ کرتے ہیں جو خدا کو ناپسند ہیں تو خدا انکے ساتھ موجود ہوتا ہے۔ اور جو کچھ وہ
بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ
عمل کرتے ہیں اللہ کا علم اس سب کو گھیرے ہوئے ہے۔ زندگانی دنیا میں تو ان کی طرف سے
فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۣ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ
اب تم جھگڑتے ہو قیامت کے دن ان کی طرف سے کون جھگڑا
الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝ وَمَنْ
کریگا یا کون انکا وکیل بنے گا؟ اور جو شخص
يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ
کوئی بری کرے یا اپنی ذات پر ظلم کرے پھر خدا سے بخشش مانگ لے تو وہ
اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا
اللہ کو بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا پائیگا اور جو شخص کوئی گناہ کریگا
فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
سو اوکا اسکا نہیں کہ وہ اپنی ہی ذات کی پر وبال پیدا کریگا۔ اور خدا صاحب علم و

حَكِيمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا
حکمت ہے۔ اور جو شخص سہواً یا عمداً کوئی گناہ کرے پھر اسکا الزام وہ کسی بیگناہ
فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ ۱۶ ۴ ۱۳
پر تو بیشک وہ بہتان اور صریح گناہ کا ملزم ہوگا۔ اور اگر خدا کا فضل اور
اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ
اُسکی رحمت تم پر نہ ہوتی تو اُن میں سے ایک گروہ نے یہ ارادہ کیا تھا کہ تم کو
يُّضِلُّوْكَ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ
بہکا دے۔ حالانکہ وہ اپنے آپ ہی کو بہکاتے اور تمہارا کچھ بھی
مِنْ شَيْءٍ ۭ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
نہ بگاڑ سکے۔ جس حال میں کہ اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے
وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ
اور جو تم نہ جانتے تھے اسکی تم کو تعلیم دی ہے۔ اور اللہ کا تم پر بہت بڑا
عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا
فضل ہے۔ اُن کی بہت سی سرگوشیاں کہنے میں کوئی خیر و خوبی نہیں ہے سوائے
ثلثہ ۱ ربع ۴
مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ
اسکے جو صدقہ دینے یا نیکی کرنے یا لوگوں کے آپس میں میل جول کرا دینے کی
النَّاسِ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ
سلاح دے۔ اور جو شخص خدا کی رضا جوئی کے لیے ایسا کریگا
فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَمَنْ يُّشَاقِقِ
تو اُس کو بہت بڑا اجر عطا کریں گے۔ اور جو شخص بعد اس کے کہ
الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ
اُسکے لیے حق جان لے رسول کی مخالفت اختیار کریگا اور مومنوں کے

لہ اور اصلاح بین الناس جو کہ آئی ہے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کلام میں جھوٹ کہنا ہوتا ہے۔ منہ۔ کہ کذب۔ اصلاح میں نہیں

غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ
راستہ سے اور کوئی راہ اختیار کرے گا ہم بھی اُسے اُسی راہ پر چلائینگے اور اُسے جہنم میں داخل کرینگے۔

ع ۱۷ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ
اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ بیشک خدا اِسکو نہ بخشیگا کہ اُسکے ساتھ شرک کیا جائے

بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ
اور اُس کے سوا گناہوں کو جس کو چاہے بخش دیگا۔ اور جس نے

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ۝ اِنْ
خدا سے شرک کیا اُسنے یقیناً بہت بڑی گمراہی کی۔ وہ خدا کے سوا

يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ
نہیں پکارتے ہیں مگر عورتوں (دیویوں) کو اور نہیں پکارتے ہیں

اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ وقف لازم
مگر شیطان سرکش کو۔ جسپر خدا نے لعنت کی۔ اور اُسنے کہا تھا کہ میں

مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ
تیرے بندوں میں سے ایک مقرر حصہ ضرور لونگا۔ اور میں اُنکو ضرور گمراہ کرونگا اور میں اُنکو جھوٹی

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ
جھوٹی اُمیدیں دلاؤنگا اور میں اُن کو ضرور بہکاؤنگا پس وہ چوپایوں کے کان چیریں گے اور میں

فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ
ضرور اُنکو حکم دونگا پس وہ اللہ کی بنائی ہوئی صورت ضرور بدلیں گے اور جو شخص خدا کو چھوڑ کر شیطان کو

دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ۝ يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ
دوست بنائیگا وہ یقیناً سریح نقصان اُٹھائیگا۔ شیطان اُن سے وعدہ کرتا ہے اور اُنمیں امید

وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ
دلاتا ہے اور شیطان نہیں دیتا مگر دھوکا ہی دھوکا۔ اُنہی لوگوں کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ۝ وَالَّذِيْنَ
جہنم ہے جس سے بھاگنے کا موقع وہ نہ پائیں گے۔ اور جو لوگ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ
ایمان لائے اور (انہوں نے) نیک کام کیے عنقریب ہم اُن کو ایسے باغوں میں داخل
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ہمیشہ رہیں گے وہ اُنمیں ہمیشہ رہیں گے۔ (یہ)
وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ۝
اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ اور بات کہنے میں اللہ سے زیادہ سچا کون ہوگا؟
لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ
تمہاری امیدوں کو اور اہل کتاب کی امیدوں کو اس میں کچھ دخل نہیں۔ جو بھی
يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
کوئی بدی کرے گا اُس کا بدلہ پائیگا اور خدا کے سوا وہ کسی کو نہ اپنا حامی
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ
پائیگا اور نہ مددگار۔ اور جو شخص کوئی نیکی کرے گا اس حال میں
مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ
کہ وہ مومن بھی ہو خواہ (وہ) مرد ہو یا عورت وہی
يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ۝ وَمَنْ اَحْسَنُ
جنت میں داخل ہونگے اور اُن پر ذرا برابر ظلم نہ کیا جائیگا اور جسکے اچھے آپے کو
دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ
اطاعت خدا کے لیے جھکا دیا جس حال میں کہ وہ نیکوکار بھی ہو اور طریق کج سے الگ ہو کر
اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ۝ وَلِلّٰهِ
ابراہیم کا پیرو ہوا اس پیغمبر دین کی کسوٹی پر کسا گیا؟ سلائی کو ابراہیم کو خدا نے اپنا خلیل بنا کر رکھا ہے۔ اور جو

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ
آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اللہ کا ہے۔ اور اللہ (کا علم) ہر چیز کو
شَيْءٍ مُّحِيْطًا ۝ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاۗءِ ۭ قُلِ اللّٰهُ
گھیرے ہوئے ہے۔ اور (اے پیغمبر) یہ لوگ عورتوں کے بارے میں تم سے فتویٰ طلب کرتے ہیں۔ تم کہدو کہ اللہ
يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى
تم کو عورتوں کے بارے میں فتویٰ دیتا ہے اور وہ حکم جو تم پر یتیم عورتوں کے بارے میں جو
النِّسَاۗءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ
پڑھا جاتا ہے جن کو تم ان کا مقررہ حصہ نہیں دیتے حالانکہ تم ان سے نکاح کرنیکی خواہش
اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ
نہیں رکھتے ہو اور (اسی طرح) کمزور بچوں کے بارے میں حکم دیتا ہے اور یہ کہ
تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ
یتیموں کے حق میں انصاف کرنے پر کمربستہ ہو جاؤ۔ اور جو نیکی بھی تم کرو گے
اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ۝ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا
اللہ اس سے ضرور آگاہ ہے۔ اور اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی طرف سے
نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا
بے رخی کا اندیشہ رکھے تو اگر وہ آپس میں کسی طرح صلح کرلیں تو ان کے ذمے کچھ الزام
صُلْحًا ۭ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۭ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ۭ وَاِنْ
نہیں۔ اور صلح سب کام بہتر ہے۔ اور سب نفس بخل کی طرف مائل کئے گئے ہیں۔ اور اگر
تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ وَلَنْ
تم نیکی کرو اور پرہیزگار رہو تو جو کچھ بھی تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے۔ اور اگر
تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاۗءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا
تم اس بات پر کوشش بھی کرو کہ اپنی کل بیویوں کے درمیان مساوات برتو تو ہرگز نہ برت سکو گے پھر پورا

ع ۱۸ ۱۱ ۱۵

كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا

تم بھی نہ کرو کہ اسکو ادھر میں بھوڑ دو۔ اور اگر تم اصلاح کرو

وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا

اور ڈرتے رہو تو اللہ بہت بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور اگر وہ دونوں جدا ہو جائیں

يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ۝

تو اللہ ہر ایک کو اپنی فراخ دستی سے بے نیاز کر دیگا۔ اور اللہ وسعت والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا

اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اللہ کا ہے۔ اور ہم نے اُن لوگوں کو

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ

جنہیں تم سے پہلے کتاب دی تھی اور خود تم کو یہ حکم دیا ہے کہ اللہ سے

اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

ڈرتے رہو۔ اور اگر تم ناشکری کرو گے تو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ۝ وَلِلّٰهِ

وہ تو اللہ ہی کا ہے۔ اور اللہ بے پروا (اور) لائق حمد ہے۔ اور

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ کا ہے۔ اور کارسازی کے لیے اللہ کافی ہے۔

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَ

اے لوگو اگر وہ چاہے تو تم کو فنا کر دے اور بھائے تمہارے اور پیدا کر دے۔ اور

كَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ۝ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

اللہ اس (طرح) کی پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ جو شخص دنیا کا بدلہ چاہتا ہے تو خدا کے پاس

ع ۱۹ ۱۶ فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝

دنیا کا بھی بدلہ موجود ہے اور آخرت کا بھی۔ اور اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ

اے ایمان لانیوالو تم انصاف کیلیے بڑے مضبوط بنجاؤ اور خدا کے گواہ ہو جاؤ گو تمکو

وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا

اپنی ذات یا ماں باپ اور رشتہ داروں کی خلاف گواہی دینی پڑے کوئی مالدار ہو

اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ

یا مفلس خدا دونوں کا حاکم (نگران) ہے پس تم انصاف سے دور نہ کرو (میں خواہش نفسانی کی پیروی نہ کرو

وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

اور اگر تم ادا ئے شہادت میں زبان دباؤ گے یا سنہ پھیراؤ گے تو جو کچھ بھی تم کرو گے اللہ اس سے آگاہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ

اے ایمان لانیوالو تم اللہ پر اور اسکے رسول پر اور اس کتاب پر

الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ

جو اسنے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور اس کتاب پر جو اسنے پہلے نازل کی ہے

قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ

ایمان لاوے اور جس شخص نے خدا کا اور اسکے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اسکے رسولوں کا

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور قیامت کے دن کا انکار کر وہ بڑا راہ راست سے بہت ہی دور جا پڑا۔ جو لوگ

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا

ایمان لائے اور کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر منکر ہوئے پھر اپنے انکار میں بڑھ گئے

لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ۝ بَشِّرِ

خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ انکو بخشے اور نہ یہ کہ انکو راہ راست دکھلائے۔ ان

الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۝ ۙ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ

منافقوں کو جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا یار بناتے ہیں

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ
یہ خبر سنا دو کہ اُن کے لیے عذابِ دردناک مہیا ہے۔ کیا اُن کے پاس
عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۝ وَقَدْ نَزَّلَ
عزت تلاش کرتے ہیں حالانکہ عزت سب خدا ہی کیلئے ثابت ہے۔ اور وہ تم پر کتاب
عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ
میں یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جس وقت تم یہ سنو کہ خدا کی آیتوں کا انکار کیا جاتا ہے اور
يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِىْ حَدِيْثٍ
اُن کی ہنسی اڑائی جاتی ہے تو تم اُن لوگوں کے پاس بیٹھو جبتک کہ وہ کسی اور مضمون میں گفتگو نہ شروع
غَيْرِهٖٓ ۚ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ
کردیں ورنہ تم بھی اس صورت میں (کفر میں) اُنہی کے مانند ہو جاؤ گے۔ بیشک خدا کل منافقوں
وَالْكٰفِرِيْنَ فِىْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۝ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ
اور کافروں کو جہنم میں جمع کرے گا۔ جو تمہارے انتظار میں بیٹھے ہوئے ہیں
فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ
کہ اگر فتح خدا کی طرف سے تمہاری ہو جائے تو یہ کہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے
وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ
اور اگر کافروں کو نصیب ہو جائے تو اُن سے یہ کہیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہ آگئے تھے
عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ
اور کیا تمہیں تم کو مومنوں سے نہیں بچایا۔ پس اللہ قیامت کے دن تمہارے
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
مابین فیصلہ کرے گا۔ اور خدا ہرگز مومنوں پر کافروں کا غلبہ نہ ہونے دیگا۔
سَبِيْلًا ۝ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ
بیشک منافق اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور وہ اُنکو اُنکے دھوکے کا بدلہ دیتا ہے

ع ۲۰ ۱۷

وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ
اور جس وقت وہ نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو الکسائے ہوئے کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھلاتے ہیں
وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ
اور خدا کا ذکر بہت ہی کم کرتے ہیں۔ کفر اور ایمان کے مابین متذبذب ہیں
لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ
نہ ادھر کی طرف ہیں نہ ادھر کی طرف۔ اور جس سے خدا توفیق ہدایت سلب کر لیتا
تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ
تم کسی کو ہرگز کوئی راہ نہ پاؤ گے۔ اے ایمان لانیوالو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں
اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا
کو یار نہ بناؤ۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ
لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ
خدا کی کھلی حجت اپنے اوپر قائم کر لو بیشک منافق جہنم کے سب سے نیچے
الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝
طبقے میں ہوں گے۔ اور تم انکا کوئی مددگار نہ پاؤ گے۔
اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ
سوائے ان کے جو توبہ کر لیں اور عملی اصلاح کریں اور خدا کا سہارا لے رہیں
وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ
اور اللہ کے واسطے اپنا دین خالص کر لیں تو وہ مومنوں کے ساتھ ہونے والے ہیں
يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ
خدا مومنوں کو بڑا اجر دیگا۔ اگر تم شکر کرو اور
بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۝
ایمان لاؤ تو خدا تم کو عذاب کیوں دیگا حالانکہ اللہ تو قدر دان سب کچھ جاننے والا ہے

مومن لوگوں کے دل ٹھنڈے کریگا اور انکے دلوں کا صدمہ

غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

دور کردیگا اور اللہ جسکی چاہیگا توبہ قبول فرمائیگا

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا

اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے آیا تم نے گمان کر لیا ہے کہ تم چھوڑ دیئے جاؤ گے

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ
حالانکہ اللہ نے ابھی اُن لوگوں کو جنہوں نے تم میں سے جہاد کئے ہیں جانچا نہیں ہے

وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا
اور سوائے اللہ کے اور رسول کے اور ایمان دینے والوں کے اور کسی کو رازدار نہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝
بنایا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ
مشرکوں کا یہ حق نہیں ہے کہ جس حال میں وہ اپنی ذات کے لئے کفر ہونے کی گواہی دے رہے ہوں

عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ
اللہ کی مسجدوں کو آباد رکھیں انکے سب اعمال اکارت ہو چکے

وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ
اور وہ جہنم میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اللہ کی مسجدوں کو تو وہ آباد کرے

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ
جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھے اور نماز پڑھے اور

اٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ ۡ فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ
زکوٰۃ دے اور سوائے اللہ کے کسی سے نہ ڈرے پس انہی لوگوں کی نسبت امید ہے

اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ
کہ وہ ہدایت یافتہ ہو جائیں کیا تم نے حاجیوں کا پانی پلانا

الْحَاۗجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ
اور مسجد حرام کا آباد رکھنا اُس شخص کے برابر کر دیا جو اللہ پر

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ
اور قیامت کے دن پر ایمان لایا اور جس نے راہِ خدا میں جہاد کیا

جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ کے فیصلہ پر راضی ہوئے اسوقت خدا تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ تفسیر مجمع البیان میں بھی

لَا يَسْتَوُۥنَ عِندَ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ
اللہ کے نزدیک تو یہ سب برابر نہیں ہیں اور اللہ ظالم لوگوں کی راہبری
ٱلظَّٰلِمِينَ ۝ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَهَاجَرُوا۟ وَجَٰهَدُوا۟
نہیں فرماتا ۝ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے راہ خدا میں ہجرت کی اور اپنے
فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ بِأَمْوَٰلِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ أَعْظَمُ دَرَجَةً
مالوں سے اور جانوں سے جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک درجہ میں
عِندَ ٱللَّهِ ۚ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَآئِزُونَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ
سب سے بڑھکر ہیں اور وہی کامیاب ہونیوالے ہیں انکا پروردگار انکو
رَبُّهُم بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَٰنٍ وَجَنَّٰتٍ لَّهُمْ فِيهَا
اپنی رحمت کی اور رضامندی کی اور ایسی جنتوں کی خوشخبری دیتا ہے جنمیں انکے لئے
نَعِيمٌ مُّقِيمٌ ۝ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عِندَهُۥٓ
دائمی آسائش ہوگی ۝ اور وہ انمیں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے بیشک اللہ کے پاس
أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَّخِذُوٓا۟
بڑا اجر موجود ہے ۝ اے ایمان لانیوالو اپنے باپ دادا اور اپنے بھائی بندوں کو
ءَابَآءَكُمْ وَإِخْوَٰنَكُمْ أَوْلِيَآءَ إِنِ ٱسْتَحَبُّوا۟ ٱلْكُفْرَ
اگر وہ ایمان کے مقابلہ میں کفر کو دوست رکھتے ہوں (اپنا)
عَلَى ٱلْإِيمَٰنِ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَأُو۟لَٰٓئِكَ
دوست نہ بناؤ اور جو تم میں سے انکو دوست بنائیگا تو وہی تو
هُمُ ٱلظَّٰلِمُونَ ۝ قُلْ إِن كَانَ ءَابَآؤُكُمْ وَأَبْنَآؤُكُمْ
ظالم ہیں ۝ (اے رسول) تم کہدو کہ اگر تمہارے باپ دادا اور تمہارے بیٹے
وَإِخْوَٰنُكُمْ وَأَزْوَٰجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَٰلٌ
اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ قبیلہ اور مال جو تم نے

وقف لازم

اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا
جمع کرتے ہیں اور وہ تجارت جسکی کساد بازاری سے تم ڈرتے ہو
وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
اور وہ مکانات جو تمکو پسند آتے ہیں (یہ سب چیزیں) اللہ سے اور اسکے رسول سے
وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ
اور راہ خدا میں جہاد کرنے سے تو زیادہ پیاری ہیں تو (جس حالت میں ہو) رہو یہاں تک کہ اللہ اپنا
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ لَقَدْ نَصَرَكُمُ
کوئی حکم ظاہر کردے اور اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا بیشک اللہ نے تمہاری
اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ
جہت سے موقعوں پر مدد کی اور (خاصکر) حنین کے دن جبکہ تمہاری کثرت نے
كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ
تمکو نازاں کر دیا تھا پھر وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور (یہی باوجود وسعت کے تم پر
الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ۝ ثُمَّ
تنگ ہو گئی پھر تم پیٹھ دکھا کر بھاگے پھر
اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
اللہ نے اپنی تسکین اپنے رسول اور مومنین پر نازل کی
وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ
اور اپنے لشکر اتارے جنکو تم (کبھی) نہ دیکھا تھا اور کافروں کو عذاب دیا
وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ
اور کافروں کی سزا (بھی) یہی ہے پھر اسکے بعد اللہ جسکی چاہے توبہ
ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
قبول فرمائے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ
اے ایمان لانیوالو سوائے اسکے نہیں ہے کہ مشرک نجس ہیں

فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا
تو وہ اس سال کے بعد مسجد الحرام میں نہ آنے پائیں

وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ
اور اگر تمکو بھوکے مرنیکا اندیشہ ہو تو آگے چل کر اللہ چاہیگا تو اپنے

فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ قَاتِلُوا
فضل سے تمکو غنی کر دیگا بیشک اللہ صاحب علم و حکمت ہے ان لوگوں سے

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
جنکو کتاب دیگئی ہے جو نہیں خدا پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور

وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ
جن چیزوں کو اللہ اور اسکے رسول نے حرام کرایا ہے انکو حرام نہیں جانتے اور دین حق کو دین نہیں

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا
سمجھتے اسلئے لڑتے رہو تا آنکہ وہ ذلیل و خوار ہو کر اپنے ہاتھوں

الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ
جزیہ دینے کو تیار ہو جائیں اور یہود یوں نے یہ کہدیا کہ

عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ
عزیر اللہ کے بیٹے ہیں اور نصرانیوں نے یہ کہا کہ مسیح اللہ کے بیٹے ہیں

قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
انکے اپنے منہ کی گپ ہے (اور) جو لوگ انسے پہلے کافر ہو گئے تھے انکی سی

مِنْ قَبْلُ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا
باتیں یہ بھی بناتے ہیں خدا انپر لعنت کرے یہ کہ ہر جگہ چلے جاتے ہیں انہوں نے خدا کو چھوڑ کر

اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ
اپنے عالمون اور درویشون کو اور مسیح ابن مریم کو خدا
ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ
بنا لیا ہے حالانکہ انکو کوئی اور حکم نہین دیا گیا تھا سوا اسکے کہ خدائے واحد کی عبادت کرین
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ يُرِيْدُوْنَ
جسکے سوا کوئی معبود نہین اور جن جن چیزونکو یہ شریک ٹھہراتے ہین ان سب سے اسکی ذات منزہ و برتر ہے
اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ
چاہتے ہین کہ نور خدا کو اپنے منہ سے (پھونک مار مار کر) بجھا دین اور اللہ کو اور کچھ منظور نہین ہے سوا اسکے
يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ
کہ اپنے نور کو پورا کرے گو کافرون کو برا لگے وہ (خدا) ہی تو ہے جسنے
اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ
اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا کہ اسکو تمام
عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝
ادیان پر غالب کردے گو مشرکون کو برا لگے
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ
اے ایمان لانیوالو ضرور بہت سے علمار اور درویش لوگون
وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ
کے مال ناحق کھا جاتے ہین اور (انکو)
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ
راہ خدا سے روکتے ہین اور جو لوگ سونا اور چاندی
الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
جمع کرتے رہتے ہین اور اسکو راہ خدا مین خرچ نہین کرتے

فائدہ اسکی خاص یہ کہ جن احوالہ مین خدا کا اشارہ ہے کہ ان لفظون مین اسنے صفت کردہ۔ اس خاص سے نہین رہا ہے کہ اسکے بڑے جوڑ کے۔ دیکھو (بقیہ حاشیہ)

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا
سو تم انکو دردناک عذاب کی خوشخبری سُنا دو (اُس دن کے متعلق) جس دن وہ سونا چاندی آگ میں
فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ
تپایا جائیگا پھر اُسکے ذریعہ سے اُنکی پیشانیاں اور اُنکے پہلو اور اُنکی پیٹھیں داغی جائینگی (اور
وَظُهُورُهُمْ ۖ هَٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ فَذُوقُوا
اُنسے یہ کہا جائیگا کہ یہی ہے جو تم اپنی ذات کے لئے جمع کیا کرتے تھے پس جیسا تم جمع کیا کرتے تھے
مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ ۝ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللَّهِ
(ویسا ہی اب) اسکا مزہ چکھو بیشک خدا کے نزدیک مہینوں کی گنتی جس دن
اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ
سے خدا نے آسمان و زمین کو پیدا کیا ہے خدا کی کتاب میں
وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ
بارہ (ہی) مہینے ہیں جنمیں سے چار محترم ہیں سیدھا سادہ قاعدہ یہی ہے
فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ
پس تم ان مہینوں کے بارے میں اپنے اوپر ظلم نکرو اور مشرکوں سے لڑنے ہو کر لڑو
كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ
جیسے کہ وہ تم سے لڑتے ہو کر لڑتے ہیں اور یہ سمجھ لو کہ اللہ پرہیزگاروں کا
الْمُتَّقِينَ ۝ إِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ
ساتھی ہے سوائے اسکے نہیں کہ (ایک مہینہ کو) آگے پیچھے کر دینا کفر کا اور بڑھانا ہے جو لوگ کافر
بِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُحِلُّونَهُ عَامًا وَيُحَرِّمُونَهُ عَامًا لِّيُوَاطِئُوا
ہوئے ہیں اسکے ذریعہ سے اور گمراہ کئے جاتے ہیں کہ کسی سال تو وہ (اسکو) حلال سمجھ لیتے ہیں اور کسی
عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ فَيُحِلُّوا مَا
سال اسی کو حرام قرار دیدیتے ہیں تاکہ خدا کے محترم کئے ہوئے مہینوں کی تعداد سے مطابقت کر لے اللہ نے جو کچھ حرام قرار دیا ہے

حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨ

حرام ٹھہرایا اللہ اور اس کے رسول نے اور نہیں دین حق کو قبول کرتے وہ لوگ جو دیئے گئے ہیں کتاب یہاں تک کہ دیں جزیہ اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر اور کہا یہود نے عزیر

ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝

بیٹا ہے اللہ کا اور کہا نصاریٰ نے مسیح بیٹا ہے اللہ کا یہ ہے کہنا ان کا اپنے منہ سے مشابہ ہوتے ہیں کہنے کافروں کے پہلے سے مار ڈالے ان کو اللہ کدھر الٹے جاتے ہیں

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

بنا لیا انہوں نے اپنے عالموں اور درویشوں کو رب اللہ کے سوا اور مسیح بن مریم کو حالانکہ نہیں حکم ہوا ان کو مگر یہ کہ بندگی کریں ایک معبود کی نہیں کوئی معبود مگر وہی پاک ہے وہ شرک سے جو کرتے ہیں

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝

چاہتے ہیں کہ بجھا دیں نور اللہ کا اپنے منہ سے اور نہیں منظور اللہ کو مگر یہ کہ پورا کرے اپنا نور اگرچہ برا جانیں کافر وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول ہدایت اور سچے دین کے ساتھ تاکہ غالب کرے اس کو سب دینوں پر اگرچہ برا جانیں مشرک

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

اے ایمان والو بیشک بہت سے عالم اور درویش کھاتے ہیں مال لوگوں کے ناحق اور روکتے ہیں راہ سے اللہ کی اور جو لوگ جمع کرتے ہیں سونا اور چاندی اور نہیں خرچ کرتے اس کو اللہ کی راہ میں سو خبر دے ان کو عذاب دردناک کی

يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝

جس دن تپائی جائے گی اس پر آگ دوزخ کی پھر داغی جائیں گی اس سے پیشانیاں ان کی اور پہلو ان کے اور پیٹھیں ان کی یہ ہے جو تم نے جمع کیا تھا واسطے اپنے لئے سو اب چکھو مزہ اس کا جو تم جمع کرتے تھے

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ۭ

بیشک گنتی مہینوں کی اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں لکھا اللہ کے دفتر میں جس دن پیدا کیا اس نے آسمان اور زمین کو ان میں سے چار مہینے ادب کے ہیں یہ دین ہے سیدھا سو نہ ظلم کرو ان مہینوں میں اپنے اوپر

وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَاۗفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَاۗفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اور لڑو مشرکوں سے سب کے سب جیسے وہ لڑتے ہیں تم سے سب کے سب اور جان رکھو کہ اللہ ساتھ ہے پرہیزگاروں کے

اِنَّمَا النَّسِيْۗءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ ۣ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۭ

نہیں ہے یہ مہینہ پیچھے ڈالنا مگر بڑھانا کفر میں گمراہ کئے جاتے ہیں اس سے کافر حلال کر لیتے ہیں اس مہینہ کو ایک برس اور حرام کر لیتے ہیں اس کو ایک برس تاکہ برابر کر لیں گنتی مہینوں کی جو حرام کئے ہیں اللہ نے پھر حلال کر لیں جو حرام کئے ہیں اللہ نے

زُيِّنَ لَهُمْ سُوْۗءُ اَعْمَالِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ۭ

بھلے دکھائی دیئے ان کو برے کام ان کے اور اللہ راہ نہیں دیتا لوگوں کافروں کو اے ایمان والو تم کو کیا ہوا جب کہا گیا تم سے کہ نکلو راہ اللہ کی (جہاد کی نیت سے) نکلو تو تم زمین پر

اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝ اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـــًٔا ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بوجھل ہو جاتے ہو کیا تم آخرت کے مقابل زندگانی دنیا پر راضی ہو گئے ہو حالانکہ زندگانی دنیا کا سرمایہ آخرت کے مقابل کچھ بھی نہیں ہے اگر تم (جہاد کی نیت سے) نہ نکلو گے تو خدا تعالیٰ تم کو دردناک عذاب دیگا اور تمہارے بدلے اور لوگ لے آئیگا اور تم اسکا کچھ نہ بگاڑ سکو گے اور اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ

اگر تم مدد نہ کرو گے تو اللہ مدد کر چکا ہے اس کی جب نکالا تھا اس کو کافروں نے دوسرا دو میں کا جب وہ دونوں غار میں تھے جب کہتا تھا اپنے رفیق کو غم نہ کر بیشک اللہ ہمارے ساتھ ہے تب اللہ نے اتاری تسلی اپنی اس پر

وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

اور مدد کی اس کو لشکروں سے جو تم نے نہ دیکھے اور نیچا کر دکھایا بات کافروں کی اور اللہ کی بات اونچی ہے اور اللہ زبردست ہے حکمت والا

كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

پست کر دیا اور اللہ ہی کا بول بالا رہا اور اللہ زبردست (اور)

حَكِيْمٌ ۝ انْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

حکمت والا ہے کم ہتھیار لگا کے اور زیادہ ہتھیار لگا کے نکل کھڑے ہو اور خدا کی راہ میں

وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرو اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو تو تمہارے لئے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا

یہی سب سے بہتر ہے اگر فوری فائدہ اور متوسط درجے کا سفر ہوتا تو (اے رسول)

قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۭ

یہ (جی چاہے) تمہارے ساتھ ساتھ ہو لیتے لیکن مشقت کا سفر ان پر گراں گزرتا ہے

وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ

اور عنقریب یہ تمہارے خدا کی جھوٹی جھوٹی کھا کر کہیں گے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم آپ کے ساتھ ہی

يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

چلتے۔ یہ اپنے ہی آپ کو ہلاک کرتے ہیں اور اللہ تو خوب جانتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ

خدا آپکا بھلا کرے آپنے انکو (رہجانیکی) اجازت دے کیوں دی (اور اتنا توقف کیوں نہ کیا کہ

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ لَا يَسْتَاْذِنُكَ

آپ پر خود بخود کھل جاتا کہ کچے کونسے ہیں اور جھوٹوں کو بھی آپ جان لیتے جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن کے

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ

ایمان رکھتے ہیں وہ آپ سے اس بات کی اجازت نہیں مانگتے کہ

يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کریں اور اللہ پرہیزگاروں سے

ع ۱۲

بِالْمُتَّقِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
خوب واقف ہے سوا اسکے نہیں کہ تم سے اجازت مانگتے وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ
قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور انکے دل شک کرتے رہتے ہیں پھر وہ اپنے شک ہی میں
رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ۝ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا
اور اگر وہ نکلنے کا ارادہ کرتے تو اسکی کوئی تیاری
لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ
کرتے لیکن اللہ کو انکا اٹھنا ہی ناپسند ہوا پس انکو سست بنا دیا
وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ
اور انکو حکم دیا کہ تم (گھر میں) بیٹھے رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو اگر یہ تمہارے ساتھ نکلتے ہوئے
مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ
تو سوائے خرابی کے اور کچھ نہ بڑھاتے اور تم میں فتنہ پھیلاتے پھرتے
يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ
اور تم میں (اب بھی) انکے جاسوس موجود ہیں
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ
اور اللہ ظالموں کے حال سے خوب واقف ہے انہوں نے تو پہلے ہی فتنہ ڈالنا
مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَاۗءَ
چاہا تھا اور تمہارے معاملات کو آلٹ پلٹ کر دیا تھا یہانتک کہ انکو حق ظاہر
الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ
ہو گیا اور اللہ غالب آگیا حالانکہ وہ ناپسند کرنیوالے تھے اور ان میں سے
مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ
(ایک اور) ایسا بھی ہے جو یہ کہتا ہے کہ مجھے اجازت دیجئے اور مجھے آزمائش میں نہ ڈالئے خبردار رہو آزمائش

سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ○
سب کافروں کو یقیناً گھیرنیوالی ہے

اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ
اگر تجھکو کوئی بھلی خوبی پہنچتی ہے تو وہ انکو بری لگتی ہے اور اگر تجھپر کوئی مصیبت

مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَ
آپڑتی ہے تو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے تو اپنا انتظام پہلے ہی کرلیا تھا اور

يَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ○ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا
خوش خوش (دہاں سے) چل دیتے ہیں تم یہ کہدو کہ سوائے اسکے جو اللہ نے ہمارے

مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ
لئے لکھدیا ہے اور کوئی مصیبت ہمکو ہرگز نہ پہنچیگی وہ ہمارا حاکم ہے اور مومنوں

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ
کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے تم کہدو کہ ہمارے بارے میں تم اور کس چیز کا انتظار

بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ
کررہے ہو سوائے اسکے کہ دو خوبیوں میں سے ایک حاصل ہو (یعنی شہادت فتح ہوجائے) اور

اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ
ہم تمہارے بارے میں انتظار کررہے ہیں کہ تمکو اللہ اپنی طرف سے کوئی عذاب دے یا ہمارے ہاتھوں (سزا دلوائے)

فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ○ قُلْ اَنْفِقُوْا
سو تم انتظار کئے جاؤ ہم بھی تمہارے ساتھ انتظار کررہے ہیں تم کہدو کہ تم خوشی خوشی خرچ کرو

طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ
یا ناراض ہوکر (تمہاری یہ خدمت) قبول کبھی نہ کی جائیگی بیشک تم نافرمان

قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ○ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ
لوگ ہو اور اس بات سے کہ انکا خرچ کرنا قبول کیا جائے تو انہیں

نَفَقَتُهُمْ إِلَّا أَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ وَلَا
کیا ہے سوائے اسکے کہ اُنہوں نے اللہ اور اُسکے رسولؐ کا یقیناً انکار کیا اور نماز
يَأْتُونَ الصَّلَاةَ إِلَّا وَهُمْ كُسَالَىٰ وَلَا يُنفِقُونَ
کو نہیں آتے ہیں مگر اس طرح سے کہ وہ کاہلی سے ہوتے ہیں اور خرچ کچھ نہیں کرتے
إِلَّا وَهُمْ كَارِهُونَ ۝ فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا
مگر اس طرح سے کہ وہ بیدل ہوتے ہیں پس تجھکو نہ اُنکے مال تعجب میں ڈالیں اور نہ
أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي
اُنکی اولاد اللہ تو چاہتا یہی ہے کہ اِن چیزوں کے ذریعہ سے اُنکو زندگانی دنیا میں
الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ ۝
عذاب دے اور اُنکی جانیں اِس حال میں نکل جائیں کہ وہ کافر ہی ہوں
وَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنَّهُمْ لَمِنكُمْ ۖ وَمَا هُم مِّنكُمْ
اور وہ خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ بیشک وہ تم ہی میں سے ہیں حالانکہ وہ تم میں سے نہیں ہیں
وَلَٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَفْرَقُونَ ۝ لَوْ يَجِدُونَ مَلْجَأً أَوْ
بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو ڈر پوک ہیں اگر وہ کوئی جائے پناہ یا غار یا
مَغَارَاتٍ أَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا إِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُونَ ۝
گھسنے کی جگہ پالیں تو بھاگ کر دوڑ کر اُسکی طرف چلے جائیں
وَمِنْهُم مَّن يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ فَإِنْ أُعْطُوا
اور اُنمیں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو (تقسیم) صدقات کے بارے میں تم پر الزام
مِنْهَا رَضُوا وَإِن لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا إِذَا هُمْ
لگاتا ہے پس اگر اُن میں سے اُنکو دیدیا جائے تو راضی رہتے ہیں اور اگر اُن میں سے اُنکو نہ
يَسْخَطُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّهُمْ رَضُوا مَا آتَاهُمُ اللَّهُ
دیا جائے تو اُسی وقت برگشتہ ہو جاتے ہیں اور کاش وہ اُسپر راضی ہو جاتے جو اللہ اور اُسکے رسولؐ

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ دوستانِ آدمیوں سے زیادہ اس آیت کے اہل ہیں ۱۲

وَرَسُولُهُ وَقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِينَا اللّٰهُ
سے اور کہا تھا اور یہ کہتے کہ ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے عنقریب خدا ہمیں دے گا
مِنْ فَضْلِهِ وَرَسُولُهُ إِنَّا إِلَى اللّٰهِ رَاغِبُونَ ۝ إِنَّمَا
اپنے فضل سے اور اسکا رسول ہم اللہ ہی کی طرف مائل ہیں سوائے اسکے
الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ
تعین ہے صدقات فقراء اور محتاجوں کا حق ہے اور صدقات کے وصول کرنے والوں کا
عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ
اور جنکا جی ملنا منظور ہے غیر گردنیں چھڑانے میں اور قرضداروں کے لئے
وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۖ فَرِيضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ
اور راہ خدا میں (یعنی مجاہدین کی تیاری میں) اور مسافروں کی امداد میں حق ہے یہ اللہ کی طرف سے
وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ وَمِنْهُمُ الَّذِينَ يُؤْذُونَ
اور اللہ کا علم بڑا ہے اور وہ بڑی حکمت والا ہے ۝ اور ان میں سے کچھ ہیں جو نبی کو ایذا دیتے ہیں
النَّبِيَّ وَيَقُولُونَ هُوَ أُذُنٌ ۚ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ
اور کہتے ہیں کہ وہ تو ہر ایک کی بات مان لیتا ہے تم کہدو کہ وہ تمہارے لئے بہتر
لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةٌ
کان ہیں اللہ کا بھی یقین رکھتا ہے اور مومنوں کی بھی بن لیتا ہے اور جو تم میں سے ایمان
لِّلَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ ۚ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ
لائے ہیں انکے لئے رحمت ہے اور جو اللہ کے رسول کو ایذا
رَسُولَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ يَحْلِفُونَ
دیتے ہیں انکے لئے دردناک عذاب تیار ہے ۝ وہ تمہارے سامنے قسمیں
بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُولُهُ
کھاتے ہیں کہ تمکو راضی کریں حالانکہ اللہ اور اسکا رسول

ع ۱۰

ہے ۱۲ ۸ یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ لَکُمْ تفسیر کبیر میں ہے کہ یہ آیت ان منافقوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو سونے

أَحَقُّ أَن يُرْضُوهُ إِن كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوا
اسکے زیادہ مستحق ہیں کہ اگر یہ مومن ہیں تو اُنکو راضی کریں کیا اُنہوں نے نہیں جانا

أَنَّهُ مَن يُحَادِدِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ
کہ اللہ اور اُسکے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اُسی کے لئے تو دوزخ کی

جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ ۝ يَحْذَرُ
آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیگا یہی تو سب سے بڑی رسوائی ہے منافق اس سے

الْمُنَافِقُونَ أَن تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُم بِمَا
ڈرتے رہتے ہیں کہ (مبادا) اُنکے برخلاف کوئی ایسی سورت نازل ہو جائے جو لوگوں کو اُسسے

فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلِ اسْتَهْزِئُوا إِنَّ اللَّهَ مُخْرِجٌ
جو اُنکے دلوں میں ہے آگاہ کردے۔ تم کہدو کہ تم ہنسی اُڑاتے رہو جس چیز سے تم ڈرتے ہو اللہ ضرور

مَّا تَحْذَرُونَ ۝ وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا
اُسکو ظاہر کرکے رہیگا اور اگر تم اُنسے دریافت کروگے تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ ہم تو

كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۚ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ
محض بات چیت اور ہنسی مذاق کررہے تھے تم یہ کہدو کہ کیا تم اللہ اور اُسکی آیتوں اور اُسکے رسول

كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ ۝ لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُم
کا مذاق کررہے تھے جھوٹے حیلے نہ کرو تم ایمان لانیکے بعد یقیناً کافر ہوگئے ہو

بَعْدَ إِيمَانِكُمْ ۚ إِن نَّعْفُ عَن طَائِفَةٍ مِّنكُمْ
اگر ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف بھی کردینگے

نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ۝
تو ایک گروہ کو سزا بھی ضرور دینگے اسلئے کہ وہ مجرم ہیں

الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُم مِّن بَعْضٍ
منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کے ہمجنس ہیں

يَأْمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ وَ
برائی کا حکم دیتے رہتے ہیں اور نیکی سے (برابر) باز رکھتے ہیں اور
يَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا اللَّهَ فَنَسِيَهُمْ ۚ إِنَّ
اپنے ہاتھ بند رکھتے ہیں وہ اللہ کو بھول گئے ہیں تو اللہ نے بھی انکو (گویا) بھلا دیا ہے بیشک
الْمُنَافِقِينَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝ وَعَدَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ
منافق لوگ ہی تو نافرمان ہیں اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں
وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ
اور کافروں سے آتش جہنم کا وعدہ کر لیا ہے وہ ہمیشہ (جہنم) اسی میں رہینگے
هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللَّهُ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُقِيمٌ ۝
وہی انکو کافی ہوگی اور اللہ نے انپر لعنت کی ہے اور انکے لئے پائدار عذاب ہے
كَالَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنكُمْ قُوَّةً
مثل اُن لوگوں کے جو تم سے پہلے تھے کہ وہ قوت میں تم سے بڑھے ہوئے
وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا ۚ فَاسْتَمْتَعُوا بِخَلَاقِهِمْ
اور مال و اولاد میں تم سے زیادہ تھے پس اُنہوں نے اپنے حصہ سے نفع اُٹھایا
فَاسْتَمْتَعْتُم بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُم
اور تم نے اپنے حصہ سے ویسا ہی نفع اُٹھایا جیسا کہ تم سے پہلے والوں نے اپنے حصہ سے نفع اُٹھایا
بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِي خَاضُوا ۚ أُولَٰئِكَ
تھا اور تم نے ویسی ہی باتیں بنائیں جیسی باتیں انہوں نے بنائی تھیں اُنہی کے
حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ
اعمال دنیا و آخرت میں بکار رہے اور وہی نقصان
هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ أَلَمْ يَأْتِهِمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ
اُٹھانیوالے ہوئے کیا انکے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں آئی جو انسے پہلے تھے

قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ ۛ وَقَوْمِ إِبْرَٰهِيمَ وَأَصْحَٰبِ

نوح کی قوم کی اور عاد کی اور ثمود کی اور ابراہیم کی قوم کی اور مدین والوں

مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكَٰتِ ۚ أَتَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَٰتِ ۖ فَمَا

کی اور الٹی ہوئی بستیوں کے رہنے والوں کی انکے رسول انکے پاس کھلی دلیلیں لیکر

كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِن كَانُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝

آئے تھے پس اللہ کی یہ شان نہیں ہے کہ انپر ظلم کرے لیکن وہ اپنی جانوں پر آپ ظلم توڑا کرتے تھے

وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَٰتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ

اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے حامی ہوا کرتے ہیں

يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَ

وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور بدی سے (ہمارہا) منع کرتے ہیں اور

يُقِيمُونَ الصَّلَوٰةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَوٰةَ وَيُطِيعُونَ اللَّهَ وَ

نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت

رَسُولَهُۥٓ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ

کرتے ہیں یہی لوگ ہیں کہ عنقریب اللہ انپر رحمت کریگا بیشک اللہ زبردست (اور)

حَكِيمٌ ۝ وَعَدَ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَٰتِ جَنَّٰتٍ

حکمت والا ہے اللہ نے مومن مرد اور مومن عورتوں سے ایسی جنتوں کا وعدہ کیا ہے

تَجْرِى مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَا وَمَسَٰكِنَ

جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی اور انمیں ہمیشہ (جیتے) رہنے والے ہونگے اور رہائی

طَيِّبَةً فِى جَنَّٰتِ عَدْنٍ ۚ وَرِضْوَٰنٌ مِّنَ اللَّهِ أَكْبَرُ ۚ

بہشتوں میں انکے اچھے مکانوں کا بھی وعدہ کیا ہے اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑھکر ہے

ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ يَٰٓأَيُّهَا النَّبِىُّ جَٰهِدِ

یہی تو بڑی کامیابی ہے اے نبی کفار اور

الكفار والمنفقين واغلظ عليهم ومأوٰهم جهنم
منافقین سے جہاد کرو اور اُنپر سختی کرو اور اُنکا ٹھکانا جہنم ہے
وبئس المصير ۝ يحلفون بالله ما قالوا ولقد
اور وہ بہت ہی بُری جگہ ہے وہ خدا کی قسم کھا کھا کر کہتے ہیں کہ اُنھوں نے ایسا نہیں کہا
قالوا كلمة الكفر وكفروا بعد إسلامهم و
حالانکہ اُنھوں نے کفر کا کلمہ منہ سے نکالا اور وہ اپنے اسلام کے بعد کافر ہوگئے اور
هموا بما لم ينالوا وما نقموا إلا أن أغنىهم الله
ایسی بات کا قصد کیا جسے کر نہ سکے اور وہ اسی سے تو بگڑے کہ اللہ نے اور اُسکے رسول
ورسوله من فضله فإن يتوبوا يك خيرا لهم
نے اپنے فضل سے اُنکو غنی کر دیا پس اگر وہ توبہ کرلیں تو اُنکے لئے بہتر ہوگا
وإن يتولوا يعذبهم الله عذابا أليما في الدنيا
اور اگر وہ روگردان ہوئے تو اللہ اُنکو دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب
والآخرة وما لهم في الأرض من ولي ولا
معذب کریگا اور زمین میں نہ اُنکا کوئی حامی ہوگا اور نہ مددگار
نصير ۝ ومنهم من عاهد الله لئن ءاتانا من فضله
اور اُنمیں ایسے بھی ہیں جنھوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ اپنے فضل سے
لنصدقن ولنكونن من الصالحين ۝ فلما ءاتاهم
ہمکو کچھ دیگا تو ہم ضرور خیرات بھی دیا کرینگے اور نیک بندوں میں سے بھی ہوجائینگے پھر جب اُنھوں نے اپنے فضل سے اُنکو دیا
من فضله بخلوا به وتولوا وهم معرضون ۝ فأعقبهم
تو اُسکے بارے میں اُنھوں نے بخل کیا اور روگردان ہوکر اپنے عہد سے پھر گئے پس خدا تعالےٰ نے اُنکے دلوں
نفاقا في قلوبهم إلى يوم يلقونه بما أخلفوا الله
میں اُس دن تک کے لئے نفاق پیدا کردیا جسمیں کہ وہ خود اُس سے ملاقات کرینگے (ایک تو اس لئے کہ

مَاوَعَدَوْهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ
جو وعدہ انہوں نے خدا سے کیا تھا اسکے خلاف کیا اور (وہ جھوٹ) اسلئے کہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔ انہوں نے اتنا نہ سمجھا کہ
يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝
اللہ انکے راز کو بھی جانتا ہے اور انکی سرگوشیوں کو بھی اور یہ کہ اللہ بڑا طیب کا جاننے والا ہے
اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي
جو لوگ مومنین میں خوشی دلسے خیرات کرنیوالوں کو عیب لگاتے ہیں
الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ
اور جنکو اپنی محنت کے سوا کچھ میسر نہیں آتا انکو بھی عیب لگاتے ہیں
فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ
پھر (اس طرح) سب سے ہنسی کرتے ہیں اللہ اُن سب کی ہنسی اڑاتا ہے اور انکے لئے دردناک عذاب
اَلِيْمٌ ۝ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ
(بھی) ہے تم انکے لئے دعاے مغفرت مانگو یا نہ مانگو اگر تم انکے لئے دعاے مغفرت ستر بار بھی
تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ
انکے لئے مغفرت مانگو گے تو بھی اللہ انکو ہرگز ہرگز نہیں بخشیگا
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي
یہ اسلئے کہ انہوں نے خدا کا اور اُسکے رسول کا انکار کیا اور اللہ نافرمان لوگوں
الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ
راہبری نہیں فرماتا پیچھے رہجانیوالے اللہ کے خلاف اپنے بیٹھ رہنے سے
خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ
خوش ہوئے اور اس سے انہوں نے نفرت کی کہ راہ خدا میں اپنے مالوں اور جانوں سے
وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ
جہاد کریں اور لوگوں سے کہا کہ گرمی میں نہ نکلو

ع ۱۶

قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا ۚ لَوْ كَانُوا يَفْقَهُونَ ○

تم یہ کہدو کہ آگ دوزخ کی گرمی تو بہت بڑھی ہوئی ہے کاش یہ سمجھتے ہوتے

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا ۚ جَزَاءً بِمَا

پس اُنہین چاہیے کہ ہنسین تو تھوڑا اور روئین بہت سا کہ جو کچھ وہ کیا کرتے تھے

كَانُوا يَكْسِبُونَ ○ فَإِنْ رَجَعَكَ اللَّهُ إِلَىٰ طَائِفَةٍ

اُسکا بدلہ ہو پھر اگر اللہ تمکو اُنمین سے کسی گروہ کے پاس واپس

مِنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُلْ لَنْ تَخْرُجُوا مَعِيَ

لائے اور وہ تم سے نکلنے کی اجازت مانگین تو تم کہدینا کہ تم ہرگز ہرگز میرے ہمراہ ہوکر

أَبَدًا وَلَنْ تُقَاتِلُوا مَعِيَ عَدُوًّا ۖ إِنَّكُمْ رَضِيتُمْ

نہ نکلو گے اور میرے ساتھ ہوکر کبھی کسی دشمن سے نہ لڑوگے تم پہلی ہی دفعہ بیٹھ رہنے سے

بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوا مَعَ الْخَالِفِينَ ○

راضی ہوے اب پیچھے رہنے والون کے ساتھ بیٹھے رہو

وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ

اور اے رسول (صب) اُنمین سے کوئی مرجائے تو تم کبھی اُسکے جنازہ کی نماز نہ پڑھنا اور نہ اُسکی

عَلَىٰ قَبْرِهِ ۖ إِنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُوا

قبر پر کھڑے ہونا بیشک اُنہون نے اللہ کے اور اُسکے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ نافرمانی کی

وَهُمْ فَاسِقُونَ ○ وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَ

حالت مین مرے ہین اور اُنکے مال اور اُنکی اولاد تمکو تعجب مین

أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُعَذِّبَهُمْ بِهَا

نہ ڈالین سوا اسکے نہین کہ اللہ یہ چاہتا ہے کہ ان چیزون کے ذریعہ اُنکو

فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ ○

عذاب دے اور اُنکی جانین اس حالت مین نکلین کہ وہ کافر ہون

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا
اور جب کوئی سورت (اس حکم کے ساتھ) نازل کی جاتی ہے کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اُسکے رسول کے
مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَ
ساتھ ہو کر جہاد کرو تو اُنمیں سے جو صاحبانِ مقدرت ہیں وہ تجھ سے اجازت مانگتے ہیں اور
قَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝ رَضُوْا بِاَنْ
کہتے ہیں کہ ہمکو چھوڑ دیجئے کہ ہم بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ رہیں وہ اِس پر راضی ہوگئے ہیں کہ
يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ
عورتوں کے ساتھ رہیں اور اُنکے دلوں پر چھاپا لگا دیا گیا ہے پس وہ
لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
(کچھ) سمجھتے نہیں لیکن رسول نے اور اُن لوگوں نے جو اُنکے ساتھ ایمان لائے
مَعَهٗ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ
ہیں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کیا اور اُنہی کے لئے
لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝
سب خوبیاں ہیں اور وہی (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
اللہ نے اُنکے لئے بہشتیں تیار کی ہیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝
اُنمیں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے یہی تو بڑی کامیابی ہے
وَجَاۗءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ
اور بدوؤں میں سے عذر کرنیوالے آئے کہ اُنکو بھی (بیٹھ رہنے کی) اجازت دی جائے
لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ
اور جن لوگوں نے اللہ اور اُسکے رسول سے جھوٹ بولا اور بیٹھ رہے

ع ۱۵

سَيُصِيبُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝
عنقریب پہنچے گا جن لوگوں نے کفر کیا ہے انمیں سے عذاب دردناک

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَىٰ وَلَا عَلَى
نہ کمزوروں کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ بیماروں کے ذمہ اور نہ اُنکے ذمہ

الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا
جنکو خرچ کے لئے کچھ میسّر ہی نہیں آتا جس حال میں کہ وہ

نَصَحُوا لِلَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِن
اللہ اور اللہ کے رسول کے خیرخواہ ہوں نیکی کرنیوالوں پر کوئی الزام ہی نہیں

سَبِيلٍ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَلَا عَلَى
ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور نہ اُنکے ذمہ

الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ
کوئی الزام ہے کہ جب وہ تمہارے پاس اس غرض سے آئے کہ تم انکو سوار

لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّأَعْيُنُهُمْ
کرو اور تم نے یہ کہدیا کہ میرے پاس تو کوئی سواری نہیں ہے کہ میں تمکو اُسپر سوار کروں تو وہ اس

تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنفِقُونَ ۝
حالت میں لوٹ گئے کہ اُنکی آنکھوں سے اس رنج کے سبب آنسو جاری تھے کہ انہیں کچھ میسّر نہیں ہے

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ
الزام تو صرف اُنہی لوگوں پر ہے جو باوجود مالدار ہونیکے تم سے

وَهُمْ أَغْنِيَاءُ ۚ رَضُوا بِأَن يَكُونُوا مَعَ الْخَوَالِفِ
اجازت مانگتے ہیں وہ اسپر راضی ہوگئے ہیں کہ عورتوں کے ساتھ رہیں

وَطَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝
اور اللہ نے اُنکے دلوں پر چھاپا لگا دیا ہے اب وہ کچھ نہیں جانتے

يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ قُلْ
جب تم اُنکے پاس پلٹ کر آؤ گے تو وہ تمہارے پاس عذر بنا کر لائینگے تم اُنسے کہدو کہ
لَا تَعْتَذِرُوا لَنْ نُؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ
(جھوٹے) عذر نہ بناؤ ہم تمہاری بات ہرگز نہ مانینگے۔ خدا تعالےٰ نے ہمکو تمہارے احوال سے (پہلے ہی) مطلع کردیا ہے
وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ
اور عنقریب اللہ اور اللہ کا رسول تمہارے طرز عمل کو دیکھ لینگے پھر تم غائب وحاضر کے جاننے والے (اللہ) کی طرف
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ○
لوٹائے جاؤ گے پس جو جو عمل تم کیا کرتے تھے اُس سے وہ تمکو آگاہ کردیگا
سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا
عنقریب وہ تمہارے سامنے جبکہ اُنکے پاس تم پلٹ کر آؤ گے (اُنکا مقصد اس قسم کھانے سے یہ ہوگا) کہ تم اُنسے درگزر کرو
عَنْهُمْ ۖ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ ۖ إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ
پس تم بھی اُن سے درگزر کرنا وہ یقیناً نجس ہیں اور اُنکا ٹھکانا جہنم ہے اُن اعمال کے جو وہ
جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ○ يَحْلِفُونَ
کیا کرتے ہیں جہنم ہے وہ تمہارے سامنے
لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۖ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَىٰ
اس لئے حلف اُٹھائے ہیں کہ تم اُنسے راضی ہوجاؤ پھر اگر تم اُنسے راضی بھی ہوجاؤ تو اللہ تو نافرمان
عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ○ الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَنِفَاقًا
لوگوں سے (یقیناً) راضی نہ ہوگا وہ لوگ کفر اور نفاق میں بہت ہی بڑھے ہوئے ہیں
وَأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُوا حُدُودَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ
اور اسی لائق ہیں کہ جو احکام اللہ نے اپنے رسول پر نازل کئے ہیں اُن سے
عَلَىٰ رَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ○ وَمِنَ الْأَعْرَابِ
آگاہ نہ ہوں اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے اور بدوؤں میں سے کوئی کوئی

مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ
ایسا بھی ہے کہ جو کچھ وہ (راہ خدا میں) خرچ کرتا ہے اُسے تاوان سمجھتا ہے اور تمہیں زمانہ کی گردشوں کے
عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَمِنَ
پھیر کا منتظر رہتا ہے بُری گردش اُنہی پر پڑے گی اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور کچھ
الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ
عربوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اور جو کچھ بھی
مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۭ اَلَآ اِنَّهَا
(راہ خدا میں) خرچ کرتا ہے اُسے خدا تعالےٰ کی قربت کا اور رسول کی دعا کا وسیلہ سمجھتا ہے آگاہ ہو کہ وہ
قُرْبَةٌ لَّهُمْ ۭ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
خرچ کرنا ضرور اُنکے لئے قربت کا باعث ہوگا عنقریب خدا تعالےٰ اُنکو اپنی رحمت میں داخل کرے گا بیشک اللہ بڑا
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ
بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور مہاجرین (انصار میں سے سب سے پہلے (ایمان کی طرف) سبقت
وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ
کرنیوالے اور وہ لوگ جنہوں نے نیکی میں اُنکی پیروی کی خدا تعالےٰ اُنسے راضی ہو گیا
وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ
اور وہ خدا تعالےٰ سے راضی ہو گئے اور اُنکے لئے ایسے باغ تیار کئے ہیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَمِمَّنْ
وہ اُن میں ہمیشہ ہمیشہ رہینگے یہی سب سے بڑی کامیابی ہے اور تمہارے آس پاس
حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ
کے بدوؤں میں سے بعض منافق ہیں اور بعض اہل مدینہ میں سے (بھی) النفاق پر اڑے ہوئے
مَرَدُوْا عَلَي النِّفَاقِ ۡ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ
ہیں (اے رسول) تم اُنکو نہیں جانتے ہم اُنکو خوب جانتے ہیں عنقریب ہم اُنکو دوہرا

الجزء ۱۰ ع ۱۴
سورۃ التوبۃ ۹

مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَىٰ عَذَابٍ عَظِيمٍ ۝ وَآخَرُونَ

عذاب دینگے پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائینگے اور دوسرے کچھ ایسے بھی ہیں

اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا ۗ

جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار بھی کرلیا (اور) انہوں نے عمل نیک کو بدے کے ساتھ ملادیا ہے

عَسَى اللَّهُ أَن يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ خُذْ

امید ہے کہ اللہ انکی توبہ قبول کرلے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے آپکے مال

مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا وَصَلِّ

میں سے صدقہ لیجئے کہ آپکو بھی پاک کردو اور اس صدقہ لینے کی وجہ سے آپکے مال کو بھی ستھرا

عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝

اور آپکے لئے دعائے رحمت کرو کہ تمہاری دعا رحمت کرنا انکی تسکین کا باعث ہوگا اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے

أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ

کیا انہوں نے اس بات کو نہیں جانا کہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور (انسے) صدقات

وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝

لے لیتا ہے اور یہ کہ بیشک اللہ ہی سب سے بڑا توبہ قبول کرنیوالا مہربان ہے

وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ ۖ

اور کہدو کہ تم عمل کئے جاؤ عنقریب اللہ اور اسکا رسول اور ایمان دینے والے تمہارے اعمال کو دیکھ لینگے

وَسَتُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم

اور عنقریب تم غائب و حاضر کے جاننے والے کی حضور میں واپس کئے جاؤ گے اور جو جو تم کیا کرتے تھے اس سے

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللَّهِ

وہ تم کو آگاہ کردیگا اور کچھ اور ایسے بھی ہیں جو خدا کے فیصلہ کے امیدوار ہیں

إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا يَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝

کہ دیکھیں وہ انکو عذاب دیتا ہے یا انکی توبہ قبول کرلیتا ہے اور خدا جاننے والا صاحب حکمت ہے

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ

اور وہ لوگ جنہوں نے ایک مسجد ضرر پہنچانے کے لئے اور کفر میں پختہ کرنے اور مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے اور جو شخص پہلے سے خدا اور

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ

خدا کے رسول سے لڑا کرتا تھا اسکو گھات کا موقع دینے کے لئے بنائی ہے اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ

قَبْلُ ۭ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

ہم نے تو بھلائی کے سوا کچھ نہیں چاہا اور خدا گواہی دیتا ہے کہ

لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۭ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى

وہ بالکل جھوٹے ہیں (اے محمد) تم کبھی اس مسجد میں (نماز کے لئے) کھڑے نہ ہونا البتہ وہ مسجد جسکی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوے پر رکھی گئی

مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۭ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ

اس کی زیادہ مستحق ہے کہ تم اس میں نماز پڑھتے رہو اسمیں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو

اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝ اَفَمَنْ اَسَّسَ

دوست رکھتے ہیں اور اللہ (بھی) پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے بھلا جس شخص نے اپنی (دین کی)

بُنْيَانَهٗ عَلٰي تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ

بنیاد خدا کے خوف اور اسکی خوشنودی پر رکھی بہتر ہے یا وہ جس نے اپنی بنیاد

بُنْيَانَهٗ عَلٰي شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ۭ

کنارے بہت گرا ہوا ہو پھر وہ اسکے ساتھ جہنم میں جا گرے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ

اور اللہ ظالم لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا انکی بنیاد جنہوں نے (یہ مسجد)

الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاللّٰهُ

بنائی بھی ہمیشہ انکے دلوں میں شک کا باعث رہیگی جبتک کہ انکے دل ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو جائیں اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰي مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ ع ۱۱

صاحب علم وحکمت ہے بیشک اللہ نے مومنوں سے انکی جانیں اور انکے مال اس بات کے عوض خرید

وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۭ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
خریدے ہیں کہ اُنکے لئے جنت ہے وہ راہِ خدا میں لڑتے ہیں پس وہ قتل
فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۣ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ
کرتے بھی اور قتل کئے بھی جاتے ہیں اسی پر سچا وعدہ توریت میں اور انجیل میں اور
وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ۭ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ
قرآن میں موجود ہے اور اللہ سے زیادہ اپنا عہد پورا کرنیوالا کون ہو گا
فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ
پس یہ سودا جو تم نے اللہ سے کیا ہے اس سے خوش ہو جاؤ اور یہی
هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ
سب سے بڑی کامیابی ہے وہ توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے تعریف کرنیوالے
السَّاۗىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ
روزہ رکھنے والے رکوع کرنیوالے سجدہ کرنیوالے نیکی کا حکم
بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ
دینے والے اور بدی سے باز رکھنے والے اور احکامِ خدا کی حفاظت کرنیوالے
لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ
ہیں اور اُنہی ایمان والوں کو خوشخبری سُنا دو نبی کا اور اُن لوگوں کا جو ایمان لائے ہیں
اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْا
یہ کام نہیں ہے کہ وہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت مانگیں بعد اسکے کہ اُن پر یہ بات کھل چکی ہے
اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ
کہ وہ جہنمی ہیں گو وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہوں
الْجَحِيْمِ ۝ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ
اور ابراہیمؑ کا اپنے چچا کے لئے دعا مانگنا تو ایک وعدہ کے

مَوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ

تھا جو اُنہوں نے اس سے کیا تھا پھر جب اُن پر یہ بات کھل گئی کہ وہ خدا کا دشمن ہے تو اُنہوں نے

تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

اُس سے تبرا کیا بیشک ابراہیم بڑے نرم دل (اور) بردبار تھے اور خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ

لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا

کسی قوم کو ہدایت کرنے کے بعد اُن سے توفیق وہدایت سلب کرلے جبتک کہ اُنپر کھول نہ دے کہ کونسی

يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ

کس چیز سے بچنا چاہئے بیشک اللہ ہر چیز سے آگاہ ہے بیشک آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ

بادشاہی خدا ہی کی ہے وہی جلاتا اور مارتا ہے اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى

حامی ہے اور نہ مددگار بیشک اللہ نے نبی اور اُن مہاجرین

النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ

اور انصار کی توبہ قبول کرلی جنہوں نے تنگی کے حال میں (بھی) نبی کا ساتھ دیا

الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ

بعد اسکے کہ اُن میں سے ایک فریق کا دل حق سے ہٹ چلا تھا

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَّ

پھر اُسنے اُنکی توبہ قبول کی وہ بیشک وہ اُنپر بڑا مہربان کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور

عَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ

اُن تینوں کی بھی توبہ قبول کی جو پیچھے چھوڑ دیئے گئے تھے یہانتک کہ زمین اُنپر باوجود اپنی ساری

الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَ

وسعت کے تنگ ہو گئی تھی اور اُنکو اپنی جان بھی دوبھر معلوم ہونے لگی تھی اور

ظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ
انکو یہ یقین ہو گیا تھا کہ خدا (کے غضب) سے بھاگ کر کہیں اور پناہ نہیں ہو سکتی اسکے کہ اسی کی پناہ لی جائے

لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
چنانچہ خدا نے انکی توبہ قبول کر لی تاکہ وہ (پہلی حالت کی طرف) عود کریں بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا اور رحم کرنیوالا ہے ۝ اے

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ مَا كَانَ
ایمان لانیوالو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ساتھ رہو ۝ مدینہ کے رہنے والوں کا

لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ
اور اسکے آس پاس جو بدو رہتے ہیں انکا یہ کام نہیں ہے کہ وہ

يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ
رسول اللہ کا ساتھ چھوڑ کر بیٹھ رہیں اور نہ یہ کہ رسول کی جان سے زیادہ اپنی جان کی

نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ
پروا کریں یہ اس لئے کہ انکو راہ خدا میں پیاس کی تکلیف پہنچتی ہے تو کوئی رنج

وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـــُٔوْنَ مَوْطِئًا
پہنچتا ہے تو۔ اور بھوک کی تکلیف ہوتی ہے تو اور کوئی ایسا راستہ چلتے ہیں جس سے

يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ
کفار کو غصہ دلائیں تو اور دشمنوں سے کوئی چیز چھین لیتے ہیں تو بہرصورت انکے لئے عمل صالح

لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝
لکھ لیا جاتا ہے بیشک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا

وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ
اور وہ چھوٹا خرچ کرتے ہیں تو اور بڑا خرچ کرتے ہیں تو اور کوئی مسافت

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا
طے کرتے ہیں تو وہ بھی انکی نظر میں جاتی ہے تاکہ جو جو عمل وہ کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ انکو اس سے بہتر بدلہ

ع ١٦

منزل ٢

يَعْمَلُونَ ۝ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً ط

آنکو دیے ہے اور مومنوں کے لئے یہ کچھ ضرور نہیں ہے کہ وہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں

فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا

پس انکے نے ہر بڑے گروہ میں سے ایک چھوٹا سا جتھا اس غرض سے کیوں نہیں نکلتا کہ دین کا علم

فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ

حاصل کرے اور جب اپنی قوم میں پلٹ کر آئے تو انکو ڈرائے تاکہ وہ

لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا

لوگ بھی بچیں اے ایمان لانیوالو کفار میں سے جو تمہارے

الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً

آس پاس ہیں انسے لڑتے رہو اور ضرور ہے کہ وہ تم میں سختی محسوس کریں اور یہ جان لو کہ

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ

اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے اور جب کوئی سورت نازل

سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا

کی جاتی ہے تو کوئی کوئی ان میں سے ایسا بھی ہے جو یہ کہہ دیتا ہے کہ تم میں سے ایسا کون ہے جسکا

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ

اس سورت نے ایمان بڑھا دیا ہو پس جو لوگ ایمان لائے ہیں اس سورت نے ایمان بڑھا ہی دیا اور

يَسْتَبْشِرُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

وہ خوش بھی ہو رہے ہیں اور رہے وہ لوگ جنکے دلوں میں روگ ہے انکے شک پر اسی

فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا وَهُمْ

سورت نے کچھ اور شک بڑھا دیا ہے اور وہ کفر کی حالت میں

كَافِرُونَ ۝ أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ

مر جائینگے کیا وہ یہ نہیں دیکھتے ہیں کہ ہر سال ایک مرتبہ یا دو مرتبہ آزمائش میں

ع ۱۴ ربع

الجزء ۱۰

عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ

کی جاتی ہے پھر وہ توبہ ہی کرتے ہیں

وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝ وَإِذَا مَا

اور نہ نصیحت ہی حاصل کرتے ہیں اور جسوقت کوئی

أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ

سورت نازل کیجاتی ہے تو وہ (بطور اشارہ) ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں

هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ انصَرَفُوا

(اور اپنی جگہ یہ کہتے ہیں) کہ کیا تمکو کوئی دیکھ رہا ہے پھر وہاں سے پلٹ آتے ہیں

صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ

خدا نے بھی انکے دل پھیر دیئے ہیں اس لئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو

لَّا يَفْقَهُونَ ۝ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ

سمجھ نہیں رکھتے بیشک تمہارے پاس ایک ایسا رسول تمہارے ہی

أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ

انبائے جنس سے آیا ہے کہ جو تمکو ناگوار ہے وہ اسکو بھی شاق

حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ

ہے اسکی سب سے بڑی خواہش تمہاری نسبت یہ ہے کہ تم ایمان لاؤ (وہ) ایمان

رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ

بہت نرم دل اور مہربان ہے پھر اگر وہ لوگ روگرداں ہوں تو تم کہدو کہ

حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ

میرے لئے تو اللہ ہی کافی ہے۔ اسکے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝

بھروسا کیا ہے اور وہی بڑے عرش کا مالک ہے

ع ١٦

لقد جاءكم رسول من انفسكم عزيز عليه ما عنتم حريص عليكم بالمؤمنين رءوف رحيم

سورۃ یونس مکیۃ وھی مائۃ وتسع ایات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

ان عورتوں نے یوسف کو دیکھا تو انکی عقلت کاسکہ انکے دلوں پر بیٹھ گیا اور بے ساختہ اُن زبانوں سے بیساختہ نکلا
مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۝ قَالَتْ
اور بول اٹھیں کہ حاشا للہ یہ آدمی نہیں ہے یہ تو کوئی فرشتہ ہے۔ زلیخا نے کہا کہ یہی تو ہے جس کے
فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ
بارے میں تم مجھے نام رکھتی ہو میں نے خود اسکو پھسلانا چاہا مگر وہ
نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ۭ وَلَىِٕنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ
معصوم ثابت ہوا اور جسکو میں اسکو دیتی ہوں اگر یہ اُس کو نہ کریگا تو ضرور یہ قید (بھی)
وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ
کیا جائیگا اور ذلیل (بھی) ہوجائیگا یوسف نے عرض کی کہ پروردگار جس کام کی طرف یہ
مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ
عورتیں مجھے بلاتی ہیں اُسکی بہ نسبت قید مجھے زیادہ پسند ہے اور اگر تو انکا چلتہ مجھ سے دور نہ فرمائیگا تو
اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ
کہیں ایسا نہو کہ میں انکی طرف مائل ہوجاؤں اور میرا شمار بھی جاہلوں میں ہو جائے پس خدا (یوسف) کی دعا قبول فرمائی

فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ ثُمَّ
اور اُن عورتوں کا چلتر اُس سے دور کر دیا بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے پھر
بَدَا لَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ۝
بھلائیوں کے دیکھ لینے کے بھی اُنکو یہی مناسب معلوم ہوا کہ کچھ عرصہ کے لئے یوسف کو قید کر دیں
وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ۖ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي
اور قید خانہ میں اُن حضرت کے ساتھ ساتھ دو جوان اور داخل ہوئے انمیں سے ایک نے کہا کہ میں (خواب میں)
أَعْصِرُ خَمْرًا ۖ وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ
دیکھا ہے کہ میں انگور نچوڑ کر شراب بنا رہا ہوں اور دوسرے نے یہ کہا کہ میں نے یہ دیکھا ہے کہ میں اپنے سر پر روٹی اٹھائے ہوں
رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۖ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ إِنَّا
جس میں سے پرند کھا کھا جاتے ہیں انکی تعبیر ہمکو بتلا دیجئے بیشک ہم آپکو نیکوکار دیکھتے
نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا
ہیں سے خیال کرتے ہیں حضرت یوسف نے فرمایا کہ جو کھانا تمکو دیا جاتا ہے اُسکے آنے سے پہلے
نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَكُمَا ۚ ذَٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي
میں تمکو اسکی تعبیر بتلا دونگا یہ بوجہ اسکے ہے کہ جو پروردگار نے مجھکو
رَبِّي ۚ إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُمْ
علم عطا فرمایا بیشک میں نے اُن لوگوں کا مذہب چھوڑ دیا جو خدا پر ایمان نہیں لاتے اور قیامت
بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ۝ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي إِبْرَاهِيمَ
کے منکر ہیں اور میں نے اپنے پر داوا۔ داوا۔ باپ ابراہیم و اسحاق و
وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ مَا كَانَ لَنَا أَنْ نُشْرِكَ بِاللَّهِ مِنْ
یعقوب کے مذہب کی پیروی کی ہے۔ ہم لوگوں کیلئے یہ کام نہیں ہے کہ کسی چیز کو خدا کا شریک ٹھہرائیں
شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ
یہ ہم اور کل آدمیوں پر اللہ کا فضل ہے

أَكْثَرُ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ۝ يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ
بہت سے آدمی شکر ادا نہیں کرتے اے میرے قید خانہ کے ساتھیو آیا جدا جدا بہت سے معبود
مُتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُونَ
اچھے ہیں یا خدائے یکتا جو سب پر غالب ہو تم جن کو پوجتے ہو
مِنْ دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ
اسکے سوا جن کو تم اور تمہارے باپ دادا نے
وہ صرف نام ہی نام ہیں جو تم اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں
مَا أَنْزَلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ أَمَرَ
جنکے متعلق خدا نے کوئی سند نہیں اتاری (حالانکہ) اصلی حکومت خدا ہی کی ہے اور
أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ
اسنے حکم دیا ہے کہ تم سوائے اسکے اور کسی کی عبادت نہ کرو یہی سیدھی راہ ہے لیکن
أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا
بہت سے لوگ نہیں جانتے اے میرے قید خانہ کے دونو ساتھیو تم میں سے
أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا وَأَمَّا الْآخَرُ فَيُصْلَبُ
ایک تو اپنے مالک کو شراب پلائیگا رہا دوسرا سو پھانسی دیا جائیگا اور اسکا
فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَأْسِهِ قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ
بھیجا پرندے ٹھونگیں مار مار کے کھائینگے وہ معاملہ جسکے بارے میں تم دریافت کرتے تھے ہو گیا
تَسْتَفْتِيَانِ ۝ وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِنْهُمَا
اور ساتھ ہی اسکے ان دونوں میں سے جسکی نسبت یقین تھا کہ جائے بچیگا اس سے کہا کہ اپنے
اذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ فَأَنْسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ
آقا سے میرا ذکر کر دیجو پس شیطان نے اسے آقا کے سامنے یہ ذکر کرنا بھلا دیا
فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّي
اور اس طرح یوسف کئی برس قید خانہ میں رہے اور بادشاہ مصر نے یہ کہا کہ میں نے

اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ

سات موٹی تازی گائیں دیکھیں جنکو سات دُبلی پتلی گائیں کھائے جاتی ہیں اور

سَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ

سات ہری بھری بالیں دیکھیں اور دوسری سات سوکھی (جو اُنپر غالب آگئیں) اے حاضرین دربار!

اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ۝ قَالُوْۤا

اگر تم خواب کی تعبیر دیسکتے ہو تو میرے اس خواب کی تعبیر دو اُنہوں نے جواب دیا

اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ؕ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ۝

کہ یہ تو پریشان خواب ہیں اور ہم پریشان خوابوں کی تعبیر نہیں جانتے

وَقَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ

اور اُس شخص نے جو اُن دو میں سے چھوٹ گیا تھا اور مدت کے بعد اُسے یوسف کو یاد کیا یہ کہا کہ میں

بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ۝ یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ

تمہیں اسکی تعبیر بتا سکتا ہوں (بشرطیکہ تھوڑی دیر کے لئے) مجھے بھیجدو (چنانچہ گیا تو بیٹھا نہ پہنچا اور اس کی

اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ

یہ عرض کی کہ) اے یوسف اے بہت زیادہ سچے ہم لوگوں کو اسکی تعبیر دیجئے کہ سات موٹی تازی گائیں دُبلی پتلی

وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ لَّعَلِّیْۤ اَرْجِعُ

گائیں کھا گئیں اور سات ہری بھری بالوں کو سات سوکھی بالیں پٹ گئیں تاکہ میں لوگوں کے پاس پلٹ کر جاؤں

اِلَی النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝ قَالَ تَزْرَعُوْنَ

(اور بھی جان لیں (کہ تعبیر بتلانیوالے ایسے ہوتے ہیں) یوسف نے کہا کہ تم سات برس تک

سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖۤ

لگاتار کھیتی کرتے رہو گے پس جسے تم اُس کھیتی کو کاٹو سو اسے اُس کھوڑے سے نکالے جو

اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ۝ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ

تمہارے کھانے میں آئے باقی سب کو بالوں ہی میں رہنے دینا۔ پھر اسکے بعد

ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا
سات برس سختی کے آئینگے جن میں سوائے اُس تھوڑے سے کے جو تم نے بچا کر رکھ چھوڑا ہو
قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ
اور جو تم جمع کیا ہو کھا جائینگے پھر اسکے بعد ایک ایسا برس آئیگا کہ جس میں لوگ سیر سیراب
فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ
ع ۱۶ ہو جائینگے اور جس میں وہ نچوڑینگے بادشاہ نے (جب یہ تعبیر سنی) حکم دیا کہ
ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ
تعبیر کرنیوالے کو میرے پاس لاؤ جب شاہی خادم حضرت یوسف کے پاس آیا تو انہوں نے فرمایا کہ تو اپنے آقا
فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ
کے پاس پلٹ کر جا اور اُس سے یہ کہدے کہ (اول) اُن عورتوں کے بارے میں تحقیق کرے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے
رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ
میرا پروردگار اُنکے حیلہ سے خوب واقف ہے بادشاہ نے (اُن عورتوں کو بلا کر) دریافت کیا کہ تمنے جب یوسف کو پھسلایا
يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ
تو تمہاری کیا کیفیت تھی انہوں نے کہا کہ حاشا للہ ہمنے اُس میں کوئی بدی نہیں
مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ
پائی عزیز مصر کی بیوی نے اظہار دیا کہ اب تو حق کھل ہی گیا
الْحَقُّ ۡ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ
میں نے اُسکو پھسلانا چاہا تھا اور وہ اپنے بیان میں بالکل
الصّٰدِقِيْنَ ۝ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ
سچا ہے (میں نے صاف اظہار دیا) اسلئے کہ (یوسف) جان لے کہ میں نے پس پشت
بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ۝
اُسکے حق میں کوئی خیانت نہیں کی اور یہ کہ اللہ خیانت کرنیوالوں کی چال نہیں چلنے دیتا

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ
اور میں اپنے نفس کو (بری سے) بری نہیں کہتی نفس تو برائی ہی کی طرف مائل ہونیوالا
بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
ہے سوائے اسکے جسپر میرے پروردگار نے رحم فرمایا ہو (یعنی جسے معصوم بنایا ہو) بیشک میرا پروردگار
وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا
بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور بادشاہ نے حکم دیا کہ اُسے میرے پاس لاؤ میں اُسے (خاص) اپنا
كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝ قَالَ
خاص کرکے رکھونگا۔ چنانچہ جسوقت بادشاہ نے یوسف سے باتیں کیں تو کہا کہ (اب) تم ہمارے ہاں صاحب
اجْعَلْنِيْ عَلٰي خَزَاۗىِٕنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝ وَ
منزلت اور معتمد ہوگئے۔ یوسف نے درخواست کی کہ (اس) ملک کے خزانوں پر مجھے معین کرو (اور) میں
كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ
(اسکا) نگہبان (اور) حساب جاننے والا ہوں۔ اور اسطرح ہم نے یوسف کو سرزمین مصر میں (بااختیار) جگہ
يَشَاۗءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاۗءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ
دی کہ اس میں جہاں چاہے (اور) جہاں رہے۔ ہم جسکو چاہتے ہیں اپنی رحمت اسی طرح پہنچا دیتے ہیں اور
الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ (اس طرح) اور جو لوگ ایمان لائے (اور) جو (خدا سے) ڈرتے
كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ وَجَاۗءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ
تھے (ان کیلئے) آخرت کا اجر (دنیا کے اجر سے) بہت ہی بہتر ہے اور یوسف کے بھائی بھی آئے اور (خود) ان کے پاس گئے تو
فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ
انہوں نے یوسف کو پہچان لیا حالانکہ وہ انکو نہیں پہچانتے تھے جسوقت یوسف نے انکا سامان تیار کرا
بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ
دیا تو (انسے) کہا کہ اپنے سوتیلے بھائی کو جو تمہارے باپ سے ہے میرے پاس لیتے آنا کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں

الَا تَرَوْنَ اَنِّیْٓ اُوْفِی الْكَیْلَ وَاَنَا خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ۝
کیسے پورے پورے پیمانے دیتا ہوں اور کیسا اچھا مہمان نواز ہوں

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا كَیْلَ لَكُمْ عِنْدِیْ وَلَا
اب اگر تم اسکو میرے پاس نہ لائے تو نہ میرے پاس تمہارے لئے کچھ اجناس ہے اور نہ تمہیں پاس

تَقْرَبُوْنِ ۝ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ۝
آکر پھٹکنا انہوں نے کہا کہ ہم اُسکے باپ میں اُسکے باپ کو بہلائیں پھسلائیں گے اور ہم ضرور ایسا کرنگے

وَقَالَ لِفِتْیٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِیْ رِحَالِهِمْ
اور (حضرت یوسف نے) اپنے ملازموں سے کہدیا کہ انکا (اصل) سرمایہ انکے اسباب میں رکھدو تاکہ

لَعَلَّهُمْ یَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ
جب یہ اپنے اہل وعیال میں پلٹ کر جائیں تو اس احسان کو بھی سمجھیں تاکہ پھر لوٹ کر

یَرْجِعُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مُنِعَ
آئیں پس جب یہ اپنے والد کے پاس پلٹ کر آئے تو کہنے لگے کہ باباجان ہمارا غلہ

مِنَّا الْكَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ
بند کر دیا گیا پس ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیجیے کہ ہم اپنی رسد لائیں اور ہم ضرور اسکی حفاظت کرینگے

قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَیْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِیْهِ
(یعقوب نے) فرمایا کیا میں اُسکے بارے میں تمہارا ویسا ہی اعتبار کروں جیسا پہلے اُسکے بھائی

مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝
یوسف کے بارے میں کیا تھا پس سب سے اچھا حفاظت کرنیوالا تو اللہ ہے اور وہی سب سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ
اور جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا تو یہ پایا کہ انکی پونجی انکو لوٹا دی گئی تھی

اِلَیْهِمْ ؕ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِیْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ
کہنے لگے کہ باباجان اور ہمکو کیا چاہیئے یہ سرمایہ بھی ہمارا ہمکو لوٹا دیا گیا

لہ تفسیر خوبی خود حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمائی ہے کہ خود اوڑھنا بچھونا نہ رکھنے والے کو ہی معلوم ہوتا ہے کہ اوڑھنا بچھونا کیسا ہونا چاہیئے اسی طرح یہ بھی ایک محاورہ ہے کہ خود کرنے والے کو ہی معلوم ہوتا ہے کہ کرنے والے کو کیا کرنا چاہیئے اور کونسا کام کس طرح کرنا چاہیئے ۱۲

إِلَيْنَا وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ
اور ہم اپنے کنبہ کے لئے رسد لے آئینگے اور اپنے بھائی کی حفاظت کرینگے اور ایک اونٹ
بَعِيرٍ ذَٰلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ ۝ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّىٰ
کا بار زیادہ لائینگے یہ رسد (جو لائے ہیں یہ) تو تھوڑی ہے (یعقوب نے) فرمایا کہ میں اسکو تمہارے ساتھ ہرگز نہیں بھیجونگا
تُؤْتُونِ مَوْثِقًا مِّنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَن يُحَاطَ
جب تک کہ تم مجھ خدا کی ضمانت اس بات کی نہ دیدو کہ اسے ضرور میرے پاس لے آؤ گے سوائے اس صورت کے
بِكُمْ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ
کہ تم سب گھیرے میں آجاؤ پھر جب انہوں نے ضمانت دیدی (یعقوب نے) فرمایا کہ جو کچھ ہم کہتے ہیں اللہ اسکا
وَكِيلٌ ۝ وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا مِن بَابٍ وَاحِدٍ
ضامن ہے اور (فرمایا کہ اے میرے بیٹو) (اس شہر میں) ایک دروازہ سے نہ جانا مختلف
وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۖ وَمَا أُغْنِي عَنكُم
دروازوں سے جانا میں خدا کے ارادہ سے تو تمکو نہیں
مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ ۖ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ
بچا سکتا ہوں فیصلہ تو صرف اسی کے ہاتھ ہے اسی پر بھروسہ ہے اور سب
عَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ
بھروسہ کرنیوالوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے اور جب وہ (شہر میں) گئے
حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللَّهِ
جس طرح انکے والد نے حکم دیا تھا کہ کوئی شے انکو (قضاء) خدا سے تو بچا نہیں سکتی تھی
مِن شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا ۚ وَإِنَّهُ
یعقوب (علیہ السلام) کی ایک دلی خواہش تھی جسکو (بات) انہوں نے کہدیا تھا اور بیشک وہ
لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝
ہمنے انکو تعلیم کیا تھا انکا وہ علم رکھنے والا ہے لیکن بہت سے لوگ (اس راز کو) نہیں جانتے

ع ۱۱ ۱۲

لہ لَا تَدْخُلُوا مِنْ بَابٍ واحد چونکہ یعقوب علیہ السلام کے سب بیٹے بڑے حسین بڑے خوبصورت اور بڑے

ع ۱۲

وَلَمَّا دَخَلُوا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ
اور جب یہ بھائی یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے (حقیقی) بھائی کو اپنے پاس جگہ دی
اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا
اور (بچپنے سے) یہ کہدیا کہ میں تیرا (حقیقی) بھائی ہوں پھر اب جو کچھ یہ کرتے رہے اسکا افسوس نہ کر جس جب یوسف
جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ
انکی روانگی کا سامان کر چکے تو پانی پینے کا برتن اپنے بھائی کے اسباب میں رکھوا دیا پھر ایک
اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۝ قَالُوْا
منادی نے ندا کی کہ اے قافلہ والو! تم چور ہو قافلہ والوں نے انکی طرف
وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَفْقِدُ
رخ کرکے کہا تمہاری کیا چیز کھوئی گئی ہے انہوں نے کہا کہ بادشاہ کا پیمانہ
صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ
ہمکو نہیں ملتا اور جو اسکو ڈھونڈھ لائیگا اسکے لئے ایک اونٹ کا بوجھ (انعام) ہے اور
زَعِيْمٌ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ
میں اسکا ضامن ہوں انہوں نے کہا کہ خدا کی قسم تم یقین جانتے ہو کہ ہم اسلئے نہیں آئے تھے کہ اس ملک میں
فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ۝ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ
کوئی خرابی کریں اور نہ ہم چور ہیں انہوں نے کہا کہ اگر تم جھوٹے نکلے تو چوری کی
اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ۝ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ
سزا کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ اسکی سزا جسکے اسباب میں سے وہ نکل آئے (یہی) کہ
رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝
وہ شخص خود اسکا غلام ہو ہم تو ظالموں (چوری کرنیوالوں) کو یہی سزا دیا کرتے ہیں
فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا
پس (تلاشی لینے والے نے) یوسف (کے بھائی) کی خورجیوں سے پہلے اور (بھائی کی) خورجیوں کی تلاشی شروع کی پھر اس (پیمانہ) کو

الجزء ۱۳

* حالانکہ یعقوب علیہ السلام کے حکم شرعی کے بموجب اسکے پاس سے چوری کی چیز نکل آنے پر وہی ظالم بنایا جانا چاہئے تھا ۱۲

مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِیُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ

یوسف کے بھائی کی خورجین سے نکالا پس اس طرح ہم نے یوسف کے لئے تدبیر کردی کہ بادشاہ کے

لِیَاْخُذَ اَخَاهُ فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ

قانون سے اپنے بھائی کو نہیں لے سکتے تھے سوائے اس صورت کے کہ اللہ چاہتا ہم بلند

دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَ فَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ۝ قَالُوْۤا

کرتے ہیں درجہ ہر درجہ بلند کر دیا کرتے ہیں اور ہر علم والے سے بڑھکر علم والا موجود ہے اب انہوں نے

اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا

کہا اگر اسنے چوری کی تو کچھ تعجب نہیں اسکے (حقیقی) بھائی نے پہلے چوری کی تھی پس یوسف نے

یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ وَ لَمْ یُبْدِهَا لَهُمْ ؕ قَالَ اَنْتُمْ

اسکو اپنے دل میں رکھا اور اسکو ظاہر نہ کیا (اور بجائے خود یہ) کہا کہ تم بہت ہی

شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝ قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا

بُرے لوگ ہو اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اللہ خوب واقف ہے ان سب سے عرض کی کہ اے

الْعَزِیْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَیْخًا كَبِیْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ

عزیز اسکا باپ بہت ہی بوڑھا ہے پس اسکی بجائے ہم میں سے ایک کو لے لیجئے

اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ

ہم تو حضور کو بہت ہی نیکدل پاتے ہیں (یوسف نے) کہا اس سے خدا کی پناہ کہ سوائے اسکے

اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۝

جس سے ہمنے اپنا مال پایا ہو ہم کسی اور کو لے لیں کہ اس صورت میں تو ہم بھی ظالم ٹھہریں گے

فَلَمَّا اسْتَایْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِیًّا ؕ قَالَ كَبِیْرُهُمْ

پس جب وہ یوسف کی طرف سے مایوس ہوئے تو تنہا جا کر الگ ہو بیٹھے انمیں بڑے نے کہا

اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَیْكُمْ مَّوْثِقًا

کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے تم سے خدا کی ضمانت لیلی تھی اور پہلے سے تم یوسف کے

ع ۱۰ ۱۲

مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمُوْنِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ
بارے میں کیا کچھ قصور کر چکے ہو پس میں تو اس ملک
الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ
سے نہ جاؤں گا جب تک کہ حضور والد مجھ کو اجازت نہ دیں یا خدا میرے حق میں کوئی فیصلہ نہ کر دے اور وہ سب سے
الْحٰكِمِيْنَ ۝ اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ
بہتر فیصلہ کرنے والا ہے تم سب والد کی خدمت میں پلٹ کر جاؤ اور عرض کرو کہ ابا جان آپ کے بیٹے نے
وَمَا شَهِدْنَاۤ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا
چوری کی اور جو کچھ ہم نے بیان کیا بعد علم و یقین بیان کیا اور ہم غیب کے نگہبان تو
لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ۝ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا
نہ تھے نہیں آپ اس بستی والوں سے دریافت کر لیجئے جس میں ہم تھے اور
وَالْعِيْرَ الَّتِيْۤ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ قَالَ
اس قافلہ والوں سے پوچھ لیجئے جس میں ہم آئے ہیں اور ہم یقیناً سچے ہیں (یعقوب نے) فرمایا
بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ
(یوں تو نہیں ہے) بلکہ تمہارے اپنے دل سے ایک بات بنا لی ہے پس صبر ہی بہتر ہے قریب ہے کہ خدا ان سب کو
اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝
ان سب کو میرے پاس پہنچا دے۔ بیشک وہی صاحب علم و حکمت ہے
وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ
اور انکی طرف سے منہ پھیر لیا اور کہنے لگے ہائے یوسف۔ اور غم واندوہ سے انکی دونوں آنکھیں سفید ہو گئیں
مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ
اسلئے کہ وہ رنج کو ضبط کرنے والے تھے بیٹوں نے کہا بخدا آپ ہمیشہ یوسف ہی کی یاد میں
يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ۝
پڑے رہیں گے یہاں تک کہ آپ بیمار ہو جائیں یا مر جائیں

قَالَ اِنَّمَآ اَشۡكُوۡا بَثِّیۡ وَحُزۡنِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ وَاَعۡلَمُ

فرمایا کہ میں اپنی پریشانی اور رنج کی شکایت خدا ہی سے کرتا ہوں اور خدا کی طرف

مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝ یٰبَنِیَّ اذۡهَبُوۡا فَتَحَسَّسُوۡا

وہ کچھ جانتا ہوں جو کچھ تم نہیں جانتے اے میرے بیٹو جاؤ اور یوسف اور اُسکے

مِنۡ یُّوۡسُفَ وَاَخِیۡهِ وَلَا تَایۡـَٔسُوۡا مِنۡ رَّوۡحِ اللّٰهِ ؕ

(حقیقی) بھائی کا پتہ لگاؤ اور خدا کی رحمت سے ناامید مت ہو

اِنَّهٗ لَا یَایۡـَٔسُ مِنۡ رَّوۡحِ اللّٰهِ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡكٰفِرُوۡنَ ۝

بیشک خدا کی رحمت سے کافر لوگوں کے سوا کوئی ناامید نہیں ہوگا

فَلَمَّا دَخَلُوۡا عَلَیۡهِ قَالُوۡا یٰۤاَیُّهَا الۡعَزِیۡزُ مَسَّنَا وَاَهۡلَنَا

پھر جب وہ سب یوسف کے پاس آئے کہنے لگے کہ اے عزیز ہمکو اور ہمارے کنبہ کو بڑی تکلیف

الضُّرُّ وَجِئۡنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزۡجٰىةٍ فَاَوۡفِ لَنَا الۡكَیۡلَ

پہنچی ہے اور ہم کچھ ناقص پونجی لائے ہیں پس ہمکو پورا ناپ دلوایئے

وَتَصَدَّقۡ عَلَیۡنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَجۡزِی الۡمُتَصَدِّقِیۡنَ ۝ قَالَ

اور ہم پر احسان کیجئے بیشک اللہ احسان کرنیوالوں کو نیک بدلہ دیتا ہے فرمایا

هَلۡ عَلِمۡتُمۡ مَّا فَعَلۡتُمۡ بِیُوۡسُفَ وَاَخِیۡهِ اِذۡ اَنۡتُمۡ

آیا تم جانتے بھی ہو کہ تمنے یوسف اور اُسکے (حقیقی) بھائی کے ساتھ کیا بدسلوکی کی تھی جبکہ تم جہالت

جٰهِلُوۡنَ ۝ قَالُوۡۤا ءَاِنَّكَ لَاَنۡتَ یُوۡسُفُ ؕ قَالَ اَنَا

پر آگئے تھے (اب تو وہ سب چونک کر) بولے کیا تم ہی یوسف ہو؟ فرمایا ہاں میں ہی

یُوۡسُفُ وَهٰذَاۤ اَخِیۡ ۫ قَدۡ مَنَّ اللّٰهُ عَلَیۡنَا ؕ اِنَّهٗ مَنۡ یَّتَّقِ

یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے یقیناً اللہ نے ہم پر احسان کیا ہے بیشک جو شخص پرہیزگار

وَیَصۡبِرۡ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ۝ قَالُوۡا

رہا اور صبر کرتا ہے تو اللہ نیکوکاروں کے اجر کو ضائع نہیں فرماتا کہنے لگے اللہ کی قسم

تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ۝ قَالَ
خدا نے آپ کو بہتر رتبہ دی ہے اور ہم قصور خطاوار ہیں فرمایا بپھراب
لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ اَرْحَمُ
نہیں کوئی الزام نہیں خدا تمکو بخشے اور وہ سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ
الرّٰحِمِيْنَ ۝ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰي
رحم کرنیوالا ہے لو میرا کرتہ لیجاؤ اور اسے میرے والد کے منہ پر
وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ ع
ڈالدینا کہ وہ بینا ہو جائینگے اور اپنے سب کنبہ کو میرے پاس لے آؤ
وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ
اور جونہی قافلہ (آبادی مصر سے) روانہ ہوا انکے والد نے کہا کہ اگر تم مجھے ناقص عقل نہ بتاؤ تو
يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ
(میں کہتا ہوں) تو مجھے یوسف کی خوشبو آتی ہے یہ سنکے لگے خدا کی قسم آپ تو اپنی اسی
لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ۝ فَلَمَّآ اَنْ جَاۗءَ الْبَشِيْرُ ڏ ع
قدیمی دار فکلی میں ہیں پھر جب خوشخبری دینے والا آیا اور اس نے کرتہ
اَلْقٰىهُ عَلٰي وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ
یعقوب کے منہ پر ڈالا تو انکی آنکھیں کھل گئیں فرمانے لگے کہ میں نہ کہتا تھا
لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قَالُوْا
کہ میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے بیٹے کہنے لگے کہ
يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ۝ قَالَ
باباجان ہمارے گناہوں کی مغفرت طلب کیجئے بیشک ہم خطاوار ہیں فرمایا
سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ
میں اپنے رب سے آئندہ تمہاری مغفرت کا طالب ہونگا بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور)

الرَّحِيمُ ۝ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ
رحم کرنے والا ہے ۝ پھر جب سب یوسفؑ کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے والدین کو اپنے پاس
أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ۝
جگہ دی اور فرمایا شہر مصر میں انشاء اللہ امن و امان سے چلے چلو
وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۖ وَقَالَ
اور اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور سب کے سب سجدہ کا شکر بجا لائے اور یوسفؑ نے
يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي
عرض کی ابا جان یہ ہے پہلے خواب کی تعبیر جسے پروردگار نے اے سچا کر دکھایا
حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ
اور اس نے میرے ساتھ یقیناً احسان کیا جبکہ اس نے مجھے قید خانہ سے نکالا اور بدوی کے
بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَ
کر شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈالدیا تھا تم سب کو جنگل سے
بَيْنَ إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ
لا ملایا میرا پروردگار جو کچھ چاہتا ہے اسکے لئے بڑا لطیف ہے بیشک وہ
الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَ
صاحب علم و حکمت ہے ۝ اے میرے پروردگار تو نے مجھے حکومت میں سے حصہ دیا
عَلَّمْتَنِي مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ
اور باتوں کی تہ تک پہنچنا جس سکھائی اے آسمانوں کے اور زمین کے
وَالْأَرْضِ أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِي
پیدا کرنے والے تو ہی دنیا و آخرت میں میرا کارساز ہے میرا خاتمہ فرمانبرداری کی حالت
مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ۝ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ
میں کیجیو اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملا دیجیو ۝ غیب کی خبروں میں سے یہ وہ ہے

الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوا
جو ہم تمہیں وحی کے ذریعے بھیجتے ہیں حالانکہ جس وقت انھوں نے اپنے معاملہ پر اجماع کیا تھا
أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ۝ وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ
اور وہ چال چلتے تھے تم تو انکے پاس نہ تھے اور تم کتنا ہی چاہو لیکن بہت سے لوگ
حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ
ایمان نہ لائینگے اور تم تبلیغ رسالت پر کوئی اجرت نہیں
أَجْرٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝ وَكَأَيِّن مِّن
مانگتے یہ تو کل عالموں کے لئے فقط ایک نصیحت ہے اور آسمانوں میں اور
آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ
زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں جنپر سے وہ گزرتے ہیں اور انسے
عَنْهَا مُعْرِضُونَ ۝ وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا
بے پروا رہتے ہیں اور بہت سے ان میں سے ایمان تو لے آتے ہیں مگر (ایسا)
وَهُم مُّشْرِكُونَ ۝ أَفَأَمِنُوا أَن تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ
مشرک رہتے ہیں تو کیا وہ اس سے بے خوف ہو گئے کہ انپر (اچانک) خدا
مِّنْ عَذَابِ اللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَهُمْ
کا عذاب چھا جائے یا قیامت انکو اچانک آ لے اور انکو
لَا يَشْعُرُونَ ۝ قُلْ هَٰذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَلَىٰ
خبر بھی نہو تم یہ کہدو کہ یہ میرا راستہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں میں (بھی)
بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي ۖ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَمَا أَنَا مِنَ
اور وہ (بھی) جنھوں نے میری پیروی کی ہے بصیرت پر ہیں اور اللہ پاک ہے اور میں شرک کرنیوالوں میں
الْمُشْرِكِينَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي
نہیں ہوں اور (اے رسول) ہم نے تم سے پہلے بستیوں کے رہنے والوں میں ایسے آدمی

ع ۱۵

أَنْهُمْ مِّنْ أَهْلِ الْقُرٰى ۭ أَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوْا
پہلے کے والوں کا انجام کیسا ہوا اور آخرت کا گھر تو اسی لوگوں
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ
کے لئے اچھا ہے جو ڈرتے رہے کیا تم اتنا نہیں سمجھتے ○ یہانتک کہ جب رسول
خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ حَتّٰى إِذَا
ناامید ہوگئے اور اُمت والوں نے یہ گمان کرلیا کہ اُنکے جھوٹ بولا گیا تو ہماری مدد
اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ
اُنکے پاس آئی پس جسکو چاہا اُسکو نجات مل گئی اور گنہگاروں سے ہمارا عذاب ہٹایا ہی
نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ
نہیں جاتا بیشک اُنکے لوگوں اور اُنکی اُمت والوں کے قصوں میں اُنکے لئے عبرت ہے یہ کوئی
الْمُجْرِمِيْنَ ○ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي
بنائی ہوئی بات نہیں بلکہ جو اس سے پہلے ہے
الْأَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ
اُسکی تصدیق ہے اور ہر چیز کی تفصیل
تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ
اور جو لوگ ایمان لائے اُنکے لئے ہدایت و رحمت ہے
وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○

سورة الرعد مكية وهي ثلث واربعون اية

بسم الله الرحمن الرحيم ○
رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ
الٓمّٓرٰ۔ یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف
مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝
نازل کیا گیا ہے وہ برحق ہے لیکن بہت سے لوگ ایمان نہیں لاتے
اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ
اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں کو بغیر ایسے ستونوں کے جنکو تم دیکھتے ہو بلند کیا پھر
اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ
عرش پر (آکر حکم) غالب آیا اور سورج اور چاند کو مطیع کر لیا ہر ایک مقررہ
يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ
مدت تک کے لئے رواں ہے تمام معاملات کی تدبیر وہی کرتا ہے (اور) نشانیاں
الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ
کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے پروردگار کی ملاقات کا یقین کرلو اور وہ وہی ہے جس نے
مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ
زمین کو پھیلایا اور اس میں بھاری بھاری پہاڑ اور دریا مقرر کئے اور ہر قسم کے پھلوں
كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ
میں سے اس میں دو دو طرح کے پیدا کر دئے دن کو وہ رات سے
النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَفِي
ڈھانپ دیتا ہے بیشک اسی میں فکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں موجود ہیں اور زمین کے
الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ
مختلف قسم کے ٹکڑے ایک دوسرے کے پاس ہیں اور انگور کے باغ اور کھیتیاں اور کھجور کے درخت
وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۚ
ایک ہی جڑ میں سے کئی اگے ہوئے اور علیحدہ علیحدہ اگے ہوئے کہ یہ سب ایک ہی پانی سے سینچے جاتے ہیں

وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
اور ہم کھلوں کے بارے میں ہم ایک کو دوسرے پر برتری دیتے ہیں بیشک اس میں عقل رکھنے والوں
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ
کے لئے نشانیاں موجود ہیں اور (اے رسول!) اگر تم تعجب ہو تو انکا یہ قول زیادہ
قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ اُولٰۗىِٕكَ
تعجب ہے کہ کیا جب ہم مٹی ہو جائینگے تو ہم از سر نو پیدا ہونگے یہی تو وہ لوگ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ
ہیں جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا اور یہی ہیں جنکی گردنوں میں
اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝
طوق ہونگے اور یہی جہنم والے ہیں جس میں یہ (ہمیشہ) ہمیشہ رہینگے
وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ
اور یہ عافیت سے پہلے تم سے عذاب کی جلدی مچاتے ہیں حالانکہ انسے پہلے عذاب کی بہت سی
خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ
مثالیں گزر چکی ہیں اور بیشک تمہارا پروردگار گناہ گاروں
مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰي ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ
کے لئے باوجود انکی نافرمانی کے بڑا بخشنے والا ہے اور بیشک تمہارا رب بڑا سخت
لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ
عذاب دینے والا بھی ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ یہ کہتے ہیں کہ اسکے پروردگار
اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّ
کی طرف سے کوئی نشانی (ہماری خواہش کے موافق) کیوں اتاری گئی (اے رسول) سوا اسکے نہیں ہے
لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا
تم تو ڈرانے والے اور ہر قوم کے لئے ایک ہادی جو اکثر ہوا ہے جانتا ہے کہ ہر مادہ کے حمل میں کیا ہوتا ہے اور ارحام

تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۖ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ ۝
کمی کرتے ہیں اور بڑھتی بیشی اور اُسکے پاس ہر چیز اندازہ سے ہے

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَاءٌ
(وہ) پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا سب سے بزرگ (اور) سب سے اعلےٰ ہے تم میں سے جو شخص

مِنْكُمْ مَنْ أَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهِ وَمَنْ هُوَ
چپکے سے بات کہے اور جو پکار کر کہے دونوں برابر ہیں اور وہ جو رات کو چھپا ہوا

مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ ۝ لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ
ہو اور وہ جو دن میں کھلا پھرتا ہو (دونوں برابر ہیں) (کہ) ہر ایک کے آگے اور پیچھے

بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۗ
(فرشتے) ہیں جو خدا کے حکم سے آگے کی طرف سے اور پیچھے کی طرف سے حفاظت کرتے ہیں

إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنْفُسِهِمْ ۗ وَ
بیشک خدا اپنی نعمت کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنے حال کو نہ بدلیں اور جب اللہ

إِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِقَوْمٍ سُوءًا فَلَا مَرَدَّ لَهُ ۚ وَمَا لَهُمْ
کسی قوم کے حق میں بری چاہتا ہے تو اسکا کچھ پھیر نہیں ہے اور نہ لوگوں کا اُسکے سوا

مِنْ دُونِهِ مِنْ وَالٍ ۝ هُوَ الَّذِي يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا
کوئی والی نہیں ہے وہ وہی ہے جو (ڈرانے کے اور (امید) دلانے کے لئے تمکو بجلی کی

وَطَمَعًا وَيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ
چمک دکھلاتا ہے اور (پانی سے) بھری بدلیاں پیدا کرتا ہے اور رعد اُسکی تعریف کی تسبیح پڑھتا

بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ ۖ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ
ہے اور فرشتے اُسکے خوف سے (تسبیح پڑھتے ہیں اور بجلیاں گراتا ہے جس پر چاہتا ہے

فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللَّهِ وَهُوَ
اور اس سے نقصان پہنچا دیتا ہے حالانکہ یہ لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہی رہتے ہیں اور وہ

شَدِيدُ الْمِحَالِ ۝ لَهُ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

بڑا سخت گرفت والا ہے اسی سے دعا کرنا برحق ہے اور جو اُسکے سوا اوروں کو پکارتے ہیں وہ

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ

اُنکو کچھ بھی جواب نہیں دیتے مگر ایسے ہی جیسے کوئی شخص اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف

اِلَى الْمَاۗءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَاۗءُ

پھیلائے کہ وہ خود بے اسکے منہ میں آجائے حالانکہ وہ کبھی اُسکے منہ میں آنیوالا نہیں ہے

الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

اور کافروں کا دعا کرنا محض بیکار ہے اور جو آسمانوں اور زمین میں ہیں بخوشی و

وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝

ناچیز خدا کو سجدہ کرتے ہیں اور اسی طرح صبح و شام اُنکے سائے (بھی)

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ

تم کہو کہ آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار کون ہے؟ تم کہو کہ اللہ تم کہو کہ کیا اُسکو چھوڑ کر

مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا

تم نے ایسوں کو اپنا ولی بنایا ہے جو اپنے آپ کے لئے کسی نفع کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی

ضَرًّا ۭ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ

نقصان کا تم کہو کہ کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہوتے ہیں؟ یا اندھیریاں

تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَاۗءَ

اور روشنی برابر ہے؟ یا انہوں نے اللہ کے ایسے شریک مقرر کئے ہیں جنہوں

خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ

اسی کی سی مخلوق پیدا کردی ہے کہ اُنپر مخلوق کی شناخت مشتبہ ہوگئی ہو تم یہ کہدو کہ اللہ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ

پیدا کرنیوالا ہے اور وہ یکتا و زبردست ہے اُسنے آسمان سے پانی اُتارا

مَآءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَٱحْتَمَلَ ٱلسَّيْلُ زَبَدًا

پھر اپنی اپنی مقدار کے موافق نالے (زمینیں) بہ نکلے اور رَو جھاگ کو اوپر اوپر

رَّابِيًا ۚ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِى ٱلنَّارِ ٱبْتِغَآءَ حِلْيَةٍ

لے گئی اور اس میں سے جو زیور یا مال بنانے کے لئے تپایا جاتا ہے ایسا ہی

أَوْ مَتَٰعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُۥ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ ٱللَّهُ ٱلْحَقَّ وَٱلْبَٰطِلَ ۚ

جھاگ نکلا کرتا ہے۔ اسی طرح اللہ حق اور باطل کی مثال بیان کرتا ہے

فَأَمَّا ٱلزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ ٱلنَّاسَ

پس جھاگ تو بیکار جاتا ہے اور زادہ جو لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے وہ زمین

فَيَمْكُثُ فِى ٱلْأَرْضِ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ ٱللَّهُ ٱلْأَمْثَالَ ۚ

میں رہ جاتا ہے اسی طرح اللہ مثالیں بیان کیا کرتا ہے

لِلَّذِينَ ٱسْتَجَابُوا۟ لِرَبِّهِمُ ٱلْحُسْنَىٰ ۖ وَٱلَّذِينَ

اُن لوگوں کے لئے جنہوں نے پروردگار کا حکم مانا نیک حالی ہے اور جنہوں نے

لَمْ يَسْتَجِيبُوا۟ لَهُۥ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِى ٱلْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُۥ

اسکا حکم نہ مانا اگر اُنکے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اتنا ہی

مَعَهُۥ لَٱفْتَدَوْا۟ بِهِۦٓ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ سُوٓءُ ٱلْحِسَابِ ۙ

اور بھی ہو کر اُس سب کو فدیہ دیدیں (تو بھی) وہ یہی برے حساب کے سخت عذاب ہے

وَمَأْوَىٰهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ ٱلْمِهَادُ ۝ أَفَمَن يَعْلَمُ أَنَّمَآ

اور جنکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے کیا وہ شخص جو یہ جانتا ہے کہ تمہارے

أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ٱلْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰٓ ۚ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

پروردگار کی طرف سے جو کچھ تم پر اترا ہے وہ حق ہے اسکے مانند (ہو سکتا) ہے جو اندھا ہو اس بات

أُو۟لُوا۟ ٱلْأَلْبَٰبِ ۝ ٱلَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ ٱللَّهِ وَلَا

کو تو عقلمند ہی سمجھتے ہیں جو خدا کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور اپنے پیمان کو

ع ١١ ٢٠ نصف

وعظ النبی علیہ السلام

سکتہ

جو کہ ہر جگہ کتاب میں اولوا الالباب کہا گیا ہے۔ اور پھر یہ آیت تلاوت فرمائی انما یتذکر اولوا الالباب ١٢

يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ
نہیں توڑتے اور جو اُنکے ساتھ صلہ رحمی کرتے رہتے ہیں جسکی صلہ رحمی کا خدا نے حکم
اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۝
دیا ہے اور اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اور حساب کی سختی سے خوف کھاتے رہتے ہیں
وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ
اور جن لوگوں نے اپنے پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنیکے لئے صبر کیا اور نماز پڑھی اور جو کچھ ہم نے
وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ
انکو دیا تھا اُس میں سے چھپا کر اور ظاہر طور پر (راہ خدا میں) خرچ کیا اور بھلی کا برائی
بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝
نیکی سے کرتے رہے عاقبت کا گھر انہی کے لئے ہے (یعنی)
جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ
رہنے کے باغات جنمیں خود وہ بھی ہمیشہ رہینگے اور اُنکے آباؤ اجداد میں سے اور ازواج میں
وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ
سے اور اُنکی اولادوں میں سے بھی جو (جو) اس قابل ہونگے اور فرشتے ہر دروازہ سے اُنکے پاس آیا
عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ
کرینگے (اور یہ کہا کرینگے کہ) تم پر سلامتی ہو بدلہ اس کے کہ تم نے صبر کیا (تمہارا)
فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ
انجام کار کیسا اچھا ہوا اور جو عہد خدا کو بعد اُسکے پختہ ہو جانے کے توڑ ڈالتے
مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ
ہیں اور جسکی صلہ رحمی کا خدا نے حکم دیا تھا اُسے قطع کرتے ہیں
يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ
اور زمین میں فساد پھیلاتے رہتے ہیں یہی لوگ ہیں کہ اُنکے لئے

اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ
لعنت ہو اور (آخرت کا) گھر بھی خرابی ہے اللہ جسکے لئے چاہتا ہے رزق کو وسیع
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ
کر دیتا ہے اور (جسکے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے اور لوگ دنیا کی زندگانی سے راضی ہو گئے ہیں
وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝ وَيَقُوْلُ
حالانکہ زندگانی دنیا آخرت کے مقابلہ میں سوائے اندک سرمایہ کے کچھ بھی نہیں ہے اور جو لوگ کافر
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ
ہو گئے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ اسکے رب کے پاس سے کوئی نشانی کیوں نہ اتری تم یہ کہدو
اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۝
کہ اللہ جس سے چاہتا ہے توفیق ہدایت سلب کر لیتا ہے اور جو رجوع کرتا ہے اسکو اپنی راہ بتاتا ہے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ
جو لوگ ایمان لائے اور انکے دل ذکر خدا سے مطمئن ہیں یاد رکھو کہ ذکر خدا سے دل مطمئن
تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
ہو جایا کرتے ہیں جو لوگ ایمان لے آئے اور انہوں نے نیکیاں کیں
طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ
خوشحالی اور انجام بخیر انہی کے لئے ہے جیسے اس امت میں تم کو اسی طرح رسول بنا کر
اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ
بھیجا ہے جیسے اسکے پہلے اور بہت سی امتیں گزر گئیں تاکہ تمہاری طرف جو
اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ قُلْ هُوَ رَبِّيْ
وحی کی ہے اسکو پڑھ کر سناؤ حالانکہ وہ رحمٰن کے منکر ہیں تم کہدو کہ وہ میرا پروردگار ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۝ وَلَوْ
اسکے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میں نے توکل کیا اور اسی کی طرف میری بازگشت ہے اور اگر

ع ۱۶

وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ
کوئی قرآن (ایسا) ہوتا کہ پہاڑ اُسکے ذریعہ سے چلائے جاتے یا زمین اُسکے ذریعہ سے ٹکڑے کر دی جاتی یا
بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا ۗ أَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِينَ
مُردوں سے اُسکے ذریعہ باتیں کی جاتیں (تو وہ یہی قرآن ہوتا) لیکن (یہ) ہر شے کا اختیار خدا ہی کو ہے۔ کیا وہ لوگ جو
آمَنُوا أَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا ۗ وَلَا يَزَالُ
ایمان لائے ہیں یہ نہیں جانتے کہ اگر اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت کر دیتا اور جو لوگ کافر ہو گئے
الَّذِينَ كَفَرُوا تُصِيبُهُم بِمَا صَنَعُوا قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ
ہیں اُنکو ہمیشہ یہ ہوتا رہتا ہے کہ کوئی نہ کوئی) مصیبت اُن پر پہنچتی رہتی ہے یا اُنکے گھر کے
قَرِيبًا مِّن دَارِهِمْ حَتَّىٰ يَأْتِيَ وَعْدُ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ
اس پاس آتی رہتی ہے جبتک کہ خدا کا وعدہ پورا ہو۔ بیشک اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا
الْمِيعَادَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ
اور تم سے پہلے رسولوں کی یقیناً ہنسی اڑائی گئی اور میں (قرآن
فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ
لوگوں کو جو کافر ہو گئے مہلت دی پھر اُنکے مواخذہ کیا پھر میری سزا کیسی
عِقَابِ ۝ أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۗ
سخت تھی کیا وہ جو ہر نفس (کے اعمال) کا نگراں ہے (اُسکے مانند ہو سکتا ہے جو ایسا نہیں ہے) اور اُنہوں نے
وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ ۗ قُلْ سَمُّوهُمْ ۚ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا
اللہ کے شریک قرار دے لئے تم کہدو کہ تم اُنکے نام لو یا تم اُسکو ایسوں کی خبر دیتے ہو جنکو وہ
لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ أَم بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ۗ بَلْ زُيِّنَ
زمین میں جانتا ہی نہیں یا خالی باتیں ہی باتیں ہیں بلکہ (صورت حال یہ ہے کہ) جو لوگ
لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَن
کافر ہو گئے اُنکی چالیں اُنکی نظروں میں زینت پا گئی ہیں اور راہ راست سے روک دیئے گئے اور جس کو

الرعد ۱۳

يُضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ
جسے اللہ گمراہ کرے اسکے لئے کوئی راہ بتانیوالا نہیں ہوتا۔ انکے لئے زندگانی دنیا میں بھی عذاب ہے
الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ
اور آخرت کا عذاب اور زیادہ سخت ہے اور اللہ کے عذاب سے انکو کوئی بچانیوالا
وَّاقٍ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ
نہوگا ۝ جس جنت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اسکا حال یہ ہے کہ اسکے نیچے
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ
نہریں بہتی ہونگی اسکے پھل اور اسکا سایہ ہمیشہ رہیگا یہ ان لوگوں کا انجام ہے جو پرہیزگار
اتَّقَوْا ۡ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ
رہے اور کافروں کا انجام جہنم ہے اور وہ لوگ جنکو ہمنے کتاب دی
الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ
وہ اس سے جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا خوش ہیں اور گروہوں میں سے ایسے بھی ہیں جو
مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ
اسکی بعض باتوں سے انکار کرتے ہیں تم یہ کہدو کہ مجھ کو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو
اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ۝ وَكَذٰلِكَ
اسکا شریک نہ کروں اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میری بازگشت ہے اور اسی طرح ہمنے اسکو عربی
اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ
زبان میں فرمان (بنا کر) نازل کیا ہے اور اگر بعد اسکے کہ تمہارے پاس علم آچکا تم انکی خواہشوں کی
مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۝
پیروی کرو گے تو خدا کے مقابلہ میں پھر تمہارا کوئی حامی ہوگا اور نہ بچانیوالا
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا
اور بیشک ہمنے تم سے پہلے بھی پھر رسول بھیجے تھے اور انکے لئے ازواج بھی مقرر کی تھیں

ع ۵ ۶ ۱۱

منزل ۳

وَذُرِّيَّةً ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ
اور اولاد بھی اور کسی رسول کا یہ کام نہ تھا کہ بغیر حکم خدا کوئی علامت ظاہر کرے ہر وقت مقررہ کے

لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ۝ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ
لئے ایک کتاب (یعنی حکم) ہے اللہ جسے چاہتا ہے محو کر دیتا ہے اور جو چاہتا ہے قائم فرما دیتا ہے

اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ
اور اصلی کتاب اسی کے پاس ہے اور جن جن چیزوں کا ہم انہیں وعدہ کرتے ہیں خواہ ایسی حصہ کو دکھا دیں

نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝
یا تمہیں (پہلے ہی) اٹھا لیں تمہارے ذمہ تو صرف پہنچا دینا ہے اور حساب لینا ہمارے ذمہ ہے

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ
کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے اطراف سے برابر کم کرتے چلے آرہے ہیں اور اللہ حکم

وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝
دیتا ہے اسکے حکم کا رد کرنے والا کوئی نہیں ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے اور

وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ۭ يَعْلَمُ
جو لوگ اُن سے پہلے تھے انہوں نے یقیناً چالیں چلیں مگر تمام چالوں کا بدلہ دینا تو اللہ کا کام ہے وہ شخص

مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى
جو کچھ کرتا ہے اللہ اسے واقف ہے اور عنقریب کفار بھی جان لینگے کہ اس گھر کا انجام (بخیر)

الدَّارِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ
کسے ملتا ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ کہتے ہیں کہ تم کسی کے بھیجے ہوئے نہیں ہو تم

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ
کہدو کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی دینے کو ایک تو اللہ کافی ہے اور

عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝
(دوسرے) وہ جنکے پاس اس کتاب کا پورا علم ہے

ایاتھا ۵۲۰ کلماتھا ۲۴۵ حروفھا ۱۰۳۰ رکوعاتھا ۷

سورۃ ابراھیم مکیۃ وھی اثنتان وخمسون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ

الٓرٰ۔ یہ کتاب ہے تمہارے پاس اس غرض سے اتاری ہے کہ خدا کے حکم کے بموجب

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ

لوگوں کو (کفر کی) اندھیریوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لاؤ (یعنی) اس زبردست کی راہ جو تعریف خدا کے

الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ○ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

راستے کی طرف کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا

فِي الْاَرْضِ ۭ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ○

ہے اور کافروں کے واسطے جو آخرت کے مقابلہ میں زندگانی دنیا کو اختیار

الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ

کرتے ہیں اور لوگوں کو راہ خدا سے روکتے ہیں اور اسکی کجی کے خواستگار ہیں سخت عذاب کی

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ

ہلاکت ہے یہی لوگ تو

فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ○ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ

بڑی گمراہی میں ہیں اور ہمنے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اپنی ہی قوم کی زبان میں

اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۭ فَيُضِلُّ اللّٰهُ

(تاکہ سمجھائے) تاکہ انکے مطلب کھول کر بیان کر دے پھر اللہ جس کو چاہے تو بہکا

مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

ہدایت سلب کرلے اور جسے چاہے ہدایت فرمادے اور وہ زبردست (اور)

منزل ۴

(جو چاہے گورے ہوں یا کالے۔ عرب ہوں یا عجم)

الْحَكِيمُ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا أَنْ أَخْرِجْ
حکمت والا ہے اور بالتحقیق موسےٰ کو ہم نے نشانیاں دیکر (اس حکم کے ساتھ) بھیجا کہ اپنی قوم کو
قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَذَكِّرْهُمْ
(کفر کی) اندھیریوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لا اور انکو اللہ کے دن
بِأَيَّامِ اللَّهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝
یاد دلا بیشک ان واقعات میں ہر صبر و شکر کرنیوالے کے لئے نشانیاں موجود ہیں
وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ
اور (اس وقت کو یاد کرو) جبکہ موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ اللہ کے اس احسان کو جو تم پر ہوا
إِذْ أَنجَاكُم مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ
یاد کرو کہ اسنے تمکو فرعون والوں کے ہاتھ سے نجات دی جو تمکو سخت سے سخت عذاب دیتے تھے
وَيُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ ۚ وَفِي ذَٰلِكُم
کہ تمہارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے
بَلَاءٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ ۝ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ
پروردگار کی طرف سے بہت بڑی آزمائش تھی اور (افسوس کرو کبھی یاد کرو) جبکہ تمہارے پروردگار نے
لَئِن شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِن كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي
خبردار (یا) کیا کہ اگر تم شکر ادا کرو گے تو میں تمہیں ضرور بڑھاؤنگا اور اگر تم کفران نعمت کرو گے تو میرا عذاب
لَشَدِيدٌ ۝ وَقَالَ مُوسَىٰ إِن تَكْفُرُوا أَنتُمْ وَمَن فِي
بھی بڑا سخت ہے اور موسےٰ نے (یہ) فرمایا کہ اگر تم اور زمین میں جتنے ہیں سب ملکر کفران نعمت
الْأَرْضِ جَمِيعًا فَإِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝ أَلَمْ يَأْتِكُمْ
کرو تو (اللہ کا کیا نقصان ہے) اللہ بےپروا ہے (اور) لائق تعریف کیا تمہارے پاس ان
نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ ۛ
لوگوں کی خبر نہیں آئی جو تم سے پہلے قوم نوح اور قوم عاد اور قوم ثمود سے تھے

ع ۴

الجزء ۱۳

وَذَكِّرْهُمْ بِأَيَّامِ اللَّهِ ... ظاہر ہے کہ اللہ کے دن یا اللہ کی نعمتیں یاد دلانا اسکو شکر کرنے پر آمادہ کرتا ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ صبر و شکر کرنیوالے ہی اللہ کی نعمتوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اسی لئے صبر و شکر کی تلقین کے بعد اللہ کے دن یاد دلانے کا حکم دیا گیا ہے

وَالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۚ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ
اور انکے بعد جو ہوئے جنکو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا انکے رسول آئے انکے پاس
رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ
کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے اور انھوں نے اپنے ہاتھ ان رسولوں کے منہ میں ٹھونس
وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا
دیئے اور یہ کہہ دیا کہ جو کچھ تمکو دیکر بھیجا گیا ہے ہم اس سے یقیناً منکر ہیں اور جس طرف تم ہمکو بلاتے ہو
ثلثة ربع
تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ
ہم اس سے بہت ہی شک میں ہیں انکے رسولوں نے کہا کیا آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنیوالے
فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ
خدا کے بارے میں (تمکو) شک ہے؟ وہ تمکو اس لئے بلاتا ہے کہ تمہارے گناہوں کو بخشے
ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ
اور ایک وقت معینہ تک تمکو مہلت دے انہوں نے جواب دیا کہ تم تو ہم ہی جیسے
اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ
آدمی ہو تم یہ چاہتے ہو کہ جن چیزوں کی ہمارے باپ دادا عبادت کیا کرتے تھے
ثلثة ربع
يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ قَالَتْ لَهُمْ
انکے ہمیں باز رکھو پس کوئی کھلا معجزہ ہمکو لاکر دو انکے رسولوں نے انکو کہا
رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ
کہ ہم تو تم ہی جیسے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس
عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ
پر چاہتا ہے احسان کرتا ہے اور یہ ہمارا کام نہیں ہے کہ ہم
نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ
بغیر حکم خدا کے تمکو کوئی معجزہ دکھلائیں اور اللہ ہی پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝ وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ

مومنوں کو بھروسہ کرنا چاہیے اور ہمکو کیا ہو گیا ہے کہ ہم اللہ پر بھروسہ

عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا

نہ کریں حالانکہ اسی نے ہمکو اپنی راہیں دکھلائی ہیں اور جو تکلیفیں کہ ہمکو پہنچاتے ہو ہم اُنپر ضرور

آذَيْتُمُونَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ۝ وَ ع ۲

صبر کرینگے اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنیوالوں کو بھروسہ کرنا چاہیے اور جو

قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِنْ أَرْضِنَا

کافر ہو گئے اُنھوں نے اپنے رسولوں سے یہ کہا کہ ہم تمکو اپنے ملک سے نکال کر چھوڑینگے یا تمکو

أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا ۖ فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ

کہ تم ہمارے مذہب میں لوٹ آؤ تب پروردگار نے اُنکو یہ وحی فرمائی کہ ہم ان ظالموں کو

الظَّالِمِينَ ۝ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِهِمْ

ضرور ہلاک کرینگے اور اُنکے بعد زمین میں ضرور تمکو آباد کرینگے

ذَٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ ۝

یہ صلہ اُن لوگوں کے لئے ہے جو ہماری حضوری سے ڈرتے ہوئے۔ سے خوف کریں

وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ۝ مِنْ وَرَائِهِ

اور ہمارے عذاب سے ڈریں اور وہ (پیغمبر) طالب فتح ہوا اور ہر سرکش ہٹ دھرم نامراد ہوا آگے اُسکے

جَهَنَّمُ وَيُسْقَىٰ مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ ۝ يَتَجَرَّعُهُ

جہنم ہے اور پیپ کے پانی میں سے اُسکو پلایا جائیگا وہ گھونٹ گھونٹ اُسکو پیئے گا

وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ

اور پھر بھی حلق سے نہ اُتار سکیگا اور موت اُسکو ہر طرف سے آلیگی

مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۖ وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ

حالانکہ وہ مرنیوالا نہ ہوگا اور اُس سے آگے اور سخت عذاب

غَلِيظٌ ○ مَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ
ہوگا جن لوگوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا اُنکی حالت یہ ہے کہ اُنکے اعمال اس راکھ کی
اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ۖ لَا يَقْدِرُونَ
مانند ہیں جسکو آندھی کے دن تیز ہوا اُڑا لیجائے جو کچھ انہوں نے کیا ہوگا
وَمِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ○
اُسکے کسی جزو پر اختیار نہ رکھینگے انتہا درجے کی ناکامی یہی تو ہے
أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ
کیا تُو نے اس میں غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو موزونیت کے ساتھ پیدا کیا ہے
إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ○ وَمَا ذَٰلِكَ
اگر وہ چاہے تمکو دور کردے اور اور نئی مخلوق لے آئے اور یہ اللہ کے لئے دشوار نہیں
عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ○ وَبَرَزُوا لِلَّهِ جَمِيعًا فَقَالَ الضُّعَفَاءُ
اور جس وقت سب خدا کی حضور میں حاضر ہونگے تو اُس وقت کمزور
لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنْتُمْ
مخلوق اُن سے جو بڑے بن گئے تھے کہینگے کہ (حضرت) ہم تو آپکے پیرو تھے تو آپ آج
مُغْنُونَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ قَالُوا لَوْ
ہمکو کچھ عذاب خدا سے بھی بچا سکتے ہیں؟ وہ کہینگے اگر اللہ کو ہماری خلاصی کا
هَدَانَا اللَّهُ لَهَدَيْنَاكُمْ ۖ سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا
راستہ ہمکو بتا دیتا تو ہم تمکو بھی بتا دیتے مگر ہمارے لئے تو دونوں حالتیں برابر ہیں خواہ ہم
أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَحِيصٍ ○ وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا
روئیں پیٹیں یا صبر سکوت اختیار کریں ہمارے لئے کوئی چھٹکارا ہی نہیں ہے۔ اور جب یہ معاملہ طے ہو چکیگا تو شیطان
قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللَّهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ
یہ کہیگا کہ اللہ نے تو تمسے سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے جو تم سے وعدہ کیا تھا پس میں نے

ع ۱۵ ۱۵

فَاَخْلَفْتُكُمْ ۖ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ
تم سے اُسکے خلاف کیا اور میرا تم پر کوئی قابو تھا ہی نہیں سوائے اسکے کہ میں نے تمکو
دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا
بُلایا تھا اور تمنے مان لیا تھا پس تم مجھے ملامت نکرو اپنے آپ ہی کو ملامت
اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّيْ
کرو اب نہ میں تمہارا فریادرس ہو سکتا ہوں اور نہ تم میرے فریادرس ہو سکتے ہو جسکا
كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ
تم نے مجھکو شریک بنایا تھا میں تو اُسکا پہلے ہی سے منکر ہو چکا تھا یقیناً جو نافرمان ہیں اُنہی کیلئے
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
دردناک عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیکیاں بھی کیں وہ اُن
الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
جنتوں میں داخل کئے جائینگے جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں اور اپنے پروردگار کے حکم سے
فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ
ہمیشہ انہی میں رہنے والے ہونگے اور وہاں ایک دوسرے کی ملاقات باسلام علیک ہوگی۔ کیا تم نے
كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ
یہ خیال نہیں کیا کہ خدا نیخانے نے پاک کلمے کی مثال کیسی بیان کی ہے کہ وہ ایک عمدہ درخت کی
طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ۝ تُؤْتِيْٓ
مانند ہے اُسکی جڑ قائم ہے اور اُسکی شاخ آسمان پر پہنچی ہوئی ہے ہر زمانہ میں وہ
اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ
خدا کے حکم سے اپنا پھل دیتا رہتا ہے اور یہ مثالیں خدا نیخانے آدمیوں کے لئے اس
لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ
غرض سے بیان کرتا ہے کہ وہ یاد رکھیں اور ناپاک کلمہ کی مثال

خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ
بدشکل درخت کی سی ہے کہ زمین کے اوپر ہی اوپر سے نوچ لیا جائے اسکا قیام
مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ
کچھ بھی نہو جو ایمان لائے ہیں انکو تو اللہ زندگانی دنیا میں اور
الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ وَيُضِلُّ اللَّهُ
آخرت میں ثابت رکھیگا اور ظالموں کو اللہ گمراہ رکھیگا
الظَّالِمِينَ ۚ وَيَفْعَلُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ
ہدایت سلب کرلیگا اور اللہ جو چاہیگا کریگا کیا تمنے انکے حال پر غور نہیں
بَدَّلُوا نِعْمَتَ اللَّهِ كُفْرًا وَأَحَلُّوا قَوْمَهُمْ دَارَ
کیا جنہوں نے خدا کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا اور اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر (یعنی) جہنم میں
الْبَوَارِ ۝ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا ۖ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝
جا اتارا وہ سب اس میں جائینگے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے
وَجَعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا لِيُضِلُّوا عَنْ سَبِيلِهِ ۚ قُلْ
اور انہوں نے اللہ کے کچھ شریک قرار دیدئے کہ لوگوں کو اسکی راہ سے بھٹکائیں تم کہدو کہ
تَمَتَّعُوا فَإِنَّ مَصِيرَكُمْ إِلَى النَّارِ ۝ قُلْ لِعِبَادِيَ
(چند روزہ) فائدہ اٹھالو کہ تمہاری بازگشت تو یقیناً جہنم ہی کی طرف ہے (اے محمد) جو
الَّذِينَ آمَنُوا يُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُنْفِقُوا مِمَّا
ایمان لائے ہیں کہدو کہ نماز پڑھا کریں اور اس دن کے آنے سے پہلے کہ جس میں نہ تو لین
رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ
سودا ہوگا اور نہ یاری دوستی (کام دیگی) جو کچھ ہمنے انکو دیا اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر طور پر
لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خِلَالٌ ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ
ہماری راہ میں خرچ کیا کریں اللہ وہی تو ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ
پیدا کیا اور آسمان سے پانی اُتارا پھر اُسکے ذریعہ سے تمکو روزی
الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ
دینے کے لئے پھل پیدا کئے اور جہازوں کو تمہارا تابع کر دیا کہ اُسکے حکم سے
فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۝ وَسَخَّرَ
سمندر میں چلتے رہیں اور ندیوں کو تمہارے اختیار میں دیدیا اور سورج اور چاند
لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ
دونوں ایک چلنے والوں کو تمہارے کام میں لگا دیا اور رات اور دن کو تمہارے لئے
وَالنَّهَارَ ۝ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۚ وَاِنْ
مسخر کر دیا اور جو کچھ تم نے اُس سے مانگا بھی میں سے اُسے تمکو دیا اور اگر تم
تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۚ اِنَّ الْاِنْسَانَ
اللہ کی نعمت کا شمار کرو تو اُسکا احاطہ نہ کر سکو گے بیشک انسان بڑا بے انصاف
لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ
اور ناشکرا ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ابراہیم نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار
هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ
اس شہر کو امن والا قرار دے اور مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی پرستش کرنے سے
الْاَصْنَامَ ۝ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ
بچائے اے میرے پروردگار بالیقین اِن بتوں نے بہت سے آدمیوں کو گمراہ
النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ
کیا ہے پس جو میرا اتباع کریگا وہ تو میرا ہے اور جو میری نافرمانی کریگا تو اس میں شک ہی نہیں کہ
فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ
تو بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اے ہمارے پروردگار میں نے اپنی اولاد میں سے

ع ۶ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰ ۳۱ ۳۲ ۳۳ ۳۴ ۳۵ ۳۶ ۳۷ ۳۸ ۳۹ ۴۰ ۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵ ۴۶ ۴۷ ۴۸ ۴۹ ۵۰ ۵۱ ۵۲

مِنْ ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ
(بعض کو) میرے محترم گھر کے پاس ایسے جنگل میں جس میں کھیتی باڑی کچھ نہیں بسا کر آباد کر دیا

رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ
ہے تاکہ اے ہمارے پروردگار وہ (اور آگے اولاد) نماز پڑھا کریں پس آدمیوں میں سے بعض کے دل

النَّاسِ تَهْوِي إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ
انکی طرف مائل و گرویدہ کر دیجو اور انکو پھلوں سے روزی پہنچا دیجو تاکہ وہ

لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ ○ رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا
شکر ادا کریں اے ہمارے پروردگار بیشک تو اُس سب کو جانتا ہے جو کچھ ہم

نُعْلِنُ ۗ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا
چھپاتے ہیں اور جو کچھ ہم ظاہر کرتے ہیں اور اللہ پر زمین کی اور آسمان کی کوئی چیز پوشیدہ

فِي السَّمَاءِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي وَهَبَ لِي عَلَى
نہیں ہے سب تعریف اللہ کے لئے ثابت ہے جسنے مجھے باوجود بڑھاپے کے

الْكِبَرِ إِسْمٰعِيلَ وَإِسْحٰقَ ۚ إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاءِ ○
اسمٰعیل اور اسحٰق عنایت فرمائے بیشک میرا پروردگار بڑا دعا کا سننے والا ہے

رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِي ۖ
اے میرے پروردگار مجھکو نماز کو گزار قرار دے اور میری اولاد میں سے بھی اے ہمارے

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ
پروردگار اور میری عبادت قبول کر اے ہمارے پروردگار جسدن حساب لیا جائیگا (اُس دن)

وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ○ وَلَا تَحْسَبَنَّ ع ۱۸
مجھے اور میرے ماں باپ کو اور مؤمنین کو بخشدیجو اور جو عمل یہ ظالم کرتے ہیں

اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُونَ ۙ إِنَّمَا
اُس سے اللہ کو کبھی غافل نہ سمجھنا سوائے اسکے نہیں ہے کہ

يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ ۝ مُهْطِعِينَ
وہ انکو اُس دن تک کے لئے ڈھیل دیتا ہے جس میں آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائینگی (لوگ) اوپر سر اُٹھائے
مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۖ وَ
بے تحاشا بھاگے چلے جاتے ہونگے خود اپنی طرف بھی اُنکی نگاہ نہ پھر سکیگی اور دل
أَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ ۝ وَأَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ
اُنکے (خوف و دہشت سے) خالی ہونگے اور (اے رسول) لوگوں کو اُس دن سے ڈرا جسدن اُنپر
الْعَذَابُ فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ
عذاب آئیگا پس اُن میں سے جو ظالم ہیں وہ یہ کہینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو تھوڑے سے عرصہ کی
قَرِيبٍ نُجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ۗ أَوَلَمْ تَكُونُوا
مہلت دے کہ ہم تیری دعوت قبول کرینں اور تیرے رسولوں کے پیرو ہو جائیں (جواب میں کہا جائیگا کیا
أَقْسَمْتُمْ مِنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِنْ زَوَالٍ ۝ وَسَكَنْتُمْ
تم پہلے سے اسکی قسمیں کھایا کرتے تھے کہ ہمکو تو کبھی زوال ہی نہوگا اور تم اُن لوگوں کے گھروں
فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ
میں آباد تھے جنھوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تھا اور یہ بھی تم پر کھل چکا تھا کہ ہم نے اُنکے
فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ ۝ وَقَدْ مَكَرُوا
ساتھ کیسا برتاؤ کیا تھا اور تمھارے لئے ہمنے مثالیں بیان کردی تھیں اور وہ تو اپنی چال چل
مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ ۚ وَإِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ
چل چکے حالانکہ اُنکی چال (سزا دہی کے لئے) خدا کے پاس موجود ہے گو اُنکی چال ایسی تھی
لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ ۝ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ
کہ پہاڑ بھی اُس سے ٹل جائیں تو اللہ سے ایسا گمان ہرگز نہ کر کہ وہ اپنے رسولوں سے جو
رُسُلَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝ يَوْمَ تُبَدَّلُ
وعدہ کرتے ہیں اُنکے خلاف کریگا بیشک اللہ بڑا زبردست (اور) بدلہ لینے والا ہے۔ جسدن زمین دوسری

(بقیہ صفحہ میں ملاحظہ ہو ۱۲)

الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ
زمین سے بدل دیجائیگی اور آسمان (دوسرے آسمانوں سے) اور سب زبردست دیکھے جائینگے
الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ
خدا کے سامنے کھڑے ہونگے اور اُس دن تم مجرموں کو طوقوں اور بیڑیوں
مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ
میں جکڑا ہوا دیکھو گے اُنکے لئے گرتے قطران کے ہونگے
قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۝ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ
اور آگ اُنکے چہروں کو ڈھانک لیگی تاکہ اللہ ہر نفس کو
كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ
اُسکے کئے کا بدلہ دے بیشک اللہ جلد حساب لینے والا
الْحِسَابِ ۝ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا
ہے یہ قرآن نصیحت لوگوں کے لئے یہ کافی اطلاع ہے اور اس غرض سے
بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
بھی کہ وہ اسکے ذریعہ سے ڈرائے جائیں اور اسلئے بھی کہ وہ جان لیں کہ وہی ایک معبود
وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ ع ۱ ۱۹
ہے اور اسلئے بھی کہ تمام عقلا اس سے نصیحت حاصل کریں

سورۃ الحجر مکیۃ وھی تسع وتسعون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمن (اور) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝
الٓرٰ۔ یہ کتاب کی یعنی کھلے قرآن کی آیتیں ہیں

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا
جو لوگ کافر ہو گئے ہیں بہت دفعہ وہ خواہش کریں گے کہ کاش وہ
مُسْلِمِيْنَ ۝ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ
مسلمان ہوتے انکو جھوڑ دو کہ وہ کھائیں (پئیں) اور نفع اٹھائیں اور امید انکو لہو لعب
الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ
میں ڈالے رہے آگے جلد تو انکو معلوم ہی ہو جائیگا اور ہے ایک بستی بھی ایسی ہلاک نہیں کی
قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝ مَا تَسْبِقُ مِنْ
کہ اسکے لئے پہلے سے نوشتہ مقرر نہ تھا کوئی گروہ اپنے وقت مقرر سے
اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا
نہ اسکے بڑھ جائیگا اور نہ وہ پیچھے ہی رہ جائینگے اور انہوں نے کہا اے وہ
الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝ لَوْ مَا
جس پر قرآن مجید نازل کیا گیا ہے تو ضرور دیوانہ ہے اگر تو
تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝
ہمارے پاس فرشتے کیوں نہ لے آتا؟ میں سے ہوتا تو
مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا
فرشتوں کو تو ہم سوچ ہی سے بھیجا کرتے ہیں اور (کبھی) طرف بھیجتے ہیں) پھر انکو مہلت نہیں
مُّنْظَرِيْنَ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝
دیکھا جاتا بیشک ہم ہی نے ذکر کو نازل کیا ہے اور یقیناً ہم ہی اسکے محافظ ہیں
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝
اور بالتحقیق ہم نے پہلے اگلے گروہوں میں بھی رسول بھیجے ہے
وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝
اور ایک رسول بھی انکے پاس ایسا نہ آتا تھا کہ وہ اسکی ہنسی نہ اڑاتے ہوں

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ
مجرموں کے دلوں میں (بہ سبب اُنکی شرارتوں کے) ہم ایسا ہی ڈالدیا کرتے ہیں وہ اسپر ایمان نہ لائینگے
بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَوْ فَتَحْنَا
جس حال میں کہ پہلوں کی سزا دہی یہی ہوچکی ہے اور اگر ہم اُن پر آسمان کا ایک
عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝
دروازہ کھولدیں اور دن بھر اُسپر چڑھتے چلے جائیں تو بھی یہی کہینگے کہ ہماری نظربندی کردی گئی ہے
لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ
بلکہ ہم تو جادو کے مارے ہوئے لوگ ہیں
مَّسْحُوْرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ ع ۱۰
اور یقیناً ہے آسمان میں بُرج مقرر کیے اور
زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ
دیکھنے والوں کو اُسکو زینت دی اور ہر شیطان مردود سے اُسکی حفاظت کی
رَّجِيْمٍ ۝ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ
سوائے اُسکے جو چوری سے کچھ سُن لے تو پیچھے ایک چمکتا ہوا ستارہ اُسکا پیچھا
مُّبِيْنٌ ۝ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ
لیتا ہے اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اُس میں بڑے بڑے پہاڑ قائم کردئے اور ہر مناسب
وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ۝ وَجَعَلْنَا لَكُمْ
چیز اُس میں اگادی اور اُس میں تمہاری زندگی
فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ۝ وَاِنْ مِّنْ
بسر کرنے کی بھی سامان مقرر کردئے اور اُنکے بھی جنکو تم روزی دینے والے نہیں ہو ہر ایک چیز ہمارے
شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝
ہی خزانے ہیں (کے خزانے) ہمارے پاس نہیں اور ہم اُسکو مقررہ اندازہ ہی نازل کیے رہتے ہیں

وَأَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوٰقِحَ فَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
اور بھیجے پانی سے بھری ہوئی ہوائیں پھر برسائے آسمان سے پانی اکٹھا

فَأَسْقَيْنٰكُمُوهُ وَمَآ أَنتُمْ لَهُۥ بِخٰزِنِينَ ۝ وَإِنَّا
پھر پلایا تم کو وہ (پانی) حالانکہ تم تو پانی کے جمع کرنے والے نہیں ہو اور بیشک

لَنَحْنُ نُحْىِۦ وَنُمِيتُ وَنَحْنُ ٱلْوٰرِثُونَ ۝ وَلَقَدْ
ہم ہی جلاتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہم ہی اصل وارث ہیں اور البتہ جو ہو چکے

عَلِمْنَا ٱلْمُسْتَقْدِمِينَ مِنكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا ٱلْمُسْتَـْٔخِرِينَ ۝
تم میں سے جان لیا اور جو تم میں سے پیچھے آنیوالے ہیں انکو بھی ہم نے جان لیا

وَإِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۚ إِنَّهُۥ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝ وَلَقَدْ
اور یقیناً تمہارا پروردگار ہی تو انکو جمع کریگا بیشک وہی حکمت والا (اور) علم والا ہے اور بیشک

خَلَقْنَا ٱلْإِنسَٰنَ مِن صَلْصَٰلٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝
ہم نے آدمی کو کھنکھناتی مٹی ہوئی سیاہ سڑی ہوئی کیچڑ سے پیدا کیا

وَٱلْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ ٱلسَّمُومِ ۝ وَإِذْ
اور ہم ہی نے جنوں کو پہلے ہی خنایت تیز آگ سے پیدا کیا تھا اور (اسوقت کو یاد کرو)

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّى خَٰلِقٌۢ بَشَرًا مِّن صَلْصَٰلٍ
جبکہ تمہارے رب نے کل فرشتوں سے کہا تھا کہ میں ایک آدمی کو کھنکھناتی سنی ہوئی سیاہ سڑی ہوئی

مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ ۝ فَإِذَا سَوَّيْتُهُۥ وَنَفَخْتُ فِيهِ
کیچڑ سے پیدا کرنیوالا ہوں پھر جب میں اسکو بنا چکوں اور اپنی (پیدا کی ہوئی) روح اس

مِن رُّوحِى فَقَعُوا۟ لَهُۥ سَٰجِدِينَ ۝ فَسَجَدَ ٱلْمَلٰٓئِكَةُ
میں پھونک چکوں تو تم اسکے لئے سجدہ میں گر پڑنا پھر سبھی فرشتوں نے تو

كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ ۝ إِلَّآ إِبْلِيسَ ۖ أَبَىٰٓ أَن يَكُونَ مَعَ
سجدہ کیا نہ کیا تو ابلیس نے اسنے سجدہ کرنیوالوں کے ساتھ ہونے

السّٰجِدِيْنَ ○ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ
سر تابی کی (خدا نے) فرمایا کہ اے ابلیس تجھے کیا ہو گیا کہ تو نے سجدہ کرنے والوں کا
السّٰجِدِيْنَ ○ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ
ساتھ نہ دیا عرض کی کہ میں تو ایسا نہ تھا کہ ایسے شخص کو سجدہ کرتا جسے تو نے خوش کھنکتی
صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ○ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا
سنی ہوئی سیاہ سڑی ہوئی کیچڑ سے پیدا کیا ہے (خدا نے فرمایا کہ تو اس جگہ سے نکل جا
فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ○ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ
کہ تو مردود ہے اور فیصلے کے دن تک تجھ پر لعنت ہے
الدِّيْنِ ○ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ○ قَالَ
عرض کی اے میرے پروردگار تو اس دن تک کے لئے مجھے مہلت دے جس دن سب لوگ جی اٹھیں گے
فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ○ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ○
فرمایا کہ تو وقت معلوم کے دن تک کے لئے مہلت دیگئی
قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ
عرض کی کہ اے میرے پروردگار جیسے کہ تو نے مجھے اپنی توفیق سلب کر لی ہے میں بھی دنیا میں نافرمانی
وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ
کو ان کی نظر میں زینت دونگا اور انہیں سے سوائے تیرے خالص بندوں کے میں ضرور سبھی کو
الْمُخْلَصِيْنَ ○ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ○
بہکاؤنگا فرمایا علیٰ کا سیدھا راستہ ہے (یعنی وعدہ میری رضا پر ہے کسی رعایت جبر کی نہیں)
اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ
بیشک میرے بندے (جو ہیں) آپ تیرا کوئی قابو نہیں سوائے اُنکے جو گمراہ ہونے والوں میں
اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ○ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ
سے تیرے پیرو ہو جائیں اور یقیناً جہنم اُن سب کی وعدہ گاہ ہے

محمد خدا نے تعالیٰ کی مراد سوائے ائمہ اور اُنکے شیعوں کے اور کوئی نہیں ہے۔ ۱۲

اجْمَعِيْنَ ۝ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ
جمکے سات دروازے ہیں اُن میں سے ہر دروازہ کے لئے بٹا ہوا

جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ۝ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝
حصہ (مقرر) ہے بیشک پرہیزگار لوگ بہشتوں اور چشموں (والی جگہ) میں ہونگے

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ
(اُنسے کہا جائیگا کہ) یہیں امن (و سلامتی) کے ساتھ جاؤ۔ اور اُنکے دلوں میں جو کچھ کینہ ہو گا ہم نکال ڈالیں گے

مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ لَا يَمَسُّهُمْ
اور وہ بہشتوں پر ایک دوسرے کے مقابل بھائی بھائی کی حیثیت سے بیٹھے ہونگے نہ اُن جنتوں میں اُنکو کوئی رنج

فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ۝ نَبِّئْ عِبَادِيْ
پہنچیگا وہ اُنسے نکالے جائینگے (اے رسول) میرے بندوں کو

اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ
خبر دے دو کہ میں ہی بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہوں اور یہ کہ میرا عذاب بھی دردناک عذاب

الْاَلِيْمُ ۝ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا
ہے اور اُنکو ابراہیم کے مہمانوں کا واقعہ سُنا دو کہ جب وہ اُنکے پاس

عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ۝ قَالُوْا
آئے اور اُنہوں نے سلام کیا تو (ابراہیمؑ نے) کہا کہ ہم تو تمسے ڈرتے ہیں اُنہوں نے کہا کہ

لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ
(آپ) خوف نہ کیجئے ہم تو آپکو ایک صاحب علم لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں (ابراہیمؑ نے) کہا کیا تم مجھکو

عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ۝ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ
حال میں کہ مجھے بڑھاپا پہنچ گیا ہے خوشخبری دیتے ہو کس بات کی خوشخبری دیتے ہو اُنہوں نے کہا کہ ہم تو آپکو ٹھیک

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ۝ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ
خبر دیتے ہیں پس آپ مایوس ہونیوالوں میں سے نہ ہوں فرمایا سوائے گمراہوں کے اپنے

ع ۱۴ ۳ ۶ ۱۰ ۱۲ ۱۵ ۱۸ ۲۱ ۲۴ ۲۷ ۳۰ ۳۳ ۳۶ ۳۹ ۴۲ ۴۵ ۴۸ ۵۱ ۵۴ ۵۷ ۶۰ ۶۳ ۶۶ ۶۹ ۷۲ ۷۵ ۷۸ ۸۱ ۸۴ ۸۷ ۹۰ ۹۳ ۹۶ ۹۹

ع ۱۴ ۱ ۴ ۷ ۱۰ ۱۳ ۱۶ ۱۹ ۲۲ ۲۵ ۲۸ ۳۱ ۳۴ ۳۷ ۴۰ ۴۳ ۴۶ ۴۹ ۵۲ ۵۵ ۵۸ ۶۱ ۶۴ ۶۷ ۷۰ ۷۳ ۷۶ ۷۹ ۸۲ ۸۵ ۸۸ ۹۱ ۹۴ ۹۷

ع ۱۴ ۲ ۵ ۸ ۱۱ ۱۴ ۱۷ ۲۰ ۲۳ ۲۶ ۲۹ ۳۲ ۳۵ ۳۸ ۴۱ ۴۴ ۴۷ ۵۰ ۵۳ ۵۶ ۵۹ ۶۲ ۶۵ ۶۸ ۷۱ ۷۴ ۷۷ ۸۰ ۸۳ ۸۶ ۸۹ ۹۲ ۹۵ ۹۸

ع ۱۴ ۱ ۴ ۷ ۱۰ ۱۳ ۱۶ ۱۹ ۲۲ ۲۵ ۲۸ ۳۱ ۳۴ ۳۷ ۴۰ ۴۳ ۴۶ ۴۹ ۵۲ ۵۵ ۵۸ ۶۱ ۶۴ ۶۷ ۷۰ ۷۳ ۷۶ ۷۹ ۸۲ ۸۵ ۸۸ ۹۱ ۹۴ ۹۷

ع ۱۴ ۲ ۵ ۸ ۱۱ ۱۴ ۱۷ ۲۰ ۲۳ ۲۶ ۲۹ ۳۲ ۳۵ ۳۸ ۴۱ ۴۴ ۴۷ ۵۰ ۵۳ ۵۶ ۵۹ ۶۲ ۶۵ ۶۸ ۷۱ ۷۴ ۷۷ ۸۰ ۸۳ ۸۶ ۸۹ ۹۲ ۹۵ ۹۸

ع ۱۴ ۳ ۶ ۱۰ ۱۲ ۱۵ ۱۸ ۲۱ ۲۴ ۲۷ ۳۰ ۳۳ ۳۶ ۳۹ ۴۲ ۴۵ ۴۸ ۵۱ ۵۴ ۵۷ ۶۰ ۶۳ ۶۶ ۶۹ ۷۲ ۷۵ ۷۸ ۸۱ ۸۴ ۸۷ ۹۰ ۹۳ ۹۶ ۹۹

مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ۝ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

رب کی رحمت سے نا امید کون ہو سکتا ہے؟ پھر فرمایا کہ اے اچنبھا لوگو کیا ہم

اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ

درپیش ہے؟ عرض کی ہم ایک مجرم گروہ کی طرف عذاب دینے کے لئے

مُّجْرِمِيْنَ ۝ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

بھیجے گئے ہیں سوا ہے آل لوط کے کہ ان سب کو ہم ضرور بچا دینگے

اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۭ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَ

مگر زوجہ لوط (جسکی نسبت) ہمنے کیا ہے کہ وہ ضرور پیچھے رہنے والوں میں ہوگی پھر سوقت یہ بھیجی

اٰلَ لُوْطِ ۨ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝

لوط کے گنبد کے پاس پہنچے تو لوط نے فرمایا کہ تم تو اجنبی (معلوم ہوتے) ہو

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝ وَ

انہوں نے کہا کہ ہم تو آپکے پاس وہ چیز لیکر آئے ہیں جسمیں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور

اَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ

ہم آپکے پاس برحق حکم لیکر آئے ہیں اور ہم ضرور سچے ہیں پس آپ کچھ رات رہے سے

بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ

اپنے کنبہ کو چلتا کیجئے اور خود انکے پیچھے پیچھے جائیے اور آپ میں سے

مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝ وَ

کوئی پیچھے پھر کر نہ دیکھے اور جہاں تمکو حکم دیا گیا ہے وہاں چلے جاؤ اور یہ حکم

قَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۗءِ

ہمنے قطعی طور سے انکو سنا دیا کہ صبح ہوتے ہوتے ان لوگوں کی جڑ

مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ۝ وَجَاۗءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

کاٹ دیجائیگی اور اس شہر کے لوگ خوش ہوتے ہوئے

يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۝
آئے (لوگوں) فرمایا کہ یہ میرے مہمان ہیں پس تم مجھے فضیحت نہ کرو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ۝ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ
اور اللہ سے ڈرو اور مجھے رسوا نہ کرو وہ کہنے لگے کیا ہم نے آپ کو لوگوں کے مہمان کرنے

الْعٰلَمِيْنَ ۝ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝
سے منع نہیں کر دیا تھا؟ فرمایا کہ اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے تو یہ میری بیٹیاں حاضر ہیں

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ
(اے رسُول) تمہاری جان کی قسم وہ یقیناً اپنے نشے میں لڑکھڑا رہے تھے پس سورج نکلتے نکلتے

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ۝ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَ
انہیں چیخ نے آلیا پھر ہم نے اُن بستیوں کو زیر و زبر کر دیا اور (اوپر سے)

اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
ہم نے اُن پر پتھر برائی ہوئی مٹی کے ڈھیلے برسائے یقیناً اس (واقعہ) میں سمجھنے والوں

لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ۝ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ۝ اِنَّ
کے لئے نشانیاں ہیں اور یقیناً وہ (یعنی اُن بستیوں کے نشان) قائم راستہ پر موجود ہیں اس

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ
(واقعہ) میں بیشک مومنوں کے لئے ایک نشانی ہے اور بن والے یقیناً

الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ
نافرمان تھے پس ہم نے اُنسے بھی بدلہ لیا اور ان دونوں کے نشانات کھلے

مُّبِيْنٍ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝
راستہ پر ہیں اور حجر والوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا تھا

وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ وَكَانُوْا
اور ہم نے اُنکو نشانیاں دی تھیں پھر وہ اُنسے روگرداں رہے اور پہاڑوں کو

الجزء ۱۴ — ع ۱۹ — ۵

يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا اٰمِنِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ
تراش تراش کر امن والے مکان بناتے رہے پھر صبح ہوتے انکو چنگھاڑ نے
مُصْبِحِيْنَ ۝ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝
آلیا پس جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے وہ انکے کچھ کام نہ آیا
وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا
اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے اسکو
بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ ۭ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ۝
ٹھیک ٹھیک ہی پیدا کیا اور قیامت یقیناً آنیوالی ہے پس تم خوبی کے ساتھ درگزر کرتے رہو
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا
بیشک تمہارا پروردگار وہی تو پیدا کرنیوالا اور واقف کار ہے اور بیشک ہم نے آپ کو (بار بار) دہرائی جانیوالی سات
مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝ لَا تَمُدَّنَّ
آیتیں (سورۂ فاتحہ) اور عظمت والا قرآن عطا کیا ہے
عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ
جن چیزوں سے ہم نے انکی طرف نظر نہ ڈالو اور نہ انکے لئے رنجیدہ
عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقُلْ اِنِّيْٓ
ہو اور مؤمنوں سے تواضع کے ساتھ پیش آتے رہو اور کہدو کہ میں تو
اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ۝ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ۝
صاف صاف ڈرانیوالا ہوں جیسے ہم نے قہر یہ قرآن اسی طرح نازل کیا جیسا ہم نے ان مکر کرنیوالوں پر نازل کیا تھا
الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ۝ فَوَرَبِّكَ
جنہوں نے اپنے قرآن کو پارہ پارہ کر دیا تھا پس تیرے پروردگار کی قسم ہے
لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝
ربع جو کچھ بھی یہ کیا کرتے تھے اسکے بارے میں ہم ضرور ان سبھی سے تو باز پرس کریں گے

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ○
پس کہو جو تم کو حکم دیا جاتا ہے اور پھیر دو منہ مشرکوں سے اور ان کی زیادہ پروا نہ کرو

إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ ○ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ
ہم بس ہیں تمہارے لئے ہنسی اڑانے والوں کے شر سے جو بناتے ہیں

مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ○ وَلَقَدْ نَعْلَمُ
اللہ کے ساتھ اور معبود قرار دیتے ہیں پھر آگے چلکر وہ (بھی حقیقت حال) جان لینگے اور ہم جانتے ہیں

أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ○ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
کہ جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں تم اس سے دلتنگ ہوتے ہو پس تم اپنے رب کی تسبیح و تحمید

وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ ○ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ ○
اور سجدے کرو اور جب تک تمہاری موت نہ آئے اپنے رب کی عبادت کرتے رہو

ع ۶ ۱۰ ۱۶

سُورَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَثَمَانٌ وَعِشْرُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

أَتَىٰ أَمْرُ اللَّهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوهُ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ
خدا کا امر آگیا پس اسکے لئے جلدی نہ کرو جن چیزوں کو یہ شریک قرار دیتے ہیں اس سے

عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ يُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ
وہ منزہ و برتر ہے فرشتوں کو عالم ملکوت سے وحی دیکر اپنے بندوں میں سے

أَمْرِهِ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ أَنْ أَنْذِرُوا
جس پر چاہتا ہے نازل فرماتا ہے کہ لوگوں کو یہ جتلا دو کہ میرے سوا کوئی معبود

أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاتَّقُونِ ○ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ
نہیں ہے بس مجھ ہی سے ڈرو اسنے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ خَلَقَ
غرض صحیح کے ساتھ پیدا کیا ہے (اور) ان چیزوں کو لوگ اسکا شریک قرار دیتے ہیں ان سب سے برتر ہے اس نے
الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝
انسان کو نطفے سے پیدا کیا پھر یکایک وہی انسان کھلا جھگڑنے والا بنگیا
وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا
اور چوپائے اسی نے پیدا کئے کہ تمہارے لئے (ان میں) جاڑے کا سامان بھی ہے اور نفع بھی اور
تَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ
(اسی سے تم کھانے بھی ہو اور انہی میں تمہارے لئے جب شام کو پھر آن سے لاتے اور لیجاتے ہو زینت بھی)
تَسْرَحُوْنَ ۝ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا
ہے اور وہی چوپائے تمہارے بھاری بھاری بوجھ (ان شہروں تک) لاد کر لیجاتے ہیں
بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ
جن تک تم بغیر سخت جانکاہی کے پہنچ ہی نہ سکتے جبکہ تمہارا رب بڑا شفقت کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا
رَّحِيْمٌ ۝ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا
ہے اور (اسی نے) گھوڑے اور خچر اور گدھے (پیدا کئے) تاکہ تم انپر سوار ہو اور
وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ
(وہ تمہاری) زینت ہو اور (آئندہ) وہ ایسی ایسی (سواریاں) پیدا کریگا جنکو تم نہیں جانتے اور اللہ کے ذمہ ہے کہ (تم کو) سیدھا رستہ
السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ ع ۱۶
بتا دینا اور (اسی میں سے ایک ٹیڑھا بھی جاتا ہے اور اگر اسکو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی رستہ پر چلا دیتا
هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ
وہ وہی ہے جسنے آسمان سے تمہارے لئے پانی اتارا ہے جسمیں سے تم پیتے بھی ہو اور اسی سے
وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ
درخت بھی پیدا ہوتے ہیں جن میں تم (مویشی) چراتے ہو اسی پانی سے وہ

الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ

تمہارے لئے کھیتی پیدا کرتا ہے اور زیتون کے درخت اور کھجور کے درخت اور انگور اور ہر طرح کے پھل

الثَّمَرٰتِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

بیشک غور و فکر کرنے والوں کے لئے اسی میں ایک نشانی موجود ہے

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ

اور اسنے رات کو اور دن کو اور سورج کو اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا ہے

وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور ستارے اسی کے حکم کے تابع ہیں بیشک عقل رکھنے والوں کے لئے اسمیں بھی بہت سی

يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا

نشانیاں موجود ہیں اور جو کچھ تمہارے نفع کے لئے اسنے زمین میں پیدا کیا ہے وہ رنگ برنگ کی

اَلْوَانُهٗ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝ وَهُوَ

بیشک یاد رکھنے والوں کے لئے اس میں (بھی) نشانی موجود ہے اور وہ (خدا)

الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا

وہی ہے جسنے سمندر کو (تمہارا) مطیع کر دیا ہے کہ تم اس میں سے تازہ تازہ گوشت کھاؤ اور

مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ

اس میں سے زیور کی چیزیں نکالکر پہنو اور تم دیکھتے ہو کہ جہاز اسکو چیرتے ہوئے چلے جاتے

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاَلْقٰى

ہیں اور (اس مطیع کر دینے سے غرض) یہ ہے کہ تم خدا کے فضل کے خواستگار ہو اور یہ کہ شکر گزار ہو اور زمین

فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا

میں اسنے بڑے بڑے پہاڑ قائم کر دئے کہ تمکو لیکر وہ کسی طرف جھک نہ جائے اور ندیاں اور رستے

لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ

بنا دئے کہ تم راہ پاؤ اور علامتیں مقرر کر دیں اور ایک مقررہ ستارہ کے ذریعہ سے

يَهْتَدُونَ ۝ أَفَمَن يَخْلُقُ كَمَن لَّا يَخْلُقُ ۚ أَفَلَا

لوگ راہ پا لیتے ہیں کیا وہ جو پیدا کرتا ہے اُسکے مانند ہو سکتا ہے جو کچھ بھی نہیں پیدا کر سکتا کیا تم اتنا

تَذَكَّرُونَ ۝ وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَةَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ

نہیں سمجھتے اور اگر تم اللہ کی نعمت کا شمار کرو گے تو اُسے پورا گن نہ سکو گے

إِنَّ اللَّهَ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ

بیشک اللہ بڑا بخشنے والا اور بڑا رحم کرنیوالا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو

وَمَا تُعْلِنُونَ ۝ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ

اللہ اسکو خوب جانتا ہے اور اللہ کے سوا یہ جنکو پکارتے ہیں وہ ایک چیز (بھی) پیدا

لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ۝ أَمْوَاتٌ غَيْرُ

نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود پیدا کئے جاتے ہیں مُردے ہیں زندہ

أَحْيَاءٍ ۖ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ۝ إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ ع ۱۲/۲

نہیں ہیں اور یہ بھی نہیں جانتے کہ دوبارہ کب اُٹھائے جائینگے تمہارا معبود معبود یکتا

وَاحِدٌ ۚ فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُم

ہے پھر وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے دل اُنکے کافر ہیں

مُّنكِرَةٌ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ ۝ لَا جَرَمَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ

اور وہ خود بڑا بننا چاہتے ہیں بیشک یہ ضرور ہے کہ جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور

مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ

جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں اُس سب کو اللہ جانتا ہے البتہ وہ بڑا بننے والوں کو دوست نہیں رکھتا

وَإِذَا قِيلَ لَهُم مَّاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوا أَسَاطِيرُ

اور جب وہ اُنسے کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے یہ کیا نازل کیا ہے تو کہدیتے ہیں کہ یہ تو پہلوں کی

الْأَوَّلِينَ ۝ لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

کہانیاں ہیں نتیجہ یہ ہوگا کہ قیامت کے دن اپنے بوجھ تو یہ پورے پورے اُٹھائینگے

وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ اَلَا سَآءَ
اور جن لوگوں کو بےسمجھے بوجھے گمراہ کرتے ہیں اُنکے بار سے بھی حصہ لینگے خبردار جو کچھ یہ
مَا يَزِرُوْنَ ۝ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ
لیتے ہیں بُرا لیتے ہیں! جو اسے پہلے تھے چال تو وہ بھی چلے تھے پھر اللہ نے اُنکی جڑ
بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ
بنیاد سے اُکھیڑ دی تھی پھر اوپر سے اُنپر چھت
مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ
گر پڑی تھی اور عذاب اُنپر اس طرح سے آیا تھا کہ وہ
لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ
سمجھے ہی نہ تھے پھر قیامت کے دن اُنکو ذلیل کریگا اور یہ فرمائیگا کہ اب وہ
اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ
میرے شریک کہاں ہیں جنکے سبب سے تم (پیغمبر) سے لڑائی کیا کرتے تھے (اور) جنکو علم
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ
دیا گیا تھا وہ یہ فرمائینگے کہ آج کے دن کی ذلت اور بُرائی اُنہی
عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ
کافروں کے لئے ہے جنکا فرشتے اس حالت میں خاتمہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر
اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ۭ
ظلم توڑ (بیٹھے) ہوں اور (موت دیکھکر) صلح کے خواستگار ہوں اور یہ کہیں کہ ہم تو کوئی بدی
بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ فَادْخُلُوْٓا
کرتے ہی نہ تھے بیشک جو کچھ تم کیا کرتے تھے اللہ اُسے خوب واقف ہے پس تم جہنم کے دروازے
اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝
میں چلے جاؤ ہمیشہ تم اُسی میں رہوگے سو تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا بہت ہی بُرا ہے

ع ۱۴

النحل ۱۶

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ

اور جو لوگ پرہیزگار ہیں اُنسے یہ کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا نازل کیا ہے

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

تو وہ کہتے ہیں خیر (نازل کی ہے) جو نیکی کرتے ہیں اُنکے لئے اس دنیا میں بھی نیکی ہے اور آخرت کا گھر

خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا

بہتر ہے اور پرہیزگاروں کا گھر اور بھی اچھا ہے دوامی باغات ہیں جن میں وہ داخل ہونگے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ ۭ

اُنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی (اور) اُن میں جو کچھ وہ چاہینگے اُنکو ملیگا اُن پرہیزگاروں کو

كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ

خدا ایسے ہی جزا دیگا جنکا خاتمہ فرشتوں نے ایسی حالت میں

الْمَلٰۗىِٕكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا

کیا ہوگا کہ وہ پاک وصاف ہوتے اور فرشتے اُنسے یہ کہتے ہوئے سلام علیکم ہو عمل تم

الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ

کیا کرتے تھے اُسکے عوض تم جنت میں جاؤ کیا یہ اسکے انتظار میں ہیں کہ فرشتے

اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ كَذٰلِكَ

انکے پاس آجائیں یا تمہارے پروردگار کا حکم (عذاب) انپر آجائے یہ جو اُنسے پہلے

فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ

تھے اُنہوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا اور اللہ نے اُنپر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ

اپنی جانوں پر (آپ) ظلم کیا کرتے تھے پھر اُنکی کرتوت کی برائی انہیں ملی

ع ۱۰ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

اور جس چیز کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُنکو آن گھیرا

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ

اور جن لوگوں نے شرک کیا تھا انہوں نے یہ کہہ دیا کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اُسکے سوا کسی اور

دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ

چیز کی عبادت ہی نہ کرتے نہ ہم اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ اُسکے حکم بغیر ہم کسی چیز کو حرام

مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ

قرار دیتے ایسا ہی اُنہوں نے بھی کیا تھا جو اُنسے پہلے تھے تو کیا رسولوں

عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ

کے ذمہ کھلا پیغام پہنچا دینے کے سوا کچھ اور بھی ہے اور بیشک ہمنے ہر اُمت میں ایک رسول

اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ

(اس پیغام کے ساتھ) بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے بچو

فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ

پس ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسکو اللہ نے ہدایت فرمائی اور اُنمیں کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسپر اپنی

الضَّلٰلَةُ ۭ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

گمراہی متحقق ہوگئی پس تم زمین میں چلو پھرو اور غور سے دیکھو کہ جھٹلانیوالوں

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى

کا انجام کیسا ہوا؟ (اے رسول) اگر تم انکو راہ راست پر لانے میں

هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ

حریص ہو تو اللہ جس سے توفیق ہدایت سلب کر لیتا ہے اُسکی راہبری نہیں فرماتا اور کوئی

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ

انکا مددگار نہ ہوگا اُنہوں نے اللہ کی سخت سے سخت قسم کھا کر کہا کہ جو مر جائیگا اُسکو اللہ

لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ۭ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا

ہرگز نہیں اُٹھائیگا ضرور (اُٹھائیگا) مگر (اُسکے ذمہ) اُسکے بارے میں پختہ وعدہ ہے

وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي

لیکن اکثر لوگ علم نہیں رکھتے (یہوٹ کرنیکی غرض یہ ہوئی) کہ جس بات میں وہ

يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ

اختلاف کیا کرتے تھے وہ اُنکے لئے کھولکر بیان کردے اور جو کافر ہوگئے تھے وہ یہ جان لیں کہ خود

كَانُوا كَاذِبِينَ ۝ إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَنْ

وہ یقیناً جھوٹے تھے ہم جب کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہمارا اُس سے اتنا کہنا کافی

نَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ۝ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ

ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے اور وہ لوگ جنہوں نے بعد اسکے کہ اُنپر ظلم

مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً

کیا گیا خدا کی خوشنودی کے لئے ہجرت کی ہم ضرور بالضرور اُنکو دنیا میں اچھی جگہ دیں گے

وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ الَّذِينَ

اور آخرت کا اجر تو بہت ہی بڑا ہوگا کاش وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور جو اپنے پروردگار

صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا

پر بھروسہ رکھتے ہیں اسکو جانتے ہوتے اور (رسول) تجھ سے پہلے ہے آدمیوں

مِنْ قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُوحِي إِلَيْهِمْ فَسْئَلُوا أَهْلَ

ہی کو کتابوں اور معجزوں کے ساتھ بھیجا تھا جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے پس (اے کفار مکہ)

الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ

اگر تم نہیں جانتے اہل الذکر (یعنی آل سوال خدا) سے پوچھلو اور تمہاری طرف یہ قرآن نازل کیا

وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ

تاکہ جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُسے تم لوگوں کے لئے کھولکر بیان کردو

وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۝ أَفَأَمِنَ الَّذِينَ مَكَرُوا

کہ وہ غور و فکر کریں جو بُری چال چلے ہیں

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ
کیا وہ اس سے مطمئن ہوگئے ہیں کہ خدا انکو زمین میں دھسا دے یا عذاب اُن پر
الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ
اس طرح آئے کہ وہ سمجھ نہ سکیں یا انکی آمد و رفت میں
فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى
انکو گرفتار کرلے کہ وہ خدا کو عاجز نہیں کرسکتے یا انکو ڈر کی حالت میں دھر پکڑے
تَخَوُّفٍ ۭ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا
بیشک تمہارا پروردگار بڑا نرمی کے ساتھ معاملہ کرنیوالا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے کیا انہوں نے اپنی چیزوں
اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ
کی طرف نہیں خیال کیا جنکو اللہ نے پیدا کیا ہے کہ انکے سائے داہنی سے اور بائیں سے
وَالشَّمَاۗىِٕلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ
خدا کے واسطے سجدے میں (پڑے) ہیں اور وہ (اسکے) مطیع و منقاد ہیں اور جو حرکت کرنیوالے
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَاۗبَّةٍ وَّالْمَلٰۗىِٕكَةُ
آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ فرشتے بھی (جنکا
وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ
کوئی معین مقام نہیں ہے) اور یہ سب کبر نہیں کرتے اپنے پروردگار سے جو اُنکے اوپر ہے ڈرتے ہیں
فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا
اور جو حکم انکو دیا جاتا ہے وہی بجا لاتے ہیں اور اللہ نے یہ فرمایا کہ دو خدا نہ بناؤ
اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ
سوائے اسکے نہیں ہے کہ وہ معبود یکتا ہے پس مجھ ہی سے
فَارْهَبُوْنِ ۝ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ
ڈرو اور آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اُسی کا ہے اور واجب

الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ۝ وَمَا بِكُمْ

طور پر اطاعت اسی کے لئے ہے تو کیا اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرو گے؟ اور جو نعمت (بھی) تمکو

مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ

ملی ہے وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب کوئی مصیبت تم پر پڑتی ہے تو اسی سے فریاد

تَجْـَٔرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ

کرتے ہو پھر جب وہ مصیبت تم سے دور کر دیتا ہے تو اسی دم تم ہی میں سے ایک

بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا

گروہ اپنے رب کا شریک قرار دینے لگتا ہے تاکہ جو کچھ ہمنے انکو عطا کیا ہے اسکے متعلق وہ کفران نعمت

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ

کریں اب تم نفع اٹھالو آگے چلکر تمہیں معلوم ہی ہو جائیگا اور جو رزق ہمنے انکو دیا ہے ہمکا ایک حصہ ان (معبودوں)

نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ

خداؤں کے لئے بھی مقرر کرتے ہیں جنکو یہ بھی نہیں جانتے خدا کی قسم جو جھوٹی باتیں تم بنا رہے ہو اسکے متعلق تم سے

تَفْتَرُوْنَ ۝ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ

ضرور باز پرس کیجائیگی اور اللہ کے لئے بیٹیاں قرار دیتے ہیں (اے) سبحان اللہ اور اپنے لئے

مَّا يَشْتَهُوْنَ ۝ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ

جو بھی چاہتے ہیں وہ (یعنی بیٹے) اور اُن میں سے جب کسی کو بیٹی کی ولادت کی خوشخبری سنائی جاتی ہے تو سارا دن

وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝ يَتَوٰرٰى مِنَ الْقَوْمِ

کے اندھکار سے سیاہ ہو جاتا ہے جس بات کی خوشخبری اسے دیجیئ تھی اسے ناگوار سمجھنے کے باعث

مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ

لوگوں سے پوشیدہ رہتا ہے (اور سوچتا ہے) کہ باوجود ذلت کے اسے باقی رہنے دے یا چھپا

يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝

مٹی میں دفن کر دے غور تو کرو یہ کیسے برے فیصلے کرتے ہیں

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ
جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے انکے لئے بُری حالت ہے اور اللہ کے لئے شان
الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَلَوْ يُؤَاخِذُ
اعلےٰ ہے اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اور اگر خدا لوگوں
اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَاۗبَّةٍ وَّلٰكِنْ
آدمیوں کے ظلم کے سبب انکے مواخذہ کرتا تو زمین پر کسی چلنے والے کو باقی نہ رکھتا لیکن
يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَاۗءَ اَجَلُهُمْ
وہ تو ایک وقت مقرر تک کے لئے انکو مہلت دیئے ہوئے ہے پھر جب انکا وقت آجائیگا تو
لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ وَ
ایک گھڑی بھر اُس سے نہ پیچھے رہینگے اور نہ آگے بڑھینگے اور
يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ
اللہ کے لئے وہی چیز قرار دیتے ہیں جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں اور انکی زبانیں جھوٹ بیان
اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ۭ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ
کرتی ہیں کہ (بھی) اچھی چیزیں خود انہی کے لئے ہیں ضرور جہنم انکے لئے ہے اور بیشک وہ (اسمیں) ڈالے
مُّفْرَطُوْنَ ۝ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ
جائینگے بڑھا جائینگے خدا کی قسم ہمنے تم سے پہلے اکثر قوموں کی طرف پیغمبر بھیجے
قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ
تھے پس شیطان نے انکے اعمال کو انکی نظروں میں زینت دیدیا تھا سو اُس دن وہی انکا
الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ
حمایتی ہوگا اور انکے لئے کر دناک عذاب ہوگا (اور اے رسول) ہمنے کتاب تم پر صرف اس غرض
الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى
سے نازل کی ہے کہ جس جس بارے میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں تم انہیں لوگوں کو کھول کر بیان کر دو

وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ وَاللّٰهُ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ
اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اُنکے لئے ہدایت اور رحمت ہو اور اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا
مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً
اور اُسی کے ذریعہ سے زمین کو اُسکی مرت کے بعد زندہ کردیا بیشک اسمیں اُن لوگوں کے لئے
لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ۝ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ع ۱۴
جو سنتے ہیں نشانی موجود ہے اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں عبرت موجود ہے
نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا
ہم اُنکے پیٹ میں جو گوبر اور خون وغیرہ ہے اُس سے الگ کرکے خالص دودھ تمکو پلاتے ہیں
خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ ۝ وَمِن ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ
جو پینے والوں کو بہت ہی گوارا ہوتا ہے اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم نشہ کی
وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا ۚ
چیز بھی بنا لیا کرتے ہو اور اچھی روزی (بھی) بیشک اسمیں سمجھنے والوں کے لئے
إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ
اسی میں نشانی (موجود) ہے اور تمہارے پروردگار نے
إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ
شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالدی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنالے اور درختوں میں اور
وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ۝ ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي
اُن (چھتوں) میں جو لوگ بناتے ہیں پھر ہر پھل میں سے تو کھا اور اپنے پروردگار کے
سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ
راستوں میں جو (خدا کے) حکم سے تجھ پر کھولے ہوئے ہیں چلی جا اسی مکھی کے پیٹ سے ایک شربت رنگ رنگ کا
مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ
نکلتا ہے جس میں آدمیوں کے لئے شفا ہے بیشک غور و فکر کرنیوالوں کے لئے

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ

اسی میں ایک نشانی ہے جو غور کرتے ہیں اور اللہ نے تمکو پیدا کیا ہے پھر وہی تمارا اختیار کرتا ہے

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ

اور تم میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو نکمی عمر کو پہنچ جاتا ہے کہ جاننے کے بعد پھر وہ علم سے

بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ فَضَّلَ ع ۵ ۱۵

لاعلم ہو جائے بیشک اللہ جاننے والا (اور) قدرت والا ہے اور خدا نے روزی (دینے) میں

بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا

تم میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے پس وہ جنکو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنا رزق اپنے

بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰي مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ

مانحتوں کو دینے والے نہیں ہیں مزدور ہونے میں تو وہ سب برابر ہیں پھر کیا وہ اللہ کی نعمت

سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

کا انکار کرتے ہیں اور اللہ نے تمارے ہی جنس میں سے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

تمارے لئے ازواج مقرر کی ہیں اور تمارے ازواج سے تمارے لئے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ

بیٹے اور پوتے بنادئے اور اچھی اچھی چیزوں نہیں عطا فرمائیں کیا پھر بھی وہ باطل پر

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۝ وَيَعْبُدُوْنَ

ایمان لائینگے اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے جائینگے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ

اور اللہ کو چھوڑ کر انکی عبادت کرتے ہیں جو آسمان کی اور زمین کی کسی چیز کا اختیار

وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ

نہیں رکھتے کہ انکو کچھ روزی کے دیدیں اور نہ کچھ اور کر سکتے ہیں پس اللہ کی نسبت

رسول خدا اور دین اسلام مراد ہیں ۱۲

أَلَا مَثَلٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ ضَرَبَ اللَّهُ

بیشک اللہ (سب کچھ) جانتا ہے اور تم (کچھ) نہیں جانتے اللہ نے ایک (ایسے) غلام

مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوكًا لَّا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَمَن

کی مثال دی ہے جو دوسرے کی ملک ہو اور کسی چیز کا اختیار نہ رکھتا ہو اور (اسکی جسکو

رَّزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرًّا

ہمنے اپنے پاس سے اچھی روزی دے رکھی ہو اور وہ اسمیں سے پوشیدہ اور ظاہر خوب

وَجَهْرًا ۖ هَلْ يَسْتَوُونَ ۖ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ

خرچ کرتا ہو آپا یہ برابر ہیں (ہرگز نہیں) ہر قسم کی تعریف خدا ہی کے لئے ثابت ہے لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا

(کچھ) نہیں جانتے اور اللہ نے دو شخصوں کی مثل بیان کی ہے کہ ایک تو ان میں سے

أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوْلَاهُ أَيْنَمَا

پیدائشی گونگا ہو جو کسی چیز پر قادر نہ ہو اور وہ اپنے سرپرست پر بار بھی ہو کہ جدھر وہ

يُوَجِّههُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۖ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ وَمَن

اسکو بھیجے تو وہ کوئی کام بھی بھلائی کرکے نہ لائے کیا وہ اور وہ شخص برابر ہو سکتا ہے جو

يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَلِلَّهِ

ع ۱۰ ۷۶ ۶۶

انصاف پر قائم رہنے کا حکم دیتا ہو اور خود بھی راہ راست پر ہو؟ اور

غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَا أَمْرُ السَّاعَةِ إِلَّا

آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں خدا ہی سے متعلق ہیں اور (قیام) قیامت تک کا معاملہ ایک پلک

كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

جھپکنے کا یا اس سے بھی کم کا ہوگا بیشک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

قَدِيرٌ ۝ وَاللَّهُ أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ

اور اللہ نے تمکو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس طرح نکالا کہ تم

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

کچھ بھی نہ جانتے تھے اور اُسی نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنا دئے

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى

تاکہ تم شکر ادا کیا کرو کیا ان لوگوں نے آن پڑ ہیں

الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ۭ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ۭ

کی طرف جو آسمان سے غلاموں تابع فرمان اُڑتے رہتے ہیں کیا انہیں خیال نہیں کیا اُن کو سوائے خدا کے کوئی

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ

روکے ہوئے ہے بیشک ایمان والوں کو اسی میں نشانیاں موجود ہیں اور اللہ تمہارے لئے

لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ

تمہارے گھروں میں آرام کی جگہ بنائی اور تمہارے لئے جو پایوں کی کھال سے مکان (یعنی خیمے) مقرر کردئے

بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ

جنکو تم اپنے کوچ کے دن اور مقام کے دن (اٹھانے بٹھانے میں) ہلکا بھلکا پاتے ہو

وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا

اور بھیڑوں کی اُون سے اور اونٹوں کی اُون سے اور بکریوں کے بالوں سے تمہارے لئے اوڑھنے

اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا

بچھانے کے سامان اور نفع اٹھانے کا اسباب ایک وقت معین تک کو (مقرر کر دیا) اور اللہ جو چیزیں اللہ نے

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

پیدا کی ہیں اُن میں سے بعض کو سایہ تمہارے لئے بنا دیا اور پہاڑوں میں تمہارے بسنے کے لئے محفوظ مقام مقرر کردئے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ۭ

اور تمہارے لئے ایسے کپڑے پیدا کئے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے لباس بنائے جو لڑائی میں تمہاری حفاظت کریں

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ۝

تمہارے لحاظ سے اس طرح وہ اپنی نعمت تمہارے اوپر پوری کرتا ہے تاکہ تم حقیقی اطاعت کرو

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ۝ يَعْرِفُونَ

اسپر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو تمہارے ذمہ تو صرف کھولکر پہنچا دینا ہے وہ اللہ کی

نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُونَ ۝

نعمت کو پہچانتے ہیں پھر بھی اسکا انکار کرتے ہیں حال یہ ہے کہ اُن میں سے اکثر کافر ہیں

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ

اور جسدن ہم ہر اُمت کے ایک گواہ کو بلا بھیجے پھر وہ لوگ جو کافر ہوئے ہیں اُنکو کوئی اجازت

لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ

نہ دیجائیگی اور نہ اُنکا کوئی عذر سُنا جائیگا اور جسوقت وہ لوگ جنہوں نے

ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ

ظلم کیا ہے عذاب کو دیکھینگے پھر نہ اُنکا عذاب کم کیا جائیگا اور نہ اُنکو مہلت دیجائیگی

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۖ فَابْعَثُوا أَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِ
جتنا عرصہ بھی ہوا اسے تو تمہارا پروردگار خوب واقف ہے پس تم اپنے میں سے ایک کو یہ روپیہ دیکر
إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيَنْظُرْ أَيُّهَا أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُمْ بِرِزْقٍ
اس شہر کی طرف بھیجو کہ وہ جاکر دیکھے کہ کونسا کھانا پاکیزہ ہے؟ پس وہ اُس میں سے تمہارے لئے کچھ کھانا
مِنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ۝ إِنَّهُمْ إِنْ
لے آئے اور چاہیے کہ نرمی سے جائے اور کسی کو تمہاری مطلق خبر نہ کرے بیشک اگر وہ لوگ تم پر
يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَ
غالب آگئے تو تمکو سنگسار کر دینگے یا تمکو اپنے مذہب میں دوبارہ (جبراً) ملا لینگے اور اُس
لَنْ تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ۝ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوا
صورت میں تم کبھی فلاح نہ پاؤ گے اور اسطرح ہم نے لوگوں کو اُنکے حال پر مطلع کر دیا تاکہ وہ یہ جان لیں
أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا ۚ إِذْ يَتَنَازَعُونَ
کہ اللہ کا وعدہ ضرور سچا ہے اور قیامت ضرور آنیوالی ہے جسمیں کوئی شک نہیں جبکہ وہ آپس میں
بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۖ رَبُّهُمْ أَعْلَمُ
آپس میں جھگڑنے لگے تو انہوں نے کہا کہ ان پر ایک عمارت بنا دو۔ انکا پروردگار انکے حال

بِهِمْ ۚ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ
خوب واقف ہے اور اُن لوگوں نے جو اُنکے معاملہ میں غالب آکر کہا تھا کہ ہم تو ضرور اس غار پر ایک
مَّسْجِدًا ۝ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ
مسجد بنائینگے عنقریب وہ یہ کہینگے کہ وہ تین ہیں (اور) چوتھا اُنکا کتا ہے اور یہ کہینگے اٹکل پچو کر
خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ
کہینگے کہ وہ پانچ ہیں (اور) چھٹا اُنکا کتا ہے اور یہ کہینگے اُن میں سے یہ کہینگے کہ وہ سات ہیں
سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا
اور آٹھواں اُنکا کتا ہے تم کہدو کہ میرا پروردگار اُنکی گنتی سے خوب واقف ہے
يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۚ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۚ
اُنکو نہیں جانتے ہیں مگر بہت ہی کم پس تم اُنکے باب میں سوائے ظاہری بحث (کے) کچھ نہ کرنا اور
وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ۝ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ
اُنکے باب میں ان میں کے کسی سے کوئی بات نہ پوچھو اور کسی چیز کی نسبت یہ ہرگز نہ کہو کہ کل میں
اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۚ وَاذْكُرْ
یہ ضرور کرونگا سوائے اسکے کہ (یہ شرط لگادو) اگر اللہ ہی چاہے اور جب بھول جاؤ تو
رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ
اللہ کو یاد کرلو اور یہ کہدو کہ شاید میرا پروردگار اس سے بھی بڑھکر
مِنْ هٰذَا رَشَدًا ۝ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ
کسی بات کی راہ دے اور (وہ لوگ) کہ جنکے غار میں نو اوپر تین سو برس
سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ
رہے تم کہدو کہ اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ وہ کتنا عرصہ
غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ۚ مَا لَهُمْ
آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں اسی کو (معلوم) ہیں وہ کیا دیکھنے والا اور کیا سننے والا ہے اُنکا

مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ قَبِیْ ۚ وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ۝

کوئی کارساز نہیں ہے اور وہ اپنے فیصلہ میں کسی اور کو شریک نہیں کرتا

وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ

اور تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی کتاب سے جو کچھ وحی کی گئی ہے وہ پڑھکر سنا دو اسکے کلمات کا

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝ وَاصْبِرْ

بدلنوالا کوئی نہیں ہے اور تم اسکے سوا کسی اور کو ہرگز جائے پناہ نہ پاؤ گے اور اپنے تئیں

نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ

صبر کرنیکی پروا شست کرو جو صبح و شام اپنے پروردگار سے دعا مانگتے ہیں اور اسکی رضامندی

یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۚ وَلَا تَعْدُ عَیْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِیْدُ زِیْنَةَ

خواستگار ہیں اور اپنی نظر اُنسے نہ ہٹاؤ کہ تم زندگانی دنیا کی زینت کے

الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ

خواستگار ہو اور اُس شخص کی پیروی نہ کرنا جسکے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل

ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝ وَقُلِ الْحَقُّ

کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کا تابع ہو گیا ہے اور اسکا معاملہ حد سے گزر گیا ہے اور تم یہ کہدو کہ حق تمہارے

مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَكْفُرْ ۫

پروردگار کی طرف سے ہے پس جسکا جی چاہے ایمان لے آئے اور جسکا جی چاہے کافر ہو جائے

اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ

بیشک ہم نے ظالمان لوگوں کے لئے ایسی آگ تیار کی ہے جسکے قنات نے انکو گھیر لیا ہے اور اگر وہ

یَّسْتَغِیْثُوْا یُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ یَشْوِی الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ

(پیاس سے) فریاد کرینگے تو انکو ایسا پانی پلایا جائیگا جیسے پگھلا ہوا تانبا جو چہروں کو جھلس دیگا وہ نتھی بری

الشَّرَابُ ؕ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ

پینے کی چیز ہو گی اور کتنی بری جگہ ہو گی؟ بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور

ع ۱۲ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰ ۳۱ ۳۲ ۳۳ ۳۴ ۳۵ ۳۶ ۳۷ ۳۸ ۳۹ ۴۰ ۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵ ۴۶ ۴۷ ۴۸ ۴۹ ۵۰ ۵۱ ۵۲ ۵۳ ۵۴ ۵۵ ۵۶ ۵۷ ۵۸ ۵۹ ۶۰ ۶۱ ۶۲ ۶۳ ۶۴ ۶۵ ۶۶ ۶۷ ۶۸ ۶۹ ۷۰ ۷۱ ۷۲ ۷۳ ۷۴ ۷۵ ۷۶ ۷۷ ۷۸ ۷۹ ۸۰ ۸۱ ۸۲ ۸۳ ۸۴ ۸۵ ۸۶ ۸۷ ۸۸ ۸۹ ۹۰ ۹۱ ۹۲ ۹۳ ۹۴ ۹۵ ۹۶ ۹۷ ۹۸ ۹۹ ۱۰۰ ۱۰۱ ۱۰۲ ۱۰۳ ۱۰۴ ۱۰۵ ۱۰۶ ۱۰۷ ۱۰۸ ۱۰۹ ۱۱۰

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۝
جنہوں نے نیک عمل کیے یقیناً ہم نیک عمل کرنیوالوں کا ثواب ضائع نہ کرینگے

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ
وہ وہی لوگ ہیں جنکے لیے دائمی باغات ہیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں

يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا
جن میں انکو سونے کے کنگنوں سے آراستہ کیا جائیگا اور سندس و استبرق کے

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى
سبز کپڑے پہنینگے (اور) انہی میں تکیوں پر ٹیکے لگائے (بیٹھے ہونگے)

الْاَرَآئِكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝ وَاضْرِبْ
یہ کیسا اچھا صلہ ہے اور وہ کتنی عمدہ جگہ ہو گی؟ اور آپ کہئے

لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ
اُن دو آدمیوں کی مثل بیان کر دو کہ جنمیں سے ایک کیلئے انگور کے دو باغ لگا دئے تھے

وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۝ كِلْتَا
اور ان دونوں کو کھجور کے درختوں کے گھیرے رکھا تھا اور ان دونوں باغوں کے درمیان کھیتی بھی تھی۔ پورے دونوں

الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا
باغ خوب پھل لایا کرتے تھے اور ان پھلوں میں ذرا سا بھی نقصان نہ ہوتا تھا اور رہتے ان دونوں کے بیچ میں

خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ
ایک نہر جاری کر دی تھی اور اس شخص کے پاس بہت کچھ مال تھا پس وہ اپنے ساتھی سے باتیں کرتے میں کہنے لگا

يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝ وَدَخَلَ
کہ مال کی حیثیت سے تجھ سے بہت بڑھا ہوا ہوں اور جتھے کی حیثیت سے بھی بڑھا ہوا ہوں اور وہ اپنے باغ میں

جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ
ایسی حالت سے پہنچا کہ اپنے آپ پر وہ ظلم کر رہا تھا کہنے لگا کہ میں گمان نہیں کرتا کہ یہ باغ کبھی بھی فنا

ع ۱۶

أَبَدًا ۝ وَّمَآ أَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِن رُّدِدتُّ إِلَىٰ رَبِّي
ہوگا اور نہ میں یہ گمان کرتا ہوں کہ قیامت آئیگی اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی گیا
لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنقَلَبًا ۝ قَالَ لَهُۥ صَاحِبُهُۥ وَهُوَ
تو ضرور بالضرور اس سے بہتر حالت پاؤنگا اسکے ساتھی نے اس سے گفتگو کرتے ہوئے یہ کہا کہ
يُحَاوِرُهُۥٓ أَكَفَرْتَ بِٱلَّذِى خَلَقَكَ مِن تُرَابٍ ثُمَّ مِن
کیا تو اسکا انکار کرتا ہے جس نے (فی الحقیقت) تجھکو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ
نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّىٰكَ رَجُلًا ۝ لَّٰكِنَّا۠ هُوَ ٱللَّهُ رَبِّى وَلَآ أُشْرِكُ
سے پھر تجھے اچھا خاصا آدمی بنا دیا رہا میں سو میرا پروردگار تو وہی اللہ ہے اور میں اپنے
بِرَبِّىٓ أَحَدًا ۝ وَلَوْلَآ إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ ٱللَّهُ
پروردگار کا شریک کسی کو نہیں کرتا اور تو نے اپنے باغ میں داخل ہوتے ہوئے یہ کیوں نہ کہا کہ جو کچھ اللہ نے چاہا
لَا قُوَّةَ إِلَّا بِٱللَّهِ ۚ إِن تَرَنِ أَنَا۠ أَقَلَّ مِنكَ مَالًا وَوَلَدًا ۝
(سو ہوا) خدا کی قوت کے بغیر کوئی قوت نہیں تو تو مجھتا ہو کہ میں مال و اولاد میں تجھ سے کم ہوں
فَعَسَىٰ رَبِّىٓ أَن يُؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّن جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا
تو اب قریب ہو کہ میرا پروردگار مجھے تجھ سے بہتر باغ دیدے اور اس (تیرے باغ) پر آسمان سے عذاب
حُسْبَانًا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ۝ أَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا
بھیجدے کہ یہ چٹیل میدان ہو کر رہجائے یا اسکا پانی اتنا گہرا چلا جائے
غَوْرًا فَلَن تَسْتَطِيعَ لَهُۥ طَلَبًا ۝ وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِۦ فَأَصْبَحَ
کہ تجھ میں اسکے نکالنے کی قوت ہی نہ رہے چنانچہ اسکے پھلوں پر آفت آہی گئی پس وہ
يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَىٰ مَآ أَنفَقَ فِيهَا وَهِىَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا
مال وہ اس میں لگا چکا تھا اسپر ہاتھ ملتا رہگیا باغ تو ٹیوں پر اگا پڑا تھا اور مالک یہ
وَيَقُولُ يَٰلَيْتَنِى لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّىٓ أَحَدًا ۝ وَلَمْ تَكُن لَّهُۥ
کہہ رہا تھا کہ کاش میں اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہ کرتا اور اسوقت کوئی جماعت اسکی

فِئَةٌ يَّنصُرُونَهٗ مِن دُونِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنتَصِرًا ۝ هُنَالِكَ
سوا اسکی مدد کرنیکو نہ تھا اور نہ وہ خود اپنے انتقام کو روک سکا اُس موقع پر
الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۚ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۝ وَاضْرِبْ ع ۳ ۱۷
حکومت خدا ہی برحق ہی کی ہوئی وہ ثواب دینے کو بھی سب سے اچھا ہی اور انجام کی رو سے بھی سب سے بہتر ہی اور تُو
لَهُم مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاءِ
زندگانی دنیا کی مثال بیان کر دو (وہ) اُس پانی کے مانند ہے جسکو ہمنے آسمان سے اُتارا
فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْأَرْضِ فَأَصْبَحَ هَشِيمًا تَذْرُوهُ الرِّيٰحُ ۗ
پھر اُسکے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی پھر وہ ریزہ ریزہ ہو گیا کہ ہوائیں اُسکو اُڑا دیتی ہیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝ الْمَالُ وَالْبَنُونَ زِينَةُ
اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے (مال و) دولت اور بیٹے زندگانی دنیا کی
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ
آرائش ہیں اور باقی رہنے والی نیکیاں تمہارے رب کے نزدیک انجام کی حیثیت سے بھی
ثَوَابًا وَّخَيْرٌ أَمَلًا ۝ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ
بہتر ہیں اور امید دلانے کی حیثیت سے بھی اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائینگے اور تم زمین کو کھلا ہوا دیکھو گے
بَارِزَةً ۙ وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ أَحَدًا ۝ وَعُرِضُوا
اور ہم انکو اس طرح جمع کر لینگے کہ اُن میں سے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑینگے اور وہ تمہارے
عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ۚ لَقَدْ جِئْتُمُونَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ
رب کے حضور صف بصف پیش کئے جائینگے (اور اُنسے یہ کہا جائیگا) تم ہمارے پاس اسی طرح آگئے جیسا کہ ہم نے تمکو
بَلْ زَعَمْتُمْ أَلَّن نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۝ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ
پہلی دفعہ پیدا کیا تھا بلکہ تمہارا تو یہ گمان تھا کہ ہمنے تمہارے لئے کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا ہی اور اعمالنامے پیش کئے جائینگے
فَتَرَى الْمُجْرِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا فِيهِ وَيَقُولُونَ
اُسوقت تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ جو کچھ (ایک ایک کے) اعمالنامے میں ہی ہوگا اُس سے وہ ڈر رہے ہونگے اور کہتے ہونگے

يٰوَيْلَتٰنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً
ہائے خرابی ہماری یہ کیسا نوشتہ ہے کہ اسنے کسی چھوٹی یا بڑی بات کو چھوڑا ہی نہیں
إِلَّآ أَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ
مگر اسنے ضبط نہ کر لیا ہو الحاصل جو کچھ انہوں نے کیا ہوگا اسکو موجود پائینگے اور تمہارا پروردگار کسی پر
أَحَدًا ۝ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا
ظلم نہیں کریگا اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے فرشتوں سے کہا تھا کہ آدم کو سجدہ کرو پس ابلیس
إِلَّآ إِبْلِيْسَ ۖ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهٖ ۗ أَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ
کے سوا سبنے سجدہ کیا تھا وہ جن میں سے تھا پس اُسنے اپنے پروردگار کے حکم سے سرتابی کی کیا تم مجھکو چھوڑ کر
وَذُرِّيَّتَهٗٓ أَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۗ بِئْسَ
اُسے اور اُسکی اولاد کو دوست بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں؟ نا فرمانی کرنیوالوں کے
لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝ مَآ أَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ
لیے بدلہ کیسا بُرا ہے میں نے آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش کا انکو گواہ نہیں
وَالْأَرْضِ وَلَا خَلْقَ أَنْفُسِهِمْ ۖ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ
بنایا ہے اور نہ انکی اپنی پیدائش کا اور میں گمراہ کرنیوالوں کو قوت بازو
الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ
نہیں بناتا اور اُس دن خدا تعالےٰ فرمائیگا کہ میرے اُن شریکوں کو پکارو جو
زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ
تمہارا خیال ہیں پس وہ انکو پکارینگے اور وہ انکو کچھ جواب نہ دینگے اور ہم انکے مابین ایک مہلک (یا
مَّوْبِقًا ۝ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا أَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا
آڑ) مقرر کردینگے اور گنہگار آتش جہنم کو دیکھینگے اور یہ گمان کرینگے کہ اسمیں اب گرے
وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا
اور اُس سے گریز کی کوئی جگہ نہ پائینگے اور یقیناً ہمنے اس قرآن میں لوگوں کے لیے اس

تنبیہ: یہ ترجمہ روانی عبارت کا خیال رکھ کر کیا گیا ہے اس لیے بعض جگہ اصل عربی کے ساتھ جا کر ملنے کی لیاقت نہ رکھتا ہو وہ جانشین نبی کریم ہو سکتا ہے

الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ

قرآن میں طرح طرح کی مثل بار بار بیان کی ہے اور انسان جھگڑنے کے لیے ہر چیز سے بڑھا ہوا

شَيْءٍ جَدَلًا ۝ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ

اور جبکہ لوگوں کے پاس ہدایت آچکی تو انکو ایمان لانے سے اور اپنے

الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ

پروردگار سے گناہوں کی معافی مانگنے سے کسی اور بات نے نہیں روکا سوا اسکے کہ اگلے پہلوں کا

الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝ وَمَا نُرْسِلُ

قاعدہ جاری ہو جائے یا عذاب انکے سامنے آکھڑا ہو اور ہم رسولوں کو نہیں

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ

بھیجتے ہیں مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے بنا کر اور جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ

كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ

باطل کے لیے جھگڑا کرتے ہیں کہ اسکے ذریعہ سچ کو زائل کر دیں اور انہوں نے میری آیتوں کو اور جس چیز

اُنْذِرُوْا هُزُوًا ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ

سے ڈرائے گئے تھے اسکو دل لگی بنا لیا اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جسکو اسکے پروردگار کی آیتوں کے ذریعہ

فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي

نصیحت کیجائے پھر وہ اُنسے روگردانی کرے اور جو کرتوت اسکے ہاتھوں نے بھیج چکی ہو اُسے بھول جائے بیشک

قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ

ہم نے انکے دلوں پر پردہ ڈال دیے ہیں تاکہ اسکو نہ سمجھیں اور انکے کانوں میں گرانی (ڈاٹ دیدی ہے) اور اگر تم انکو

تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝ وَرَبُّكَ

ہدایت کی طرف بلاؤ گے تو اس صورت میں بھی وہ کبھی ہدایت یافتہ نہ ہونگے اور تمہارا پروردگار

الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ

بڑا بخشنے والا (اور) رحمت والا ہے اگر وہ اُنکے کیے کے بدلے میں مواخذہ کرتا تو انکو بہت جلد

الْعَذَابُ ۚ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ۝
عذاب دستا لیکن اُنکے وعدہ کا ایک وقت ہے جس سے بچنے کی وہ ہرگز کوئی جگہ نہ پائینگے

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ
اور یہ بستیاں جو صورت اُنکے باشندوں نے اُنا فرمانی کی ہمنے اُنکو ہلاک کرڈالا اور اُنکے ہلاک کرنیکا (بھی) ہمنے

مَّوْعِدًا ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ
ایک وقت مقرر کرلیا تھا اور (یاد کرو) جبکہ موسےٰ نے اپنے جوان (ساتھی) سے یہ کہا کہ میں ہٹ کر

مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ۝ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا
جہاں تک نہیں جھنک کریں دونو سمندروں کے مقام اتصال پر پہنچوں یا سالہا سال چلتا چلوں۔ پس جب وہ دونو اُن

نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ۝ فَلَمَّا
دونو سمندروں کے مقام اتصال پر پہنچے تو وہ دونو اپنی مچھلی بھول گئے پس اُس مچھلی نے دریا میں اپنی راہ بنالی پھر جب وہ

جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا
دونو اُس سے آگے بڑھ گئے تو موسےٰ نے اپنے جوان (ساتھی) سے کہا کہ ہمارا ناشتہ لاؤ ہمیں اپنے اس سفر سے

هٰذَا نَصَبًا ۝ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ
رنج پہنچا ہے (جوان ساتھی نے) کہا کہ آپنے یہ بھی خیال کیا کہ جب وقت ہم اُس پتھر کے پاس ٹھہرے تھے

نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ
تو میں مچھلی کو بھول گیا تھا اور شیطان نے ہی مجھے یہ بات بھلادی تھی کہ میں اُسے یاد رکھتا

وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا ۝ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ
اور عجیب طرح سے اُسنے دریا میں اپنی راہ بنالی تھی موسےٰ نے فرمایا کہ یہی (جگہ) تو ہم ڈھونڈھتے

فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ۝ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ
پھر دونو پس دونو اپنے پاؤں کے نشانوں پر پیچھے لگانے ہوئے پھر چلے اور اُن دونونے ہمارے بندوں میں سے

عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا
ایک بندے کو پایا جسکو ہمنے اپنے پاس سے رحمت دی تھی اور اُسکو ہمنے اپنے پاس سے علم

پ ۱۶ ع ۱۰

چنانچہ اُس مکھی سے وہ مچھلی زندہ ہوکر پانی میں چلی گئی۔ اور موسےٰ اور یوشع اُتنا پتھے اتنا چلے کہ تھک گئے۔ (بقیہ حاشیہ میں ملاحظہ ہو) ۱۲ محمد عفی عنہ

عِلْمًا ۝ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا
سکھایا تھا۔ موسےٰ نے اُسے عرض کی کہ کیا میں اس شرط سے آپ کے پیچھے رہوں (ساتھ ساتھ) ہوں کہ آپ
عُلِّمْتَ رُشْدًا ۝ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝
علم کو جو کھلایا ہے اس میں سے آپ مجھ بھی سکھا دیں۔ فرمایا کہ تیرے ساتھ تو ہرگز صبر نہ ہو سکے گا
وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ۝ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ
اور جس کی تجھ کو آگاہی نہ ہو اُس پر تم صبر کرو گے بھی کیونکر؟ (موسےٰ نے) عرض کی اگر اللہ نے چاہا تو
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ۝ قَالَ فَاِنِ ۹ ع ۱۱ ۲۱
آپ مجھے صبر کرنیوالا ہی پائیں گے اور میں کسی معاملہ میں آپکی نافرمانی نہ کرونگا۔ فرمایا بس تو اگر تم میرے
اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ۝
ساتھ رہنا چاہتے ہو تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا جب تک کہ میں خود تجھ کو اسکا ذکر کرکے نہ کروں
فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ
اب دونوں چلے یہانتک کہ دونوں کشتی میں سوار ہو گئے جسے اُس (یعنی خضر علیہ السلام) نے توڑ دیا (موسےٰ نے)
اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ۝ قَالَ
کہا کیا تم نے اسلئے توڑ دیا کہ اسکی سوار یوں کو ڈبو دو یقیناً یہ آپ نے بڑی بیجا بات ہوئی
اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ
فرمایا میں نے کہا نہ تھا کہ تم سے میرے ساتھ ہرگز صبر نہ ہو سکیگا (موسےٰ نے) عرض کی کہ مجھ سے جو بھول ہو گئی اسکے
بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ۝ فَانْطَلَقَا ۫
مؤخذہ میں مجھ کو معاذور نہ کیجئے اور میرے معاملہ میں اتنی سخت گیری نہ برتیے پھر دونوں چلے
حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ
یہانتک کہ ایک لڑکے سے ملے پس اُسکو اُس (یعنی خضر) نے قتل کر ڈالا (موسےٰ نے) کہا کہ کیا آپنے
بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ۝
ایک بیگناہ شخص کو بغیر قصاص کے مار ڈالا؟ یہ تو ضرور آپنے انوکھی بات کی!

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ
فرمایا میں نے تم سے کیا نہیں رہا تھا کہ تم میرے ساتھ ہرگز
صَبْرًا ۝ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ
نہ کرسکو گے عرض کی اگر اسکے بعد میں آپ سے کسی چیز کی نسبت سوال کروں تو مجھے ساتھ نہ رکھنا گا
قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ۝ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَآ
اب تو میری طرف سے کافی سبدرت ہوگئی پھر دونو چلے یہاں تک کہ ایک
اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةٍ ۨ اسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا
گاؤں والوں کے پاس پہنچے جن سے اُنہوں نے کھانا مانگا اور اُنہوں نے ان دونو کو مہمان کرنے سے انکار
فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ۭ قَالَ
کردیا پس ان دونو نے اس بستی میں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی تھی پس اُسے اُس (خضر) نے ٹھیک کردیا
لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ۝ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ
(موسےٰ نے) عرض کی کہ اگر آپ چاہتے تو اس کام کی اجرت لے لیتے (خضر نے) فرمایا بس میرے اور آپکے (بیچ
وَبَيْنِكَ ۭ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ
جدائی کا وقت ہے ہاں جن باتوں پر آپ سے صبر نہو سکا اُنکا اصلی مطلب میں آپکو جتلائے دیتا ہوں
صَبْرًا ۝ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ
(سنیے) وہ کشتی تو غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں (اپنی روزی کمایا کرتے
فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ
تھے) پس میں نے چاہا کہ اسکو عیب دار بنا دوں کیونکہ آگے ایک ایسا بادشاہ تھا جو
يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ۝ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ
ہر کشتی کو جبراً گرفتار کرلیا کرتا تھا اب رہا لڑکا سو اُسکے ماں باپ دونو
مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۝ فَاَرَدْنَآ
مومن تھے پس ہمکو یہ اندیشہ ہوا کہ وہ (لڑکا) سرکشی اور کفر کرکے ان دونو پر غالب نہ آجائے پس ہم نے چاہا

اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ۝

کہ انکو پروردگار اُن دونو کو اُسکے بدلہ میں ایک ایسا بچہ دیدے جو اُس سے پاکیزگی میں بھی بہتر ہو اور محبت و مہربانی میں بھی بڑھا ہوا

وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَ

اب رہی دیوار وہ اس شہر کے دو یتیم بچوں کی تھی اور

كَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ

اُن دونوں کا ایک خزانہ تھا اور اُن دونوں کا باپ ایک مرد نیک تھا پس تمہارے پروردگار

رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ

نے محض اپنی رحمت کی وجہ سے یہ چاہا کہ وہ دونو بالغ و عاقل ہوکر اپنا خزانہ خود

رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۚ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ

نکالیں اور میں نے تو اپنی طرف سے کچھ نہیں کیا (یعنی) جن باتوں پر آپ صبر نہ سکا انکا مطلب

عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِى الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ

یہ ہے اور (اے رسول) لوگ تم سے ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں تم کہدو کہ

سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ۝ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِى الْاَرْضِ

لو میں تمہیں انکا حال سناتا ہوں بیشک ہم نے انکو زمین میں حکومت دی تھی

وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ سَبَبًا ۝ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ

اور انکو ہر چیز کے متعلق ایک سبب عنایت کیا تھا پس انہوں نے ایک سبب کا راستہ لے لیا یہانتک کہ جب وہ سورج کی

مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِىْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّ

ڈوبنے کی جگہ پہنچا تو اُسکو کالی دلدل کے چشمہ میں ڈوبتا ہوا پایا اور اس چشمہ کے

وَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۭ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ

قریب کچھ (کافر) لوگوں کو پایا ہمنے اُس سے کہا کہ اے ذوالقرنین (تمہیں اختیار ہے) خواہ تم انکو عذاب دو

وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ۝ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ

خواہ انکے بارے میں نیکی اختیار کرو (ذوالقرنین نے) عرض کی جو ان میں سے نافرمانی کریگا اُسے تو ہم

نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ۝ وَاَمَّا

عذاب دیگے پھر وہ اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹایا جائیگا اور وہ اُسکو (مذاب بھی) انوکھا عذاب دیگا اور جو ایمان

مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ

لائیگا اور نیک عمل کریگا تو اُسکے لئے بدلہ میں نیکی ہے اور ہم اُسکے متعلق اپنا

لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ۝ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ

حکم (بھی) آسان ہی دینگے پھر اُسنے ایک اور سبب اختیار کیا یہانتک کہ جب سورج ڈوبنے

مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ

کی جگہ پہنچا تو اُسکو ایسے لوگوں پر طلوع ہوتے پایا جنکے لیے ہمنے اُس (سورج) سے

لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ۝ كَذٰلِكَ ۚ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا

بچاؤ نہیں کی تھی اور اُسکے پاس جو کچھ تھا اُس سے ہم

لَدَيْهِ خُبْرًا ۝ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ

یقیناً خبردار تھے پھر اُسنے ایک اور سبب لیا یہانتک کہ جب وہ (قدرتی) آڑ دو (بڑی پہاڑوں) کی درمیان

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ۝

پہنچا تو اُن سے اس طرف ایسے لوگوں کو پایا جو قریب قریب ایسے تھے کہ کوئی بات ہی نہیں سمجھتے تھے

قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ

اُنھوں نے عرض کی کہ اے ذوالقرنین یاجوج و ماجوج ہیں اس ملک میں فساد پھیلانے

فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰۤى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا

رہتے ہیں تو کیا ہم تمکو کچھ خرچ اس شرط پر مقرر کردیں کہ آپ ہمارے اور اُنکے مابین ایک

وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ۝ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ

دیوار بنادیں (ذوالقرنین نے) فرمایا کہ جن چیزوں کا اختیار میرے پروردگار نے مجھے دیا ہے وہ (تمہارے خرچ سے کہیں)

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۝ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ

بہتر ہے پس تم جسمانی طاقت سے میری مدد کرو میں تمہارے اور اُنکے مابین ایک دیوار بنادوں۔ تم مجھے لوہے کی چادریں دو

حَتّٰۤى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۬ؕ حَتّٰۤى اِذَا
یہاں تک کہ جب دونوں پہاڑوں کے بیچ کی جگہ کو (بھر کر) برابر کر دیا تو حکم دیا کہ دھونکو یہاں تک کہ جب اُس
جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْۤ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ۝ فَمَا اسْطَاعُوْۤا
(لوہے) کو (دہکا کر) آگ (انگارا سا سا) کر دیا تب حکم دیا کہ میرے پاس تانبا لاؤ کہ اس پر انڈیل دوں پس اُن (یاجوج و ماجوج) کو
اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ۝ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ
یہ سد نہ کر سکے اس (دیوار) پر چڑھ آنے اور نہ یہ ہو سکا کہ اُس میں نقب لگا دیتے (ذوالقرنین نے) فرمایا کہ یہ (کارگزاری) میرے
مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ
پروردگار کی ایک رحمت ہے پھر جب میرے پروردگار کے وعدہ کا وقت آجائیگا تو وہ اس (دیوار) کو ڈھا کر زمین کی برابر کر دیگا اور میرے
رَبِّيْ حَقًّا ۝ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّ
پروردگار کا وعدہ (سچا) اور برحق ہے اور اُسدن ہم اس طرح چھوڑ دینگے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ گتھ مُتھا ہو جائینگے اور
نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ۝ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ
صور پھونکا جائیگا پھر ہم انکو یکجا جمع کر لینگے اور اُس دن اُن کافروں کے سامنے جہنم
يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَا ۝ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ
آنکھوں پر تو ہماری نصیحت کی طرف سے پردہ پڑا ہوا تھا اور وہ (کانوں سے ہماری ہدایت) سُن بھی نہ سکتے
غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ۝
تھے جسکو ہم ایسا ظاہر کرینگے جیسا کہ ظاہر کر بنکا حق ہے

اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْۤ
کیا ان لوگوں نے جو کافر ہوگئے ہیں یہ گمان کر لیا کہ میرے بندوں کو حامی بنا لینگے
اَوْلِيَآءَ ۬ؕ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۝ قُلْ هَلْ
یقیناً ہمنے ایسے ہی کافروں کے لیے جہنم کو بطور مہمانی کے تیار کیا ہے (اے رسول) تم یہ کہدو کہ آیا
نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ
ہم تمکو ایسے لوگوں کی خبر دیں جو اعمال کے رو سے سب سے زیادہ نقصان کھانے والے ہیں وہ لوگ جنکی ساری کوشش زندگانی دنیا کے بارے میں

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ
کوشش بیکار ہوگئی اور وہ یہی گمان کرتے رہے کہ ہم نیکی کر رہے ہیں

صُنْعًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ
وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا اور اسکے حضور میں جانیکا انکار کیا

فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝
پس انکے اعمال بیکار ہوگئے پس قیامت کے دن ہم انکے اعمال کے لیے کوئی میزان قائم نہ کرینگے

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَ
یہ انکا سادہ بدلہ جہنم ہوگا اسکے بدلہ میں ہوگا جسکا انہوں نے انکار کیا تھا اور اسکے بدلہ کہ انہوں نے (آیتہ السلام کا

رُسُلِيْ هُزُوًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اور میرے رسولوں کا مضحکہ اڑایا تھا بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا
انکے لیے فردوس کے باغات بطور مہمانی کے ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہینگے

لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا
نہ کبھی انکو بدلنا چاہینگے (اے رسول) تم کہدو کہ اگر سمندر میرے پروردگار کے کلمات کے لیے روشنائی

لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ
ہو جائیں تو قبل اسکے کہ میرے پروردگار کے کلمات ختم ہوں سمندر ختم ہو جائیگا گو ہم مدد کے لیے

وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى
ویسا ہی اور بھی لے آئیں (اے رسول) تم یہ کہدو کہ (بحیثیت مخلوق) میں (بھی) تم ہی جیسا ایک آدمی ہوں

اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ
(فرق ہو گا) میری طرف وحی کیجاتی ہو کہ تمہارا معبود (سچا) معبود دنیا کو

فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝
پس جسکو اپنے پروردگار کی حضور میں جانیکی امید ہو

سے لازم ہے کہ نیک عمل بجا لائے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے

سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

تلاوت کر یہ بیان ہے پروردگار کا اپنے بندہ زکریا پر رحم فرمانیکا ذکر ہے

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ

جبکہ اُنھوں نے اپنے پروردگار کو پکارا پوشیدہ پکارنا تھا اور (یہ) عرض کیا (دعا) کہ اے میرے پروردگار (میرے) کمزور ہو

الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ

ڈیاں مجھ سے پر گئیں اور بڑھاپے سے سفید ہو گیا اور اے پروردگار تجھ سے (دعا کرکے

بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ

میں کبھی نا امید نہیں ہوا اور (اب) مجھے اپنے بعد اپنے بھائی بندوں سے اندیشہ

مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ

ہے اور میری زوجہ بانجھ ہے پس مجھ اپنے پاس سے

لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ

ایک وارث عطا کر کہ وہ میرا (بھی) وارث ہو اور آل یعقوب کا (بھی) وارث ہو

وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ

اور اے میرے پروردگار اسے پسندیدہ قرار دے (جواب ملا کہ) اے زکریا ہم تجھ کو ایک لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

اِسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ

جسکا نام یحییٰ ہوگا اور اس سے پہلے اس نام کا کسی نہیں بنایا (اس پر یہ عرض کی) اے میرے

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ

پروردگار میرے (لڑکا) ہوگا کہاں سے حالانکہ میری زوجہ بانجھ ہے اور میں

بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝ قَالَ كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ
زحمے کی انتہا کر دیئے گیا ہوں غرض ایسا ہی ہوگا تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ
هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكِ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ۝
وہ میرے لیے آسان ہے اور میں تجھ کو پیدا کر چکا ہوں حالانکہ تم کوئی چیز نہ تھے
قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ
عرض کی اے میرے پروردگار میرے لیے کوئی علامت قرار دے فرمایا کہ تمہارے لیے علامت یہ ہے کہ تم لوگوں سے بات چیت نہ کر سکو گے
ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ
حالانکہ تین رات دن بات کر سکتے ہو پس زکریا محراب (عبادت) سے نکل کر اپنی قوم کے پاس آئے
فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝ يٰيَحْيٰى
اور اشارہ سے انہوں نے کہا کہ تم صبح و شام اللہ کی تسبیح پڑھو (ہم نے حکم دیا کہ) اے یحییٰ کتاب
خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝ وَّ
(توریت) کو مضبوطی سے لے رہنا اور ہم نے انکو بچپن ہی میں فیصلہ کی قوت اور اپنی طرف سے مہربانی اور
حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ۝ وَّبَرًّا
پاک باطنی عطا کی اور وہ پرہیزگار اور اپنے ماں باپ کے حق میں نیکی
بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ۝ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ
کرنے والے اور سخت گیر (و) نافرمان نہ تھے اور انپر سلامتی ہو اسدن بھی
يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝ وَاذْكُرْ
جسدن پیدا کیے گئے اور اسدن بھی جسدن مریں گے اور اسدن بھی جسدن زندہ کر کے اٹھائے جائینگے اور اس کتاب میں
فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا
مریم کا (قصہ) بیان کرو جبکہ وہ اپنے گھر والوں سے الگ ہو کر جانب شرق ایک مکان میں
شَرْقِيًّا ۝ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۠ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا
چلی گئیں اور انہوں نے ایک آڑ کر لی تب ہم نے انکی طرف اپنی روح (جبرئیل) کو بھیجا

اسی سورہ میں آئندہ کی ایک آیت سے معلوم ہوگا۔ پھر حضرت نے وہ آیت تلاوت فرمائی ۱۲ منہ
منہ

رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ۝ قَالَتْ إِنِّي أَعُوذُ
اور وہ مریم کے لیے صحیح وسالم آدمی کی صورت بنکے (مریم نے) کہا کہ اگر تو نیک ہے تو میں تجھ سے ضرور
بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ۝ قَالَ إِنَّمَا أَنَا رَسُولُ
خدا کی پناہ مانگتی ہوں (کہ تو مجھے کوئی غرض نہ رکھے) (وہ) بولا میں تو فقط تیرے پروردگار کا
رَبِّكِ لِأَهَبَ لَكِ غُلَامًا زَكِيًّا ۝ قَالَتْ أَنَّى يَكُونُ لِي
(بھیجا ہوا) ہوں کہ تجھے ایک پاکیزہ لڑکا دیدوں (مریم نے) کہا میرے (لڑکا) کہاں سے ہوگا؟ حالانکہ
غُلَامٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ وَّلَمْ أَكُ بَغِيًّا ۝ قَالَ كَذٰلِكِ
کسی مرد نے نہیں چھوا اور نہ میں بدکار ہوں (روح الامین نے) کہا تو یونہی ہوگا
ربع قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّلِنَجْعَلَهُ آيَةً لِّلنَّاسِ
تمہارے پروردگار نے فرمایا ہے کہ وہ امر (مجھے) آسان ہے (اور) ہم نے (یہ اس لیے کیا ہے) کہ اسکو لوگوں
وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ أَمْرًا مَّقْضِيًّا ۝ فَحَمَلَتْهُ
کے لیے اپنی طرف سے رحمت (اور) نشانی بنائیں اور یہ معاملہ طے ہو چکا ہے
پس وہ (حضرت مریم رضی اللہ
عنہا) اس سے حاملہ ہوگئیں اور (اس حمل کو لیکر) دور مکان میں چلی گئیں پھر دردِ زہ (کے سبب) کھجور کے درخت کی جڑ میں
فَانْتَبَذَتْ بِهِ مَكَانًا قَصِيًّا ۝ فَأَجَاءَهَا الْمَخَاضُ إِلَىٰ
آ پہنچی وہ کہنے لگیں کاش میں اس سے پہلے مرجاتی اور بھولی بسری
جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ يٰلَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ
نَسْيًا مَّنْسِيًّا ۝ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَا أَلَّا تَحْزَنِي قَدْ
ہو جاتی پس اسکے نیچے سے اس (بچے) نے آواز دی کہ رنجیدہ مت ہو کہ تمہارے پروردگار نے
جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ۝ وَهُزِّي إِلَيْكِ بِجِذْعِ
تمہارے پاؤں کے نیچے تو ایک چشمہ جاری کر دیا ہے اور اس کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلاؤ کہ تازہ تازہ
النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِي وَاشْرَبِي وَ
پکے ہوئے کھجور پر پڑے پس (خرما) کھاؤ اور (چشمہ کا پانی) پیو اور

ربع

قَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ

آنکھیں ٹھنڈی کرو پھر اگر کوئی آدمی نظر پڑ جائے تو اس سے (اشارہ سے) کہہ دینا کہ میں نے خدا کے لیے

لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ۝ فَاَتَتْ بِهٖ

خاموش رہنے کا) یعنی روزہ رکھا ہے لہٰذا میں آج کسی انسان سے ہرگز بات نہ کروں گی پس (حضرت مریمؑ) اس

قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـــًٔا فَرِيًّا ۝

بچے کو لیے ہوئے اپنی قوم کے پاس آئیں وہ بولے کہ اے مریم! یہ تو تم نامعلوم چیز

يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ

اے مثل ہارون کی بہن عورت نہ تو تیرا باپ کوئی برا آدمی تھا اور نہ تیری ماں

اُمُّكِ بَغِيًّا ۝ فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ۭ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ

بدکار تھی پس مریمؑ نے اس (بچے) کی طرف اشارہ کر دیا وہ بولے کہ ہم اس سے کیونکر بات کریں جو

كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ۝ قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۣ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ

گہوارہ میں بچہ ہے وہ (بچہ بقدرت خدا) گویا ہوا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھ کو کتاب عطا فرمائی ہے

وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۝ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۠

اور مجھے نبی بنایا ہے اور جہاں میں کہیں ہوں مجھے برکت والا مقرر کیا ہے اور جب تک میں

وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۝ وَّبَرًّۢا

زندہ رہوں مجھے نماز (ادا کرنے) کا اور زکوٰۃ (اداء دینے) کا حکم دیا ہے اور مجھے میری والدہ

بِوَالِدَتِيْ ۡ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا شَقِيًّا ۝ وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ

کا مطیع بنایا ہے اور مجھے سخت گیر (اور) بدبخت نہیں بنایا ہے اور خاص سلامتی مجھ پر اس دن بھی

يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ۝ ذٰلِكَ

ہے جس دن میں پیدا کیا گیا اور اس دن بھی ہوگی جس دن مروں گا اور اس دن بھی جس دن زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا یہی ہیں

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝

عیسیٰ ابن مریم یہی بات (اصلی) ہے اسی کے بارے میں یہ لوگ جھگڑتے ہیں

پہلے کو خود اختلافیان آپس کی تکذیب کے لیے کافی ہے کہ کہتے تو ہیں کہ ہم خدا ہیں اور بندوں کی تمام حسیں ان میں ہوتے ہوئے قائل ہیں

مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا

خدا کے لیے زیبا نہیں ہے کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے اُسکی ذات منزہ ہے (اسکی شان ہو کہ جسکسی معاملہ کو طے کرنے

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

سوائے اسکے نہیں ہے کہ وہ اسکی نسبت فرمائے کہ ہو جا اور وہ ہو جائے (نہ ہے) اللہ میرا بھی پروردگار ہے اور

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ

تمہارا بھی پروردگار پس تم اُسی کی عبادت کرو۔ سیدھا راستہ یہی ہے پھر اُن میں سے گروہ کے گروہ

الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

مختلف ہو گئے پس اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہوئے اُس سخت دن کی

مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا

حاضری بہت ہی افسوس ناک ہوگی جسدن وہ ہماری حضور میں آئینگے آسدن وہ کیسے بڑے سننے والے اور کیسے بڑے

لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاَنْذِرْهُمْ

دیکھنے والے ہونگے لیکن آج تو یہ ناانصاف کھلی گمراہی میں ہیں اور (اے محمد) اُن کو اُس حسرت کے دن

يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ

سے ڈرا جبکہ کل معاملہ ہی طے کر دیا جائیگا حالانکہ (آج) وہ غفلت میں ہیں اور وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا

ایمان نہیں لاتے بیشک ہم ہی زمین کے وارث ہونگے اور اُسکے بھی جو اُسپر ہیں

وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ اِنَّهٗ

اور ہم ہی کی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی اور اس کتاب میں ابراہیم کا (قصہ) بیان کرو بیشک

كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ

وہ سچا پیغمبر تھا (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنہوں نے اپنے چچا سے کہا کہ جانِ پدر آپ کو کیوں پوجتے ہو

مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ۝ يٰٓاَبَتِ

جو نہ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں اور نہ تمہارے کچھ کام آسکتے ہیں جانِ پدر

يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْٓ اَهْدِكَ
مجھے یقیناً وہ علم ملا ہے جو آپکو نہیں ملا پس آپ میری پیروی کریں میں آپ کو ٹھیک رستہ

صِرَاطًا سَوِيًّا ۝ يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ
بتلا دونگا ۔ ابا جان شیطان کے بندے نہ بنیے ۔ بیشک شیطان

كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ۝ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ
خدا کا نافرمان (بندہ) ہے ۔ ابا جان مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آپکو خدا کی

عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ۝ قَالَ
طرف سے عذاب پہنچے ۔ پھر آپ شیطان کے ساتھی بنجائیں ۔ (آزر) بولا کر

اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ
اے ابراہیم کیا تو میرے خداؤں سے برگشتہ ہے ۔ اگر تو باز نہ آیا تو میں ضرور تجھے

لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ۝ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ
سنگسار کرونگا اور ایک عرصہ کے لیے مجھ سے جدا ہوجا ۔ فرمایا (لو جاؤ) تمپر سلام

سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ۝ وَاَعْتَزِلُكُمْ
عنقریب میں تمہارے لیے اپنے پروردگار سے گناہوں کی بخشش مانگونگا بیشک وہ مجھپر بہت زیادہ مہربان ہے میں تم کو اور جن کو تم

وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ۡ عَسٰٓى اَلَّآ
خدا کے سوا پکارتے ہو ۔ انسے الگ ہوتا ہوں اور اپنے پروردگار سے دعا مانگونگا امید ہے کہ میں اپنے پروردگار

اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ۝ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا
سے دعا مانگنے سے ناکام نہ رہونگا ۔ پس جسوقت وہ انسے اور ان چیزوں سے جنکی

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ
وہ خدا کے سوا عبادت کیا کرتے تھے الگ ہوگئے تو ہمنے انکو اسحٰق و یعقوب عطا کیے

وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا
اور ہر ایک کو ہمنے نبی قرار دیا ۔ اور ان سب کو ہمنے اپنی رحمت سے حصہ دیا اور ہمنے ان سب کے

لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوسٰٓى ع ۲
ذکر خیر بلند مرتبہ کا مقرر کیا اور اس کتاب میں مرسلے گا (قصہ) بیان کرو

اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ
بیشک وہ برگزیدہ اور بھیجے ہوئے نبی تھے اور ہم نے انکو (کوہ) طور کے

جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ
داہنی طرف سے آواز دی تھی اور ہم نے انکو راز دار ہونیکا قرب بخشا تھا اور ہم نے اپنی رحمت سے انکے

رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ
بھائی ہارون کو نبی بنا دیا تھا اور اس کتاب میں اسمٰعیل کا (قصہ) بیان کرو

اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ وَكَانَ
جنکے وہ وعدے کے سچے نبی اور رسول تھے اور وہ اپنے

يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ
اہل (وعیال) کو نماز پڑھنے کا اور زکوٰۃ دینے کا حکم کیا کرتے تھے اور اپنے پروردگار کے نزدیک وہ

مَرْضِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ
پسندیدہ تھے اور اس کتاب میں ادریس کا (قصہ) بیان کرو بیشک وہ صدیق

صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝ اُولٰٓئِكَ
نبی تھے اور ہم نے انکو مرتبہ بلند تک رفعت دی تھی یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ
جنپر اللہ نے اپنا انعام کیا ہے یعنی نو اولاد آدم میں سے انبیاء میں سے ہیں اور کچھ

وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ
انکی اولاد میں سے جنکو نوح کے ساتھ ہم نے کشتی میں سوار کر دیا تھا اور کچھ اولاد ابراہیم و یعقوب میں سے

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ
اور کچھ ان میں سے جنکو ہم نے راہ بتلائی اور منتخب کیا جبکہ انکے سامنے خدا کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں

الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۝ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ

تو وہ روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے ہیں پھر ان کے بعد ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے

خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

نماز (بھی) کھودی اور خواہش نفسانی کے پیچھے پڑ گئے پس عنقریب (ان کو

يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

مصیبت میں) آئیگی سوائے انکے جو توبہ کرلیں اور ایمان لے آئیں اور نیک عمل بجا لائیں

فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۝

کہ یہی لوگ بہشت میں داخل ہونگے اور انپر ذرا (بھی) ظلم نہ کیا جائیگا

جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ

ہمیشہ کے رہنے کے باغوں میں جنکا وعدہ خدا نے اپنے بندوں سے غیب میں کر رکھا ہے (وہ دیکھ تو انکو نہیں سکتے) کیا ہو گیا

كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا

انکا وعدہ پورا ہو کر ہی رہیگا ان میں وہ سوائے اسلام کے کوئی لغو بات

سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝ تِلْكَ

نہ سنیں گے اور ان (باغوں) میں انکا رزق انکے لئے صبح و شام آیا رہیگا

الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ۝ وَمَا

یہ وہ بہشت ہے جسکا وارث ہم اپنے بندوں میں سے انکو کر دیتے ہیں جو پرہیزگار ہیں اور (اے رسول اکرم

نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا

(جبریل علیہ السلام) ہم آپکے پروردگار کے حکم کے (بغیر) نہیں اترتے ہمارے سامنے جو کچھ ہے اور جو کچھ پیچھے ہے اور جو

وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

عالموں کے بیچ میں ہے سب اسی کی ملک ہے اور تمہارا پروردگار غافل نہیں ہے (وہ) آسمانوں کا اور زمین کا اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ

جو کچھ انکے درمیان ہے اسکا پروردگار ہے پس تم اسی کی عبادت کرو اور اسکی عبادت (کی تکلیف) پر صبر کرتے رہو

ع ۴ ۷

أَمَلَ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ۝ وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَءِذَا مَا

یا تو یہ جانتا ہو کہ اس کا ہم کوئی اور بھی ہے اور انسان یہ کہتا ہے کہ کیا جب میں مر جاؤں گا تو پھر

مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ۝ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا

زندہ کر کے نکالا جاؤں گا کیا اس آدمی کو یہ یاد نہیں ہے کہ پہلے

خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ۝ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ

اس کو پیدا کیا تھا جبکہ وہ کوئی چیز بھی نہ تھا پس تمہارے پروردگار کی قسم ہم ضرور ان کو

وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ۝ ثُمَّ

اور شیطانوں کو ایک جگہ اکٹھا کریں گے پھر ہم ان سب کو جہنم کے گرد اردگرد گھٹنوں کے بل حاضر کریں گے پھر ضرور

لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَٰنِ

ہم ہر گروہ میں سے ان کو الگ کر لیں گے جو خدا کے برخلاف زیادہ سرکشی کرنے والے

عِتِيًّا ۝ ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ۝

ہے پھر ہم تو اس سے زیادہ واقف ہیں جو دوزخ میں جانے کے زیادہ مستحق ہیں

وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝

اور ایسا تو تم میں سے ایک بھی نہیں ہے جو دوزخ کے کنارے نہ پہنچے یہ تو تمہارے رب کا ٹھہرائے کیا ہوا ہے

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا وَّنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ۝ وَ

پھر ہم ڈر رکھنے والوں کو بچا لیں گے جو پرہیزگار ہوں گے اور ظالموں کو وہیں چھوڑ دیں گے کہ گھٹنوں کے بل گرے ہوئے پڑے رہیں

إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ

جب ان کے سامنے ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کافر مومنوں سے یہ کہہ دیتے ہیں کہ دو گروہوں

آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَأَحْسَنُ نَدِيًّا ۝ وَ

میں سے مکان کس کے زیادہ اچھے ہیں اور مجلس کس کی زیادہ شاندار ہے حالانکہ ہم

كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا ۝

اس سے پہلے بہت سے زمانوں کو ہلاک کر چکے ہیں جو سامان بھی ان سے اچھے تھے اور دکھاوا بھی

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ
کہہ دے کہ جو شخص گمراہی میں ہو تو خدا ضرور اسکو ڈھیل دیتا رہتا ہے

حَتّٰۤى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا
یہاں تک کہ جب وہ اسے دیکھیں جس سے انکو ڈرایا گیا تھا یعنی عذاب یا قیامت

السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ
تو اسوقت وہ جان لینگے کہ مکان یا مدد کے لحاظ سے کون بدتر ہیں اور گروہ کس کا کمزور ہے

جُنْدًا ۝ وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَالْبٰقِيٰتُ
اور جنہوں نے ہدایت پائی ہے خدا انکی ہدایت کو اور زیادہ کردیگا اور باقیات الصالحات

الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ۝ اَفَرَءَيْتَ
تمہارے پروردگار کے نزدیک انروسے ثواب بھی بہتر ہیں اور نروسے انجام بھی کیا تونے اس شخص کی

الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ۝ اَطَّلَعَ
حالت پر غور کیا ہے جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور یہ کہا کہ مجھ (قیامت میں) مال اور اولاد بھی دیا جائیگا اور کیا اسنے

الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ كَلَّا ؕ سَنَكْتُبُ
غیب پر خبر پائی ہے یا اسنے خدا سے کوئی عہد لے لیا ہے ہرگز ایسا نہیں ہوگا جو کچھ وہ کہتا ہے

مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝ وَّنَرِثُهٗ
ہم اسے لکھ لینگے اور اسکا عذاب بہت کچھ بڑھا دینگے اور اس چیزوں میں جو کچھ وہ کہتا ہے

مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ۝ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً
ہم اسکے وارث ہونگے اور قیامت کے دن وہ ہمارے پاس تن تنہا آئیگا۔ اور ان لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر بہت سے معبود

لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ۝ كَلَّا ؕ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ
تاکہ وہ انکے لئے بے روگار ہوں ہرگز نہیں عنقریب وہ انکی عبادت سے انکار کرینگے

وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّاۤ اَرْسَلْنَا ع ۱۶
اور انکے مخالف بنجائینگے کیا تم نے نہیں دیکھا کہ ہم شیطانوں کو کافروں

الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ۝ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ

کے پاس بھیجے ہے ہیں کہ وہ انکو خوب ابھاریں پس اب آپکے بارے میں جلدی نہ کرو

اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ

ہم آپکے دن گن رہے ہیں جس دن ہم پرہیزگاروں کو خدائے رحمان کی حضور میں عزت کیساتھ

وَفْدًا ۝ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ۝ لَا يَمْلِكُوْنَ

کے جمع کرینگے اور گنہگاروں کو جہنم کی طرف پیاسے جانوروں کی طرح ہنکا کے

الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ وَقَالُوا

اختیار نہوگا سوائے اُس شخص کے جسکا کوئی عہد خدائے رحمن کے پاس ہو اور انہوں نے یہ کہا

اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ۝ تَكَادُ

کہ خدائے رحمن نے بیٹا بنایا ہے تو تم نے بڑی سخت بات کہی قریب ہے کہ اس سے

السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ

آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہوجائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ

الْجِبَالُ هَدًّا ۝ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۝ وَمَا يَنْۢبَغِيْ

ہو جائیں کہ انہوں نے خدا کا بیٹا کہدیا حالانکہ خدا کو

لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۝ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

بیٹا بنانیکی کوئی ضرورت نہیں آسمانوں میں جو ہیں وہ اور زمین میں جو ہیں وہ سب

وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۝ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ

رحمن کی حضور میں بندگی کا اظہار کرنے والے آنیوالے ہیں ضرور اُسنے اُن سب کا احاطہ کر لیا ہے اور انکو

وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۝ اِنَّ

اچھا شمار کر لیا ہے اور شمار کر کے حق تو یہ تھا کہ قیامت کے دن ان میں سے ہر ایک اُسکی حضور میں اکیلا آنیوالا تھا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ

وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیلائے عنقریب خدائے رحمن اُنکے لیے ایک محبت

وُدًّا ۝ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ
ذار ہوگا پس سوائے اسکے نہیں ہے کہ ہم نے اس (قرآن) کو تمہاری زبان میں آسان کر دیا ہے تاکہ تم پرہیزگاروں کو
بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هَلْ
خوشخبری سناؤ اور اس کے ذریعہ سے جھگڑالو لوگوں کو ڈراؤ۔ اور ہم نے (یہ زبانوں سے) ان سے پہلے کتنے ہی
تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝
ان میں سے تم کسی کی کھلی حرکت (بھی) محسوس کرتے ہو یا انکی کوئی خفیہ آواز (تک بھی) سنتے ہو

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّخَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طٰهٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝ اِلَّا
طٰہٰ ۔ ہم نے یہ قرآن تم پر اس لیے نازل نہیں کیا ہے کہ تم تکلیف اٹھاؤ بلکہ اس لیے

تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ
نازل کیا ہے کہ اُن لوگوں کے لیے نصیحت ہو جو ڈرتے ہوں یہ اُس کی اتارا ہوا ہے جس نے زمین کو اور اونچے اونچے آسمانوں
وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ لَهٗ
کو پیدا کیا ہے وہی رحمٰن عرش (یعنی تمام عالموں پر اور علوم پر) حاوی ہے۔

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا
جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے اور جو
تَحْتَ الثَّرٰى ۝ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ
مٹی کے نیچے ہے تم بات کو پکار کر کہو تو وہ تو پوشیدہ کی بھی پوشیدہ کی اور بات ہی
وَاَخْفَى ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝ وَ
غیبہ سے بھی اللہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں سب اچھے اچھے نام اُسی کے ہیں اور

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ
آیا تم تک موسیٰ کا قصہ بھی پہنچا ہے؟ کہ جبکہ انہوں نے ایک آگ کو دیکھا تو اپنی اہل سے کہا کہ

امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ
(تم یہیں) ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے کہ میں وہیں سے تمہارے لیے کچھ خبر لاؤں گا یا اس آگ کے

اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰٓى ۝
پاس مجھے رہنما (کا پتا) مل جائے گا پس جب وہ آگ کے پاس آئے تو ندا دی گئی کہ اے موسیٰ

اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ
میں تمہارا پروردگار ہوں اپنے اپنے جوتے اتار دو تم وادی مقدس طوٰی

طُوًى ۝ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰٓى ۝ اِنَّنِيْٓ
میں ہو اور میں نے تمہیں برگزیدہ کر لیا ہے پس جو کچھ وحی بھیجی جاتی ہے اسے کان لگا کر سنو یقیناً خدا

اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ
میں ہی ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری ہی عبادت کرو اور میری یاد کے لیے نماز

لِذِكْرِيْ ۝ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى
قیامت یقیناً آنیوالی ہے میں اس (کے وقت) کو چھپا رکھنے کو ہوں تاکہ ہر شخص کو

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى ۝ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا
اسکی کوشش کے بموجب بدلہ دیا جائے پس تمکو اس سے وہ ہرگز غفلت کے ہاتھ جو نہیں مان رہیں

يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝ وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ
رکھتا ہے اور جو اپنی خواہش کا پیرو ہو رہا ہے ورنہ تم ہلاک ہو جاؤ گے اور اے موسیٰ یہ تمہارے داہنے ہاتھ

يٰمُوْسٰى ۝ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ
میں کیا ہے؟ عرض کی یہ میرا عصا ہے میں سہارا لیا کرتا ہوں اور اسی کے ذریعہ سے اپنی

بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ۝ قَالَ اَلْقِهَا
اور ان میں سے سردار جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا آخرت کے ملنے کو اور ہم نے ان کو دنیا کی زندگی میں آسودہ کیا تھا کہنے لگے کہ یہ شخص تو بس تمہارے ہی جیسا آدمی ہے جو کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور پیتا ہے جو تم پیتے ہو اور اگر تم اپنے ہی جیسے آدمی کی اطاعت کرو گے تو بیشک تم نقصان اٹھاؤ گے کیا یہ تم سے وعدہ کرتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے اور مٹی اور ہڈی ہو جاؤ گے تو تم (زندہ کر کے) نکالے جاؤ گے بہت بعید ہے بہت بعید ہے جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے زندگی تو بس ہماری دنیا کی زندگی ہے ہم مرتے اور جیتے ہیں اور ہم دوبارہ اٹھائے جانے والے نہیں یہ شخص تو بس خدا پر جھوٹ افترا کرتا ہے اور ہم اس کو ماننے والے نہیں پیغمبر نے کہا اے پروردگار میری مدد فرما بسبب اس کے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ہے خدا نے فرمایا عنقریب یہ اپنے کئے پر پچھتائیں گے تو ایک سخت آواز نے ان کو آ پکڑا اور ہم نے ان کو خس و خاشاک کی طرح (پامال) کر ڈالا تو ظالم لوگوں پر خدا کی لعنت ہو پھر ہم نے ان کے بعد اور امتیں پیدا کیں کوئی امت اپنے وقت سے نہ آگے جا سکتی ہے نہ پیچھے رہ سکتی ہے پھر ہم نے پیغمبر پے در پے بھیجے جب کسی امت کے پاس اس کا پیغمبر آیا تو اس نے اس کو جھٹلایا تو ہم نے ایک کو دوسرے کے پیچھے ہلاک کرا دیا اور ان کو افسانہ بنا دیا تو دور ہو ایسے لوگ جو ایمان نہ لائیں پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیوں اور کھلی سند کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ سرکش تھے تو کہنے لگے کہ بھلا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں حالانکہ ان کی قوم ہماری خدمتگار ہے تو انہوں نے ان کو جھٹلایا تو وہ ہلاک کئے ہوؤں میں جا ملے اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تاکہ لوگ راہ پر آئیں اور مریم کے بیٹے اور ان کی ماں کو نشانی بنایا اور ہم نے ان کو ایک اونچی جگہ جو رہنے کے لائق اور شاداب تھی پناہ دی اے پیغمبرو پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک کام کرو میں تمہارے کاموں سے واقف ہوں اور یہ تمہارا دین دین اسلام ایک ہی دین ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو مجھ سے ڈرتے رہو پھر لوگوں نے آپس میں اپنے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے ہر فرقہ جو کچھ اس کے پاس ہے اسی پر نازاں ہے تو ان کو ان کی غفلت میں کچھ عرصہ تک رہنے دو کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم جو ان کو مال اور بیٹوں سے مدد دیتے ہیں تو ان کو نیکیوں میں جلدی کرا رہے ہیں (ہرگز نہیں) بلکہ یہ سمجھتے نہیں بیشک جو لوگ خدا کے خوف سے لرزاں رہتے ہیں اور جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور جو اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتے اور جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور دل میں خائف رہتے ہیں کہ (ایک دن) ان کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے یہی لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں اور یہی ان کو حاصل کرنے والے ہیں ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو (سب کا) سچ سچ بیان کر دیتی ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا بلکہ ان کے دل اس سے غفلت میں ہیں اور ان کے اعمال اس کے سوا اور ہیں جو وہ کئے جا رہے ہیں یہاں تک کہ جب ہم ان کے آسودہ حال لوگوں کو عذاب میں پکڑیں گے تو وہ چلا اٹھیں گے آج چلاؤ نہیں تم ہماری طرف سے مدد نہیں دیئے جاؤ گے میری آیتیں تم کو پڑھ کر سنائی جاتی تھیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاتے تھے اور تکبر کرتے تھے اور بیہودہ باتیں بناتے تھے اور قرآن سے منہ موڑتے تھے کیا انہوں نے اس کلام میں غور نہیں کیا یا ان کے پاس وہ چیز آئی ہے جو ان کے اگلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی یا انہوں نے اپنے پیغمبر کو پہچانا نہیں تو اس سے انکاری ہیں یا یہ کہتے ہیں کہ اس کو جنون ہے (نہیں) بلکہ وہ ان کے پاس سچ لائے اور وہ سچ کو ناپسند کرتے ہیں اور اگر سچ ان کی خواہشوں کے پیچھے چلے تو آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب درہم برہم ہو جائے بلکہ ہم نے ان کو نصیحت کی چیز دی ہے تو وہ اپنی نصیحت سے منہ پھیرتے ہیں کیا تم ان سے کچھ صلہ مانگتے ہو تو تمہارے پروردگار کا صلہ بہتر ہے اور وہ بہتر روزی دینے والا ہے اور تم ان کو سیدھے رستے کی طرف بلاتے ہو اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ رستے سے الگ ہٹے جاتے ہیں اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور جو تکلیف ان کو ہے اس کو دور کر دیں تو بھی وہ اپنی سرکشی میں بہکتے پھریں اور ہم نے ان کو عذاب میں پکڑا بھی تو نہ تو وہ اپنے پروردگار کے آگے عاجزی کرتے ہیں اور نہ گڑگڑاتے ہیں یہاں تک کہ جب ہم ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے تو اس وقت ان کو ہر بھلائی سے مایوس پائیں گے اور وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم بہت کم شکر کرتے ہو اور وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم جمع کئے جاؤ گے اور وہی جلاتا اور مارتا ہے اور رات اور دن کا آنا جانا اسی کے اختیار میں ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں بلکہ یہ کہتے ہیں جو اگلے لوگ کہتے تھے کہ جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈی ہو جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ اٹھائے جائیں گے ہم سے اور ہمارے پہلے باپ دادا سے یہ وعدہ ہوتا چلا آیا ہے یہ بھی نہیں ہے سوا اس کے کہ پہلے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں تم پوچھو کہ زمین اور جو اس زمین میں ہیں کس کی ہے اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ) فوراً کہہ دیں گے کہ اللہ کی ہے تو کہو کہ پھر تم سمجھتے کیوں نہیں پوچھو کہ ساتوں آسمان اور عرش عظیم کا پروردگار کون ہے؟ فوراً کہہ دیں گے کہ اللہ ہی ہے تو کہو کہ پھر تم ڈرتے کیوں نہیں پوچھو کہ ہر چیز کی بادشاہی کس کے ہاتھ میں ہے اور کون پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دے سکتا اگر تم جانتے ہو تو بتلاؤ فوراً کہہ دیں گے کہ اللہ ہی ہے تو کہو پھر تم کہاں سے دھوکا کھا رہے ہو بلکہ ہم تو ان کے پاس سچ لائے اور وہ جھوٹے ہیں خدا نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے اگر ایسا ہوتا تو ہر خدا جو کچھ پیدا کرتا اسی کو لیا لیتا اور ان میں سے ایک دوسرے پر غالب آ جاتا (جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں) خدا اس سے جو یہ بیان کرتے ہیں منزہ اور پاک ہے (وہ) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے تو جس چیز کا یہ وعدہ دیئے جاتے ہیں اگر تو اس کو میرے سامنے کر دے

مَا يُوعَدُونَ ۝ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝

عذاب کا لفظ عہدہ کیا جاتا ہے اگر تو کبھی ہو وہ مجھے بھی دکھائے تو اے میرے پروردگار تو مجھ کو ان ظالموں کے پاس نہ رکھیو

وَإِنَّا عَلٰى أَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُونَ ۝ اِدْفَعْ

اور ہم ضرور اس بات پر بھی قادر ہیں کہ جو عذاب ان لوگوں کو دھمکا رہے ہیں (یعنی وعدہ کر رہے ہیں) وہ تجھ کو دکھا دیں (تو تو ان کی

بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ۝

(پروا نہ کر) ہماری کوشش ہمیشہ جو بدی ہو اچھی ہو جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں ہم اس سے خوب واقف ہیں

وَقُلْ رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِينِ ۝ وَ

اور تم یہ دعا کرو کہ اے میرے پروردگار میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے میرے پروردگار

أَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُونِ ۝ حَتّٰى إِذَا جَاءَ

میں اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آ کر پھٹکیں (کافروں کی حالت یہی رہیگی) یہاں تک کہ جب ان میں سے

أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۝ لَعَلِّي أَعْمَلُ

کسی کو موت آپہنچی تو وہ (دنیا کی طرف) کہنے لگا کہ اے میرے پروردگار مجھے تو واپس بھیج دیجئے تاکہ جو میں چھوڑ آیا ہوں اس میں

صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِنْ

کچھ نیکی کروں (کہا جائیگا) ایسا نہیں ہو سکتا یہ تو ایک بات ہے جو یہ بنا رہا ہے اور ان کے آگے

وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ

اس دن تک کے لیے جس دن وہ مبعوث کیے جائینگے (عالم) برزخ موجود ہے پھر صور میں پھونکا جائیگا

فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُونَ ۝ فَمَنْ ثَقُلَتْ

تو اس دن نہ تو آپس کے حسب (نسب) باقی رہیگے اور نہ باہم پوچھ گچھ کرینگے

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ

پس جنکے پلے بھاری ہونگے وہ تو فلاح پانیوالے ہونگے اور جنکے پلے ہلکے رہے پس

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ

وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا (اور) ہمیشہ جہنم میں رہنے والے

خٰلِدُوْنَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا

ہوئے آگ انکے چہروں کو جھلس دیگی اور وہ اس میں بدصورت

كٰلِحُوْنَ ۝ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

ہو جائینگے کیا میری آیتیں تم پر نہیں پڑھی جاتی تھیں۔ پھر تم انکو جھٹلایا کرتے

تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا

تھے؟ عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہماری کم بختی ہم پر غالب آگئی تھی اور ہم گمراہ لوگ

قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا

ہی تھے اے ہمارے پروردگار۔ اس میں سے ہمکو نکال لے پھر اگر ایسا کریں تو ہم بیشک

ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝ اِنَّهٗ كَانَ

ظالم ہونگے (خدا) فرمائیگا اسی میں ذلیل پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو بیشک میرے بندوں میں

فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

ایک گروہ ایسا بھی تھا جو یہ کہا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمارے گناہ بخش

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا

اور ہمپر رحم کر اور تو سب سے اچھا رحم کرنیوالا ہے پس تم انکا مذاق بنایا کرتے تھے

حَتّٰۤى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ

یہاں تک کہ انہوں نے تمکو میری یاد بھلادی تھی اور تم انسے ٹھٹھا ہی کرتے رہتے تھے آج میں

جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْۤا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

انہوں نے صبر کیا تھا انکو میں نے جزا دی کہ وہ کامیاب ہیں

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝ قَالُوْا لَبِثْنَا

(پھر دریافت فرمائیگا کہ تم زمین میں کتنے برس رہے ہوگے؟ عرض کرینگے کہ ایک دن

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ۝ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

یا دن کا کچھ حصہ پس تو گننے والوں سے پوچھ فرمائیگا کہ اگر تم تھوڑے ہی

إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا

رہے ہوگے کاش یہ تم جانتے ہوتے کیا تمنے یہ گمان کرلیا تھا کہ ہمنے

خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ۝ فَتَعَالَى

تمکو بیہودہ پیدا کیا اور یہ کہ تم ہماری حضور میں پلٹ کر نہ آؤ گے پس خدا بادشاہ

اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

برحق برتر ہے سوائے اُسکے کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک

الْكَرِيمِ ۝ وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ

ہے اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے جسکے بارے میں اُسکے پاس کوئی دلیل

لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ۝

نہیں تو اسکے لئے نہیں پس اُسکا حساب اُسکے پاس ہے بیشک کافر فلاح نہ پائینگے

وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ۝

اور تم یہ کہو کہ اے میرے پروردگار تو بخشدے اور رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنیوالا ہے

سُورَةُ النُّورِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَسِتُّونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ

یہ ایک سورہ ہے جسکو ہمنے نازل کیا اور جسکو ہمنے فرض کردیا اور اس میں ہمنے کھلے

بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي

احکام نازل کیے تاکہ تم یاد رکھو زنا کرنیوالی عورت اور زنا کرنیوالا مرد

فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ

اُن میں سے ہر ایک کو (تم) سو کوڑے لگاؤ

ع ۱ ۲۶

الجزء ۱۸

ربعها ۳۴ ثمانها ۳۳ دوثلثها ۹ عشرها ۳۲

وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ
اور ان دونوں کے بارے میں قانون خدا کے اجرا میں تمکو رحم نہ آجائے بشرطیکہ تم اللہ پر اور
تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ
قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور یہ (بھی) ضرور ہے کہ انکی سزا کے وقت مسلمانوں کا
مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ الزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَ
ایک گروہ موجود ہو زناکار نیوالا مرد سوائے زناکار نیوالی عورت یا مشرک عورت کو نکاح میں
الزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ
نہ کرے یا ئے اور زناکار عورت سے سوائے زناکار مرد کے اور مشرک کے اور کوئی نکاح نہ کرے یا ئے اور یہ حرام
عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا
مسلمانوں پر حرام کیا گیا ہے اور جو لوگ شوہر والی عورتوں پر الزام لگائیں پھر چار گواہ پیش نہ کر سکیں
بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا
تو انکو (اسی) اسی کوڑے لگاؤ اور انکی
تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا وَأُولَٰئِكَ هُمُ
گواہی کبھی قبول نہ کرو اور وہ ضرور
الْفَاسِقُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَ
نافرمان ہیں سوائے انکے جو اسکے بعد توبہ کریں اور (خرابی کی)
أَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ
اصلاح کریں تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جو لوگ اپنی بیویوں پر
أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ
الزام لگائیں اور سوائے اپنی ذات کے اور کوئی گواہ نہو تو انکی اپنے کی گواہی
أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ۝
یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر گواہی دے کہ میں سچا ہوں

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ

اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر خدا کی

الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ

لعنت ہو اور اس عورت سے سزا کو یہ بات ٹال دیگی کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر

شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ

یہ گواہی دے کہ وہ جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے

اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا

کہ اگر وہ سچا ہے تو مجھ پر خدا کا غضب (نازل) ہو اور اگر نہیں

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

خدا کا فضل اور اسکی رحمت تمہارے (تو یا تمہیں) کیا (تم پر) اور بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور)

حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ

حکمت والا ہے بیشک جن لوگوں نے تہمت لگائی وہ تمہی میں سے ایک گروہ ہے

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ

اسکو اپنے حق میں برا نہ سمجھو بلکہ وہ تمہارے لیے اچھا ہے۔ ان میں سے ہر شخص کے لیے

مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ

جو گناہ (کا کام) وہ کریگا وہی ہے اور جو ان میں سے گناہ کا بڑا حصہ لیگا اسی کے لیے

لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ

بڑا عذاب ہے جسوقت کہ تم نے اسکو سنا تھا تو مومن

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا

مردوں اور مومن عورتوں نے نیک گمان کیوں نہ کیا اور یہ کیوں نہ کہا

هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ۝ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ

یہ صریح بہتان ہے وہ اس بات پر چار گواہ کیوں نہ لائے

ع ۱۰

فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ
پس جب چار گواہ نہ لائے تو وہ اللہ کے نزدیک مرد ہی
الْكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي
جھوٹے ہیں اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر خدا کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ
تو جس بات کا تم نے چرچا کیا تھا اسکے سبب سے تم پر بڑا عذاب نازل
عَظِيْمٌ ۝ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ
ہوتا جبکہ تم اسکو ایک دوسرے کی زبان سے نقل کرتے تھے اور اپنے
مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ
منہ سے وہ کچھ بکتے تھے جسکا تمکو علم نہیں ہے اور اسکو ضعیف سی بات سمجھتے تھے حالانکہ وہ اللہ
عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ۝ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا
کے نزدیک بڑی بات تھی اور جسوقت تم نے اسکو سُنا تھا یہ کیوں نہ کہا کہ ہمیں کیا پرسی ہے
يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ
کہ ہم اسکے بارے میں کلام کریں حاشا وکلا یہ تو بہت بڑا بہتان ہے
عَظِيْمٌ ۝ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ
خدا تمکو نصیحت کرتا ہے کہ اگر تم مومن ہو تو پھر ایسا کبھی
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
نہ کرنا اور اللہ تم سے اپنے احکام کھول کھول کر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور)
حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي
حکمت والا ہے یقیناً وہ لوگ جو اس بات کو دوست رکھتے ہیں کہ ایمان لانیوالوں میں بےحیائی کی باتیں
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۙ
رائج ہوں اُنکے لیے دنیا میں (بھی) بڑا دردناک عذاب ہے اور آخرت میں (بھی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور اللہ (اسکو) خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اسکی

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(تو) تم پر جلد خدا نازل نہ کرتا اور بیشک اللہ بڑا مہربان (اور) رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو شیطان

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۚ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ

کے قدم بقدم نہ چلو اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم

الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا

چلیگا تو وہ ضرور اسکو بیحیائی اور بدی کی باتوں کا حکم دیگا اور اگر تم پر اللہ کا

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ

فضل اور اسکی رحمت کی نظر نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی کبھی پاک نہ ہو

اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

سکتا (لیکن اللہ جسکو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي

اور تم میں سے بالا دست اور صاحب مقدور لوگ یہ قسم نہ کھا بیٹھیں کہ وہ رشتہ داروں کو

الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۠ وَلْيَعْفُوْا

اور مسکین کو اور راہ خدا میں ہجرت کرنیوالوں کو کچھ نہ دینگے اور انکو چاہیے کہ

وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

معاف کر دیں اور درگزر کریں آیا تم اسکو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالےٰ تمہارے گناہ بخشدے اور اللہ

رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے بالتحقیق جو لوگ پاکدامن بیخبر ایماندار عورتوں پر عیب لگاتے ہیں

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ان پر دنیا میں بھی لعنت کی گئی ہے اور آخرت میں بھی) اور انکے لیے بہت بڑا عذاب

عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَ

بڑا ہے جس دن گواہی دیں گی اُن پر اُنکی زبانیں اور اُنکے ہاتھ اور اُنکے پاؤں اُنکی کرتوتوں کے بارے میں

أَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ

اُنکے پاؤں بہ ظلات گواہی دینگے اُسی دن اللہ تعالے اُنکا پورا پورا بدلہ

دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ۝

اُنکا سچا اور وہ یہ جان لینگے کہ اللہ وہی تو حق مرتع ہے

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ

بُری بُری باتیں بُرے لوگوں کے لیے زیبا ہیں اور بُرے لوگ بُری بُری باتوں کے لیے (موزوں) ہیں اور اچھی اچھی باتیں

لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ

اچھے لوگوں کے لیے (زیبا) ہیں اور اچھے لوگ اچھی باتوں کے لیے (موزوں) ہیں یہ (اچھے) لوگ اُن باتوں سے جو (بُرے

مِمَّا يَقُولُونَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

لوگ) بنے ہیں بری ہیں اُنکے لیے گناہوں کی بخشش بھی ہے اور آبرو کی روزی بھی ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ

اے ایمان لانیوالو اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں جب تک کہ اجازت نہ لیلو اور

تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

اُنکے رہنے والوں پر سلام نہ کرلو نہ جانا یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فِيهَا أَحَدًا فَلَا

تاکہ تم نصیحت پاؤ پھر اگر اُن میں کسی کو نہ پاؤ تو جب تک

تَدْخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤْذَنَ لَكُمْ ۖ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا

تمکو اجازت نہو ہرگز اُن میں نہ جاؤ اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوا هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝

تو لوٹ جاؤ یہی تمہارے لیے بہتر ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے

ع ۴

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ مَسْكُونَةٍ

اس بارے میں تم پر کوئی الزام نہیں ہے کہ تم ایسے گھروں میں جاؤ جن میں کوئی

فِيهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا

رہتا سہتا ہو اور ان میں تمہارا کچھ فائدہ ہو اور اللہ اسکو خوب جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُونَ ۝ قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَ

تم چھپاتے ہو (اے رسول) مومنوں سے کہدو کہ وہ اپنی آنکھیں بند رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو

يَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ

(غیروں کی نظر سے) بچائیں یہ انکے لیے بہت ہی بہتر ہے بیشک خدا ان چیزوں سے واقف ہے

بِمَا يَصْنَعُونَ ۝ وَقُل لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ

جو کچھ وہ کرتے رہتے ہیں اور تم مومن عورتوں سے بھی کہدو کہ وہ اپنی آنکھوں کو نیچا

أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ

رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو (غیروں کی نظر سے) بچائیں اور اپنے بناؤ سنگار کو سوائے اسکے جو

إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا ۖ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ

خود بخود ظاہر ہو ظاہر نہ کریں اور انکو لازم ہے کہ اپنے گریبانوں پر اپنے دوپٹوں کے آنچل ڈالے رکھیں

وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ

اور اپنا بناؤ سنگار کسی پر ظاہر نہ ہونے دیں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ دادا کے یا اپنے

بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ

شوہروں کے باپ دادا کے یا اپنے بیٹوں کے یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں کے

أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ

یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی (ہم مذہب) عورتوں کے یا اپنے لونڈی

أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ

غلاموں کے یا ایسے نوکر مردوں کے جنکو عورتوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے یا ایسے لڑکوں کے

الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ وَلَا يَضْرِبْنَ
جو ابھی عورتوں کے بھیدوں سے واقف (یعنی بالغ) نہوئے ہوں اور عورتیں (چلتے میں) اپنے
بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ۭ وَتُوْبُوْٓا
پاؤں اس غرض سے زمین پر زور سے نہ ماریں۔ خوبیت وہ جسے چھپائے ہوئے ہیں وہ ظاہر ہوجائے اور اے مسلمانو!
اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝
تم سب کے سب خدا کی حضور میں توبہ کرو تاکہ تم صاحب فلاح پاؤ
وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ
اور تم میں سے جو مرد بے زوجہ ہوں اور جو عورتیں بے شوہر ہوں انکے اور تمہاری لونڈی غلاموں میں
اِمَاۗىِٕكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَاۗءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ
سے جو نیک ہوں انکے نکاح کردو اگر وہ مفلس ہونگے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انکو غنی کردیگا
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ
اور اللہ صاحب وسعت (اور) صاحب علم ہے اور جن کو تم میں سے نکاح میسر نہو انکو عفت برتنی
نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ
چاہیے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ انکو اپنے فضل سے غنی کردے اور تمہارے لونڈی غلام جو
الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ
مکاتبت کے خواستگار ہوں تو اگر تم ان میں نیکی کے آثار پاؤ تو انسے مکاتبت
فِيْهِمْ خَيْرًا ۠ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ۭ وَلَا
کرلو اور انکو اس مال میں سے جو خدا نے تمکو عطا کیا ہے کچھ دو اور
تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَي الْبِغَاۗءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا
تمہاری لونڈیاں اگر پاکدامنی کی خواستگار ہوں تو انکو بدکاری پر مجبور نہ کرو کہ اس سے تم
عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ
دنیا کا نفع اٹھاؤ اور جو انکو مجبور کریگا تو اللہ انکے مجبور کرنے کے بعد

اکرامہن غفور رحیم ۝ ولقد انزلنا الیکم ایت
(اُنکے بارے میں) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور بیشک ہم نے تمہاری طرف کھلی ہوئی نشانیاں اور
مبینت ومثلا من الذین خلوا من قبلکم و
اُن لوگوں کے حوالے سے بھی نازل کی ہیں جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں نصیحت اور پرہیزگاروں کے لیے
موعظۃ للمتقین ۝ اللہ نور السموت والارض ع ۱۹
نازل کی ہے اللہ آسمانوں کا اور زمین کا روشن کرنیوالا ہے
مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح المصباح فی زجاجۃ
اُسکے نور کی مثال اُس روشندان کی سی ہے جسمیں ایک چراغ ہو وہ چراغ ایک شیشے کی قندیل میں ہو
الزجاجۃ کانہا کوکب دری یوقد من شجرۃ مبرکۃ
اور وہ قندیل ایسی ہو جیسے ایک چمکتا ہوا ستارا اور زیتون کے مبارک درخت کے تیل سے
زیتونۃ لا شرقیۃ ولا غربیۃ یکاد زیتہا یضیء
روشن ہو جو نہ شرقی ہے اور نہ غربی قریب ہے کہ اُسکا تیل خود بخود روشن
ولو لم تمسسہ نار نور علی نور یہدی اللہ لنورہ
ہو چکا گو آگ اُسکو نہ چھوئے وہ نور بالائے نور ہے اللہ جسکو چاہتا ہے اپنے نور کی
من یشاء ویضرب اللہ الامثال للناس واللہ بکل شیء
راہ بتلا دیتا ہے اور اللہ آدمیوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے اور اللہ ہر چیز کا پورا پورا
علیم ۝ فی بیوت اذن اللہ ان ترفع ویذکر فیہا اسمہ
جاننے والا ہے (روح) ایسے گھروں میں ہے جنکی نسبت خدا نے حکم دیا ہے کہ انکی تعظیم کیجائے اور اُنمیں نام
یسبح لہ فیہا بالغدو والاصال ۝ رجال لا تلہیہم
اُن میں لیا جائے۔ اُن میں صبح وشام اُسکی پاکیزگی بیان کرتے ہیں لوگ جنکو نہ سوداگری اور نہ خرید وفروخت سے
تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ واقام الصلوۃ وایتاء الزکوۃ
اور زکوٰۃ دینے سے نہ تو تجارت باز رکھتی ہے اور نہ کوئی خرید و فروخت

يُخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝
وہ اُس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں اُلٹ پلٹ ہو جائیں گی

لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُمْ مِنْ
تاکہ جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے اللہ اُس سے اچھا بدلہ اُنہیں دے اور اپنے فضل سے اُنکے لیے کچھ

فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝
اور بڑھائے اور اللہ جسکو چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ
اور جو لوگ کافر ہوئے اُنکے اعمال ایسے ہیں جیسے کہ چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت کہ پیاسا اُسکے

الظَّمْآنُ مَاءً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَوَجَدَ اللَّهَ
پانی خیال کرلیتا ہے یہاں تک کہ جب اُسکے پاس پہنچتا ہے اُسکو کوئی چیز نہیں پاتا اور اللہ کو اپنے

عِنْدَهُ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ ۗ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ أَوْ
پاس پاتا ہے پھر وہ اُسکا پورا پورا حساب کر دیگا اور اللہ سب سے جلد حساب کرنیوالا ہے یا اُن کاموں کے

كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِنْ فَوْقِهِ مَوْجٌ
اعمال) اُن اندھیریوں کے مانند ہیں جو گہرے سمندر میں ہوں جسکو موج نے ڈھانپ رکھا ہو اور

مِنْ فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا
اُس موج پر ایک اور موج ہو اور اُس موج پر ایک بادل ہو اسطرح اندھیریاں ایک کے اوپر ایک ہوں کہ جب کوئی

أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا ۗ وَمَنْ لَمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ
اپنا ہاتھ نکالے تو اُسکو بھی نہ دیکھ سکے اور جسکے لیے خدا نور ہدایت نہ دے اُسکے لیے

نُورًا فَمَا لَهُ مِنْ نُورٍ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَنْ
کوئی روشنی ہو ہی نہیں سکتی کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں

فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ ۖ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ
ہیں اور پر پھیلا کر اُڑنیوالے پرندے اللہ ہی کی تسبیح کرتے رہتے ہیں ہر ایک اُن میں سے اپنی اپنی نماز

ع ۱۱

وَتَسْبِيحَهُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ

اور اپنی اپنی تسبیح کو خوب جانتا ہے اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اللہ اس سے خوب واقف ہے اور آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ

بادشاہت اللہ ہی کی ہے اور اللہ ہی کیطرف لوٹ کر جانا ہے کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ

يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى

اللہ بادل کو ہانک لاتا ہے پھر اس (کے ٹکڑوں) کو آپس میں جوڑ دیتا ہے پھر انکو تہ بہ تہ رکھ دیتا ہے

الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ جِبَالٍ

پھر تم انکے بیچ میں سے مینہ کو نکلتے ہوئے دیکھتے ہو اور اللہ آسمان سے پہاڑ کی مثل کے بادلوں سے

فِيهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَنْ

اولے برساتا ہے پھر ان اولوں سے جسکو چاہتا ہے صدمہ پہنچاتا ہے اور جس سے چاہتا ہے انکو ہٹا دیتا

يَشَاءُ ۖ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ ۝ يُقَلِّبُ اللَّهُ

ہے قریب ہے کہ اسکی بجلی کی چمک بصارتوں کو غارت کر دے اللہ رات کو اور

اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِأُولِي الْأَبْصَارِ ۝

دن کو الٹا پلٹا کرتا رہتا ہے بیشک اس میں دیکھنے والوں کے لیے عبرت ہے

وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ ۖ فَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ

اور اللہ نے ہر چلنے والا پانی سے پیدا کیا پس ان میں بعض تو پیٹ کے بل چلتے ہیں جو اپنے پیٹ کے

بَطْنِهِ ۖ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ رِجْلَيْنِ ۖ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ

بل چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو دو پاؤں پر چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو چار پر

أَرْبَعٍ ۚ يَخْلُقُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

چلتے ہیں اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے بیشک اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے

لَقَدْ أَنْزَلْنَا آيَاتٍ مُبَيِّنَاتٍ ۚ وَاللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ

بیشک ہم حقیقتوں کی کھولنے والی آیتیں نازل کیں اور اللہ جسکو چاہتا ہے راہ راست تک

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَيَقُولُونَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَ

سیدھا دیتا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور اُسکے رسول پر ایمان لائے اور

اَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ

اُنکے مطیع ہیں پھر اسکے بعد اُنمیں سے ایک گروہ پھر جاتا ہے اور وہ مومن

بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ

نہیں ہیں اور جب وہ اللہ کی اور اُسکے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں کہ رسول

بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ

اُنکے مابین فیصلہ کرے تو یکایک اُنمیں ایک گروہ روگرداں ہو جاتا ہے اور اگر انکا کوئی حق (حصہ)

الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ۝ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ

ہوتا ہے تو فرمانبرداری کرتے رسول کے پاس چلے آتے ہیں آیا اُنکے دلوں میں کوئی روگ ہے

ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ

یا شک میں پڑے ہوئے ہیں یا اس بات سے ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اُسکا رسول اُن پر کوئی ظلم کرے

بَلْ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

(نہیں) بلکہ یہی ظالم ہیں ۝ مومنوں کا قول تو جب وہ

اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا

خدا اور اُسکے رسول کی طرف اس غرض سے بلائے جائیں کہ رسول اُنکے مابین فیصلہ کرے اسکے سوا

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَ

اور کچھ ہونا ہی نہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور بسر و چشم اطاعت کی اور یہی لوگ (دونوں جہان میں) فلاح پانیوالے ہیں اور

مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ

جو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کریگا اور خدا سے ڈریگا اور اُس کی مخالفت سے بچتا رہیگا

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

بس ایسے ہی لوگ تو کامیاب ہونیوالے ہیں اور وہ اپنے مقدور بھر اللہ کی قسمیں کھاکر

أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ أَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ۖ قُلْ لَا تُقْسِمُوا ۖ
یہ لوگ کہ آپ ہمیں حکم دیں تو ہم ضرور نکل کھڑے ہوں گے تم کہدینا کہ تم قسمیں نہ کھاؤ

طَاعَةٌ مَّعْرُوفَةٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ قُلْ
بیشک اطاعت مطلوب ہے (قالی خوابی ہمیں بہتیرے جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے تم کہدیا کر

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ
تم اللہ کی اطاعت کرو اور اسکے رسول کی اطاعت کرو پھر اگر تم روگردان ہوگے تو سوا اسکے نہیں ہے کہ

مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُم مَّا حُمِّلْتُمْ ۖ وَإِن تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا ۚ
رسول کے ذمہ اسکی جواب دہی ہے جس پر وہ مامور کیا گیا ہے اور تمہارے ذمہ اسکی جواب دہی ہے جسپر تم مامور کئے گئے ہو اور اگر تم

وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ
اسکی اطاعت کرو گے تو راہ پاؤ گے اور رسول کو ذمہ سوائے واضح طور پر پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے اللہ نے ان سب لوگوں سے جو تم میں سے

آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي
ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کئے اللہ نے یہ وعدہ کیا ہے کہ ضرور انکو اس زمین میں

الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ
جانشین بنائیگا جیسا کہ اگلے لوگوں کو جانشین بنایا تھا اور ضرور انکے دین کو

لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن
جو انکے لئے پسند کیا ہے انکی خاطر سے بالادار کریگا اور ضرور انکے خوف کو امن سے

بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ
بدل دیگا اسوقت وہ میری ہی عبادت کرینگے اور کسی چیز کو میرا شریک نہ ٹھہرائینگے

وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝
اور جو اسکے بعد ناشکری کریگا پس نافرمان وہی لوگ ہیں

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور رسول کی اطاعت کرو

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مُعْجِزِينَ

تاکہ تم پر رحم کیا جائے ان لوگوں کو جو کافر ہو گئے زمین میں خدا کا عاجز کر دینے والا

فِي الْأَرْضِ ۚ وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝

ہرگز خیال نہ کرو اور انکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری بازگشت ہے

ع ۱۳

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ

اے ایمان لانیوالو لازم ہے کہ تمہارے لونڈی غلام اور جو تم میں سے (ابھی) بلوغ کو

أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۚ

نہ پہنچے ہوں وہ تمہارے پاس آنیکے لیے دن رات میں) تین مرتبہ تم سے اجازت لیا کریں

مِنْ قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُمْ

(ایک) نماز فجر سے پہلے اور (دوسرے) جب تم دوپہر کو (قیلولہ کے لیے) اپنے کپڑے اتار دیتے ہو

مِنَ الظَّهِيرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ۚ ثَلَاثُ

اور (تیسرے) نماز عشا کے بعد یہ تینوں

عَوْرَاتٍ لَكُمْ ۚ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ

تمہارے پردے کے وقت ہیں اسکے بعد بلا اجازت آنے جانے میں نہ تمہارے ذمہ کوئی الزام

بَعْدَهُنَّ ۚ طَوَّافُونَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ

ہے اور نہ انکے ذمہ تم ایک دوسرے کے پاس بکثرت آتے جاتے ہی رہتے ہو

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝

اللہ اس طرح تمہارے لیے احکام کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے

وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا

اور جب تمہارے بچے بالغ ہو جائیں تو انکو لازم ہے کہ اسی طرح اجازت طلب کیا کریں جیسے

اسْتَأْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ

بزرگ) انکے پہلے سے اجازت طلب کیا کرتے تھے اس طرح اللہ اپنے احکام تمہارے لیے کھولکر بیان

لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ

کرتا ہے اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے اور بڑی بوڑھی عورتیں جنکو

الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ

نکاح کی امید باقی نہو تو اگر وہ اپنا برقع وغیرہ اتار دیا کریں تو اُنکے ذمہ

يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ

کچھ الزام نہیں ہے جس حال میں کہ اُنکو اپنے بناؤ سنگار کا اظہار منظور نہو اور اگر

يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ

وہ اس سے بھی باز رہیں تو یہ اُنکے لیے بہتر ہے اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے نہ کسی

عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى

اندھے کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ لنگڑے کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ کسی بیمار کے

الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ

ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ تمہارے اپنے ذمہ اس میں کہ تم کھانا اپنے گھروں سے کھاؤ

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ

یا اپنے باپ دادوں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے

اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں

عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا

کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جہاں کی

مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

کنجیاں تمہارے ہاتھ ہوں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے اس میں بھی تمہیں کوئی الزام نہیں ہے

اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا

کہ تم کھاؤ سب مل کر یا الگ الگ پھر جب تم گھروں میں جاؤ تو اپنی ذات پر

عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ
سلام کرو اپنے اللہ کی طرف سے نفیس برکت والا تحفہ ہے

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ ع ۱۱
اس طرح اللہ تم سے اپنے احکام کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھ لو

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا
سوائے اسکے نہیں کہ مومن وہ لوگ ہیں جو اللہ پر اور اسکے رسول پر ایمان لائے ہیں اور

كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ
جب کسی جمع کے موقع پر رسول کے ساتھ ہوتے ہیں تو جب تک اُن سے اجازت نہ لے لیں چلے نہیں جاتے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ
بیشک جو لوگ تم سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی تو اللہ پر اور اُسکے رسول پر

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ
ایمان رکھتے ہیں پھر جب وہ تم سے اپنے کسی خاص کام کے لیے اجازت چاہیں تو

لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
اُن میں سے تم جسکو چاہو اجازت دیدیا کرو اور اُنکے لیے خدا سے مغفرت طلب کیا کرو بیشک اللہ بڑا

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ
بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے رسول کے بلانیکو تم ایسا قرار نہ دو جیسا کہ تم اپنے میں ایک دوسرے

بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ
کو پکارتے ہو اللہ اُن لوگوں کو خوب جانتا ہے جو تم میں سے چپ چاپ کھسک جاتے ہیں

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ
پس اُن لوگوں کو جو امر رسول سے مخالفت کرتے ہیں اس بات سے ڈرتے رہنا چاہیے کہ اُنپر کوئی مصیبت

اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
یا اُنکو دردناک عذاب خبردار رہو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَالْاَرْضِ ۚ قَدْ يَعْلَمُ مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ ۚ وَيَوْمَ يُرَدُّوْنَ اِلَيْهِ

وہ اللہ ہی کا ہے تم جس روش پر ہو اُسے وہ خوب جانتا ہے اور جسدن وہ اُسکی طرف پھیرے جائینگے

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ع ۱۵

تو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ اُنکو جتا دیگا اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰي عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ

صاحب برکت ہے وہ جسنے اپنے بندے پر (حق و باطل کی) جامع نازل کی کہ وہ تمام عالموں کے

لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَۨا ۝ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

لیے ڈرانیوالا ہو وہ وہی ہے جسکے لیے آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت

وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ

(مسلم) ہے اور اُسنے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور نہ سلطنت کے معاملہ میں کوئی اُسکا شریک ہوا اور اُسنے

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝ وَاتَّخَذُوْا مِنْ

ہر چیز کو پیدا کیا پھر اُسکا ایسا اندازہ کر دیا جیسا کہ اندازہ کرنیکا حق ہے اور اُنہوں نے اُسے چھوڑ کر

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ

ایسے خدا بنا لیے ہیں جو ایک چیز بھی نہیں بناتے بلکہ خود بنائے جاتے ہیں

وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ

اور نہ وہ اپنی ذات کے لیے کسی نفع یا ضرر کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی کی موت کا اختیار

مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

رکھتے ہیں اور نہ کسی کی زندگی کا اور نہ کسی کو دوبارہ اٹھانیکا اور اُن لوگوں نے جو کافر ہوگئے یہ کہدیا

ع نقد نقد کہ ثمن ایں دم است۔ تفسیر فتی میں ہے کہ جناب امام رضا علیہ السلام نے کسی شخص سے روایت کیا کہ تو جانتا ہے نقد کی

إِنْ هٰذَآ إِلَّآ إِفْكٌ ٱفْتَرٰىهُ وَأَعَانَهُۥ عَلَيْهِ قَوْمٌ
کہ یہ تو نرا جھوٹ ہے جو اس شخص نے بنا لیا ہے اور اور لوگوں نے اسکے بنانے میں اسکی

ءَاخَرُونَ ۚ فَقَدْ جَآءُو ظُلْمًا وَزُورًا ۝ وَقَالُوٓا۟
مدد کی ہے پس ان لوگوں نے نہایت ناانصافی کی اور جھوٹ بولا جس حال میں یہ کہہ کر

أَسَٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ ٱكْتَتَبَهَا فَهِىَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً
یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں جو اس شخص نے لکھ لی ہیں اور صبح و شام اسکو لکھوا دیجاتی

وَأَصِيلًا ۝ قُلْ أَنزَلَهُ ٱلَّذِى يَعْلَمُ ٱلسِّرَّ فِى ٱلسَّمٰوٰتِ
ہیں تم یہ کہدو کہ اسکو تو اسنے اتارا ہے جو آسمانوں کی اور زمین کی سب پوشیدہ

وَٱلْأَرْضِ ۚ إِنَّهُۥ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ وَقَالُوا۟ مَالِ هٰذَا
باتوں کو جانتا ہے بیشک وہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنیوالا ہے اور انھوں نے یہ کہدیا کہ اس رسول

ٱلرَّسُولِ يَأْكُلُ ٱلطَّعَامَ وَيَمْشِى فِى ٱلْأَسْوَاقِ ۙ لَوْلَآ
کو کیا ہوا ہے یہ تو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اسکے پاس

أُنزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُۥ نَذِيرًا ۝ أَوْ يُلْقَىٰٓ
کوئی فرشتہ کیوں نہ بھیجا کہ وہ اسکے ساتھ ڈرانیوالا ہوتا یا اسپر خزانہ کیوں

إِلَيْهِ كَنزٌ أَوْ تَكُونُ لَهُۥ جَنَّةٌ يَأْكُلُ مِنْهَا ۚ وَقَالَ
نہ ڈالا گیا یا اسکا کوئی باغ کیوں نہ ہوا کہ یہ اس میں سے کھاتا اور نافرمان

ٱلظّٰلِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا ۝
یہ کہتے ہیں کہ تم تو ایک جادو زدہ شخص کی پیروی کر رہے ہو

ٱنظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا۟ لَكَ ٱلْأَمْثَالَ فَضَلُّوا۟
دیکھو تو انھوں نے تمہارے لیے کیسی کیسی باتیں کہیں پس خود ہی گمراہ ہو گئے

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ۝ تَبَارَكَ ٱلَّذِى
سو (اب) راہ نہ پاسکتے صاحب برکت ہے وہ جو

إِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّن ذَٰلِكَ جَنَّٰتٍ تَجْرِى

اگر چاہتا تو تمہارے لیے اس سے بہتر مقرر کر دیتا (یعنی ایسے باغات جنکے نیچے نہریں

مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ وَيَجْعَل لَّكَ قُصُورًا ۝ بَلْ كَذَّبُوا۟

بہتی ہوں میں اور تمہارے لیے بہت سے محل بنا دیتا بلکہ انہوں نے تو

بِٱلسَّاعَةِ ۖ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِٱلسَّاعَةِ سَعِيرًا ۝

قیامت کو جھٹلایا حالانکہ جنہوں نے قیامت کو جھٹلایا اُنکے لیے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کی ہے

إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍۭ بَعِيدٍ سَمِعُوا۟ لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا ۝

جب انکو دور سے دیکھیگی تو یہ اُسکے جوش و خروش کی آواز

سن لینگے اور جب اُسکے کسی کونے میں جکڑ کر ڈالے جائینگے تو وہاں موت ہی

وَإِذَآ أُلْقُوا۟ مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِينَ دَعَوْا۟ هُنَالِكَ ثُبُورًا ۝

موت پکارینگے (اُنسے کہا جائیگا کہ) آج ایک ہی موت کو نہ پکارو

لَّا تَدْعُوا۟ ٱلْيَوْمَ ثُبُورًا وَٰحِدًا وَٱدْعُوا۟ ثُبُورًا كَثِيرًا ۝ قُلْ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ

بلکہ بہت سی موتوں کو پکارو (اے رسول) تم کہدو کہ آیا یہ بہتر ہے یا ہمیشہ کی بہشت

أَمْ جَنَّةُ ٱلْخُلْدِ ٱلَّتِى وُعِدَ ٱلْمُتَّقُونَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً

جسکا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ انکا بدلہ اور آخری بازگشت

وَمَصِيرًا ۝ لَّهُمْ فِيهَا مَا يَشَآءُونَ خَٰلِدِينَ ۚ كَانَ

ہوگی جو کچھ وہ چاہینگے وہ اُس میں ہمیشہ رہینگے (یہ) ایسا ہی ہے کہ یہ ایک وعدہ

عَلَىٰ رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔولًا ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا

جسکا ایفاء تمہارے رب کے ذمہ لازم ہے (اور) جسکا سوال کیا جائیگا اور جس دن خدا انکو بھی جمع کریگا اور

يَعْبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ فَيَقُولُ ءَأَنتُمْ أَضْلَلْتُمْ عِبَادِى

اُنکو بھی جنکی یہ خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے پھر اُنسے فرمائیگا کہ (کیا) تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا

هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

یا یہ خود ہی راہ راست سے بھٹک گئے؟ تو وہ کہیں گے تیری ذات منزہ ہے

مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ

ہمیں کیا پڑی تھی کہ ہم تیرے سوا (دوسرے (دوسرے) کارساز

مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

بناتے لیکن تو نے انکو اور انکے باپ دادوں کو نعمتیں دی تھیں یہانتک کہ

نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ۝ فَقَدْ

یہ تیری یاد اور نصیحت کو بھول گئے اور بے لوگ ہلاک ہونے ہی کے قابل تھے (اگر توبہ کرتے)

كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ

جو کچھ تم کہتے تھے اس میں تو (تمہارے ان معبودوں ہی نے) تمکو جھٹلا دیا پھر نہ تو عذاب کو ٹال سکتے

صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ

اور نہ مدد کر سکتے اور جو تم میں سے نافرمانی کرے گا

نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا

ہم اسکو بڑا عذاب چکھائینگے اور ہمنے تم سے پہلے جو

قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ

رسول بھیجے تھے وہ کھانا (بھی)

لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي

کھایا کرتے تھے اور بازاروں میں (بھی) چلا پھرا

الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ

کرتے تھے اور ہمنے تم میں سے ایک کو دوسرے کے لیے آزمائش مقرر کر دیا ہے

اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۝ ع ۱۱/۱۷

کیا تم صبر کرو گے؟ حالانکہ تمہارا پروردگار (سب کا) نگراں ہے

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ

اور اُن لوگوں نے جو ہماری حضور میں آنیکی امید نہیں رکھتے یہ کہدیا کہ ہم

اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا

پر فرشتے کیوں نہیں نازل کیجیے یا ہم اپنے پروردگار کو کیوں نہیں دیکھتے یقیناً انہوں نے اپنے دلوں میں

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ۝ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ

بہت ہی سمجھ کیا اور بہت ہی بڑی سرکشی کی جس دن وہ فرشتوں کو دیکھینگے اُس دن

لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝

قصورواروں کے لیے کوئی خوشخبری نہیں ہے اور وہ پکینگے راہ جسے اور آنکے ماہیں کوئی رکاوٹ ہو

وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً

اور جو عمل بھی انہوں نے کیا ہو ہم اُسکی طرف متوجہ ہونگے پس اُسکو بکھری ہوئی خاک

مَّنْثُوْرًا ۝ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ

کر دینگے جنت والے اُس دن اچھی سے اچھی آرامگاہ اور بہتر سے بہتر خوابگاہ

مَقِيْلًا ۝ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ

میں ہونگے اور اُس دن آسمان ایک بدلی (کے سبب) سے پھٹ جائیگا اور فرشتے اُتارے جائینگے

تَنْزِيْلًا ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا

اچھی طرح یکساں حق ہے سلطنت اُس دن خدا ہی کی ثابت ہوگی اور وہ دن کافروں پر

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ۝ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى

بہت ہی سخت ہوگا اور اُسدن ظالم (قابل) اپنے دونوں ہاتھ اپنے دانتوں

يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ۝

سے کاٹ کاٹ کھائیگا اور یہ کہیگا کہ کاش میں نے رسول کا راستہ اختیار کیا ہوتا

يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ۝ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ

ہائے خرابی میری کاش میں نے فلاں (شیطان) کو یارنہ بنایا ہوتا بیشک اُسنے مجھکو نہ کرکہ ذکر (کتاب)

عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَاءَنِي ۗ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ
سے بعد اسکے کہ میرے پاس آچکا تھا بھٹکا دیا اور شیطان سے ہی انسان کی مدد
خَذُولًا ۝ وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَٰذَا
چھوڑ دینے والا اور رسول (محمد ﷺ) یہ فرمائیں گے اے میرے پروردگار میری قوم نے اس قرآن
الْقُرْآنَ مَهْجُورًا ۝ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ
(قرآن ہادی) کو بالکل مہجور بنا دیا تھا اور اسی طرح ہمنے ہر نبی کے لیے گنہگاروں میں سے ایک ایک دشمن
الْمُجْرِمِينَ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ هَادِيًا وَنَصِيرًا ۝ وَقَالَ الَّذِينَ
قرار دیا تھا اور تمہارا پروردگار ہدایت و نصرت کے لیے کافی ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے
كَفَرُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ جُمْلَةً وَاحِدَةً ۚ كَذَٰلِكَ
انہوں نے یہ کہا کہ اس پر سارا قرآن ایک دفعہ ہی کیوں نہ نازل کیا گیا یہ (نہیں ہوگا)
لِنُثَبِّتَ بِهِ فُؤَادَكَ ۖ وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِيلًا ۝ وَلَا يَأْتُونَكَ
کہ ہم اسکے ذریعہ سے تمہارے دل کو مضبوط کرتے ہیں اور ہمنے اسکو ٹھہر ٹھہر کر پڑھایا اور یہ جو شبہ بھی تمہارے
بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا ۝ الَّذِينَ
پاس لائے ہیں ہم اسکا ٹھیک ٹھیک جواب اور بہتر سے بہتر بیان ہم پہنچا دیتے ہیں جو لوگ
يُحْشَرُونَ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ إِلَىٰ جَهَنَّمَ أُولَٰئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا
اپنے منہ کے بل جہنم میں جمع کیے جائیں گے وہی تو برے سے برے مکان میں
وَأَضَلُّ سَبِيلًا ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَا
اور بہت زیادہ گمراہ ہیں پہلے ہوئے ہمنے موسےٰ کو کتاب عنایت کی تھی اور اسکے بھائی
مَعَهُ أَخَاهُ هَارُونَ وَزِيرًا ۝ فَقُلْنَا اذْهَبَا إِلَى الْقَوْمِ الَّذِينَ
ہارون کو اسکا وزیر مقرر کیا تھا پھر ہمنے حکم دیا کہ تم دونوں اُن لوگوں کے پاس جاؤ
كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۚ فَدَمَّرْنَاهُمْ تَدْمِيرًا ۝ وَقَوْمَ نُوحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا
جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا پھر ہمنے انکو ایسا ہلاک کیا جو ہلاک کرنا تھا اور نوح کی قوم جب انہوں نے رسولوں کو

الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ
جھٹلایا تو ہم نے انکو طوفان سے) غرق کر دیا اور لوگوں کے لئے انکو نشان (عبرت) قرار دیا اور ہم نے ظالموں کے لئے

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا
دردناک عذاب تیار کیا ہے اور عاد کو اور ثمود کو اور رس والوں کو اور ان کے درمیان بہت سے زمانے والوں کو

بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ۝ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۡ وَكُلًّا تَبَّرْنَا
ہم نے (ہلاک کر دیا) اور ہر ایک کے لئے (اپنے) حکم بیان کئے اور ہر ایک کو (ایسا) ہلاک کر دیا جیسے کہ

تَتْبِيْرًا ۝ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ۭ
ہلاک کرنے کا حق ہے اور بیشک وہ اُس بستی پر سے بھی گزرے ہیں جس پر بُری بارش برسائی گئی تھی

اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ۝ وَاِذَا
تو کیا یہ (اسکو) نہیں دیکھتے تھے (نہیں دیکھتے تھے) بلکہ یہ (تو دوبارہ) اٹھنے کی (ایسی) نہیں رکھتے اور جب

رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ
یہ تمکو دیکھتے ہیں تمہارا مذاق ہی اڑاتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) کیا یہی ہیں جنکو خدا نے رسول بنا کر

رَسُوْلًا ۝ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا
بھیجا ہے؟ اسے تو ہمکو ہمارے خداؤں سے بہکا ہی دیا ہوتا اگر ہم اُن (کی عبادت) پر ثابت قدم

عَلَيْهَا ۭ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ
نہ رہتے اور (اب) جس وقت یہ عذاب کو دیکھینگے تو (خود) سمجھ لینگے کہ راہ راست سے بھٹکا ہوا

سَبِيْلًا ۝ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ
کون تھا؟ کیا تم نے اُسے دیکھا جو اپنی خواہش کو اپنا خدا بنائے تو کیا تم اُسکے نگہبان

عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ
ہو سکتے ہو؟ یا تم یہ گمان کرتے ہو کہ ان میں سے اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں

اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ ۭ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ
یہ تو چوپایوں کے مانند ہیں بلکہ اُن سے بھی (کئی گنا) زیادہ گمراہ (کیا تم نہیں) اپنے پروردگار کی حکمت کو نہیں دیکھتے

كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ

کہ آنے سایہ کو کس طرح پھیلا دیا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اُسکو قائم کر دیتا پھر بنائے سورج کو اُسپر راہبر

عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۚ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ

مقرر کیا ہے پھر بنائے اُسکو اپنی طرف تھوڑا تھوڑا کیا ہے اور وہ وہی ہے

جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۝

جسنے تمہارے لیے رات کو پردہ مقرر کیا ہے اور نیند کو راحت اور دن کو جلنے پھرنیکا ذریعہ بنایا ہے

وَهُوَ الَّذِيْ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًا ۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا

اور وہ وہی ہے جو اپنی رحمت سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے اور بنائے آسمان

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ۝ لِّنُحْيِيَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ

سے پاک پانی اُتارا کہ اُسکے ذریعے سے مردہ ملک کو زندہ کر دیں اور جو پانے

مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ

بنائے ہیں اُنکو اور بہت سے آدمیوں کو وہی پانی چاہئیں اور بخشا ہے لوگوں کے درمیان

بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ وَلَوْ

اسکو بار بار بیان کیا تاکہ وہ یاد رکھیں مگر بہت سے آدمیوں نے ناشکری کے برتاؤ کا انکار کیا اور کر

شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ۝ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ

ہم چاہتے تو ہر ہر بستی میں ایک ڈرانیوالا بھیج دیتے پس تم کافروں کی پیروی نہ کرو اور

جَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

قرآن مجید کی دلیلوں کے ذریعہ سے اُنسے خوب جہاد کرو اور وہ وہی تو ہے جسنے دو دریا ملا دیے

هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا

یہ تو میٹھا مزہ دار ہے اور یہ کھاری کڑوا اور دونوکے درمیان ایک

بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا

پردہ اور ایک مقررکی ہوئی آڑ لگا دی اور وہ وہی ہے جسنے پانی سے آدمی کو پیدا کیا

فجعله نسبا وصهرا وكان ربك قديرا ۝ ويعبدون
پھر اسکو بیٹا (بیٹی اور بہو) اور داماد بنا دیا اور تمہارا پروردگار پوری پوری) قدرت (رکھنے) والا ہے۔ اور وہ اللہ
من دون الله ما لا ينفعهم ولا يضرهم وكان الكافر
کو چھوڑ کر انکی پوجا کرتے ہیں جو انکو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ ضرر اور کافر اپنے مالک کے
على ربه ظهيرا ۝ وما أرسلناك إلا مبشرا ونذيرا ۝
برخلاف کی پشتی پر رہتا ہے اور ہمنے تمکو خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا ہے
قل ما أسئلكم عليه من أجر إلا من شاء أن يتخذ إلى
تم کہدو کہ میں تم سے پیغام پہنچانیکی کوئی مزدوری نہیں مانگتا سوائے اسکے کہ جو چاہے اپنے پروردگار
ربه سبيلا ۝ وتوكل على الحي الذي لا يموت وسبح
کا راستہ اختیار کرلے اور تم اُس زندہ پر بھروسہ کرو جسکو موت نہ آئیگی اور اسکی حمد کی تسبیح
بحمده وكفى به بذنوب عباده خبيرا ۝ الذي خلق
پڑھو اور وہی اپنے بندوں کے گناہ کی خبر رکھنے کو کافی ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو
السموت والأرض وما بينهما في ستة أيام ثم استوى
اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اُسے چھ دن میں پیدا کیا پھر (جیسی قدرت) عرش پر
على العرش الرحمن فسئل به خبيرا ۝ وإذا قيل لهم
محیط ہوگیا رحمٰن وہی ہے پس اسکے بارے میں کسی باخبر سے سوال کرو۔ اور جبکہ تم سے
اسجدوا للرحمن قالوا وما الرحمن أنسجد لما تأمرنا وزادهم
کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا چیز ہے کیا ہم اسکو سجدہ کریں جسکی نسبت تم ہمکو حکم دیتے ہو اور
نفورا ۝ تبرك الذي جعل في السماء بروجا وجعل فيها
بات اُنکی نفرت کو اور بڑھا دیتی ہے۔ بڑی برکت والا ہے وہ جسنے آسمان میں بارہ برج مقرر کیے اور اُن میں ایک چراغ اور
سراجا وقمرا منيرا ۝ وهو الذي جعل الليل والنهار خلفة
ایک روشنی دینے والا چاند بنا دیا اور وہ وہی ہے جسنے رات کو اور دن کو اُس شخص کے لیے جو درک کرنا

لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ۝ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ
یا شکر ادا کرنا چاہے ایک دوسرے کا قائم مقام بنا دیا اور رحمٰن کے بندے وہ

الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ
ہیں جو زمین پر آہستہ آہستہ چلتے ہیں اور جب جاہل لوگ اُن سے خطاب کرتے ہیں تو

قَالُوْا سَلٰمًا ۝ وَالَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِیَامًا ۝
وہ کہتے ہیں سلامت رہو اور جو رات کو اپنے پروردگار کی حضور میں سجدہ کرتے (کرتے) اور نماز میں کھڑے رہتے ہیں

وَالَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا
اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم سے عذاب جہنم کو دور کر دے یقیناً اُس کا عذاب

كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ وَالَّذِیْنَ
پامال ہو گا جہنم وہ قرار و قیام کے لیے بہت ہی بُری جگہ ہے اور وہ لوگ

اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ یُسْرِفُوْا وَلَمْ یَقْتُرُوْا وَكَانَ بَیْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ۝
جب خرچ کرتے ہیں تو نہ ضرورت سے زائد صرف کرتے ہیں اور نہ کمی کرتے ہیں بلکہ کمی کو ان دونوں کے درمیان درمیانی حالت

وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ
اور وہ اللہ کے ساتھ کسی اور کو خدا نہیں بناتے اور کسی نفس کو جسکا قتل خدا نے حرام کر دیا ہے

الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ
ناحق قتل نہیں کرتے اور نہ زنا کرتے ہیں اور جو ایسا فعل کریگا اُسکا

یَلْقَ اَثَامًا ۝ یُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَ
بدلہ پائیگا قیامت کے دن اُسکا عذاب دوگنا کر دیا جائیگا اور وہ ہمیشہ کے

یَخْلُدْ فِیْهٖ مُهَانًا ۝ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا
لیے اُس میں ذلیل ہو کر رہیگا سوائے اُسکے جو توبہ کرے اور ایمان لے آئے اور نیک عمل

صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
بجا لائے پس وہی تو ہیں جنکی بدیوں کو اللہ تعالیٰ نیکیوں سے بدل دیگا اور اللہ بخشنے والا

غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ
(اور) رحم کرنیوالا ہے اور جو شخص توبہ کرے اور نیک عمل بجالائے تو وہی تو اللہ کی طرف
يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ۝ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ
پورا (یعنی) رجوع ہوتا ہے اور وہ (خدا کے خاص بندے) بدی کی جگہ حاضر نہیں ہوتے اور جب
وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ۝ وَالَّذِينَ إِذَا
بیہودہ چیز کے پاس گزرتے ہیں تو بزرگانہ (بچ) نکل جاتے ہیں اور جب وعظ سے انکو
ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ۝
پروردگار کی آیتوں کے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے تو اسپر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے
وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَ
اور وہ یہ عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو ہماری ازواج کی طرف سے اور ہماری اولاد کی
ذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ۝
طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت کر اور ہمکو پرہیزگاروں کا پیشوا بنادے
أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ
انہی کو انکے صبر کرنیکے سبب بہشت میں اونچا مقام دیا جائیگا اور اس میں ہر طرف سے
فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا ۝ خَالِدِينَ فِيهَا حَسُنَتْ
انکو سلام و دعا پہنچائی جائیگی اور سلام (کیا جائیگا) ہمیشہ اسی میں رہینگے وہ کیسی اچھی
مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ۝ قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي
جائے قرار ہے اور کیسا اچھا مقام تم کہدو کہ اگر تم دعا نہ کرتے ہوتے تو میرا پروردگار
لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ
تمہاری کچھ پروا نہ کرتا اب یقیناً تم جھٹلا چکے ہو تو آگے چلکر یہ تکذیب
يَكُونُ لِزَامًا ۝
تمہارے گلے کا ہار ہوگی

سورۃ الشعرآء مکیۃ وھی مائتان وسبع وعشرون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طٰسٓمٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ لَعَلَّكَ

طٰسٓمٓ یہ کھلی کتاب کی آیتیں ہیں شاید تم اس

بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ

بات پر اپنی جان دینے والے ہو کہ یہ مومن کیوں نہیں ہو جاتے اگر ہم

نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ

چاہیں تو آسمان سے ایسی نشانی نازل کردیں کہ انکی گردنیں

اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۝ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

انکے آگے جھک جائیں اور انکے پاس خدا کی طرف سے

ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ

کوئی تازہ نصیحت ایسی نہیں آتی کہ اس سے روگرداں

مُعْرِضِيْنَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا

نہوتے ہوں انہوں نے یقیناً جھٹلایا تو عنقریب جس ہنسی کو وہ ہنسی اڑایا کرتے

مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى

تھے اسکی خبریں انکے پاس آجائینگی کیا انہوں نے زمین کی طرف

الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ

(غور سے) نہ دیکھا کہ کتنی ہی ہم نے عمدہ عمدہ نباتات کی جوڑے اس میں پیدا کر دیے ہیں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

بیشک اسی میں نشانی موجود ہے حالانکہ ان میں سے بہت سے ایمان لانیوالے

مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

نہیں ہیں اور یقیناً تمہارا پروردگار تو ضرور غالب (اور) رحم کرنیوالا ہے

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ

اور جبوقت تمہارے رب نے موسےٰ کو آواز دی کہ تم نافرمان قوم یعنی قوم فرعون کے

الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۭ اَلَا يَتَّقُوْنَ ۝

پاس جاؤ کہ کیوں نہیں ڈرتے؟

قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝ وَيَضِيْقُ

انہوں نے عرض کی اے میرے پروردگار میں اس سے ڈرتا ہوں کہ وہ مجھ کو جھٹلا دیں گے اور میرا سینہ

صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى

تنگ ہوتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی پس تو ہارون کے پاس (بھی بھیج)

هٰرُوْنَ ۝ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ

اور میرے ذمہ انکا ایک قصور بھی ہے پس میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے

يَّقْتُلُوْنِ ۝ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ

قتل کر دیں گے زمایا نہیں نہیں اب تم دونو ہماری نشانیاں لیکر جاؤ ہم تمہارے ساتھ

مُّسْتَمِعُوْنَ ۝ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ

سننے والے موجود ہیں اب تم دونو فرعون کے پاس جاؤ اور اُس سے کہو کہ ہم تمام عالموں کے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝

پروردگار کے رسول ہیں کہ تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیجدے

قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ

(فرعون نے) کہا کیا ہم نے تجھ کو اپنے گھر میں بچہ سا نہیں پالا اور تو اپنی عمر کے چند برس

عُمُرِكَ سِنِيْنَ ۝ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ

یہاں رہا سہا اور تو نے وہ کرتوت کی جو تجھ سے کی اور تو احسان فراموش

ع ۵ ۵

سورۃ ۲۶

ل اگر کوئی شخص یہ خیال کرے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے پاس جانا اور اس سے گفتگو کرنا بغیر اجازت کے تھا تو یہ خیال غلط ہے کیونکہ حضرت موسیٰ کو فرعون کے پاس جانے کا حکم خود اللہ تعالیٰ نے دیا تھا

وَأَنتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ○ قَالَ فَعَلْتُهَآ إِذًا وَّأَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ○

(ثابت) ہوا (موسٰے نے) فرمایا کہ یہ فعل تو میں نے اُسوقت کیا تھا جبکہ میں بے سمجھ آگاہ تھا

فَفَرَرْتُ مِنكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا

اُسوقت بیشک میں تم سے ڈرا تو میں خود ہی تم سے بھاگ گیا تھا اور اب تو میرے پروردگار نے مجھے حکمت

وَّجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ

عطا کی ہے اور مجھے رسولوں میں سے قرار دیا ہے وہ نعمت جسکا تو مجھپر احسان رکھتا ہے یہی ہے کہ تو نے

عَبَّدتَّ بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ ○ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے (فرعون نے کہا کہ تمام عالموں کا پروردگار کیا ہے؟

قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُم

(موسٰے نے) فرمایا کہ آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے اُسکا پروردگار اگر تم

مُّوْقِنِيْنَ ○ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ أَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ○ قَالَ رَبُّكُمْ

کو یوانے ہو (فرعون نے) اپنے گردوپیش والوں سے کہا کیا تم سنتے ہیں؟ (موسٰے نے) فرمایا کہ ہمارا

وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْأَوَّلِيْنَ ○ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ

پروردگار اور تمہارے پہلے باپ اجداد کا پروردگار (فرعون نے) کہا کہ یہ تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے

أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ○ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

ضرور دیوانہ ہے۔ (موسٰے نے) فرمایا کہ مشرق و مغرب کا پروردگار اور جو کچھ ان دونو

وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُمْ تَعْقِلُوْنَ ○ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلٰهًا

کے درمیان ہے اُسکا اگر تم عقل رکھتے ہو۔ (فرعون نے) کہا کہ اگر تو نے میرے سوا کسی اور کو معبود

غَيْرِيْ لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ○ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ

بنایا تو میں ضرور تجھکو قیدیوں میں داخل کر دونگا۔ (موسٰے نے) فرمایا کہ اگر میں تیرے پاس ایک ایسا

بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ○ قَالَ فَأْتِ بِهٖٓ إِن كُنتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○

چیز لایا ہوں تو بھی؟ (فرعون نے) کہا کہ اگر تو سچا ہے تو لا دکھا۔

سبق ۱۵

حضرت موسٰے علیہ السلام نے توحید میں منقول ہے کہ فرعون نے موسٰے علیہ السلام سے جو سوال کیا تھا تو اُسکے جواب میں اُسکی صفات کی بیان کی نہ ہوئی بلکہ اُنھوں نے اُسکے افعال بیان کیے اور اُسکی ذاتی صفات کا بیان کرنا اُسکے افعال کے ذریعہ سے کیا جسکا سبب یہ ہے کہ افعال اظہر ہیں اور ذات مخفی ہے تو آثار سے ہی کسی کو دکھائی دیتی ہیں اور خفا کے سبب سے مخلوق پر موقوف ہے کہ ذات و صفات میں بہت ہی کم جانتی ہے ۱۲

فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا

پس موسےٰ نے اپنا عصا ڈالدیا تو وہ یکایک ایک ظاہر اژدہا بنگیا۔ اور اپنا ہاتھ جو نکالا تو وہ یکایک

هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا

تمام دیکھنے والوں کو روشن۔ نظر آیا۔ (فرعون نے) اپنے گرد و پیش کے درباریوں سے کہا کہ یہ بڑا ماہر

لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ فَ

جادو گر ہے (اور) یہ چاہتا ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے تمکو تمہارے ملک سے نکالدے

فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي

پس تم کیا حکم (یعنی رائے) دیتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ اسکو اور اسکے بھائی کو مہلت دے اور

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۝ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ۝ فَجُمِعَ

شہروں میں ہرکارے بھیجدے کہ وہ تیرے پاس تمام اعلےٰ درجہ کے جادوگر اکٹھے کرلائیں۔ پس ایک

السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ

معین دن کے مقررہ وقت پر سب جادوگر اکٹھے کر لیے گئے اور لوگوں سے کہدیا گیا کیا تم

اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ۝ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ

سب بھی جمع ہو جاؤ گے؟ تاکہ اگر جادوگر غالب آجائیں تو ہم انہی کی پیروی

الْغٰلِبِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا

کریں۔ پس جب جادوگر آگئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کہ اگر ہم غالب آگئے تو

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ

ہمکو کچھ صلہ بھی ملیگا؟ اُسنے کہا کہ ضرور اور اُس صورت میں تم مقرب

الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝

بھی ہو جاؤ گے۔ موسےٰ نے کہا کہ جو تم نہیں ڈالنا ہو ڈالو

فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ

چنانچہ انہوں نے اپنی رسیاں اور لکڑیاں ڈالیں اور یہ کہا کہ فرعون کی عزت کی قسم ضرور ضرور

منزل ۵

۱ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۔ تفسیر قرطبی میں ہے کہ جناب امام جعفر صادق نے فرمایا کہ جب موسےٰ علیہ السلام نے عصا ڈالا تو فرعون کے تخت کے نیچے آیا تو فرعون کے تخت کے نیچے

إِنَّا لَنَحْنُ الْغَالِبُونَ ○ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ أَلْقُوا مَا أَنْتُمْ مُلْقُونَ ○ فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ
ہم ہی غالب رہیں گے پس موسٰے نے انہیں کہا جو کچھ تم ڈالنے والے ہو ڈالو پس انہوں نے اپنی رسیاں اور اپنے عصا

وَقَالُوا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغَالِبُونَ ○ فَأَلْقَىٰ مُوسَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ
اور کہنے لگے فرعون کی عزت کی قسم ہم ہی غالب رہیں گے پس موسٰے نے اپنا عصا ڈالا تو دیکھتے کیا ہیں کہ وہ

مَا يَأْفِكُونَ ○ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ ○ قَالُوا آمَنَّا
سب کچھ جو وہ بنا رہے تھے نگلنے لگا پس جادوگر سجدہ میں گر پڑے اور کہنے لگے کہ ہم تمام

بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ○ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ○ قَالَ آمَنْتُمْ
عالموں کے پروردگار پر یعنی موسٰے اور ہارون کے پروردگار پر ایمان لائے (فرعون نے) کہا کیا تم

لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ
ایمان لائے قبل اسکے کہ میں تمہیں اجازت دوں ضرور وہی تمہارا بڑا ہے جس نے تمکو جادو سکھایا ہے

فَلَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۚ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ
تو عنقریب تم کو معلوم ہو جائیگا ضرور میں تمہارے مقابل کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ ڈالونگا

مِنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ○ قَالُوا لَا
اور ضرور تم سب کو سولی دیدونگا انہوں نے کہا کچھ حرج

ضَيْرَ ۖ إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا مُنْقَلِبُونَ ○ إِنَّا نَطْمَعُ أَنْ يَغْفِرَ لَنَا
نہیں ہم یقیناً اپنے پروردگار کی حضور میں پلٹ جانیوالے ہیں ہماری خواہش ہے کہ ہمارا پروردگار ہمارا

رَبُّنَا خَطَايَانَا أَنْ كُنَّا أَوَّلَ الْمُؤْمِنِينَ ○ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ
خطائیں بخشدے کہ ہم پہلے ایمان لانیوالے ہیں اور ہم نے موسٰے کو

مُوسَىٰ أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي إِنَّكُمْ مُتَّبَعُونَ ○ فَأَرْسَلَ
وحی کی کہ تم راتوں رات میرے بندوں کو نکال لیجاؤ یہ ضرور پیچھا کئے جاؤ گے پھر فرعون نے شہروں

فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ○ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ
میں قاصد بھیجے (اور کہلا بھیجا) کہ یہ گروہ تو چھوٹا سا

قَلِيلُونَ ○ وَإِنَّهُمْ لَنَا لَغَائِظُونَ ○ وَإِنَّا لَجَمِيعٌ
ہے اور اسپر یہ لوگ ہمیں غصہ دلاتے ہیں اور ہم سب کے سب

ع ۳

خٰزِرُوْنَ ۝ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّكُنُوْزٍ
(اپنے) ڈھنے ہیں پس نکال دیا ہم نے انکو باغوں سے اور چشموں سے اور خزانوں سے اور دولت
وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝ كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝
کے مکانوں سے نکال باہر کیا ایسا ہی ہوا کرتا ہے اور بنے (قوم) بنی اسرائیل کو انکا وارث کر دیا
فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ۝ فَلَمَّا تَرَاۤءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ
پس پیچھے لگے انکے پہنچ گئے پس جب دونو گروہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو موسٰے کے
مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ۝ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝
صحابی بولے کہ ہم تو پکڑے گئے (موسٰے نے) فرمایا ہرگز نہیں بیشک میرا پروردگار میرے ساتھ (مدد پر) ہے عنقریب مجھکو رستہ بتا دیگا
فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۭ فَانْفَلَقَ
پھر ہم نے موسٰے کو وحی کی کہ اپنے عصا سے دریا (اترا) تو وہ پھٹ گیا
فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ۝ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ
اور انکا ہر ٹکڑا بڑے پہاڑ کے مانند ہو گیا۔ اور وہ سروں کو بھی وہیں لے آئے
الْاٰخَرِيْنَ ۝ وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ۝
ڈبو دیا۔ اور ہم نے موسٰے کو اور جو انکے ساتھ تھے اُن سب کو نجات دیدی
ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ
پھر غرق کر دیا دوسروں کو ڈبو دیا۔ بیشک اس میں نشانی ہے حالانکہ اکثر
اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝
ہیں سے اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار البتہ زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے
وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ
اور تم انکو ابراہیم کا واقعہ پڑھکر سناؤ جبکہ انہوں نے اپنے چچا اور اپنی قوم
مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا
سے کہا کہ تم کس چیز کی پرستش کرتے ہو انہوں نے کہا کہ ہم تو بتوں کی پرستش کرتے ہیں اور انہی کے مجاور

ع ۷ ۱۸ ۱۸ ۱۸

عٰكِفِيْنَ ۝ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ۝ اَوْ

بنے بیٹھے ہیں۔ فرمایا آیا جب تم پکارتے ہو وہ تمہاری سنتے بھی ہیں؟ یا تمہیں

يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ۝ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ

نفع یا نقصان پہنچاتے ہیں؟ انہوں نے کہا (یہ تو کچھ نہیں) بلکہ ہمیں اپنے باپ دادا کو ایسا ہی کرتے پایا

يَفْعَلُوْنَ ۝ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝

فرمایا تم نے خیال بھی کیا کہ تم اور تمہارے پہلے باپ دادا پوجتے کس

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ۝ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا

چیز کو رہے ہو؟ پس یہ میرے تو یقینی دشمن ہیں ہاں پروردگار عالم

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝

(حقیقی دوست ہے) جسنے مجھکو پیدا کیا پس وہی مجھے راہ بتائیگا

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ

اور وہ وہی ہے جو مجھے کھانا کھلاتا ہے اور مجھے پانی پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہ مجھے

يَشْفِيْنِ ۝ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ۝ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ

شفا دیتا ہے اور وہ وہی ہے جو مجھے موت دیگا پھر مجھے زندہ کریگا اور وہی ہے جس سے میں

اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝ رَبِّ هَبْ لِيْ

خواہش رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے گناہ بخشدے اے میرے پروردگار مجھے حکم (خلافت

حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ

حقیقی) عنایت کر اور مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملا دے اور میرے لیے آخر آنیوالوں میں سے نیک

صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ

سچائی کی زبان مقرر فرما اور مجھے نعمت والی جنتوں کے وارثوں میں سے

النَّعِيْمِ ۝ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝

قرار دے۔ اور میرے باپ کے گناہ بخشدے بیشک وہ گمراہوں میں سے تھا

رکوع ۵

وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ۝ يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ۝
اور جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے مجھے رسوا نہ کرنا۔ جس دن نہ مال کسی کو نفع پہنچائیگا اور نہ بیٹے

إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ۝ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ
سوائے اُسکے جو سالم دل سے خدا کی حضور میں آئے اور جنت پرہیزگاروں کے قریب

لِلْمُتَّقِينَ ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغَاوِينَ ۝ وَقِيلَ لَهُمْ
کردی جائیگی اور جہنم گمراہوں کے لیے کھولدی جائیگی اور اُنسے کہا جائیگا کہ

أَيْنَمَا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ ۝ مِن دُونِ اللَّهِ هَلْ يَنصُرُونَكُمْ
جنکی تم خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے وہ اب کہاں ہیں؟ آیا وہ کچھ تمہاری مدد کرسکتے

أَوْ يَنتَصِرُونَ ۝ فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ ۝ وَ
یا انتقام لے سکتے ہیں؟ پھر وہ (معبود بھی) اور وہ گمراہ لوگ بھی اور ابلیس کا

جُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ۝ قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ۝
لشکر بھی سب کے سب اوندھے منہ جہنم میں ڈالدیے جائینگے اور وہ جہنم میں جھگڑتے ہوئے

تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ
کہینگے کہ خدا کی قسم ہم صریح گمراہی میں تھے جبکہ ہم تمکو پروردگار عالم کی برابر کیے دیتے

الْعَالَمِينَ ۝ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ۝ فَمَا لَنَا مِن
تھے۔ اور ہمکو تو دوسرے گنہگاروں نے گمراہ کیا پس اب نہ ہمارا کوئی

شَافِعِينَ ۝ وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ۝ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً
سفارشی ہے اور نہ کوئی دلسوز دوست۔ پس اگر ہمکو واپس جانا ملتا تو ہم ضرور

فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا
مومنوں میں سے ہو جاتے بیشک اس میں نشانی موجود ہے حالانکہ

كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ
اُنمیں اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار ہی تو بڑا زبردست (اور)

الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ ۨ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ

مہربان ہے نوح کی قوم نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا جس وقت کہا ان سے

لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ

نوح نے کہا کہ کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تم سب کے لیے ایک امانت دار

أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ

پیغمبر ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اس پیغمبری کی کوئی

مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ

مزدوری نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمہ رہا تم اللہ سے ڈرو

وَأَطِيعُونِ ۝ قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ۝

اور میری اطاعت کرو۔ وہ کہنے لگے کیا ہم آپ پر ایمان لے آئیں حال میں کہ ادنیٰ درجہ کے لوگ آپ کی پیروی

قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ إِنْ حِسَابُهُمْ

فرمایا جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں اسکا تو مجھے علم نہیں اگر تم شعور رکھتے ہو تو

إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي ۖ لَوْ تَشْعُرُونَ ۝ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

انکا حساب تو میرے پروردگار ہی کے ذمہ ہے اور میں تو مومنوں کو نکالنے والا ہوں نہیں

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ

میں تو ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں انہوں نے کہا کہ اے نوح اگر تم باز نہ آئے تو تم

لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي

ضرور سنگساروں میں سے ہو جاؤ گے (نوح نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میری

كَذَّبُونِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ

قوم میری تکذیب کی پس تو میرے اور انکے درمیان فیصلہ فرما اور تو مجھکو اور جو ایمان لانیوالے

مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ

ہیں میرے ان کو نجات دے پس ہم نے نوح کو اور جو بھری ہوئی کشتی میں انکے ساتھ تھے

ع ۴ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰ ۳۱ ۳۲ ۳۳ ۳۴ ۳۵ ۳۶ ۳۷ ۳۸ ۳۹ ۴۰ ۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵ ۴۶ ۴۷ ۴۸ ۴۹ ۵۰ ۵۱ ۵۲ ۵۳ ۵۴ ۵۵ ۵۶ ۵۷ ۵۸ ۵۹ ۶۰ ۶۱ ۶۲ ۶۳ ۶۴ ۶۵ ۶۶ ۶۷ ۶۸ ۶۹ ۷۰ ۷۱ ۷۲ ۷۳ ۷۴ ۷۵ ۷۶ ۷۷ ۷۸ ۷۹ ۸۰ ۸۱ ۸۲ ۸۳ ۸۴ ۸۵ ۸۶ ۸۷ ۸۸ ۸۹ ۹۰ ۹۱ ۹۲ ۹۳ ۹۴ ۹۵ ۹۶ ۹۷ ۹۸ ۹۹ ۱۰۰ ۱۰۱ ۱۰۲ ۱۰۳ ۱۰۴ ۱۰۵ ۱۰۶ ۱۰۷ ۱۰۸ ۱۰۹ ۱۱۰ ۱۱۱ ۱۱۲ ۱۱۳ ۱۱۴ ۱۱۵ ۱۱۶ ۱۱۷ ۱۱۸ ۱۱۹ ۱۲۰ ۱۲۱ ۱۲۲ ۱۲۳ ۱۲۴ ۱۲۵ ۱۲۶ ۱۲۷ ۱۲۸ ۱۲۹ ۱۳۰ ۱۳۱ ۱۳۲ ۱۳۳ ۱۳۴ ۱۳۵ ۱۳۶ ۱۳۷ ۱۳۸ ۱۳۹ ۱۴۰ ۱۴۱ ۱۴۲ ۱۴۳ ۱۴۴ ۱۴۵ ۱۴۶ ۱۴۷ ۱۴۸ ۱۴۹ ۱۵۰ ۱۵۱ ۱۵۲ ۱۵۳ ۱۵۴ ۱۵۵ ۱۵۶ ۱۵۷ ۱۵۸ ۱۵۹ ۱۶۰ ۱۶۱ ۱۶۲ ۱۶۳ ۱۶۴ ۱۶۵ ۱۶۶ ۱۶۷ ۱۶۸ ۱۶۹ ۱۷۰ ۱۷۱ ۱۷۲ ۱۷۳ ۱۷۴ ۱۷۵ ۱۷۶ ۱۷۷ ۱۷۸ ۱۷۹ ۱۸۰ ۱۸۱ ۱۸۲ ۱۸۳ ۱۸۴ ۱۸۵ ۱۸۶ ۱۸۷ ۱۸۸ ۱۸۹ ۱۹۰ ۱۹۱ ۱۹۲ ۱۹۳ ۱۹۴ ۱۹۵ ۱۹۶ ۱۹۷ ۱۹۸ ۱۹۹ ۲۰۰ ۲۰۱ ۲۰۲ ۲۰۳ ۲۰۴ ۲۰۵ ۲۰۶ ۲۰۷ ۲۰۸ ۲۰۹ ۲۱۰ ۲۱۱ ۲۱۲ ۲۱۳ ۲۱۴ ۲۱۵ ۲۱۶ ۲۱۷ ۲۱۸ ۲۱۹ ۲۲۰ ۲۲۱ ۲۲۲ ۲۲۳ ۲۲۴ ۲۲۵ ۲۲۶ ۲۲۷

نصف

الْمَشْحُوْنِ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
کو خوب بھری ہوئی پھر باقی ماندوں کو ڈبو دیا یقیناً اس میں نشانی ہے
لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ
حالانکہ اکثر ان میں سے بہت سے ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار زبردست
الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ كَذَّبَتْ عَادُ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ
(اور) رحم کرنیوالا ہے (اسی طرح) قبیلہ عاد نے بھی رسولوں کو جھٹلایا تھا جبکہ انکے بھائی ہود
لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ
نے انسے کہا کہ کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول
اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ
ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں اس رسالت کی تم سے کوئی مزدوری
مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَتَبْنُوْنَ
نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمے ہے۔ کیا تم ہر اونچی اونچی
بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ۝ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ
جگہ پر بیکار (بیکار) نشانیاں بناتے ہو؟ اور مضبوط (مضبوط) عمارتیں بناتے ہو
لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝
گویا تم ہمیشہ یہیں رہو گے؟ اور جب تم غضب میں آتے ہو تو غضب کے ظالم بنجاتے ہو
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ
پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور اس سے ڈرو جسنے تمہاری ایسی چیزوں سے مدد کی ہے
بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ۝ وَجَنّٰتٍ
جنکو تم جانتے ہو اس نے تمہاری چوپایوں سے اور بیٹوں سے اور باغوں سے اور چشموں
وَّعُيُوْنٍ ۝ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝
سے مدد کی ہے بیشک میں تمہارے لیے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

ع ۱۲

أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِينَ ۝ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ
کیا تم سارے جہان میں سے مردوں ہی کے پاس جاتے ہو؟ اور اُنکو چھوڑ دیتے ہو جو تمہاری ازواج ہیں

لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ عَادُونَ ۝
سے تمہارے لیے تمہارے پروردگار نے پیدا کی ہیں بلکہ تم زیادتی کرنیوالے لوگ ہو۔

قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يٰلُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ ۝ قَالَ
وہ بولے کہ اے لوط اگر تم باز نہ رہے تو تم ضرور نکالے جاؤ گے لوط نے کہا کہ

إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِنَ الْقَالِينَ ۝ رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا
میں تمہارے افعال کو سخت ناپسند کرنیوالوں میں سے ہوں اے میرے پروردگار مجھکو اور میرے گھر والوں کو جو کام یہ کرتے ہیں

يَعْمَلُونَ ۝ فَنَجَّيْنٰهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ۝ إِلَّا عَجُوزًا
اُس (کے وبال) سے نجات دے پس ہم نے اُنکو اور اُنکے گھر والوں کو سب کو نجات دی سوائے ایک بڑھیا کے جو

فِي الْغٰبِرِينَ ۝ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا
پیچھے رہجانیوالوں میں سے تھی۔ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کردیا اور اُن پر (پتھروں کا)

عَلَيْهِمْ مَطَرًا ۚ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ ۝ إِنَّ فِي
مینہ برسایا پس اُن لوگوں کا مینھ کیا ہی بُرا تھا جنکو ڈرایا گیا تھا یہ کیسا بُرا مینھ تھا۔ بیشک اس میں

ذٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ
ایک نشانی ہے حالانکہ اُنمیں سے اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور (دیکھنا) تمہارا

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَ أَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ
پروردگار تو زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے (اسی طرح) بن والوں نے بھی پیغمبروں کو

الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝
جھٹلایا جبکہ اُنکو شعیب نے اُنسے کہا کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے؟

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا
بیشک میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں

ع ۱۲ ۱۳

أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَٰلَمِينَ ۝
تم سے اس حالت میں کوئی مزدوری نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمے ہے

أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ ۝ وَزِنُوا
پیمانے پورے کرو اور نقصان دینے والے نہ بنو۔ اور ٹھیک ترازو

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۝ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ
سے تولو۔ اور لوگوں کو انکی چیزوں میں گھاٹا

أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ وَاتَّقُوا
نہ دیا کرو۔ اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اور جس نے تم کو

الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ ۝ قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ
اور پہلی مخلوق کو پیدا کیا اس سے ڈرو۔ وہ بولے کہ تم تو جادو

مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ۝ وَمَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَإِنْ
کردہ گئے ہے اور ہم جیسے تو آدمی ہو اور ہم تو تم کو

نَظُنُّكَ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ
جھوٹا گمان کرتے ہیں پھر اگر سچے ہو تو ہم پر آسمان کا

إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ قَالَ رَبِّي أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝
ایک ٹکڑا گرا دو۔ فرمایا جو کچھ تم کرتے ہو میرا پروردگار اسے خوب جانتا ہے

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهُ كَانَ
پس ان لوگوں نے انکی تکذیب کی پھر انکو سائبان کے دن (کے) عذاب نے آلیا بیشک وہ بڑے دن

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ
کا عذاب تھا۔ یقیناً اس میں نشانی ہے حالانکہ اکثر

أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝
اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے۔ اور تمہارا پروردگار ضرور زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے۔

ع ۱۲

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝
اور یقیناً یہ تمام عالموں کے پروردگار کا اتارا ہوا ہے۔ روح الامین نے اسکو صاف عربی زبان میں تمہارے

عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ
قلب پر اتارا ہے تاکہ ڈرانیوالوں میں سے

مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً
ہو جاؤ اور ضرور اسکا ذکر پہلی کتابوں میں موجود ہے۔ کیا یہ انکے لئے کوئی نشانی نہیں

اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى
ہوئی کہ بنی اسرائیل کے علماء اس سے واقف ہیں؟ اور اگر ہم اسکو کسی عجمی پر

بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۝ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝
اتارتا ہوتا اور وہ انکے سامنے پڑھتا تو وہ اسپر بھی ایمان لانیوالے نہ ہوتے

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ
اسی طرح ہم نے گنہگاروں کے دل میں انکے انکار کے ہتھکنڈے یہ بات ڈالدی ہے کہ جب تک وہ دردناک عذاب

حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا
کو نہ دیکھ لیں ایمان نہ لائینگے اور وہ عذاب بھی انکو یکایک آلیگا اور انکو خبر تک

يَشْعُرُوْنَ ۝ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا
نہو گی۔ اسوقت وہ کہینگے کہ کیا ہمکو مہلت دی جاسکتی ہے؟ کیا یہ ہمارے عذاب کی

يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ۝ ثُمَّ جَآءَهُمْ
جلدی مچا رہے ہیں؟ کیا تم نے غور کیا کہ اگر ہم انکو برسوں تک فائدہ پہنچاویں پھر انکو ان پر وہ آپہنچے

مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
جسکا ان سے وعدہ کیا گیا ہے (اور) جن چیزوں سے یہ فائدہ اٹھاتے تھے وہ انکے

يُمَتَّعُوْنَ ۝ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ۝
فائدہ نہ دیگی اور ہم نے کوئی بستی بھی ایسی برباد نہیں کی جہاں تاکید کرنیوالے نہ آئے ہوں

ذِكْرٰى وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝

اور ہم ظالم نہیں ہیں اور اس کلام کو شیطین لے کر نہیں اترے

وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ

اور نہ وہ اس لائق ہی تھے اور نہ وہ ایسا کر ہی سکتے تھے یعنی وہ تو آسمانوں کا کلام سننے سے

لَمَعْزُوْلُوْنَ ۝ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ

بھی شیاطین روکے گئے ہیں پس اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہ پکارو ورنہ تم بھی ان لوگوں میں سے ہو جاؤ گے جنکو

الْمُعَذَّبِيْنَ ۝ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ وَاخْفِضْ

عذاب دیا جائیگا اور اپنے بہت قریب کے خویش والوں کو ڈراؤ اور مؤمنین میں

جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَاِنْ عَصَوْكَ

سے جو تمہارے پیرو ہیں ان سے بتواضع پیش آؤ پھر اگر وہ تمہاری نافرمانی

فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ

کریں تو کہدو کہ جو عمل تم کرتے ہو میں اس سے بری ہوں اور اسی زبردست (اور) رحم کرنیوالے پر بھروسہ

الرَّحِيْمِ ۝ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي

رکھو جو تمکو جس وقت بھی تم کھڑے ہوتے ہو دیکھتا رہتا ہے جب کہ نمازیوں کے صف کے صف میں تمہارا منتقل

السّٰجِدِيْنَ ۝ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ

ہونیکو (بھی دیکھتا رہا) بیشک وہ بڑا سننے (والا اور) جاننے والا ہے کیا میں تمکو اس بات کی خبر دوں

عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ۝ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝

کہ شیاطین کن (کافروں) پر اترتے ہیں؟ ہر جھوٹے گنہگار پر اترتے ہیں

يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ۝ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ

اور یہ اپنی باتوں پر کان دھرتے ہیں اور ان میں اکثر جھوٹے ہوتے ہیں اور شاعروں کی پیروی گمراہ لوگ

الْغَاوٗنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ۝ وَاَنَّهُمْ

کیا کرتے ہیں کیا تم نہیں دیکھتے کہ وہ ہر میدان میں سرگرداں پھرتے ہیں اور تم سے

يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
وہ کہتے ہیں جو کرتے نہیں ہاں وہ لوگ جنہوں نے جو ایمان لائے اور انہوں نے
الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَانْتَصَرُوا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا
نیک عمل کیے اور اللہ کی یاد زیادہ کی اور بعد اسکے کہ ان پر ظلم کیا گیا انہوں نے بدلا لیا
وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ ۝
اور عنقریب وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا ہے جان لیں گے کہ کس کروٹ وہ پلٹتے ہیں

سُورَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلَاثٌ وَتِسْعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طس ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُبِينٍ ۝ هُدًى
طس۔ یہ قرآن کی اور کھلی کتاب کی آیتیں ہیں ان کو سنو
وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَ
کے لیے ہدایت اور بشارت ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور
يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ إِنَّ
زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر (پورا) یقین رکھتے ہیں بیشک
الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ أَعْمَالَهُمْ
جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں اُنکے اعمال کو اُنکے لیے زینت دیرہا ہے پس وہ
فَهُمْ يَعْمَهُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَهُمْ سُوءُ الْعَذَابِ
(خود ہی) سرگرداں ہیں وہ وہی ہیں جنکے لیے سخت عذاب ہے
وَهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ۝ وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى
اور وہی آخرت میں سب سے زیادہ گھاٹا اٹھانے والے ہونگے اور (اے محمد) تم کو یہ قرآن

ع ۱۱ ۱۵

الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖ
صاحب حکمت (و) علم کے پاس سے سکھایا جاتا ہے (اُسوقت کو یاد کر) جبکہ موسےٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ

اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ
میں نے ایک آگ دیکھی ہے میں بہت جلد اُسکے پاس سے تمہارے پاس یا تو کوئی خبر لاتا ہوں یا کوئی

قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ
دہکتا ہوا انگارا لاتا ہوں تاکہ تم تاپو۔ پس جب موسےٰ اُسکے پاس پہنچے تو آواز دیگئی کہ جو اس

بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ
آگ میں ہے وہ اور جو اسکے اِرد گرد ہے وہ سب برکت دیئے گئے ہیں۔ اور اللہ تمام عالموں کا پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
منزہ اور پاک ہے۔ اے موسےٰ میں ہی تو زبردست (اور) صاحب حکمت خدا ہوں

وَاَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى
اور اپنا عصا تو ڈالدو۔ پھر جب اُسکو اِس طرح حرکت کرتے دیکھا گویا وہ ایک تیز رَو سانپ ہے تو

مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰٓى لَا تَخَفْ ۡ اِنِّىْ لَا يَخَافُ
منہ پھیر کر بھاگے اور پلٹ کر نہ دیکھا (ہماری طرف سے یہ آواز ہوئی کہ) اے موسےٰ ڈرو نہیں کہ رسول میرے

لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا
پاس ڈرا نہیں کرتے۔ سوائے اُسکے جس سے کوئی زیادتی ہو جائے پھر وہ بدل کر بدی سے

بَعْدَ سُوْۗءٍ فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ
بعد نیکی کرے تو بیشک میں بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہوں اور تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالدو

جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۭ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى
کہ وہ بے عیب سفید و نورانی ہو کر نکلیگا۔ (یہ دو نو) معجزے نو معجزوں کے ہیں جو فرعون

فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝
اور اُسکی قوم کے لیے ہیں یقیناً وہ نافرمان لوگ ہیں۔

ع ۱۰

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝
پس جب انکے پاس ہماری کھلی نشانیاں پہنچیں تو انہوں نے یہ کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو ہے

وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ
اور انہوں نے ازروئے ظلم و تکبر ان معجزات کا انکار کیا۔ حالانکہ انکے دل انکا یقین رکھتے تھے

ع ۱۴ ۱۵ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا
پس غور کرو کہ فساد کرنیوالوں کا انجام کیا ہوا! اور بیشک ہم نے داؤد اور

دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا
سلیمان کو علم عطا کیا اور ان دونوں نے کہا کہ سب تعریف اس خدا کی کو زیبا ہے

عَلٰي كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ
جس نے اپنے بندوں میں سے بہت سوں پر ہمکو فضیلت دی ہے اور سلیمان داؤد کے وارث

دَاوٗدَ ۣ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَ
ہوئے اور یہ کہا کہ اے لوگو ہمکو پرندوں کی بولی تعلیم کی گئی ہے اور

اُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝
ہمکو ہر چیز میں سے حصہ دیا گیا ہے یقیناً یہی تو کھلی فضیلت ہے۔

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ
اور سلیمان کے لیے انکے لشکر جمع کیے گئے جنوں میں سے اور آدمیوں میں سے اور پرندوں میں سے انکے لیے کیے گئے وہ سب (قسم وار)

فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰي وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ
پس اس کھڑے کیے جاتے تھے یہانتک کہ جب وہ چیونٹیوں کے میدان سے گزرے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ

نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ
اے چیونٹیو اپنے اپنے بلوں میں گھس جاؤ ایسا نہو کہ سلیمان

سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَتَبَسَّمَ
اور انکا لشکر تمکو کچل ڈالے اور انکو خبر بھی نہو۔ پس (سلیمان) اسکی اس بات

ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ

ہنسنے کے بے شکرائے اور عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھکو اس بات کی توفیق دے کہ میں شکر

نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ

تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر بہبذول فرمائی ہیں ادا کرا کروں اور کوئی ایسا نیک عمل بجالاؤں

صَالِحًا تَرْضَىٰهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ ○

جسکو تو پسند فرمالے۔ اور اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں مجھے داخل کر

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَآ أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ

اور پرندوں کی حاضری لی تو فرمایا کیا بات ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھتا؟ آیا

مِنَ الْغَآئِبِينَ ○ لَأُعَذِّبَنَّهُۥ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ

غیر حاضر ہے؟ میں ضرور اسکو سخت عذاب دونگا یا اسکو

لَأَاْذْبَحَنَّهُۥٓ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَٰنٍ مُّبِينٍ ○ فَمَكَثَ

ذبح کر ڈالونگا یا ضرور ہے کہ وہ میرے پاس کوئی کھلی دلیل لائے۔ پس کچھ زیادہ دیر

غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِۦ وَجِئْتُكَ مِن

نہوئی تھی کہ وہ آگیا اور) کہنے لگا کہ مجھے اس بات کی خبر ملی ہے جسکی آپکو بھی خبر نہیں اور میں ملک سبا سے

سَبَإٍۭ بِنَبَإٍ يَقِينٍ ○ إِنِّي وَجَدتُّ ٱمْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَ

ایک یقینی خبر لیکر آیا ہوں میں نے ایک عورت کو پایا کہ وہ انکی بادشاہ ہے اور

أُوتِيَتْ مِن كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ ○ وَجَدتُّهَا

اسکو ہر چیز سے حصہ وافر ملا ہے اور اسکا تخت (تو) بہت ہی بڑا ہے میں نے خود اسکو اور

وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَزَيَّنَ

اسکی قوم کو یہ پایا کہ وہ خدا کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے انکے

لَهُمُ الشَّيْطَٰنُ أَعْمَٰلَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ فَهُمْ

اعمال کو انکی نظر میں زینت دیدیا ہے اسلئے راہ راست سے انکو روک دیا ہے پس وہ کچھ بات

پہچانتے ہیں۔ ۲۔ تملکھم۔ ضمیر خطاب ہدہد کی ہے کہ اس عورت کا نام بلقیس بنت شراحیل بن مالک بن ریحان تھا۔ ۳۔

لَا يَهْتَدُوْنَ ۝ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ
نہیں سوجھتی کہ وہ خدا کو کیوں نہ سجدہ کریں جو آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کو
فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝
ظاہر کرتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اسکو جانتا ہے۔
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ قَالَ سَنَنْظُرُ
اللہ کہ اسکے سوا کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک ہے (سلیمان نے) فرمایا کہ ہم ابھی جانچ لیتے
اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ
ہیں کہ تو سچ بولا یا جھوٹوں میں سے ہے۔ میرا یہ خط لیجا اور اُنکے
هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ۝
سامنے ڈالدے پھر ذرا ہٹ کر دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں؟ (اس حکم کی
قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ۝ اِنَّهٗ مِنْ
تعمیل ہوئی اور) ملکہ (جگہ) بولی اے بزرگان قوم (میرے پاس یہ جو) خط ڈالا گیا ہے (سلیمان کی
سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّا تَعْلُوْا
طرف سے ہے اور اسمیں یہ لکھا ہے کہ رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) میرے برخلاف
عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْ
سرکشی نہ کرو اور (سچ) میرے پاس فرمانبردار (ہو کر) چلے آؤ (پھر) کہا اے ارکان دولت (مجھے) اس معاملہ میں
اَمْرِيْ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ۝ قَالُوْا
رائے دو کیونکہ میں کوئی معاملہ کر نہیں ڈالتی جب تک کہ تم میری حضور میں نہ ہو اُنھوں نے کہا کہ
نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ
ہم بڑی قوت والے اور سخت لڑائیاں لڑنے والے ہیں (پھر) لو حکم حضور کے ہاتھ میں ہے
فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ۝ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا
اب آپ خود غور فرمالیں کہ آپ کیا حکم دیتی ہیں (بلقیس کے) کہا کہ بادشاہ جب کسی بستی میں آگھستے ہیں تو اُسے

ع ١٤

قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ وَكَذَٰلِكَ

آجاڑ دیا کرتے ہیں اور اُسکے عزت دار باشندوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں اور (معمولاً) وہ ایسا ہی

يَفْعَلُونَ ○ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ

کیا کرتے ہیں اور میں تو اُنکے پاس ایک تحفہ بھیجنے والی ہوں پھر دیکھتی ہوں کہ

بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ○ فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ

قاصد کیا جواب لیکر پلٹتے ہیں پس جونہی (ایلچی) سلیمان کے پاس حاضر ہوا تو اُنہوں نے فرمایا

أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُم بَلْ

کیا مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو پس اللہ نے جو کچھ مجھے عطا فرمایا ہے وہ اُس سے جو تمکو دیا ہے کہیں بہتر ہے تو

أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ○ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ

اپنے اس تحفہ سے تو تم ہی خوش رہو اپنے اہل دولت کے پاس پلٹ کر جاؤ (اور انکو پیغام دے آؤ)

بِجُنُودٍ لَّا قِبَلَ لَهُم بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُم مِّنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ

ہم اُنکے پاس ایسے لشکر لیکر آئینگے جس سے مقابلہ کی اُن میں قوت نہ ہوگی اور ہم اُنکے ملک سے اُنکو ذلیل خوار کر کے نکال دینگے

صَاغِرُونَ ○ قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَؤُا أَيُّكُمْ يَأْتِينِي

(اسکے بعد سلیمان نے) فرمایا اے ارکان دولت (تم میں سے کون ایسا ہے جو بلقیس کا تخت میرے پاس

بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ○ قَالَ عِفْرِيتٌ

لے آئے قبل اسکے کہ (اُسکی قوم کے لوگ) میرے پاس فرمانبردار بنکر حاضر ہوں جنات میں سے ایک سرکش

مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ

بولا کہ قبل اسکے کہ حضور اپنے مقام سے اٹھیں میں اُسے آپکے پاس لاسکتا ہوں

وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ○ قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ

اور میں اسکے اٹھانے کی قوت بھی رکھتا ہوں اور امین بھی ہوں اور اُس شخص نے جسکے پاس علم کتاب کا ایک حصہ تھا

مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ

عرض کیا میں اُسے لائے دیتا ہوں قبل اسکے کہ آپکی پلک جھپکے

طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ

چنانچہ جب اُسکو اپنے پاس رکھا دیکھا تو فرمایا کہ یہ میرے پروردگار کا

فَضْلِ رَبِّیْ ۙ لِیَبْلُوَنِیْۤ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ

فضل ہے تاکہ مجھکو آزمائے کہ آیا میں شکر گزاری کرتا ہوں یا کفران نعمت اور جو شکر کریگا تو وہ اپنے

فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ

اسکے نہیں ہے کہ اپنی ذات کے لیے شکر کریگا اور جو کفران نعمت کریگا تو بیشک میرا پروردگار بے پروا (اور)

كَرِیْمٌ ۝ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْۤ اَمْ

صاحب کرم ہے۔ فرمایا تخت کے لیے اُسکے تخت کی ہیئت کو بدل دو تاکہ دیکھیں کہ آیا وہ راہ پر آتی ہے یا انہی

تَكُوْنُ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَهْتَدُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَتْ قِیْلَ

لوگوں میں سے ہوتی ہے جو راہ پر نہیں آتے۔ پس جب وہ حاضر (دربار) ہوئی تو اُسے کہا گیا کہ

اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِیْنَا الْعِلْمَ

آیا یہ تیرا ہی تخت ہے؟ کہنے لگی کہ معلوم تو ویسا ہی ہوتا ہے اور ہمکو اسکا علم پہلے ہی

مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِیْنَ ۝ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ

دیدیا گیا ہے اور ہم مسلمان ہو گئے ہیں۔ اور جس چیز کی وہ خدا کے سوا عبادت کیا کرتی

تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ۝

تھی اُسنے اُسے روک رکھا تھا بیشک وہ کافر قوم میں سے تھی۔

قِیْلَ لَهَا ادْخُلِی الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً

اُس سے کہا گیا کہ محل میں پہلے پس اُسنے جب اُسکو دیکھا تو اُسے (گہرا) پانی گمان

وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَیْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ

کیا اور اپنی دونوں پنڈلیاں کھولدالیں (تو سلیمان نے) فرمایا کہ یہ تو (شیش) محل ہے جسے فرش میں جما دیا ہے

قَوَارِیْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاَسْلَمْتُ

بڑے ہوئے ہیں (بلقیس) عرض کرنے لگی کہ اے میرے پروردگار بیشک میں اپنے نفس پر ظلم کیا تھا اور اب میں سلیمان

مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى
کے ساتھ تمام عالموں کے پروردگار پر ایمان لائی ہوں۔ اور بیشک ہم نے قبیلۂ ثمود کی طرف اُنکے
ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ
بھائی صالح کو اس حکم کے ساتھ بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو تو یکایک وہ دو
فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ
گروہ ہوکر لڑنے لگے۔ (صالح نے) فرمایا کہ اے میری قوم تم نیکی سے پہلے بدی
بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ
کی جلدی کیوں کرتے ہو؟ تم اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر
تُرْحَمُوْنَ ۝ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۭ قَالَ
رحم کیا جائے؟ اُنہوں نے کہا کہ ہمنے تمکو اور جو تمہارے ساتھ ہیں اُنکو منحوس سمجھا ہے۔ فرمایا تمہاری
طٰۗىِٕرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ۝ وَكَانَ
بدفالی تو اللہ کے ہاتھ ہے بلکہ اصلیت یہ ہے کہ تم لوگوں کا امتحان لیا جارہا ہے۔ اور اُس بستی میں
فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا
نو آدمی تھے جو اُس سرزمین میں فساد کیا کرتے تھے اور اصلاح
يُصْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ
نہ چاہتے تھے۔ اُن سب نے باہم خدا کی قسم کھا کر کہا کہ ہم رات کے وقت صالح کو اور اُسکے گھر والوں کو
ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا
مار ڈالینگے پھر اُسکے ورثہ سے کہدینگے کہ ہم تو اُن کی ہلاکت کے وقت موجود (بھی) نہ تھے اور ہم
لَصٰدِقُوْنَ ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ
سچے ہیں۔ اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور اُنکو
لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ
خبر (بھی) نہ تھی۔ پس غور کرکے دیکھو کہ اُنکی چال کا نتیجہ کیا ہوا کہ

ع ۳ ۱۸

أَنَّا دَمَّرْنَٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ
ہم نے اُنکو اور اُنکی قوم کو سب ہی کو ہلاک کر دیا۔ اب یہ اُنکے گھر ہیں جو اسکے کورے ہوئے

خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوٓا۟ ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَةً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝
کیا کرتے تھے خالی پڑے ہیں بیشک جو لوگ علم رکھتے ہیں اُنکے لیے اس میں ایک نشانی موجود ہے

وَأَنجَيْنَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَكَانُوا۟ يَتَّقُونَ ۝ وَلُوطًا
اور ہم نے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے اور ڈرتے رہتے تھے نجات دی اور لوط کو بھی

إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِۦٓ أَتَأْتُونَ ٱلْفَٰحِشَةَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ۝
(بھیجا) جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ کیا تم جانتے بوجھتے بیحیائی کی بات کرتے ہو

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ ٱلرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ ٱلنِّسَآءِ ۚ
کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر شہوت رانی کے لیے مردوں کے پاس جاتے ہو بات یہ ہے

بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِۦٓ
کہ تم جاہل لوگ ہو۔ پس اُنکی قوم کا جواب اُسکے سوا کچھ نہ تھا

إِلَّآ أَن قَالُوٓا۟ أَخْرِجُوٓا۟ ءَالَ لُوطٍ مِّن قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ
کہ اُنہوں نے یہ کہا کہ لوط کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکالدو یہ وہ لوگ ہیں جو

أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ۝ فَأَنجَيْنَٰهُ وَأَهْلَهُۥٓ إِلَّا ٱمْرَأَتَهُۥ
پاکیزہ بنتے ہیں۔ پس ہم نے لوط کو اور اُنکے گھر والوں کو نجات دی سوائے اُنکی زوجہ کے

قَدَّرْنَٰهَا مِنَ ٱلْغَٰبِرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا ۖ فَسَآءَ
جسکی بابت ہم نے اندازہ کر لیا تھا کہ وہ پیچھے رہجانیوالوں میں ہوگی۔ اور اُنکے اوپر ہم نے (پتھروں کا) مینہ برسایا ہیں ہلکا

مَطَرُ ٱلْمُنذَرِينَ ۝ قُلِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَٰمٌ عَلَىٰ ع ۱۴
(برسات) ڈرایا گیا تھا اُنکی بارش کسی بری (بلا) سے ڈرائے گئے لوگوں کی تعریف خدا ہی کے لیے زیبا ہے اور اُسکے
عِبَادِهِ ٱلَّذِينَ ٱصْطَفَىٰٓ ۗ ءَآللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ۝
بندوں پر جنکو اُسنے برگزیدہ کر لیا سلام ہے۔ آیا اللہ بہتر ہے یا جن چیزوں کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں وہ؟

سلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ تفسیر حقانی میں ہے کہ یہ بندے بلکہ خدا تعالیٰ نے برگزیدہ کیا آل محمد علیہم السلام ۱۲۔ ۶

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ
آیا وہ کون ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور تمہارے لیے آسمان
مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا
سے پانی نازل کیا پھر جس کے ذریعہ سے ہم نے باغات پیدا کر دیے تمہارے لیے
كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ بَلْ هُمْ
یہ ممکن نہ تھا کہ تم ان باغوں کے درختوں کو اگا لو کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود ہے (ہے نہیں)
قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ
یہ وہ لوگ ہیں جو حق سے ہٹ جاتے ہیں آیا وہ کون ہے جس نے زمین کو جائے قرار بنایا ہے اور اس کے
خِلٰلَهَآ أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ
بیچ بیچ میں دریا بہا دیے ہیں اور اس کے لیے بڑے بھاری پہاڑ مقرر کر دیے ہیں اور دو دریاؤں کے بیچ میں
حَاجِزًا ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ أَمَّنْ
حائل کر دیا ہے آیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (ہے نہیں) مگر ان میں بہت نہیں جانتے ۔ آیا وہ کون ہے جو
يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ
مضطر کی دعا قبول کرتا ہے جب بھی وہ دعا مانگے اور تکلیف کو رفع کر دیتا ہے اور تم کو زمین کا حاکم
خُلَفَآءَ الْأَرْضِ ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝
مقرر کرتا ہے آیا اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (اس کی نعمتوں کو) تم کس قدر کم سوچتے ہو
أَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ
آیا وہ کون ہے جو خشکی اور تری کی اندھیریوں میں تمہاری راہبری کرتا ہے اور وہ کون ہے جو اپنی رحمت (بارش) کے
بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا
پہلے خوشخبری کے طور پر ہواؤں کو بھیج دیتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور اللہ ہے جو ان چیزوں کو پیدا کرتا ہے
يُشْرِكُوْنَ ۝ أَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ
اللہ کی ذات ان سب سے برتر ہے آیا وہ کون ہے جو مخلوق کی ابتدا کرتا ہے پھر اسکو دوبارہ پیدا کریگا اور وہ کون ہے جو

مِنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ
آسمان وزمین سے تمکو رزق دیتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا بھی ہے کہدو اگر تم سچے ہو تو
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
اپنی دلیل پیش کرو کہدو کہ جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں (اُن میں سے)
وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝
غیب کو سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا اور انکو یہ بھی خبر نہیں کہ یہ مبعوث کب کیے جائینگے ؟
بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۚ
بلکہ انکا علم تو آخرت میں جاکر پورا ہوگا بلکہ وہ اُسکی طرف سے شک میں ہیں
بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا ع ١٠
بلکہ اُسکی طرف سے یہ اندھے (اندھے جیسے) ہیں اور جو لوگ کافر ہوگئے انہوں نے یہ کہا کہ کیا جب ہم
تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ
اور ہمارے باپ دادا مٹی ہوجائینگے تو کیا ہم نکالے جائینگے ؟ اسکا ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے
وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝
پہلے ہی سے وعدہ ہوتا چلا آیا یہ تو نقط اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں
قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
تم کہدو کہ تم زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام
الْمُجْرِمِيْنَ ۝ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا
کیا ہوا ؟ اور (اے رسول) تم انکے لیے افسوس نہ کرو اور جو چالیں یہ چلتے ہیں اُن سے
يَمْكُرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ
دل تنگ نہو اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ بتاؤ کہ یہ وعدہ (عذاب)
صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ
کب آئیگا ؟ تم کہدو کہ جسکی تم جلدی کر رہے ہو قریب ہے کہ اسکا کچھ حصہ

الَّذِيْ يَسْتَعْجِلُوْنَ ○ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى

تمہارے پیش پیشت آ ہی بجا ہو اور بیشک تمہارا پروردگار کل آدمیوں پر مشتمل کرنیوالا

النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَاِنَّ رَبَّكَ

ہے لیکن ان میں سے اکثر شکر گزار نہیں ہیں اور بیشک تمہارا پروردگار ان سب

لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ○ وَمَا مِنْ

چیزوں کو جانتا ہے جنکو آنکے دل چھپائے ہوئے ہیں اور جنکا وہ اظہار کرتے ہیں اور آسمان و زمین

غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○ اِنَّ

میں کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں ہے جو کھلی کتاب میں نہ ہو بیشک

هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ

یہ قرآن بنی اسرائیل سے بہت سی وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○

اختلاف کیا کرتے ہیں اور یقیناً یہ مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ○

بیشک تمہارا پروردگار آنکے مابین اپنے حکم سے فیصلہ کریگا اور وہ بڑا زبردست (اور) جاننے والا ہے

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ○ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ

پس تم اللہ پر بھروسہ کرو یقیناً تم (صاف) صاف حق پر ہو یہ ضروری بات ہے کہ تم

(لوط نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار ان مفسد لوگوں کے برخلاف میری مدد فرما۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ
اور جسوقت ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) ابراہیم کے پاس خوشخبری لیکر آئے

قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ
تو اُنہوں نے کہا کہ ہم اِس بستی کے رہنے والوں کو ہلاک کرنیوالے ہیں بیشک

اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ
اِسکے باشندے نافرمان ہیں (ابراہیم نے) فرمایا کہ اس میں تو لُوط بھی ہیں

قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۭ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ
اُن (فرشتوں) نے کہا کہ جو (جو) اسمیں ہیں ہم اُنسے خوب واقف ہیں ہم ضرور اُنکو اور اُنکے گھر والوں کو

اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۡ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ وَلَمَّآ اَنْ
بجز اُنکی بیوی کے جو پیچھے رہجانیوالوں میں سے ہوگی اور جس وقت (وہ)

جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ
ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لُوط کے پاس آئے اُنکو اُنکا آنا ناگوار ہوا اور اُنکے بارے میں اپنا جی

ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۡ اِنَّا مُنَجُّوْكَ
کوتاہ دست پایا تو اُنہوں نے کہا کہ تم ڈرو اور نہ رنجیدہ ہو ہم تمکو اور تمہارے گھر والوں کو

وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝
نجات دینے والے ہیں سوائے تمہاری زوجہ کے جو پیچھے رہجانیوالوں میں سے ہوگی

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا
بیشک ہم اِس بستی کے رہنے والوں پر بوجہ اِسکے کہ نافرمانی کیا کرتے ہیں

مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ وَلَقَدْ
آسمان سے عذاب نازل کرنیوالے ہیں اور یقیناً

تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝
چھوڑ رکھا ہے اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں اُسی بستی کو ایک نشانی بناکر کھلا ہوا

الرکوع ۹

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ
اور مدین کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو (بھیجا) پس اُنہوں نے یہ فرمایا کہ اے میری قوم
اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا
تم اللہ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کے امیدوار رہو اور زمین میں
فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ
فساد نہ کرتے پھرو پس اُنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا پھر اُنکو زلزلہ
الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝
نے آلیا پھر وہ اپنے (اپنے) گھروں میں بیٹھے کے بیٹھے رہگئے
وَعَادًا وَّثَمُوْدَا وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫
اور قوم عاد اور ثمود کو (بھی ہلاک کیا) جنکے مکانات کے نشان تو تمہیں ظاہر ہوہی چکے ہیں
وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ
اور شیطان نے اُنکے (عمال کو اُن کی نظروں میں زینت دیدیا تھا پس اُنکو راہ راست
عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝ وَقَارُوْنَ
سے روک دیا تھا حالانکہ وہ سوجھ بوجھ والے تھے اور قارون
وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۫ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى
اور فرعون اور ہامان کو بھی ہلاک کیا) اور موسےٰ مرور اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر
بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا
آئے تھے پھر اُنہوں نے اُس سرزمین میں بڑائی چاہی اور اُنکی کچھ
سٰبِقِيْنَ ۝ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ
پیش نہ چلی پھر ہنے ہر ایک کو اُسکے گناہ کے عوض میں گرفتار کیا پس اُن میں سے
مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ
کوئی تو ایسا تھا کہ ہنے اُسپر پتھراؤ بھیجا اور کوئی ایسا تھا کہ

الجزء ۲۰

اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ
اُسکو چیخ نے آیا اور کوئی ایسا تھا کہ اُسکو ہمنے زمین میں
الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ
دھسا دیا اور کوئی ایسا تھا کہ اُسکو ہمنے ڈبو دیا اور اللہ کا یہ کام نہیں ہے
لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝
کہ اُنپر ظلم کرے لیکن وہ اپنی جانوں پر خود ہی ظلم کیا کرتے تھے
مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ
اُن لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کے سوا دوسرے کارساز بنا لیے ہیں
كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ
مکڑی کی سی مثال ہے جسنے ایک گھر بنایا حالانکہ
اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا
بودے سے بودا گھر مکڑی کا ہے کاش وہ
يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ
اِس بات کو جانتے ہوتے بیشک اللہ اُس چیز کو جسے وہ اُسکے سوا پکارتے
مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
ہیں جانتا ہے اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے
وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ
اور یہ مثالیں بیان تو ہم کل آدمیوں کے لیے کرتے ہیں حالانکہ سوائے اہل علم کے
اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ۝ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
سمجھتا اُنکو ایک بھی نہیں اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو خوبی سمیت کے ساتھ
بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝
پیدا کیا ہے بیشک اِن میں ایمان لانیوالوں کے لیے نشانی موجود ہے

وقف لازم

الجزء

عالم وہ ہے جو خدا کی طرف سے سمجھ رکھتا ہو۔ اُسکی طاعت کے بموجب عمل کرتا ہو اور اُسکی نافرمانی سے اجتناب کرتا ہو ۱۲

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ
تمہاری طرف اس کتاب میں سے ۔ جو وحی کیگئی ہے اُسے تلاوت کرو ۔ اور نماز
الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَ
پڑھو ۔ بیشک نماز بھائی کی بات ۔ اور بدکاری سے باز رکھتی ہے ۔ اور
لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ۝ وَلَا تُجَادِلُوْٓا
ضرور خدا کی یاد سب سے بڑی چیز ہے اور جو کچھ تم لوگ کرتے ہو اللہ اُسے جانتا ہے ۔ اور اہل کتاب سے
اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۚ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
مجادلہ نہ کرو ۔ مگر اُسی طرح سے جو بہت ہی اچھا ہو سوائے اُنکے جو اُن میں ظالم ہو گئے ۔ اور یہ کہو کہ ہم
مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ
اُس پر بھی ایمان لائے ہیں ۔ جو ہماری طرف نازل کیا گیا ۔ اور (اُسپر بھی جو تمہاری طرف نازل کیگیا
وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ وَ
اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے ۔ اور ہم اُسی کے فرمانبردار ہیں ۔ اور
كَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ
اِسی طرح سے تمہاری طرف بھی یہ کتاب نازل کی ہے ۔ پس وہ لوگ جنکو ہم نے (پہلے) کتاب دی تھی
يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَمَا يَجْحَدُ
اُسپر ایمان رکھتے ہیں ۔ اور ان میں سے بھی کوئی کوئی ایمان رکھتا ہے ۔ اور سوائے کافروں کے
بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ
ہماری آیتوں کا انکار تو کوئی بھی نہیں کرتا ۔ حالانکہ تم پہلے سے کوئی نوشتہ پڑھتے
كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ بَلْ
تھے ۔ اور نہ اپنے دائیں ہاتھ سے لکھتے تھے کہ ایسی صورت میں جھوٹ (موٹ) کا شک کرتے ۔ بلکہ
هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ
وہ کھلی آیتیں اُن لوگوں کے سینوں میں موجود ہیں ۔ جنکو علم دیا گیا ہے ۔ اور سوائے ظالم لوگوں کے

يَسْتَهْزِءُ بِهَآ إِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ أُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ
ہماری آیتوں کا انکار کرتی ہے بھی نہیں کرتا اور انہوں نے یہ کہہ بھی کہ اسپر اسکے پروردگار کی طرف کچھ نشانیاں اتری
مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ إِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَإِنَّمَآ أَنَا نَذِيْرٌ
کیوں نہ اُتاری گئیں تم یہ کہدو کہ نشانیاں تو خدا ہی کے پاس ہیں یعنی اسکے اختیار میں ہیں اور میں تو صاف ڈر سنانے والا ہوں
مُّبِيْنٌ ۝ أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّآ أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
کیا انکے لیے یہ بات کافی نہیں ہوئی کہ ہم نے تم پر ایسی کتاب نازل کی جو انکو پڑھکر سنائی جاتی ہے
يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ
بیشک جو لوگ ایمان رکھتے ہیں انکے لیے ضرور اس میں رحمت اور نصیحت
يُّؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۭ يَعْلَمُ ع ۱
ہے سو جو لوگ ایمان رکھتے ہیں تم کہدو کہ ہمارے اور تمہارے مابین گواہی دینے کو اللہ ہی کافی ہے وہ آسمانوں
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ
میں اور زمین میں جو کچھ ہے اُس سے آگاہ ہے اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور انہوں نے
وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ
اللہ کا انکار کر دیا وہی تو نقصان اٹھانیوالے ہیں اور وہ تم سے عذاب کے بارے میں
بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ
جلدی کرتے ہیں حالانکہ اگر میعاد مقرر نہ کر دی گئی ہوتی تو انپر عذاب بھی کبھی کا آچکا ہوتا
وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ
اور ضرور وہ انکو یکایک آلیگا اور انکو خبر تک نہ ہوگی وہ تم سے عذاب کی بابت جلدی
بِالْعَذَابِ ۭ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۙ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ يَوْمَ
کرتے ہیں حالانکہ جہنم کافروں کو ضرور گھیر لینوالا ہے جس دن
يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ
عذاب انکو اُن کے اوپر کی طرف سے بھی ڈھانپ لیگا اور اُن کے پاؤں کے نیچے کی طرف سے بھی

منزل ۵

وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ
اور (خدا جتلائے گا تمہیں) یہ فرمائیگا کہ جو عمل تم کیا کرتے تھے اسکا مزہ چکھو اے میرے وہ بندے جو ایمان

اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ۝ كُلُّ
لائے ہو یقیناً میری زمین بڑی فراخ ہے پس تم میری ہی عبادت کیا کرو ہر شخص

نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ
موت کا مزہ چکھنے والا ہے پھر تم سب کی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا
ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے ہم ضرور انکو جنت کے اونچے خوبصورت مکانوں میں جگہ دینگے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ
جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ ہمیشہ ہمیشہ انہی میں رہینگے کیا اچھا اجر ہے ان عمل کرنیوالوں کا جو

الْعٰمِلِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝
جنہوں نے صبر کیا اور جو اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں کتنا اچھا ہو گا!

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَاۗبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۡ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا
اور کتنے زمین پر چلنے والے ایسے ہیں جو اپنا رزق نہیں اٹھاتے پھر بھی اللہ انکو بھی رزق پہنچاتا ہے

وَاِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ
اور تمکو بھی اور وہی سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور اگر تم انسے سوال کرو گے

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ
کہ آسمانوں کو اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے اور سورج کو اور چاند کو کس نے

وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَبْسُطُ
کر لیا ہے تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ اللہ نے پھر وہ کدھر پھیرے جاتے ہیں؟ اللہ ہے جو بندوں میں

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
جسکے لیے چاہتا ہے رزق کو وسیع کر دیتا ہے اور جسکے لیے چاہتا ہے کم کر دیتا ہے بیشک اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ نَزَّلَ مِنَ
ہر چیز سے (پورا پورا) واقف ہے اور اگر تم اُن سے پوچھو کہ آسمان سے پانی کس نے
السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا
نازل کیا؟ پھر اُسکے ذریعہ سے زمین کو اُسکے مر جانے کے بعد زندہ کس نے کیا
لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ
تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ اللہ نے تم کہدو کہ سب طرح کی تعریف اللہ ہی کے لیے زیبا ہے لیکن اُن میں سے
لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ
عقل نہیں رکھتے اور یہ زندگانی دنیا تو سوائے کھیل کود کے کچھ بھی نہیں اور دار آخرت
وَلَعِبٌ ۚ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوا
وہ تو یقیناً ہمیشہ کی زندگی ہے کاش یہ لوگ
يَعْلَمُونَ ۝ فَإِذَا رَكِبُوا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللَّهَ
سمجھتے پھر جب وہ جہاز میں سوار ہو جاتے ہیں تو خالص دل سے خدا کی اطاعت
مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۖ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ إِذَا هُمْ
کا اظہار کرکے اسی کو پکارتے ہیں پھر جب وہ انکو نجات دیکر خشکی تک پہنچا دیتا ہے تو فوراً ہی
يُشْرِكُونَ ۝ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ ۖ وَلِيَتَمَتَّعُوا ۖ فَسَوْفَ
شرک کرنے لگتے ہیں تاکہ جو کچھ ہم نے انکو عطا کیا ہے اُسکی ناشکری کریں اور چند روز کچھ فائدہ اٹھا لیں پھر
يَعْلَمُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا
آگے چلکر تو وہ جان ہی لینگے کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے تو حرم کو امن کا مقام مقرر کیا
وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ
اور اُسکے آس پاس سے لوگوں کو اُچک لیا جاتا ہے کیا یہ لوگ باطل پر ایمان
يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ يَكْفُرُونَ ۝ وَمَنْ أَظْلَمُ
رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیں؟ اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا

مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ
جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا حق کو جب بھی اس کے پاس آئے جھٹلائے

اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًی لِّلْكٰفِرِیْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا
کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم نہیں ہے؟ اور جو ہمارے (دین کے) لیے

فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝
ہم کوشش کرتے ہیں ہم ضرور ان کو اپنے راستے دکھلائیں گے اور اللہ ضرور نیکی کرنے والوں کے ساتھ (ساتھ) ہے

سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّیَّةٌ وَّهِیَ سِتُّوْنَ اٰیَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ فِیْۤ اَدْنَی الْاَرْضِ وَهُمْ
الٓمّٓ۔ روم والے پاس کی زمین میں مغلوب ہو گئے اور وہ عنقریب

مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَیَغْلِبُوْنَ ۝ فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ ؕ
ہمیں برسوں میں مغلوب ہونے کے بعد (پھر) غالب آجائیں گے

لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَیَوْمَىٕذٍ یَّفْرَحُ
اللہ کی حکومت پہلے سے بھی تھی اور بعد میں بھی رہے گی اور اُس دن ایمان والے اللہ

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَهُوَ
کی نصرت سے خوش ہوں گے وہ جس کی چاہتا ہے نصرت فرماتا ہے اور وہ زبردست

الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا یُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ
(اور) بڑا رحم کرنے والا ہے یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ کبھی وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ یَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا
لیکن اکثر لوگ جانتے ہی نہیں۔ یہ لوگ زندگانی دنیا کے ظاہر حال کو

ع ۱۰

پارہ ۲۱

زبردست مغلوب ہو جائیں گے۔ اور اگلے ایک دن وہ آئیگا کہ خدا کی نصرت سے تم اور تمام عالم سب خوش ہو گے۔

مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝
جانتے ہیں اور آخرت سے وہ (بالکل) غافل ہیں

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۗ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۗ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ
کیا انہوں نے اپنے دل میں (اس پر) غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ وَاِنَّ
اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسکو نہیں پیدا کیا ہے مگر حق کے ساتھ اور مقررہ مدت تک

كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ
کے لیے مگر اکثر آدمیوں میں سے اکثر اپنے پروردگار کی حضوری کے منکر ہیں کیا وہ زمین

يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
میں نہیں چلے پھرے کہ دیکھتے کہ اُنکے پہلوں کا انجام کیسا ہوا تھا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۗ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا
جو اُن سے قوت میں بھی زیادہ تھے اور زمین کو جوتا بویا کرتے تھے

الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ
اور اُس سے زیادہ بسایا تھا جتنی انہوں نے بسائی ہے اور اُنکے رسول اُنکے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۗ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے اور اللہ کی تو یہ شان نہیں ہے کہ اُنپر ظلم کرتا لیکن وہ اپنی آپ کے

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا
خود ہی ظلم کیا کرتے تھے پھر اُنکا انجام جنہوں نے بدی کی یہی

السُّوْٓاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ ع ۴
کہ اُنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور اُن کی ہنسی اڑاتے رہے۔

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
اللہ مخلوق کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اُسے دوبارہ بنائیگا پھر اُسی کی طرف تم سب کی بازگشت ہوگی۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ○ وَلَمْ يَكُنْ
اور جس دن قیامت قائم ہوگی گناہگار نا امید ہو کر رہ جائینگے۔ اور اُنکے شریکوں میں
لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ○
سے کوئی اُنکا سفارشی نہوگا۔ اور وہ بھی اپنے شریکوں کے منکر ہو جائینگے۔
وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ○ فَاَمَّا
اور جس دن قیامت قائم ہوگی اُس دن سب الگ الگ ہو جائینگے۔ پس وہ لوگ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ○
جو ایمان لائے تھے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے تھے اُنکا تواضع (باغ بہشت میں اعزاز واکرام کیا جائیگا۔
وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ
اور رہے وہ لوگ جو کافر ہو گئے تھے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو اور قیامت کی حاضری کو جھٹلایا تھا
فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ○ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ
پس وہی عذاب میں (ہمیشہ) حاضر کیے جائینگے پس جسوقت تمکو شام ہوتی ہے اور جسوقت
تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ
تم کو صبح ہوتی ہے خدا ہی کیلئے تعریف ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور شام کے وقت
وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ الْحَيَّ
اور جسوقت تم لوگوں کو دوپہر ہوتی ہر طرح کی تعریف اُسی کے لیے (زیبا) ہے۔ وہ مُردے سے زندہ
مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ
کو نکالتا ہے اور زندہ سے مُردے کو نکالتا ہے اور زمین کو بعد اُسکی موت کے
بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ
پھر زندہ کر دیتا ہے اور اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤگے۔ اور اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ
خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ○ وَ
اُسنے تمکو مٹی سے پیدا کیا پھر تم یکایک آدمی بنکر پھیلے ہوئے ہو۔ اور

مِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا
اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمہارے لیے تمہاری جنس سے بیبیاں بھی پیدا کردیں کہ تم انکے پاس جاکر
اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
راحت پاؤ اور تمہارے درمیان موذت اور رحمت قرار دی بیشک اُن لوگوں کے لیے جو غور و فکر
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ
کریں اسمیں نشانیاں موجود ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے آسمانوں کا اور زمین کا
وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں کا اور تمہارے رنگوں کا مختلف ہونا بھی ہے یقیناً جاننے والوں کے لیے
لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ
اس میں (بھی) نشانیاں ہیں جو جانتے ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے تمہارا رات کا اور دن کا سونا اور تمہارا
وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
اُسکے فضل کا خواستگار ہونا بھی ہے یقیناً اُن لوگوں کے لیے جو کان لگا کر سنتے ہیں اس میں (بھی) نشانیاں
يَّسْمَعُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّ
ہیں جو سوچ بچار کرتے ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمکو ڈرانے کے لیے اور امید دلانے کے لیے بجلی
يُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ
دکھلاتا ہے اور آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر اُسکے ذریعے سے زمین کو اُسکے مرنے کے بعد زندہ کر دیتا ہے
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ
یقیناً اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں اس میں (بھی) نشانیاں موجود ہیں اور اُسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے
تَقُوْمَ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً
آسمان اور زمین اُسکے حکم سے قائم ہیں پھر جس وقت وہ تم کو ایک آواز دیکر زمین میں
مِّنَ الْاَرْضِ ۡ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
سے بُلائیگا تو تم یکایک نکل پڑو گے اور جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں

ع

وَالْاَرْضِ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ
اُسی کے ہیں (اور) سب اُسی کے حکم میں۔ اور وہ وہی ہے جو مخلوق کی ابتدا کرتا ہے
ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى
پھر اُس مخلوق کو دوبارہ پیدا کریگا اور وہ اُسکے لیے آسان ہے اور آسمانوں میں اور زمین میں اعلےٰ درجے
فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ضَرَبَ ع ۴
کی صفت اُسی کے لیے ہے اور وہ بڑا زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ اُسنے تمہارے
لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ
لیے تمہارے ہی نفسوں میں کی ایک مثل بیان کی کہ آیا تمہارے غلاموں میں سے اُن چیزوں میں جو ہمنے
اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ
تمکو دے رکھی ہیں کوئی بھی تمہارا شریک ہے کہ (وہ اور) تم اُن (چیزوں) کے تصرف کرنے میں برابر برابر ہو
تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ
اور جنکو تم جیسے (اپنی) تصرف کرتے (کا) ویسا ہی اندیشہ ہو جیسا کہ تم کو اُس میں ایک دوسرے سے اندیشہ ہوتا ہے (اور) ان کو ہم
لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ
عقل رکھنے والوں کے لیے اسی طرح آیات کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے ظلم کیا وہ بغیر سمجھے بوجھے اپنی
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ
خواہشوں کے پیرو ہو گئے پس جس کو اللہ نے (ہدایت سلب کرکے) گمراہ کر دیا اُسکو راہ پر کون لائیگا اور ایسوں کا
مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ
مددگار بھی کوئی نہوگا۔ پس (اے نبی) تم خالص دل سے دین کی طرف (اچھی طرح) رُخ کیے رہو خدا کی بنائی ہوئی
اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ
ساخت جسپر اُسنے آدمیوں کو پیدا کیا ہے خدا کی بناوٹ میں کوئی تبدیلی ہو نہیں سکتی
ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝
(یہی) سیدھا دین ہے لیکن بہت سے لوگ علم نہیں رکھتے

مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا
حالانکہ تم اسی کی طرف رجوع کرنے والے بنو اور اس سے ڈرو اور نماز قائم کرو اور مشرکوں میں
مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا
سے نہ ہو (یعنی) ان میں سے جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور
شِيَعًا كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۝ وَإِذَا مَسَّ
گروہ گروہ ہو گئے ہر فرقہ جو کچھ بھی اُسکے پاس ہے اُسی سے خوش خوش ہے۔ اور جب لوگ آدمیوں کو
النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا
کچھ تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کر کے اُس سے دعا مانگنے لگتے ہیں پھر جب
أَذَاقَهُمْ مِنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ۝
وہ انکو اپنی رحمت کا مزہ چکھا دیتا ہے تو انمیں سے کا ایک گروہ یکایک اپنے پروردگار کا شریک ٹھہرانے لگتا ہے
لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝
تاکہ جو کچھ ہم نے انکو دیا ہے اُسکی ناشکری کریں پس کچھ دن (نفع) اٹھا لو پھر تمکو تحقیق معلوم ہی ہو جائیگا۔
أَمْ أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ
کیا ہم نے ان پر کوئی حجت نازل کی ہے جو اسکو شریک کر رہے ہیں وہ حجت اُنکے بارے میں (انکو
يُشْرِكُونَ ۝ وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا
کچھ) بتلاتی ہو؟ اور جب ہم آدمیوں کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اُس سے خوش ہو جاتے
وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ
ہیں اور اگر ان پر انہی کے اعمال کے سبب کوئی مصیبت پڑتی ہے تو یکایک ناامید
يَقْنَطُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ
ہو جاتے ہیں۔ کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ جسکے لیے چاہتا ہے رزق کو کشادہ
يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝
کر دیتا ہے اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے مگر اس میں ایمان والوں کے لیے نشانیاں ہیں

الرکوع ۵

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ
پس (اے رسول) اہم قرابت والوں کو انکا حق دیدو اور مسکین کو (انکا) اور مسافر کو (انکا)

ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ
یہ اُن لوگوں کے لیے ہو رضائے خدا کے خواستگار ہوں بہت بہتر ہے اور ایسے ہی لوگ (دونوں جہان

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ
فلاح پانیوالے ہیں اور جو سود بھی تم اس غرض سے دیتے ہو کہ وہ لوگوں کے مال کو بڑھ

النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ
دیتے ہو پس ایسے ہی لوگ (اپنے مال وثواب کے) بڑھانیوالے

تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝
بڑھانے تو اللہ کے نزدیک کچھ نہیں بڑھتا اور رضائے خدا کے لیے جو زکوٰۃ بھی تم

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ
اللہ ہی وہ ہے جسنے تمکو پیدا کیا پھر اسنے تمکو رزق دیا پھر وہ تمکو موت دیگا پھر وہ تمکو

يُحْيِيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ
زندہ کریگا آیا تمہارے شرکاء میں سے بھی کوئی ایسا ہے جو ان باتوں میں سے کوئی

مِّنْ شَيْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ ظَهَرَ
بات کردے جن چیزوں کو یہ لوگ انکا شریک ٹھہراتے ہیں اُنسے انکی ذات منزہ و برتر ہے۔ لوگوں کے

الْفَسَادُ فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِى النَّاسِ
ہاتھوں جو کچھ ہوا اُسکے سبب سے خشکی اور تری میں فساد ظاہر ہو گیا

لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝
تاکہ جو عمل بھی انہوں نے کیے اُنکے تھوڑے سے کا مزہ وہ اللہ اُن کو چکھادے تاکہ وہ باز آئیں

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
تم کہدو کہ زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ اُن لوگوں کا جو تم سے پہلے تھے

الروم ۵ ع ۱۰

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ۝ فَاَقِمْ
انجام کیسا ہوا؟ اُن میں سے اکثر مشرک تھے۔ پس تم دین قیم

وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ
کی طرف اپنا رُخ سیدھے رہو قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جسکا پلٹ جانا

لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۝ مَنْ كَفَرَ
اللہ کی طرف سے تو ہوگا (اور) اُس دن لوگ الگ الگ ہو جائینگے۔ جو کافر ہوگیا تو اسکے

فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ
کفر کا وبال اُسی پر رہیگا اور جسنے کوئی نیکی کی تو وہ اپنی اپنی ذات کے لیے (جنتی کا) سامان

يَمْهَدُوْنَ ۝ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
کر رہے ہیں تاکہ (اللہ) اپنے فضل سے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمِنْ
عمل کیے جزا دے (خبردار) بیشک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا اور اُسکی

اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ
نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ ہواؤں کو بھیجتا ہے (اس لیے کہ وہ) تو خوشخبری دینے والی ہوں اور

مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا
اس لیے کہ وہ تمکو اپنی رحمت کا مزہ چکھائے اور اس لیے کہ کشتیاں اُسکے حکم سے چلیں اور اس لیے کہ تم

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
اُسکے فضل کے خواستگار ہو اور اس لیے کہ تم شکر گزار رہو۔ اور یقیناً ہم نے تم سے پہلے بہت سے

مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
رسول اُنکی اپنی اپنی قوم کی طرف بھیجے تھے پس وہ اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے

فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا
پھر ہم نے اُن لوگوں سے جنھوں نے جرم کیا تھا بدلہ لیا اور مومنوں کی مدد کرنا

نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ

ہم پر فرض ہے۔ اللہ ہی وہ ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ بادل کو

سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ

اُبھارتی ہیں پھر وہ اسکو جس طرح چاہتا ہے آسمان پر پھیلا دیتا ہے اور کبھی اسکے ٹکڑے ٹکڑے

كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ

کر دیتا ہے پھر تو دیکھتا ہے کہ اسی کے درمیان سے مینہ نکلا چلا آتا ہے پھر وہ اسے بندوں میں

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝

جس پر چاہتا ہے اسے برسا دیتا ہے تو وہ یکایک خوشیاں منانے لگتے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ

اور اگرچہ قبل اسکے کہ وہ اُن پر برسایا جائے وہ اس سے پہلے ہی

لَمُبْلِسِيْنَ ۝ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ

ناامید تھے۔ پس ذرا رحمت خدا کی نشانیوں کو تو دیکھ کہ زمین کو کس طرح

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۡ وَهُوَ

مرنیکے بعد کس طرح زندہ کر دیتا ہے بیشک وہی تو مُردوں کو زندہ کرنیوالا ہے اور وہی ہر چیز

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ

پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر ہم ایسی ہوا بھیجیں کہ وہ کھیتی کو زرد

مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ۝ فَاِنَّكَ لَا

ہوتی ہوئی دیکھیں تو اسکے بعد ہی وہ ناشکری کرنے لگتے ہیں۔ یہ تو یقینی بات ہے کہ

تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا

تم مُردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو پکارنے کی آواز سنا سکتے ہو جبکہ وہ پیٹھ

مُدْبِرِيْنَ ۝ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ

پھیر کر جا رہے ہوں۔ اور نہ تم دل کے اندھوں کو اُن کی گمراہی سے راہ راست پر لانیوالے ہو

الم ۵ الر

اِنْ تَسْمَعُ اِلَّا مَنْ یُّؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝
تم تو صرف اُنکو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھیں پھر فرمانبردار (بھی) ہوں۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ
اللہ وہ ہے جسنے تمکو ضعف سے پیدا کیا پھر بعد ضعف کے قوت

ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّ
عطا کی پھر بعد قوت کے ضعیفی اور بڑھاپے کی

شَیْبَةً ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْقَدِیْرُ ۝
حالت کر دی وہ جو چاہتا ہے پیدا کر دیتا ہے اور وہی صاحب علم (و) صاحب قدرت ہے۔

وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا
اور جس دن قیامت قائم ہوگی گنہگار قسمیں کھا کر کہینگے کہ (ہم) تو ایک گھنٹہ سے زیادہ دنیا

غَیْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا یُؤْفَكُوْنَ ۝ وَقَالَ
میں (یہاں) ہی نہیں یہ (دنیا میں بھی) ایسے ہی بہکا کرتے تھے۔ اور وہ لوگ جنکو

الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِیْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِیْ
علم اور ایمان دیا گیا تھا یہ کہینگے کہ تم تو خدا کے نوشتہ کے بموجب (عالم دنیا اور عالم برزخ

كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى یَوْمِ الْبَعْثِ ۚ فَهٰذَا یَوْمُ الْبَعْثِ
میں) قیامت تک رہے اور آج تو قیامت کا دن ہے

وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یَنْفَعُ
لیکن تمکو (اسکا) علم (و یقین) ہی نہ تھا۔ پس اُس دن جنہوں نے ظلم کیا تھا انکی

الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ ۝ وَ
معذرت اُنکو کچھ نفع نہ پہنچائیگی اور نہ اُنکو بہبودی کی طرف توجہ دلائی جائیگی۔ اور

لَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ
ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے نفع کے لیے ہر طرح کی مثل

الرکوع ۵

آپ امام کے اور امامت کے اوصاف بیان فرماتے ہیں یہ مضمون بھی ہے کہ جناب رسولؐ خدا نے خدا کے حکم سے

مَثَلٌ ۚ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
بیان کی ہے اور اگر تم کوئی نشانی کسی کے آنے کے لیے ہی وہ لوگ جو کافر ہو گئے ہیں یہی کہیں گے
اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى
کہ تم نرے ناحق کوشش ہو۔ اللہ اُن لوگوں کے دلوں پر جو علم نہیں
قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ
رکھتے اسی طرح چھاپا لگا دیا کرتا ہے۔ پس تم صبر کرو بیشک اللہ کا وعدہ
اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝ ع ٤
برحق ہے اور جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ کہیں تمکو سبک خیال (اور جاہل) نہ بنا دیں۔
سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
الٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ هُدًى وَّ
الٓمٓ یہ حکمت (والی) کتاب کی آیتیں ہیں ان نیکی کرنیوالوں کے
رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ
لیے ہدایت و رحمت ہیں جو (باقاعدہ) نماز پڑھتے ہیں
وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝
اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی (پورا پورا) یقین رکھتے ہیں
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ
ایسے ہی لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی (پوری پوری)
الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ
فلاح پانیوالے ہیں اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو بیہودہ باتوں کا خریدار ہے

الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا
کہ بغیر علم کے لوگوں کو راہِ خدا سے بھٹکائے اور اُنکی ہنسی اڑائے
هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى
ذلیل کرنیوالا عذاب ایسوں ہی کے لیے ہے۔ اور جب اُسکو خدا کی
عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ
آیتیں پڑھکر سُنائی جاتی ہیں تو وہ تکبر کرتا ہوا روگردان ہوجاتا ہے گویا اُنکو سُنا ہی نہیں
فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اِنَّ
گویا اُسکے دونوں کانوں میں گرانی ہے پس تم اُسکو دردناک عذاب کی خوشخبری سنادو۔ بالیقین
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝
جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے نعمت والی جنتیں اُنھی کے لیے ہیں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
اُن میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے۔ یہ اللہ کا وعدہ برحق ہے۔ اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي
اُسنے آسمانوں کو بغیر ایسے ستونوں کے جن کو تم دیکھتے ہو پیدا کیا ہے اور (زمین میں بھاری)
الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ
بھاری پہاڑ قائم کر دیے ہیں کہ وہ تم کو لیکر کسی طرف لڑھک نہ جائے اور اُس میں ہر قسم کا
كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا
چلنے والا بکثرت پھیلا دیا ہے اور ہم نے آسمانوں سے پانی اُتارا پھر ہم نے اُس میں ہر قسم
فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ
کے نفیس جوڑے پیدا کر دیے۔ یہ تو خدا کی پیدا کی ہوئی چیزیں ہیں اب مجھے
مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ
بتلاؤ کہ خدا کے سوا اُنھوں نے کیا پیدا کیا ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ ظالم کھلی گمراہی میں

بلکہ ایسے ستونوں کی نفی فرمائی ہے جن کو تم دیکھ سکو۔ ۱۲

مُبِيْنٍ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ
ہیں۔ اور بیشک ہم نے لقمان کو حکمت عطا کی کہ تم خدا کا شکر کیا کرو

وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ
اور جو بھی شکر کرے گا تو وہ اپنی ہی ذات کے نفع کے لیے شکر کرے گا اور جو کفران نعمت کرے گا تو (وہ جانے اور) بیشک اللہ

غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ
(اور) بالذات محمود و ثنا ہے۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ لقمان نے اپنے بیٹے سے جو حال ہی میں کہ وہ اُسے نصیحت کر رہے

يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝
تھے فرمایا کہ اے میرے پیارے بیٹے اللہ کا شریک نہ ٹھہرا بیشک شرک بڑا ظلم ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا
اور ہم نے انسان کو اُسکے ماں باپ کے بارے میں اس سبب سے کہ اُسکی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اُسکو

عَلٰي وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ۭ
حمل میں رکھا اور دو برس بھر دودھ چھٹائی (آخر) کہ تو میرا بھی شکر گزار رہ اور اپنے

اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓي اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا
والدین کا بھی۔ (آخری) بازگشت میری ہی طرف ہوگی سو اگر وہ دونوں تجھے اس بات پر مجبور کریں کہ تو میرے

لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا
کسی ایسی چیز کو میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے کوئی علم نہ ہو تو تو ان دونوں کی اطاعت مت کر اور دنیا میں ان دونوں کے

مَعْرُوْفًا ۡ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ
ساتھ سلوک کرتا رہ اور اُسی شخص کے راستے پر چل جو میری طرف رجوع لایا ہو پھر تم سب کی بازگشت

مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰبُنَيَّ
میری ہی طرف ہوگی پس جو کچھ تم کیا کرتے تھے میں اُس سے تمہیں آگاہ کر دوں گا۔ اے میرے پیارے بیٹے

اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ
اگر کوئی بات رائی کے دانہ کے برابر ہو پھر وہ کسی چٹان میں ہو

أَوْ فِي السَّمٰوٰتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ إِنَّ اللّٰهَ
یا آسمانوں میں یا زمین میں خدا اسے لے آئیگا حاضر کریگا بیشک خدا باریک بین
لَطِيفٌ خَبِيرٌ ۝ يٰبُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ
چیز کا جاننے والا (اور) خبر رکھنے والا ہے۔ اے میرے بیٹے نماز پڑھ اور نیکی کا حکم دے
وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا أَصَابَكَ ۭ إِنَّ ذٰلِكَ
اور بدی سے باز رکھ اور جو مصیبت تجھ پڑے اس پر صبر کر بیشک یہ باتیں اولوالعزمی کے
مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۝ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا
کاموں میں سے ہیں اور لوگوں کے (دکھانے کیلئے) اپنے گال نہ پھلا
تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ
اور زمین پر اکڑ کر نہ چل بیشک خدا (ایسے) کسی شیخی باز اترانے والے کو دوست
فَخُورٍ ۝ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ
نہیں رکھتا اور اپنے چلنے میں میانہ روی اختیار کر اور اپنی آواز کو دھیما رکھ
إِنَّ أَنْكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ۝ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ ع ۱۱
کہ سب سے زیادہ ناگوار آواز گدھوں کی آواز ہے۔ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ
اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ
اللہ نے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اس سب کو تمہارا مطیع کر دیا ہے اور تم پر اپنی
عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۭ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
کھلی اور چھپی نعمتیں پوری کر دی ہیں اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی
يُجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتٰبٍ مُنِيرٍ ۝
ہے جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور بغیر ہدایت اور بغیر روشنی دینے والی کتاب کے لوگوں سے جھگڑتا ہے۔
وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ
اور جب ان سے یہ کہا جاتا ہے کہ جو کچھ اللہ نے نازل کیا ہے تم اسکی پیروی کرو تو وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم تو

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ
اسی پر پاتے ہیں کیا اگرچہ شیطان انہیں بلاتا ہو
اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ
بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب کی طرف اور جو شخص اپنے معاملہ کو خدا کے سپرد کر دے اس حال
وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۭ وَ
میں کہ وہ نیک عمل بھی ہو تو اس نے بیشک مضبوط رسّا پکڑ لیا۔ اور تمام معاملات
اِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ
کا انجام خدا ہی کی حضور میں پیش ہوگا۔ اور جو شخص کافر ہو گیا تو اسکا کفر تم کو رنج نہ دے
كُفْرُهٗ ۭ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ
اُن سب کی بازگشت ہماری ہی طرف ہے پھر جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اس سے ہم انکو آگاہ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ
کر دینگے۔ بیشک اللہ دلوں کے معاملات سے خوب واقف ہے۔ ہم تھوڑے دن انکو فائدہ پہنچائینگے پھر
نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ
سخت عذاب کی طرف انکو مجبور کرینگے۔ اور اگر تم اُن سے یہ دریافت کرو کہ
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ
آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ اللہ نے۔ یہ کہنا کہ ہر قسم کی تعریف
لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
اللہ ہی کیلئے (بجا) ہے۔ لیکن اکثر اُن میں سے نہیں جانتے۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے
وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي
اللہ ہی کا ہے بیشک اللہ ہی تو بے پروا (اور) سزاوار تعریف ہے۔ اور اگر زمین میں جتنے
الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ
درخت ہیں وہ قلمیں ہو جائیں اور سمندر جس کے بعد سات سمندر اور ہیں

لہ بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ظاہر تفسیر قرطبی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ یہ فقرہ ان حدیث کا قول ہے جس نے

سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
اُنکے بے رہنمائی بتائیں تو بھی کلمات خدا ختم نہ ہونگے بیشک اللہ غالب (اور)
حَكِيْمٌ ۝ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ
حکمت والا ہے۔ تمہارا پیدا کرنا اور تمہارا پھر اُٹھا بٹھا نا کچھ بھی نہیں ہے مگر اتنا ہی جتنا کہ ایک شخص
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي
کا (بیٹنا) اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ تعالےٰ رات کو دن میں داخل
النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۚ
کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور سورج کو اور چاند کو اُسنے مسخر کیا ہے
كُلٌّ يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
کہ ہر ایک ایک وقت مقررہ تک کے لیے چل رہا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے خوب
خَبِيْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ
واقف ہے یہ سب اسکی دلیل ہیں کہ اللہ ہی تو برحق ہے اور اُسکے سوا جن جن کو بھی وہ
مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝
پکارتے ہیں وہ سب باطل ہیں اور اللہ ہی تو اعلےٰ (اور) بزرگ ہے۔
اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ
کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ کشتیاں سمندر میں خدا کی نعمت (یعنی ہوا) سے چلتی ہیں کہ وہ اپنی نشانیوں
مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝
میں سے تمکو کچھ دکھلائے بیشک ہر صبر کرنیوالے اور شکر کرنیوالے کے لیے اس میں بہتسی نشانیاں ہیں
وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ
اور جب موجیں انکو کوئی سائبان کی طرح آکر ڈھانپ لیتی ہے تو وہ خالص دل سے اُسکی اطاعت کا اظہار کرکے
لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا
اللہ کو پکارنے لگتے ہیں پھر جب وہ انکو (ڈوبنے سے) بچا کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو کوئی تو ان میں سے معتدل رہتا ہے اور

ع ۱۴

منزل ۵

بِمُحَمَّدٍ ﷺ يَتَّخِذُ إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ۝ يَا أَيُّهَا النَّاسُ

سوائے ہر بیوفا اور ناشکرے کے ہماری نشانیوں کا انکار کوئی بھی نہیں کرتا۔ اے آدمیو! اپنے پروردگار

اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن

سے ڈرو اور اس دن کا خوف کرو جس دن باپ اپنے بیٹے کی طرف سے کوئی بدلہ

وَّلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَّالِدِهِ شَيْئًا إِنَّ

نہ دے سکیگا اور نہ کوئی بیٹا اپنے باپ کی طرف سے کوئی چیز دینے والا ہوگا۔ یقیناً

وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا

اللہ کا وعدہ سچا ہے پس تمکو زندگانی دنیا دھوکے میں نہ ڈالے اور نہ دھوکے

يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ۝ إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ

باز میں کوئی فریبی تمکو دھوکا دینے پائے۔ بیشک قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے

وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي

اور وہی مینہ برساتا ہے اور وہی یہ جانتا ہے کہ حمل میں کیا ہے اور کوئی شخص نہیں

نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ

جانتا کہ وہ کل کیا کریگا اور نہ کوئی یہ جانتا ہے کہ وہ کس سرزمین میں مریگا

تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ۝

بیشک اللہ تعالےٰ بڑا جاننے والا (اور) باخبر ہے۔

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ تَنْزِيلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

الٓمّٓ۔ اس میں کچھ بھی شک نہیں کہ اس کتاب کا اتارنا تمام اہل عالم کے پروردگار کی طرف سے ہے

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ

یا وہ یہ کہتے ہیں کہ کسی نے اسکو بنا لیا ہے (جھگڑنے کو) بلکہ یہ برحق ہے اور تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل

قَوْمًا مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

تم اُن لوگوں کو ڈراؤ جنکے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانیوالا آیا ہی نہیں ہے کہ وہ راہ پر

يَهْتَدُونَ ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

آجائیں اللہ ہی وہ ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ اُن

وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ

دونوں کے درمیان میں ہے اُسکو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر حاوی ہو گیا

مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ ۚ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ۝

اُسکے سوا نہ تمہارا کوئی حامی ہے اور نہ سفارشی کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟

يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ

آسمان سے زمین تک کے معاملے کی تدبیر وہی کرتا ہے پھر اُس دن میں جسکی

إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ۝

مقدار تمہاری گنتی سے ہزار برس کی ہوگی کل معاملہ اُسی کی حضوری میں پیش ہوگا۔

ذَٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

وہی چھپی اور کھلی باتوں کا جاننے والا زبردست (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن

جس نے ہر چیز کو جسے پیدا کیا بہت ہی اچھا پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کی ابتدا مٹی سے

طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝

کی۔ پھر اُسکی نسل کو ایک ذلیل پانی کے خلاصے سے قرار دیا۔

ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

پھر اُسکو ٹھیک ٹھاک کیا اور اپنی (پیدا کی ہوئی) روح اُس میں پھونک دی اور تمہارے لیے کان

الجزء ٢١

دن کا طول تمہارے برسوں کے حساب سے ہزار برس کا ہوگا۔ (مزید توضیح کے لیے دیکھو صفحہ ٥٣٨ نوٹ ٣) ١٢ ؛

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا
اور آنکھیں اور دل بنادیے تم شکر کرتے ہو۔ تھوڑا اور انہوں نے کہدیا

ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِى الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ
کہ کیا جب ہم زمین میں گم ہو جائینگے تو کیا ہم نئی صورت میں پیدا ہونگے؟

بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ
اصل یہ ہے کہ وہ اپنے پروردگار کی حضوری سے آنے ہی کے منکر ہیں۔ تم یہ کہدو کہ ملک الموت جو تم پر

مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِىْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ
معین کیا گیا ہے وہ تمہارا خاتمہ کریگا پھر تم اپنے پروردگار کی حضوری میں

تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ
لوٹائے جاؤ گے۔ اور کاش تم دیکھتے کہ جب یہ گنہگار اپنے پروردگار کی حضوری میں سر جھکائے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ
کھڑے ہونگے (اور یہ عرض کرتے ہونگے کہ) اے ہمارے پروردگار اب ہماری آنکھیں اور کان کھلے (کہ سچ

صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ
واپس کردو تو ہم نیکی ہی نیکی کرینگے بیشک ہم یقین کرنیوالے ہوگئے ہیں۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو توفیق ہدایت

هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّىْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ
دیدیتے لیکن میرا قول پورا اترا کہ میں جہنم کو جنوں سے اور آدمیوں سے بھی ضرور ضرور

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ
بھر دونگا۔ (پس اُن سے کہا جائیگا کہ) اپنے عوض میں کہ تم آج کے دن کی حاضری کو

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۖ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ ۖ وَذُوْقُوْا عَذَابَ
بھول گئے تھے مزہ چکھو (ب) ہم نے بھی تم کو بھلا دیا اور جو عمل تم

الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا
کیا کرتے تھے اسکے عوض میں ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھتے رہو۔ سوا ایسے لوگوں کے نہیں کہ ہماری آیتوں پر ایمان

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ
وہی لوگ رکھتے ہیں جنکو جب وعظ کیا جاتا ہے انکے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور
رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ
اپنے پروردگار کی حمد کیساتھ تسبیح پڑھتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ انکے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں
الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۖ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
(وہ) اپنے پروردگار سے بیم و امید کی حالت میں دعائیں مانگتے رہتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انکو دیا ہے
يُنْفِقُوْنَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ
اسمیں سے خرچ کرتے ہیں۔ پس کوئی نفس اس بات کو نہیں جانتا کہ انکی آنکھوں کی ٹھنڈک
اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اَفَمَنْ كَانَ
کیا کچھ چیزیں انکے لیے چھپا رکھی گئی ہیں بدلے انکے اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ کیا وہ شخص جو مومن ہے
مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ۝ اَمَّا الَّذِيْنَ
اسکے مانند ہے جو فاسق ہے (دونوں ہرگز) برابر نہیں ہیں۔ (یعنی) وہ لوگ جو ایمان
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۙ
لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے پس جو عمل وہ کیا کرتے تھے اسکے عوض میں انکے لیے
نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا
مہمانی کے طور پر رہنے کے (بہشتی) باغات ہونگے۔ اور رہے وہ جو نافرمان بنے پس انکا ٹھکانا
فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ
جہنم ہے جس وقت بھی وہ ارادہ کرینگے کہ جہنم سے نکلیں
اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ
اسی میں لوٹا دیے جائینگے اور ان سے یہ کہا جائیگا کہ اب تم اس آتش دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھو
الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ
جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور یہ بھی ضرور ہے کہ انکو اس بڑے عذاب کے علاوہ (دنیا میں)

الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ○
ایک چھوٹے عذاب کا بھی مزہ چکھائیں تاکہ وہ (زمانۂ رجعت میں) پلٹ کر آئیں۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا
اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جسکو آسکے پروردگار کی آیتوں کے ذریعے سے نصیحت کی گئی پھر وہ اُسسے

إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنْتَقِمُونَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا
روگرداں ہوگیا۔ یقیناً ہم مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔ اور بالتحقیق ہم نے موسےٰ کو

مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُنْ فِي مِرْيَةٍ مِنْ لِقَائِهِ وَ
کتاب عنایت کی پس تم اُنکی ملاقات کی جانب سے شک میں نہ رہنا اور ہم نے

جَعَلْنَاهُ هُدًى لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ
اُس کتاب کو اولادِ اسرائیل کے لیے ہدایت مقرر کیا۔ اور چونکہ اُنہوں نے صبر کیا تھا

أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا ط وَكَانُوا بِآيَاتِنَا
اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے ہمنے بھی اُن میں سے ایسے امام مقرر کیے جو ہمارے حکم کے بموجب

يُوقِنُونَ ○ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
ہدایت کرتے تھے۔ بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُن تمام باتوں کے بارے میں اُن میں وہ

فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ
اختلاف کیا کرتے تھے اُنکے مابین فیصلہ فرما دیگا۔ کیا اس بات نے کہ ہمنے اِنسے پہلے

أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي
کتنے ہی زمانہ والوں کو جن کے گھروں میں یہ چلتے پھرتے ہیں ہلاک کردیا۔ اُنکو کچھ بھی

مَسَاكِنِهِمْ ط إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ ط أَفَلَا يَسْمَعُونَ ○
نہ سُجھایا بیشک اِس میں نشانیاں موجود ہیں کیا اب بھی وہ (توجہ سے) نہیں سنتے؟

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ
کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم پانی کو ہمیشہ زمین کی طرف ہنکا کر لے جاتے ہیں پھر اُسکے ذریعے سے

ثلثہ الرابع ۱۵ الم ۱۰

الجزء ۲۱

بِهٖ زَرْعًا ۭ كُلُوْا مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ۡ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ۝
کھیتی پیدا کر دیتے ہیں جس میں سے آپ چوپائے بھی کھاتے ہیں اور وہ خود بھی کیا اب بھی وہ (غور سے) نہیں دیکھتے

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ
اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ کہ یہ فیصلہ کب ہوگا؟ تم یہ کہدو کہ

يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ
فیصلے کے دن ان لوگوں کو جو کافر ہو گئے انکا ایمان کچھ فائدہ نہ دیگا اور نہ انکو

يُنْظَرُوْنَ ۝ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ۝
مہلت دیجائیگی پس تم ان سے روگرداں ہو جاؤ اور انتظار کرو کہ (انجام یہ بھی) تو انتظار کر رہے ہیں

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ
اے نبی تم اللہ سے ڈرو اور کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى
بیشک اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔ اور جو کچھ تمہارے پروردگار کی طرف

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ۙ
تمہاری طرف وحی کی جاتی ہے اسکی پیروی کرو یقیناً اللہ اس عمل سے جو تم کیا کرتے ہو خبردار ہے

وَّتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ مَا جَعَلَ اللّٰهُ
اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھو اور کارسازی کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ اللہ نے کسی شخص کے

لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰۗـِٔيْ
سینے میں دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری ان بیبیوں کو جن سے تم

ع ٤ ١٢

تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ
تمہاری ماں بنا دیا ہے اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا (اصلی) بیٹا
اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ
بنا دیا ہے یہ تو تمہارے اپنے منہ کی کہن ہے اور اللہ حق
الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ
فرماتا ہے اور وہی ٹھیک ٹھیک راستہ بتلاتا ہے۔ لے پالکوں کو اُنکے حقیقی باپ کا کرکے
هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ
پکارا کرو کہ خدا کے نزدیک یہی بات زیادہ انصاف کی ہے پھر اگر تم اُنکے باپوں کو نہ جانتے ہو تو وہ دین میں تمہارے بھائی
فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ
اور تمہارے (دینی) دوست ہیں۔ اور جو کچھ تم سے بھول چوک ہو جائے اُس میں تم پر کوئی
اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ
الزام نہیں لیکن (اُس میں ہے) جسکا قصد تمہارے دل کریں۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ۚ
(اور) رحم کرنیوالا ہے۔ نبی تو مسلمانوں کی جانوں کا خود اُن سے زیادہ اختیار رکھنے والا ہے
وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى
اور اُسکی بیبیاں اُنکی مائیں ہیں اور رشتہ دار مومنین و مہاجرین میں سے خدا کے نوشتہ
بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ
کے بموجب بعض بہ نسبت بعض کے (میراث کے) زیادہ مستحق ہیں اور یہ اور بات ہے کہ
تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ
تم اپنے اولیا کے ساتھ نیک سلوک کرو (یہ حکم) کتاب میں لکھا ہوا حکم
مَسْطُوْرًا ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ
یہی ہے۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ہم نے پیغمبروں سے اُنکا اقرار لیا تھا

وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ
اور تم سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسےٰ سے اور عیسےٰ ابن
مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ لِّيَسْـَٔلَ
مریم سے اور ہم نے اُن سے عہد بھی سخت لیا تاکہ خدا سچائے
الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝
سچوں سے اُن کے سچ کی بابت سوال کرے اور کافروں کے لیے اُس نے دردناک عذاب تیار کیا ہے
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ
اے ایمان لانیوالو! اللہ کی نعمت جو تم پر ہے اُسے یاد کیا کرو جس وقت تم پر لشکر کے لشکر
جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ وَ
آ چڑھے پس ہم نے اُن پر ہوا بھیجی اور ایسے لشکر جنکو تم نہیں دیکھتے اور
كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ
جو عمل تم کیا کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔ (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ چڑھائی کی طرف سے
فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَ
بھی آئے اور نیچی کی طرف سے بھی اور جب مارے ڈر کے تمہاری آنکھیں پتھرا گئیں اور
بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝
تمہارے کلیجے منہ کو آگئے اور تم خدا کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔
هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝
اُسی موقع پر مومنوں کی آزمائش کی گئی اور وہ بھونچال ہی سختی کے ساتھ ہلا ڈالا گیا۔
وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ تھا یہ کہنے لگے کہ
مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ وَاِذْ قَالَتْ
اللہ اور اُس کے رسول نے ہم سے کچھ وعدہ نہیں کیا ہے مگر زرا دھوکا۔ اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ

ع ۱۷

طَآئِفَةٌ مِّنْهُمُ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَ
اُن میں سے ایک گروہ نے یہ کہہ کر اے یثرب کے رہنے والو اب تمہارے ٹھہرنے کی جگہ نہیں ہی اب تم جاؤ
يَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا
اُن میں سے ایک گروہ نبی سے یہ کہکر اجازت مانگتا تھا کہ ہمارے مکان غیر محفوظ
عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ۝ مع
ہیں حالانکہ مکانات غیر محفوظ نہیں ہیں وہ تو صرف بھاگنا چاہتے ہیں۔
وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ
اور اگر لشکر اُن پر اطراف سے آجاتے پھر خود اُن سے فساد برپا کرنیکو کہا جاتا
لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ۝ وَلَقَدْ كَانُوْا
ضرور برپا کر دیتے اور اِس بارے میں اگر توقف کرتے بھی تو کچھ ہی سا۔ اور یقیناً وہ پہلے سے اللہ
عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ
سے عہد کر چکے تھے کہ پیٹھ نہ پھیریں گے اور اللہ کے عہد کی
عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ۝ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ
باز پرس بھی کی جائیگی۔ تم یہ کہدو کہ اگر تم موت یا قتل سے بھاگتے ہو تو یہ بھاگنا
فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا
تمکو ہرگز نفع نہ پہنچائیگا اور اُس صورت میں تم کو فائدہ (حیات) بھی
قَلِيْلًا ۝ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ
دیا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ وہ کون ہے جو اللہ سے تمکو بچا لیگا اگر وہ تمکو عذاب دینا
بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ
چاہے یا تمہارے حق میں رحمت کرنا چاہے اور وہ اللہ کے سوا کسی کو نہ اپنا کارساز
دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ
یا بچانے اور نہ مددگار یقیناً اللہ تم لوگوں میں سے دوسروں کو روکنے والوں کو بھی

ع ۱ ۵ ۱۳

مِنكُمْ وَالْقَآئِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ
جانتا ہے اور اپنے بھائیوں سے یہ کہنے والوں کو بھی کہ ہمارے پاس چلے بھی آؤ حالانکہ وہ لڑائی
الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَاءَ
لے میدان میں آتے ہی کم ہیں۔ (وہ) تمہاری مدد کرنے میں سخت بخیل ہیں پھر جب خوف کا موقع
الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ
آجائے تو تم انکو دیکھو گے کہ وہ تمہاری طرف ٹکٹکی لگائے ہوئے ہیں اور
كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ
انکی آنکھیں اس طرح پھر رہی ہیں جیسے اس شخص کی جسپر موت کی غشی طاری ہو پھر جب خوف جاتا رہے
سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ
تو مال غنیمت لینے کے لیے کڑے پڑتے ہیں اور طرار زبانوں سے تم پر طعنوں کی بھرمار کرتے ہیں
لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ
یہ لوگ ایمان ہی نہیں لائے (اور) اللہ نے بھی (انکے) اعمال اکارت کر دیے اور اللہ کے نزدیک یہ بات
يَسِيرًا ۝ يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن
آسان ہے۔ کفار کے جتھوں کی نسبت یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ گئے نہیں اور اگر
يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ
جتھے (دوبارہ) آجائے تو انکی خواہش یہی ہوتی کہ کاش (انکیں) بیٹھکوں میں بدوؤں میں ہوتے
يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ ۖ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا
اور وہیں سے تمہاری خبریں پوچھا کرتے۔ اور اگر یہ تم میں رہتے تو لڑائی نہ لڑتے مگر بہت
قَلِيلًا ۝ لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ
کم (اے لوگو!) بیشک تمہارے لیے پیروی کرنیکو اچھے (یعنی نمونہ خود رسول اللہ موجود ہیں
لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا
(یعنی) اس شخص کے لیے جو اللہ اور قیامت کے دن کی امید رکھتا ہو اور اللہ کی بہت سی یاد کیا کرتا ہو

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ
اور جب وقت مومنوں نے کافروں کے جتھوں کو دیکھا تو یہ کہا کہ یہ وہی ہے جو ہم سے اللہ نے اور اس کے
وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّا
رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ نے اور اس کے رسول نے سچ فرمایا تھا اس آزمائش نے ان کے ایمان
اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا
اور تسلیم کو اور بڑھا ہی دیا ۝ مومنین میں سے ایسے مرد بھی ہیں کہ انہوں نے اللہ سے جو
مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ
عہد کیا تھا اسے سچ کر دکھایا پس بعض ان میں سے ایسے ہیں جنہوں نے اپنا ذمہ پورا کر لیا اور ان میں
مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۫ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۝ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ
سے کوئی ایسا بھی ہے جو شہادت کا منتظر ہے اور انہوں نے کوئی تبدیلی نہیں کی تاکہ اللہ سچوں کو ان کے
الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ
سچ کے موافق بدلہ دے اور منافقوں کو اگر چاہے تو عذاب دے
اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝
یا ان کی توبہ قبول کرے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے
وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ وَ
اور اللہ نے کافروں کو جو کافر ہو گئے اللہ نے ان کے غصہ ہی کی حالت میں لوٹا دیا کہ وہ کسی مراد کو نہ پہنچے اور
كَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝
اللہ نے مومنوں کو لڑائی کی تو بت ہی نہ آنے دی اور اللہ صاحب قوت (و) صاحب غلبہ ہے
وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اور اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے انکی مدد کی تھی انکو انکے قلعوں سے
مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا
نیچے اتار دیا اور انکے دلوں میں رعب ڈال دیا کہ تم ایک گروہ کو

تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۝ وَاَوْرَثَكُمْ
قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔ اور تم کو
اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ
اُن کی زمین کا
اور اُن کے گھروں کا اور اُن کے مالوں کا وارث کر دیا اور ایسی زمین کا جس
تَطَئُوْهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا
پر تم ابھی قدم نہیں رکھا ہے اور اللہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی تم
النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ
اپنی ازواج سے کہدو کہ اگر تم زندگانی دنیا اور اُسکی زینت
الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ
کی خواستگار ہو تو آؤ میں تمکو کچھ دیدوں اور پھر تمکو اچھی طرح
سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
رخصت کر دوں۔ اور اگر تم اللہ اور اُسکے رسول کی اور آخرت
وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ
کی خواستگار ہو تو اللہ نے تم میں سے جو نیک ہو گی اُن
مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ
کے لیے بہت بڑا اجر تیار کیا ہے۔ اے نبی کی بیبیو
يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ
تم میں سے کوئی کھلی بیہودہ بات کرے تو اُس کو
لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ
بھی عذاب دوچند ہو جائیگا اور یہ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝
اللہ پر آسان ہے۔

ع ٣

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ
اور تم میں سے جو اللہ اور اسکے رسول کی فرمانبرداری کریگی اور نیک عمل
صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا
کریگی تو ہم اسکو اسکا اجر (بھی) دوہرا دینگے اور ہم نے اسکے لیے اچھی روزی
رِزْقًا كَرِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ
(بھی) تیار کر رکھی ہے اے نبی کی عورتو! اگر تم پرہیزگاری کرو تو تم اور عورتوں کے
النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ
مانند نہیں ہو پس دبی زبان سے باتیں نہ کیا کرو کہ وہ شخص جسکے دل میں
الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَ
روگ ہے کسی طرح کا لالچ کرے اور نیک (یعنی شک سے بچی ہوئی) باتیں کیا کرو۔ اور
قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ
اپنے گھروں میں (عزت و وقار سے) بیٹھی رہو اور قدیم جاہلیت کا سا بناؤ سنگار کرکے باہر نہ نکلا کرو
الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ
اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (برابر) اللہ
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ
اور اسکے رسول کی اطاعت کرتی رہو۔ اے اہلبیت سوائے اسکے نہیں ہے کہ خدا یہ چاہتا ہے کہ تم سے
اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى
ہر قسم کی بُرائی کو دور کردے اور تمکو ایسا پاک کردے جیسا کہ پاک کرنیکا حق ہے۔ اور تمہارے گھروں میں خدا کی
فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا
آیتیں اور حکمت کی باتیں جو پڑھی جاتی ہیں انہیں یاد رکھو۔ بیشک خدا تمہارے بڑا باریک بین
خَبِيْرًا ۝ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ
اور خبردار ہے۔ یقیناً فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور ایمان والے مرد

ع ١

الجزء الثالث والعشرون ٢٣

تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۝ وَاَوْرَثَكُمْ
قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔ اور تم کو ان کی زمین کا
اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ
اور انکے گھروں کا اور انکے مالوں کا وارث کر دیا اور ایسی زمین کا جس پر تم نے کبھی قدم نہیں رکھا
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ ع ١٤
اور اللہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی تم اپنی ازواج
قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
سے کہدو کہ اگر تم زندگانی دنیا اور اسکی زینت کی
وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا
خواستگار ہو تو آؤ میں تمکو کچھ دیکر بھلا دوں اور پھر تمہیں خوبی سے
جَمِيْلًا ۝ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
رخصت کر دوں۔ اور اگر تم اللہ اور اسکے رسول کی اور آخرت کے گھر کی خواستگار ہو
وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ
تو اللہ نے تم میں سے جو نیک ہونگی اُن کے لیے بہت بڑا
مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ
اجر مہیا کر رکھا ہے۔ اے پیغمبر کی بیبیو! جو
يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ
تم میں سے کوئی کھلی بدی کریگی تو اُس کو عذاب
لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ
بھی دُہرا دیا جائیگا۔ اور اللہ پر یہ بات
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝
آسان ہے۔

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ
اور تم میں سے جو اللہ اور اسکے رسول کی فرمانبرداری کریگی اور نیک عمل
صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا
کریگی تو ہم اسکو اسکا اجر بھی دوہرا دینگے اور ہم نے اسکے لیے اچھی روزی
رِزْقًا كَرِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ
بھی تیار کر رکھی ہے اے نبی کی عورتو! اگر تم پرہیزگاری کرو تو اور عورتوں کے
النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ
مانند نہیں ہو پس دبی زبان سے باتیں نہ کیا کرو کہ وہ شخص جسکے دل میں
الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَ
روگ ہے کسی طرح کا لالچ کرے اور نیک (یعنی ٹھیک سیدھی پتی) باتیں کیا کرو۔ اور
قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ
اپنے گھروں میں (عزت و وقار سے) بھی رہو اور قدیم جاہلیت کا سا بناؤ سنگار کرکے باہر نہ نکلا کرو
الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ
اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (برابر) اللہ
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ
اور اسکے رسول کی اطاعت کرتی رہو۔ اے اہلبیت سوائے اسکے نہیں ہے کہ خدا یہ چاہتا ہے کہ تم سے
اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى
ہر قسم کی برائی کو دور کردے اور تمکو ایسا پاک کر دے جیسا کہ پاک کرنیکا حق ہے۔ اور تمہارے گھروں میں خدا کی
فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا
آیتیں اور حکمت کی باتیں جو پڑھی جاتی ہیں انہیں یاد رکھو بیشک خدا تعالیٰ بڑا باریک بین
خَبِيْرًا ۝ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ
اور خبردار ہے۔ یقیناً فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور ایمان والے مرد

ع ۴

كَثِيرًا ۝ وَّسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ۝ هُوَ الَّذِي
کیا کرو اور اُسکی پاکی صبح و شام بیان کیا کرو۔ وہ وہی ہے جو خود
يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اور اُس کے فرشتے تم پر صلوات بھیجتے ہیں تاکہ وہ تم کو کفر و نفاق کی اندھیریوں سے
إِلَى النُّوْرِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ
(ایمان کی) روشنی کی طرف نکالے اور وہ مومنوں پر بہت ہی رحم کرنیوالا ہے۔ جس دن یہ لوگ خدا
يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيْمًا ۝
سے ملینگے سلام کہی اُنکے درجہ کی مبارکباد ہوگا اور خدا نے اُنکے لئے بہشت بھی اچھا تیار کر رکھا ہے۔
يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝
اے نبی ہمنے تمکو گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانیوالا
وَّدَاعِيًا إِلَى اللّٰهِ بِإِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝ وَبَشِّرِ
اور اللہ کے حکم سے اُسکی طرف بلانیوالا اور روشنی پہنچانیوالا چراغ بنا کر بھیجا ہے۔ اور مومنین و
الْمُؤْمِنِيْنَ بِأَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝ وَلَا
یہ خوشخبری پہنچا دو کہ اللہ کی طرف سے اُنپر بہت بڑا فضل ہے۔ اور
تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ أَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ
کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانو اور اُنکو ایذا دینا چھوڑ دو اور اللہ پر
عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا إِذَا
بھروسہ کرو اور کارسازی کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جبکہ تم
نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوْهُنَّ
ایمان والی عورتوں سے نکاح کیا پھر قبل اسکے کہ تم اُن سے مباشرت کرو اُنہیں طلاق دیدی
فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَ
تو اُنکے ذمے تمہاری کی خاطر کوئی عدہ نہیں جسکے وہ پورا کریں۔ پس تم اُنکو کچھ فائدہ پہنچا دو اور

سَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا
اُنکو نہایت خوبی سے رخصت کر دو۔ اے نبی بیشک ہمنے تمہارے لیے
لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ
وہ بیبیاں جن کے تم مہر دے چکے ہو اور وہ لونڈیاں جو خدا تمہارے کے بطور
يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَ
مال غنیمت تمکو عطا فرمائی ہیں اور جنکے تم مالک ہو گئے ہو اور تمہارے چچا کی بیٹیاں اور
بَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ
تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تمہارے ماموؤں کی بیٹیاں اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں جو
هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ
تمہارے ساتھ ہجرت کر کے آئی ہیں اور ہر مومن عورت اگر وہ اپنے آپ کو نبی کے
نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً
حوالے کر دے بشرطیکہ نبی کا بھی ارادہ ہو کہ اس سے نکاح کرے خاص تمہارے لیے حلال کر دی گئی
لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا
یہ حکم خالص تمہارے لیے ہے دوسرے مومنوں کے لیے نہیں۔ ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ ہمنے انپر فرض کیا
عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا
ازواج کے اور انکی لونڈیوں کے بارے میں لازم کیا ہے تاکہ تمہارے لیے کوئی
يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝
تنگی نہ ہو اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔
تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَ
انمیں سے جسکو چاہو الگ کر دو اور جسکو چاہو اپنے پاس رکھو اور جس کو تم الگ کر چکے ہو انمیں سے جسکو چاہو طلب
مَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ
کر لو تو تمہارے ذمے کوئی الزام نہیں ہے یہ خصوصیت اس سے قریب تر ہے کہ ان

ع ۱۱

أَدْنَىٰ أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا
سب کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ رنجیدہ نہ رہیں اور جو کچھ تم انکو دیدو اسپر اُن سب

آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ
وہ سب کی سب خوش ہیں اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اُسے اللہ جانتا ہے اور اللہ بڑا

عَلِيمًا حَلِيمًا ۝ لَّا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِن بَعْدُ وَلَا
جاننے والا (اور) بردبار ہے۔ اِس کے بعد نہ تمہارے لیے اور عورتیں حلال ہیں اور نہ

أَن تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ
یہ بات کہ تم موجودہ ازواج کے بدلے اور ازواج کرلو گو تمکو اُنکا حسن کتنا ہی اچھا معلوم ہو

إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
سوائے اُنکے جنکے تم مالک ہو جاؤ (یعنی لونڈیاں) اور اللہ ہر چیز کا نگران

رَّقِيبًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ
ہے۔ اے ایمان لانیوالو! نبی کے گھروں میں نہ جاؤ

إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ
سوائے اِسکے کہ تم کو کھانے کے لیے اجازت دیجائے سوایسے وقت نہ جاؤ کہ کھانا تیار ہونے کا انتظار ہو

وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا
بلکہ جب تم کو بلایا جائے تو عین وقت پر جاؤ اور جیسے ہی کھانا کھا چکو فوراً متفرق ہو جاؤ

وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي
اور باتوں میں نہ لگو۔ یہ بات نبی کو تکلیف دیتی ہے

النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ ۖ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ۚ وَإِذَا
پس وہ (تمہیں اپنے گھر سے نکالنے میں) شرم کرتے ہیں۔ اور اللہ حق بات (بیان کرنے) میں نہیں شرماتا

سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ۚ ذَٰلِكُمْ
جب تم ازواج نبی سے کوئی چیز مانگو تو اُن سے پس پردہ سے مانگا کرو یہ بات

ع ۲۴ ۶

أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا
دلوں کیلئے بڑی پاک کرنیوالی (ہے) اور تمہارے دلوں کو بھی اور تمہارے لیے یہ جائز نہیں کہ تم رسول اللہ
رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَنْ تَنْكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ
کو ایذا دو اور نہ یہ کہ تم انکی ازواج سے آن کے بعد کبھی بھی نکاح کرو۔
إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللَّهِ عَظِيمًا ۝ إِنْ تُبْدُوا شَيْئًا
بیشک یہ بات اللہ کے نزدیک بڑی (برائی) ہے۔ اگر تم کسی بات کو ظاہر کرو
أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ لَا جُنَاحَ
یا چھپاؤ تو اللہ تو ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے۔ اُن (عورتوں) پر نہ (اپنے
عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ
باپوں کے سامنے ہونے میں کوئی حرج ہے اور نہ اپنے بیٹوں کے اور نہ اپنے بھائیوں کے
وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ
اور نہ اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی بیٹیوں کے
اور نہ اپنی لونڈیوں کے۔ اور انکو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں۔ بیشک اللہ
وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ۝ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ
ہر چیز کا دیکھنے والا ہے۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی (یعنی محمد)
عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا
پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ اے ایمان لانیوالو تم بھی اُن پر درود بھیجو اور (اچھی طرح) سلام بھیجتے رہو
تَسْلِيمًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ
ایسا سلام کہ جسمیں کسی نقص کا احتمال نہ ہو۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اسکے رسول کو ایذا دیتے ہیں
اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُهِينًا ۝
اللہ نے اُن پر دنیا اور آخرت میں لعنت فرمائی ہے اور اُنکے لیے رسوا کرنیوالا عذاب تیار کیا ہے۔

الجزء ۲۲

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ

اور جو لوگ ایذا دیتے ہیں مردوں اور ایذا دیتے ہیں عورتوں کو بلا تقصیر ایذا پہنچانے میں وہ

مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝

بہتان اور صریح گناہ کا وبال اپنے ذمے لیتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ

اے نبی! تم اپنی ازواج سے اور اپنی بیٹیوں سے اور اہل ایمان کی

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۝

عورتوں سے یہ کہدو کہ وہ اپنی چادروں سے گھونگٹ نکال لیا کریں۔ اس سے

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۝ وَكَانَ اللّٰهُ

قریب (عقل) ہے کہ وہ پہچانی جائیں اور ستائی نہ جائیں اور اللہ بڑا بخشنے والا

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ

(اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اگر منافق اور وہ لوگ جنکے دلوں میں روبہ ہے

وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي

اور وہ جو میں جھوٹی خبریں اڑانیوالے باز نہ

الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ

آئے تو ہم ضرور تم کو انکے درپے کر دینگے پھر وہ اس شہر میں تمہارے پڑوس میں

فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا

نہ رہینگے مگر بہت ہی کم اور ہر طرف سے انپر لعنت ہوئی رہیگی۔ وہ جہاں کہیں پائے جائینگے پکڑے جائینگے اور

وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ۝ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ

بیدریغ مار ڈالے جائینگے یہ اللہ کا قاعدہ ہے جو پہلے گزر چکا ہے اور تم

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۝ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ

اللہ کے قاعدہ میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ لوگ تم سے قیامت کا حال

ع ۴

ع ۵

ع ۶

ع ۷

السَّاعَةِ ۚ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللَّهِ ۚ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ

پوچھتے ہیں تم کہدو کہ اسکا علم اللہ کے پاس ہے اور تمکو کیا خبر ہے شاید

السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا ۝ إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ

قیامت نزدیک ہی ہو۔ بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے اور انکے

لَهُمْ سَعِيرًا ۝ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَا يَجِدُونَ وَلِيًّا

لئے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے نہ کوئی حمایتی پائینگے اور

وَلَا نَصِيرًا ۝ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ

نہ کوئی مددگار۔ جس دن انکے منہ جہنم میں اوندھا دیئے جائینگے وہ یہ کہتے ہونگے کہ

يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا ۝ وَقَالُوا رَبَّنَا

کاش ہم اللہ کی اطاعت کرتے اور کاش ہم رسول کی اطاعت کرتے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اسکے بعد کہیں

إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا ۝

بیشک ہم نے اپنے سرداروں کی اور اپنے بڑوں کی اطاعت کی تھی پس انہوں نے ہمکو راہ راست سے بھٹکا دیا۔

رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا

اے ہمارے پروردگار! اس عذاب کا دوہرا حصہ دے اور ان پر لعنت (بھی) بڑی سی لعنت

كَبِيرًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا ع ۱۰

کر۔ اے ایمان لانیوالو! تم ان لوگوں کے مانند نہ ہونا جنہوں نے موسےٰ کو ایذا

مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا ۝

دی تھی پھر جو کچھ وہ لوگ کہا کرتے تھے اللہ نے موسےٰ کو اس سے بری کیا اور موسےٰ اللہ کے نزدیک وجاہت والے تھے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ۝

اے ایمان لانیوالو! اللہ سے ڈرو اور ٹھیک (ٹھیک) بات کیا کرو

يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ

وہ تمہاری خاطر سے تمہارے کاموں کو سنوار دیگا اور تمہارے گناہوں کو بخشدے اور جو اللہ اور اس کے

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ

رسول کی اطاعت کرے گا اسی نے تو بڑی کامیابی حاصل کی۔ بیشک ہمنے اس امانت کو آسمانوں

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا

کے اور زمین کے اور پہاڑوں کے سامنے پیش کیا تو ان سب نے اس کے اٹھانے سے انکار کر دیا

وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا

اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا۔ یقیناً وہی (انسان) اپنے حق میں بڑا ظالم

جَهُوْلًا ۝ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

(اور) نادان تھا۔ تاکہ اللہ منافق مردوں کو اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں کو اور مشرک

وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ

عورتوں کو عذاب دے اور ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کی توبہ قبول کرے

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ ع ۹

اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔

سورۃ السبا مکیۃ وھی اربع وخمسون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

(شروع) اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) رحمٰن (و) رحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

ہر قسم کی تعریف اسی اللہ کے لیے زیبا ہے جس کی ملکیت آسمانوں میں جو کچھ ہے وہ (سبھی) اور

الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

زمین میں جو کچھ ہے وہ (بھی) اور ہر قسم کی تعریف آخرت میں بھی اسی کی (اور وہی حکمت والا (اور)

الْخَبِيْرُ ۝ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

صاحب خبر ہے۔ جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے اسے بھی وہ جانتا ہے اور جو چیز اس کو نکلتی ہے اسے بھی

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ الرَّحِيْمُ
اور جو آسمان سے اترتی ہے اسے بھی اور جو آسمان پر چڑھتی ہے اسے بھی اور وہ بڑا رحم کرنیوالا (اور)
الْغَفُوْرُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ
بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے انہوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے پاس قیامت (ہی) نہ آئیگی
قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ
تم کہدو ہاں میرے پروردگار کی قسم جو غیب کا جاننے والا ہے اور جس سے کوئی ذرہ برابر چیز آسمانوں
مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ
کی پوشیدہ ہے اور نہ زمین کی اور نہ اس سے چھوٹی چیز یا پوشیدہ ہے اور نہ بڑی مگر یہ کہ
مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ
کھلی کتاب میں سب لکھا مذکور ہے قیامت تمہارے پاس ضرور آئیگی تاکہ خدا ایمان لانے والوں
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ
کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے جزا دے۔ گناہوں کی بخشش اور بہتر روزی
رِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ
انہی کے لیے ہے۔ اور جنہوں نے ہم کو ہرانے کیلئے ہماری آیتوں کی باطل کرنے میں کوشش کی
اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ وَيَرَى
روکنے والی تکلیفوں کا عذاب انہی کے لیے ہے۔ اور وہ لوگ جنکو
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ
علم دیا گیا ہے یہ دیکھ لینگے کہ جو کچھ تمہارے رب کے پاس سے تمہاری طرف نازل کیا گیا
رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ
ہے وہی حق ہے اور وہی زبردست (اور) قابل تعریف (خدا کے راستہ کی طرف ہدایت
الْحَمِيْدِ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ
کرتا ہے۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے انہوں نے یہ کہا کہ کیا ہم تمہیں ایسا شخص بتائیں جو تمہیں

ع ۵

لہ کا یعزب عنہ مثقال ذرۃ ..... فی کتب قیمۃ میں جناب امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جب بندہ

يُنَبِّئُكُمْ إِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ إِنَّكُمْ لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝
یہ خبر دے کہ جب تم بالکل ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر تم از سر نو پیدا کیے جاؤ گے۔

أَفْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَمْ بِهِ جِنَّةٌ ۗ بَلِ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ
کیا اس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے یا اسے جنون ہے؟ (یہ نہیں) بلکہ جو لوگ آخرت پر ایمان

بِالْآخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلَالِ الْبَعِيدِ ۝ أَفَلَمْ يَرَوْا
نہیں رکھتے وہ عذاب میں اور بڑی گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے اپنے

إِلَىٰ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُم مِّنَ السَّمَاءِ وَ
آگے اور پیچھے اور آسمان و زمین کے متعلقات پر نظر نہیں ڈالی

الْأَرْضِ ۚ إِن نَّشَأْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ نُسْقِطْ
اگر ہم چاہتے تو ہم ان سمیت زمین کو دھنسا دیتے یا آسمان کا

عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَاءِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّكُلِّ
ایک ٹکڑا گرا دیتے۔ بیشک ہر رجوع کرنے والے بندے کے لیے اس میں

عَبْدٍ مُّنِيبٍ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ مِنَّا فَضْلًا ۖ
نشانی موجود ہے۔ اور ضرور ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بڑی عطائی (رتبے) سے نوازا

يَا جِبَالُ أَوِّبِي مَعَهُ وَالطَّيْرَ ۖ وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيدَ ۝
کہ پہاڑو! اس کے ساتھ تسبیح میں رجوع کرو (یعنی اس کی تسبیح کرو) اور پرندوں کو (حکم دیا) اور ہم نے لوہے کو اس کے لیے نرم کر دیا

أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوا
(اور یہ حکم دیا کہ) پوری پوری زرہیں بناؤ اور ان کے جوڑنے میں ٹھیک اندازہ کا خیال رکھو اور (اے لوگو)

صَالِحًا ۖ إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَلِسُلَيْمَانَ
کرتے رہو بیشک جو عمل تم کرتے ہو میں اس کا دیکھنے والا ہوں۔ اور سلیمان کے لیے

الرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۖ وَأَسَلْنَا
ہم نے ہوا کو مسخر کر دیا تھا کہ اس کی صبح کی سیر ایک مہینہ کی راہ تک ہوتی تھی اور شام کی سیر بھی ایک مہینہ کی راہ تک اور (اس کی

سورۃ ۵ نزل

ع ۱۴

اور سلیمان علیہ السلام کو جو معجزات ملے وہ انبیائے سابقین میں سے کسی کو نہیں ملے۔ پرندوں کی بولی انکو سکھائی گئی تھی۔ لوہا اور

لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ
خلاصہ پیتل بنانے کا چشمہ جاری کر دیا تھا۔ اور جنوں میں سے ایسے بھی تھے جو بحکم خدا اسے آگے حضور میں کام

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ
الہام دیتے تھے اور ان میں سے جو ہمارے حکم سے انحراف کرتا تھا اسکو ہم بھڑکتی آگ

عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ
کے عذاب کا مزہ چکھاتے تھے وہ (سلیمان) جو چاہتے یہ عمارات اُن کے لیے بناتے رہتے تھے

وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ
(جیسے) بڑی بڑی حوضیوں کی عمارتیں اور مورتیں اور بڑے بڑے حوض جیسے لگن اور ایک ہی جگہ پر جمی ہوئی (بڑی بڑی)

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ
اے آل داؤد ہمارا شکر بجالاؤ حالانکہ میرے بندوں میں سے شکر گزار بہت ہی

الشَّكُوْرُ ۝ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ
کم ہیں۔ پھر جب سلیمان پر موت کا حکم جاری کر دیا تو اُن (کے ماتحتوں) کو

عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ
اُن کی موت کی خبر سوائے دیمک کے جو اُنکا عصا کھا گئی اور کسی نے نہیں دی۔

فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ
پھر جب وہ گرے تب جنات کو معلوم ہوا کہ اگر ہم غیب جانتے ہوتے تو کبھی اس ذلیل کر دینے والے

مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ
عذاب میں گرفتار نہ رہتے۔ سبا والوں کے لیے اُنکے اپنے گھروں

فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ؕ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ؕ كُلُوْا
میں (بڑی نشانی موجود تھی۔ دائیں اور بائیں دو باغ تھے (اور اُن کو کہدیا تھا

مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ
کہ) اپنے پروردگار کی دی ہوئی روزی کھاؤ اور اُسکا شکر بجالاؤ یہ (رہنے کو) ایسا پاکیزہ شہر ہے اور

ع ۱۰

غَفُوْرٌ ۝ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ
درگزر کرنے والا پروردگار۔ پھر (بھی) انہوں نے (نافرمانی کی تو) ہم نے ان پر زور کا سیلاب بھیجدیا
وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ
اور انکے ان دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے بدل دیا جن کے پھل کڑوے تھے اور جھاؤ
وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ۝ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا
تھا اور کچھ تھوڑی بہت بیری۔ انکے کفران نعمت کے بدلے میں ہم نے ان کو یہ بدلا دیا تھا
وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ۝ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ
اور کفران نعمت کرنیوالوں کو سوا ایسی سزا کے کسی اور کو تھوڑا ہی دیتے ہیں اور ان میں اور ان بستیوں کے بیچ
الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا
جن کو ہم نے برکت دی تھی بہت سی بستیاں ایسی رکھی تھیں جو ایک دوسری دکھائی دیتی تھیں اور ان کو ہم نے
السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ۝ فَقَالُوْا
مقرر کر دیا تھا اور یہ حکم دیدیا تھا کہ ان میں راتوں کو اور دن میں بے کھٹکے چلو (پھرو) پھر انہوں نے (غرور سے)
رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ
کہا اے ہمارے پروردگار ہماری منزلوں کو دور کر دے اس طرح انہوں نے اپنی ہی اوپر ظلم کیا۔ پس ہم نے انکو
اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
افسانہ بنا دیا اور بکھے ان کو پورا پورا تتر بتر کر دیا بیشک اس واقعے میں ہر بڑے
لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ
صبر و شکر کرنیوالے کے لئے نشانیاں موجود ہیں۔ اور بیشک ابلیس نے انکے بارے میں اپنی
اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
رائے کو سچ کر دکھایا کہ سوائے مومنوں کے ایک گروہ کے سب ہی اس کے پیرو ہو گئے۔
وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ
اور اسکا ان پر کوئی قابو تو تھا نہیں مگر اس لئے کہ ہم انکو جو آخرت پر ایمان رکھتے کیا

يُؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ
اُن سے جو اُس کی طرف سے شک میں ہیں الک بہچان ہیں۔ اور تمہارا پروردگار
عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ ع ۲۱
ہر چیز کا نگراں ہے۔ تم کہدو کہ تم انکو بلا لو جنکا تم کو خدا کے سوا
دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ
گمنہ ہے۔ حالانکہ وہ آسمانوں میں کسی ذرہ بھر (چیز) کے مالک ہیں
وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ
اور نہ زمین میں اور نہ اُن (آسمان وزمین) کے بنانے میں اُنکا کوئی ساجھا ہے اور نہ اُن میں سے
مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ۝ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا
کوئی خدا کا مددگار ہے۔ اور اُسکے حضور میں کوئی سفارش نفع نہ دیگی سوائے اُس شخص
لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ۭ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا
کی سفارش (کی جسکے لیے وہ حکم دیدے یہانتک کہ جب اُن کے دلوں سے پریشانی دور ہوچکی تو اُنمیں (فرشتے) کہا
مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ
کہ پروردگار نے کیا فرمایا؟ اُنھوں نے کہا کہ حق فرمایا۔ اور وہی تو بلند مرتبہ اور
الْكَبِيْرُ ۝ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
بزرگ ہے۔ دریافت کرو کہ تم کو آسمانوں سے اور زمین سے روزی دیتا کون ہے؟
قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰي هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ
تم کہدو کہ اللہ۔ اب ہدایت پر (یعنی) ہم ہیں یا تم؟
مُّبِيْنٍ ۝ قُلْ لَّا تُسْـَٔـلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔـلُ
تم یہ کہدو کہ جو گناہ ہم نے کیے ہیں اُنکے متعلق تم سے کوئی باز پرس نہ ہوگی اور جو کچھ تم
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ
کرتے ہو اُسکی باز پرس ہم سے نہ کی جائیگی۔ تم یہ کہدو کہ ہمارا پروردگار ہم سب کو جمع کریگا پھر ہمارے (بین

بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۚ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ أَرُونِيَ
فیصلہ کرے گا۔ اور وہ بڑا فیصلہ کرنیوالا (اور) علم والا ہے۔ تم یہ کہدو کہ تم مجھے اگر دکھاؤ
الَّذِينَ أَلْحَقْتُم بِهِ شُرَكَاءَ كَلَّا ۖ بَلْ هُوَ اللَّهُ الْعَزِيزُ
جنکو تم شریک بنا کر اس کے ساتھ ملا دیا ہے ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ وہی زبردست (اور) حکمت
الْحَكِيمُ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ
والا خدا ہے۔ اور ہم نے تم کو لوگ آدمیوں کے لیے خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا (بنا کر)
بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝
بھیجا ہے لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔
وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝
اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ بتاؤ کہ یہ وعدہ کب آئیگا؟
قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً
تم یہ کہدو کہ تمہارے لیے وعدے کا ایک دن مقرر ہے جس سے تم ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکو گے
وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ۝ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن
اور نہ آگے بڑھ سکو گے۔ اور جو لوگ کافر ہوگئے انہوں نے یہ کہدیا کہ ہم نہیں
نُّؤْمِنَ بِهَٰذَا الْقُرْآنِ وَلَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ
اس قرآن پر ایمان لائینگے اور نہ اُن کتابوں پر جو اس سے پہلے تھیں
وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ عِندَ رَبِّهِمْ
اور کاش تم دیکھتے کہ جس وقت یہ ظالم تمہارے پروردگار کی حضور میں کھڑے کیے جائینگے
يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ الْقَوْلَ ۖ يَقُولُ الَّذِينَ
ایک دوسرے پر طعن کرتا ہوگا اُس وقت کمزور اُن لوگوں سے جو بڑے بنتے تھے
اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلَا أَنتُمْ لَكُنَّا
یہ کہینگے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور مومن

ع ۴

مُؤْمِنِينَ ○ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا
ہو جائے۔ وہ لوگ جو بڑے بنتے تھے اُن لوگوں سے جو کمزور سمجھے جاتے تھے بعد اسکے کہ
أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدَىٰ بَعْدَ إِذْ جَاءَكُمْ بَلْ
ہدایت تمہارے پاس آچکی تھی کیا ہم نے تمکو اُس سے روکا تھا (یہ تو نہیں ہے) بلکہ تم خود
كُنتُم مُّجْرِمِينَ ○ وَقَالَ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا
(ہی) مجرم تھے اور کمزور لوگ اُن سے جو بڑے بنتے تھے کہنے لگے
لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ تَأْمُرُونَنَا
تمہاری رات دن کی چالوں نے ہمکو روکا کہ ہم برابر ہمکو یہ حکم دیتے رہتے
أَن نَّكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَندَادًا ۚ وَأَسَرُّوا
کہ ہم اللہ کا انکار کریں اور اُسکا شریک قرار دیں غرض جس وقت وہ
النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ وَجَعَلْنَا الْأَغْلَالَ
عذاب کو دیکھینگے تو ندامت کا اظہار کرینگے اور ہم اُن لوگوں کی گردنوں میں
فِي أَعْنَاقِ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا
جو کفر کرتے رہے طوق ڈالدینگے آیا انکو سوائے اُسکے جو عمل وہ کیا کرتے
كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِّن
تھے کچھ اور بدلا دیا جائیگا؟ اور جس بستی میں ہمنے کوئی
نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم
ڈرانیوالا بھیجا اُس کے مالداروں نے یہ ضرور کہدیا کہ جو کچھ تم دیکر بھیجے گئے ہم اُسکے
بِهِ كَافِرُونَ ○ وَقَالُوا نَحْنُ أَكْثَرُ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا
قطعی منکر ہیں۔ اور اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم مال میں اور اولاد میں بہت ہی بڑھ ہوئے ہیں
وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ○ قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ الرِّزْقَ
اور ہمکو عذاب نہیں دیا جائیگا۔ تم کہدو کہ بیشک میرا پروردگار جسکے لیے چاہتا ہے روزی

لہ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ وغیرہ فتح میں ہے مسلم نے ذرا یا کہ جب وہ دوزخ کو دیکھینگے تو جہنم میں اپنی

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝
کو فراخ کر دیتا ہے اور جسکے لیے چاہتا ہے کہ کر دیتا ہے لیکن بہت سے لوگ (اسکی مصلحت) نہیں جانتے۔

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا
اور تمہارے مال اور تمہاری اولادیں ایسی چیز نہیں ہیں کہ وہ ہماری حضور میں تمہارا درجہ قریب کر دیں

زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۪ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ
ہاں جو شخص ایمان لائے اور نیک عمل کرے تو ایسے ہی لوگ ہیں (جن کو) (بھی)

الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ۝
دوگنا ہے اسکا بدلہ جو انہوں نے کیا (اچھا) ہو اور وہی بالاخانوں میں امن سے رہینگے۔

وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي
اور جو لوگ (لوگوں) ہمارے دینے کے خیال سے ہماری نشانیوں کے بارے میں کوشش کرتے رہتے ہیں وہی لوگ

الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ
برابر عذاب میں حاضر کئے جائینگے۔ تم کہدو کہ میرا پروردگار اپنے بندوں میں سے جسکے لیے چاہتا ہے

لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ
(اپنے وقت) روزی کو فراخ کر دیتا ہے اور (اپنے وقت) اسی کے لیے تنگ کر دیتا ہے اور جو چیز بھی تم اسکی راہ میں خرچ

مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ وَ
کرتے ہو اسکا عوض وہ دیگا اور وہ سب سے اچھا رزق دینے والا ہے اور

يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ
جس دن وہ ان سب کو جمع فرمائیگا پھر فرشتوں سے یہ ارشاد کریگا کہ کیا یہی لوگ

اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا
تمہاری عبادت کیا کرتے تھے؟ (فرشتے) عرض کرینگے کہ تیری ذات منزہ ہے (ہماری) علقہ تو

مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ
کچھ یہ تو ہمیں نہیں۔ (ان سے کیا واسطہ یہ تو جنات کی عبادت کیا کرتے تھے اور ان میں سے اکثر

بِهِمْ مُؤْمِنُوْنَ ○ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ
اچھی پر ایمان رکھتے تھے۔ سو آج کے دن تم میں سے ایک دوسرے کے نہ نفع کا اختیار
نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا
رکھتا اور نہ ضرر کا۔ اور جو لوگ ظالم ہوگئے ہیں اُن سے ہم یہ کہیں گے کہ اس آتش دوزخ
عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ○ وَاِذَا تُتْلٰى
کے عذاب کا مزہ چکھو جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور جس وقت اُن کو
عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ
ہماری کھلی آیتیں پڑھکر سنائی جاتی ہیں تو وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ شخص فقط اتنا چاہتا ہے کہ جن چیزوں
اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ
کی تمہارے باپ دادا پرستش کیا کرتے تھے اُن سے تمکو باز رکھے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ محض جھوٹی
اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ
باتیں ہیں۔ اور اُن لوگوں نے جو کافر ہوگئے ہیں حق کی نسبت جبکہ وہ اُنکے پاس آیا
اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ
کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اُنکو ہم نے کتابیں تو دی نہیں تھیں
يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ
جنکو وہ پڑھتے ہوں اور نہ ہم نے تم سے پہلے اُنکے پاس کوئی ڈرانیوالا بھیجا
نَّذِيْرٍ ○ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا
تھا۔ اور اُن سے پہلے جو لوگ تھے اُنہوں نے بھی جھٹلایا تھا حالانکہ جو ہم نے اُنکو
مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۡ فَكَيْفَ كَانَ
دیا تھا اُسکے دسویں حصہ کو بھی نہیں پہنچے ہیں۔ غرض انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا تھا پس میری ناخوشی کا جو کیا
نَكِيْرِ ○ قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ
ہوا؟ تم یہ کہدو سوائے اسکے نہیں کہتا میں تو ایک ہی بات کی تمکو نصیحت کرتا ہوں کہ تم دو دو ایک ایک کر

الجزء ۲۲ ۱۵ ع ۱۱

مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ
خدا کے واسطے کے ایک ایک ہو جاؤ پھر غور کرو کہ تمہارے اس رفیق (پیغمبر) کو جنون تو نہیں ہے۔

اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ۝
یہ تو سخت عذاب کے آنے سے پہلے پہلے تمہارے لیے صرف ایک ڈرانیوالا ہے۔

قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا
کہہ دو کہ جو اجرت میں نے مانگی ہے (اگر مانگی ہو) تمہارے ہی لیے ہے۔ میری مزدوری تو صرف خدا

عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ
کے ذمے ہے اور وہ ہر چیز کا گواہ ہے۔ تم یہ کہہ دو کہ میرا پروردگار

يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا
سب کا جاننے والا حق کو دل میں ڈالتا ہے۔ تم کہہ دو کہ حق آگیا اور باطل

يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ۝ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَا
ظاہر نہیں ہو سکتا اور نہ وہ پلٹ سکتا ہے۔ تم کہہ دو کہ اگر میں گمراہ ہو گیا ہوں تو میں اپنی ہی ذات

اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ
کو ضرر پہنچانے کے لیے گمراہ ہوں گا اور اگر میں راہ پر ہوں تو اُس کی وحی سے جو میرا پروردگار مجھ پر بھیجتا

رَبِّيْ ۚ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا
ہے بیشک وہ (سب کچھ) سننے والا (اور) قریب ہے۔ اور کاش کہ تم (اُنکو دیکھتے) جبکہ (دیکھ کر) گھبرا جائیں

فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۝ وَّقَالُوْٓا
پھر بھاگ کر کوئی بچا نہ سکے گا بلکہ نزدیک ہی سے پکڑ لیے جائینگے اور یہ کہنے لگیں گے کہ ہم اس

اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ۝
(قائم آل محمد) پر ایمان لائے۔ اور اتنے دور سے اُن کو ایمان (دستیاب) کیونکر ہو سکتا ہے؟

وَقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ
حالانکہ وہ پہلے سے اسی (قائم آل محمد) کا انکار کرتے اور دور سے بیٹھے غیبت کے بارے میں اٹکل پچو

مَكَانٍۢ بَعِيدٍ ۝ وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ كَمَا

باتیں بنایا کرتے تھے اور اُنکے درمیان اور جن جن چیزوں کی اُنکو خواہش ہوگی اُنکے درمیان آڑ کر دی جائیگی

فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِمْ مِّن قَبْلُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا فِي شَكٍّ مُّرِيبٍ ۝

جیسا کہ اُنکے پہلے گروہوں کیساتھ کیا گیا وہ بیشک وہ سب کے سب پریشان کرنیوالے شک میں تھے

ع ۶ ۱۲

سُورَةُ فَاطِرٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَأَرْبَعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الْحَمْدُ لِلَّهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ

ہر قسم کی تعریف اللہ کے لیے (زیبا) ہے جو آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنیوالا ہے اور فرشتوں کو رسول

الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا أُولِي أَجْنِحَةٍ مَّثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ ۚ

بنا کر بھیجنے والا ہے جو دو دو اور تین تین والے بھی ہیں اور چار چار والے بھی

يَزِيدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

(اور) وہ جو چاہتا ہے خلقت میں زیادہ کر دیتا ہے بیشک اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے

مَّا يَفْتَحِ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِن رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۖ وَمَا

جو رحمت خدا لوگوں کے لیے کھولدیتا ہے اُسکا کوئی روکنیوالا نہیں ہے۔ اور جو کچھ وہ

يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهُ مِن بَعْدِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ

روک لیتا ہے پھر اُس کے بعد اُسکا کوئی بھیجنے والا نہیں ہے۔ اور وہ زبردست (اور)

الْحَكِيمُ ۝ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ ۚ

حکمت والا ہے۔ اے لوگو! تم پر خدا نے جو نعمتیں کی ہیں اُنکو یاد کرتے رہو

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللَّهِ يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۚ

کیا اللہ کے سوا کوئی اور پیدا کرنیوالا بھی ہے جو آسمان و زمین سے تم کو روزی دیتا ہے؟

بیان پانی آسمانوں کے متعلق ہوا اور اب کی حدیث میں جو کہ بیان ہوا قادہ اشارہ فرشتوں کے متعلق تھا کہ وہ خلقت میں دو دو تین تین ہیں ۱۲ منہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ
سوائے اسکے کوئی معبود نہیں ہے پھر تم کدھر پھیرے جاتے ہو؟ اور اگر یہ لوگ تمکو جھٹلائیں تو تم سے پہلے
فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ
بہت سے رسولوں کی تکذیب کی گئی ہے۔ اور کل معاملات کی بازگشت خدا ہی
الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا
کی طرف ہو گی۔ اے لوگو! بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے پس زندگانی دنیا
تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ
تم کو فریب نہ دے اور کوئی بڑا دغاباز اللہ کے بارے میں تم کو دغا
الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ
نہ دے۔ شیطان تمہارا یقینی دشمن ہے پس تم بھی اس کو دشمن
عَدُوًّا ۭ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ
سمجھو۔ وہ اپنے گروہ کو محض اسی لیے بلا رہا ہے کہ وہ بھی
السَّعِيْرِ ۝ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ
ہو جائیں۔ جو لوگ کافر ہو گئے ان کے لیے سخت عذاب ہے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ
اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے گناہوں کی بخشش
وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ
اور بہت بڑا اجر ہے۔ کیا وہ شخص جسکی نظر میں اسکی بدکرداری کو زینت دیدی گئی ہو پھر اسکو اچھا
حَسَنًا ۭ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ
بھی سمجھا ہے (کیا) اسکے مانند ہو سکتا ہے جو ایسا نہیں ہوا پس اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت بخشتا ہے
يَّشَاۗءُ ۠ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ
اور جس کو چاہتا ہے راہ سجھا دیتا ہے پس آپ ان کے بارے میں افسوس کرتے کرتے کہیں تمہاری جان نہ نکل جائے

ع ۳

اور قہر کے بارے میں نازل ہوئی۔ (زینت و قہر کی تفصیل کے لیے دیکھو صفحہ ۲۲۵ نوٹ نمبر ۱)

إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ۝ وَاللَّهُ الَّذِي
یقیناً اللہ کو ہے وہ کرتے ہیں اللہ اس سے (بڑا) پورا آگاہ ہے۔ اور اللہ وہی ہے جو
أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَسُقْنَاهُ إِلَىٰ بَلَدٍ
ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ بادل کو اٹھا لاتی ہیں پھر ہم اس بادل کو مردہ شہر کی طرف ہنکا دیتے
مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ كَذَٰلِكَ
ہیں پھر ہم اس (بادل) کے ذریعے سے زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کر دیتے ہیں۔ ایسا ہی (قیامت
النُّشُورُ ۝ مَن كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا ۚ
میں جی اٹھنا ہوگا۔ جو شخص عزت کا خواہشمند ہو تو پوری عزت خدا ہی کے لیے ہے۔
إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۚ
اسی کی طرف پاکیزہ کلمات چڑھ کر جاتے ہیں اور وہی نیک عمل کو بلند کرتا ہے۔
وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ
اور جو برائیوں کے درپے رہتے ہیں انہی کے لیے سخت عذاب ہے
وَمَكْرُ أُولَٰئِكَ هُوَ يَبُورُ ۝ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن
اور انہی کی چال آخر بیکار ہو جائے گی۔ اور اللہ نے تم کو مٹی سے
تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا
پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تم کو جوڑا جوڑا بنا دیا اور کوئی
تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ
مادہ حاملہ نہیں ہوتی اور کوئی بچہ نہیں جنتی مگر یہ خدا کو علم ہے۔ اور کسی بوڑھے کو
مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا يُنقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ
زیادہ عمر نہیں دی جاتی اور نہ اس کی عمر میں سے کچھ گھٹایا جاتا ہے مگر یہ کہ سب کچھ نامۂ اعمال میں (درج) ہوتا ہے بیشک
ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ۝ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هَٰذَا
یہ بات اللہ پر آسان ہے۔ اور ایسے دو دریا برابر نہیں ہو سکتے کہ یہ

عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ

میٹھا بیٹھا ہے (اور) اسکا پینا خوشگوار اور وہ دوسرا کھاری کڑوا

وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً

اور ہر ایک میں سے تم تازہ (تازہ) گوشت کھاتے ہو اور زیورات کی چیزیں نکالتے ہو جنہیں

تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا

تم پہنتے ہو اور کشتیوں کو دیکھتے ہو کہ وہ اس میں پانی چیرتی چلی جاتی ہیں تاکہ تم اسکے فضل

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي

کے طلبگار ہو اور تاکہ تم اس کے شکرگزار ہو۔ وہ رات کو دن میں داخل

النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور سورج اور چاند کو اسنے مطیع کر لیا ہے

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ

ہر ایک ایک وقت معین کے لیے چل رہا ہے۔ یہی اللہ تو تمہارا پروردگار ہے ہر طرح کا اختیار اسی کا ہے

وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ

اور جن کو تم اسکے سوا پکارتے ہو ان کو کھجور کی گٹھلی کے پوست تک (یعنی ذرہ بھر بھی) کا بھی

قِطْمِيْرٍ ؕ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ

اختیار نہیں۔ اگر تم ان کو پکارو تو وہ تمہارا پکارنا نہ سنیں اور اگر

سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

سن لیں تو تم کو کچھ جواب نہ دیں۔ اور قیامت کے دن تمہارے شرک کا

بِشِرْكِكُمْ ؕ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

انکار کر دیں۔ اور خدائے خبیر کے برابر تم کو کوئی خبر نہ دیگا۔ اے لوگو!

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ
بڑے بنتے تھے وہ کہیں گے کہ ہم (تم) سب اسی میں ہیں بیشک اللہ نے بندوں کے

بَيْنَ الْعِبَادِ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ
مابین فیصلہ کر دیا۔ اور جو لوگ آگ میں ہونگے وہ جہنم کے داروغوں سے کہینگے کہ

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ۝ قَالُوْٓا
تم ہی اپنے پروردگار کو پکارو کہ کسی دن تو ہمارا عذاب ہلکا کردے۔ وہ (جواب میں) کہیں گے

اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ
کیا تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی دلیلیں لیکر نہیں آتے تھے؟ جواب دینگے (آتے تھے)

قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝
(فرشتے) کہینگے (پھر تم ہی پکارلو حالانکہ کافروں کا پکارنا کچھ نہ ہوگا مگر رائگاں۔

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
بیشک ہم زندگانی دنیا میں اپنے رسولوں کی اور جو ایمان لائے ہیں

وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ
اور جس دن گواہ کھڑے ہونگے اُس دن ظالموں کو انکی معذرت کوئی نفع

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا
نہ پہنچائیگی اور انکے لیے لعنت ہوگی اور انہی کے لیے اُس گھر کی برائی۔ اور بیشک ہم نے

مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ ۝
ہدایت دی اور بنی اسرائیل کو ایسی کتاب کا وارث کردیا

هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ فَاصْبِرْ اِنَّ
جو صاحبانِ عقل کے لیے ہدایت و نصیحت ہے۔ سو تم صبر کرو بیشک

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ
اللہ کا وعدہ برحق ہے اور اپنے گناہ کی معافی مانگ اور صبح و شام اپنے پروردگار

رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ
کی حمد کی تسبیح پڑھتے رہو۔ وہ لوگ جو اللہ کی آیتوں میں بغیر کسی دلیل کے

اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا
جو انکے پاس آئی ہو جھگڑتے رہتے ہیں اُن کے سینوں میں سوائے تکبر کے اور کچھ

منزل ۶

كَثِيرًا مَّا هُمْ بِمَا لِغِيهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ
بے ہی نہیں حالانکہ اپنے مطلب تک وہ کبھی پہنچے ہوئے ہیں سو اللہ کی پناہ مانگو بیشک وہ ہی سننے والا (اور)
الْبَصِيرُ ۝ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ
دیکھنے والا ہے۔ ضرور آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا آدمیوں کے پیدا کرنے سے
خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝
(کہیں) بڑھا ہوا ہے لیکن بہت سے آدمی (اتنا) بھی نہیں جانتے۔
وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيرُ ۙ وَالَّذِينَ آمَنُوا
اور اندھا اور بینا برابر نہیں ہوتے۔ اور جو لوگ ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيءُ ۚ قَلِيلًا مَّا
اور انہوں نے نیک عمل کیے (وہ) اور بدکار برابر نہیں ہو سکتے تم سوچتے ہی
تَتَذَكَّرُونَ ۝ إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ ۖ لَّا رَيْبَ فِيهَا
بہت کم ہو۔ قیامت ضرور آنیوالی ہے جس میں کوئی شک نہیں
وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَقَالَ رَبُّكُمُ
لیکن آدمیوں میں سے بہت سے ایمان نہیں رکھتے۔ اور تمہارے پروردگار نے فرمایا
ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ
کہ تم مجھ سے دعا مانگو میں (تمہاری دعا) قبول کروں گا (چونکہ تمہاری دعا کی ہوئی وہ) ضرور قبول کر لیا کروں گا۔ بیشک وہ لوگ جو میری عبادت
عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ۝ اللّٰهُ ع
کرنے سے اکڑتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے اللہ وہی
الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ
تو ہے جس نے رات تمہارے لیے اسی غرض سے بنائی کہ اس میں آرام کیا کرو اور دن کو دیکھنے والا (بنایا)
إِنَّ اللّٰهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ
بیشک اللہ بڑا فضل آدمیوں پر کرنیوالا ہے لیکن بہت سے آدمی شکر گزار

لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ
نہیں ہوتے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ
اُسکے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کدھر پھرے جاتے ہو؟ اسی طرح وہ (بھی) پھر جایا کرتے

الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ
تھے جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے رہتے تھے۔ اللہ وہی تو ہے جسنے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّ
زمین کو تمہارے لیے جائے قرار مقرر کیا ہے اور آسمان کو ایک عمارت (یعنی شامیانہ) کو

صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ
تمکو صورت عطا کی ہے سو تمہاری صورتیں کیسی اچھی بنادی ہیں اور تمکو پاکیزہ چیزیں کھانیکو دی ہیں

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے سو اللہ تمام عالموں کا پروردگار بڑا برکت والا ہے۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ
(جسکی) زندہ وہی ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں سو تم دین کو اُسی کے واسطے خالص کرکے اُسے

الدِّيْنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّيْ
پکارو سب تعریف اسی اللہ کیلیے ہے جو تمام عالموں کا پروردگار ہے۔ تم یہ کہدو کہ مجھ کو

نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اس سے ممانعت کی گئی ہے کہ جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو میں انکی عبادت کرنے لگوں

لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۡ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ
جبکہ میرے پروردگار کی طرف سے میرے پاس کھلی دلیلیں آچکی ہیں اور اسکا مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں تم

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ
عالموں کے پروردگار کی اطاعت کروں۔ وہ وہی تو ہے جسنے اوّل تمکو مٹی سے پیدا کیا

وقف لازم

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا
پھر نطفے سے پھر بستہ خون سے پھر تمکو بچہ بنا کر نکالتا ہے پھر (زندہ رکھتا ہے)

ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَ
تاکہ تم اپنی پوری قوت کو پہنچو اسکے بعد تم بوڑھے ہو جاؤ اور

مِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا
تم میں سے کوئی (کوئی پہلے ہی ختم کر دیا جاتا ہے اور (زندہ رکھنے کی غرض یہ ہے) تاکہ تم مقررہ

مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَ
میعاد کو پہنچ جاؤ اور تاکہ تم سمجھ بوجھ لو وہ وہی ہے جو جلاتا (بھی) ہے اور

يُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ
مارتا (بھی) ہے پھر جب کسی معاملے کو کرنا فرما دیتا ہے تو اسی کے بارے میں فرماتا ہے کہ ہو جا

فَيَكُوْنُ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ
پس وہ ہو جاتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جو خدا کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں

اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ
(اور) کدھر پھرے جاتے ہیں؟ انہوں نے کتاب کو بھی جھٹلایا اور جو کچھ

اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ اِذِ
رسولوں کو دیکر بھیجا تھا اسکو بھی سو آگے چلکر وہ جان لینگے۔ جبکہ

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝ ۙ
طوق انکی گردنوں میں ہونگے اور زنجیریں کھینچے ہوئے پانی میں وہ

فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝ ثُمَّ قِيْلَ
کھینچے جائینگے پھر آگ میں جھونک دیے جائینگے۔ پھر انسے کہا جائیگا

لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ ۙ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ
کہ اب وہ کہاں ہیں جنکو تم اللہ کے سوا شریک کیا کرتے تھے؟

قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ
(جواب میں) کہینگے کہ وہ تو ہم سے گم ہو گئے۔ بلکہ ہم اول سے کسی چیز کو پکارا ہی نہیں کرتے
شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ذٰلِكُمْ بِمَا
تھے اس طرح اللہ کافروں کو نامراد کردیگا۔ یہی ہے بسبب کے
كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ
زمین میں ناحق خوش ہوا کرتے تھے اور (یہی ہے) جس پر تم اترایا
تَمْرَحُوْنَ ۝ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ
کرتے تھے۔ اب جہنم کے دروازوں میں جا گھسو (اسی میں ہمیشہ رہنے والے
فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝ فَاصْبِرْ اِنَّ
ہو گے پس متکبر کرنیوالوں کا کیسا برا ٹھکانا ہے! پس تم صبر کرو بیشک
وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ
اللہ کا وعدہ برحق ہے پھر اگر ہم اس چیز کا جس سے انکو ڈراتے ہیں کوئی حصہ تمکو دکھلادیں
اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
یا تمہارا خاتمہ کردیں تو ہماری ہی طرف ان سب کی بازگشت ہوگی۔ اور بیشک ہم نے پہلے
رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ
بہت سے رسول بھیجے تھے ان میں سے ایسے بھی ہیں جنکا قصہ تجھ سے تمکو سنایا ہے اور
مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ
ان میں سے ایسے بھی ہیں جنکا قصہ تجھ سے نہیں سنایا۔ کسی رسول کا یہ کام نہ تھا کہ بغیر
اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ
خدا کے حکم کے کوئی معجزہ دکھلادے پس جب حکم خدا آجائیگا تو فیصلہ کیا
قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ
فیصلہ کردیا جائیگا اور اس وقت باطل والے گھاٹے میں رہینگے۔ اللہ وہی ہے

ع ۱۳

جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝
جنے تمہارے لیے چوپائے بنائے کہ ان میں سے بعض پر تم سوار ہو اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔
وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ
اور تمہارے لیے ان میں اور منافع بھی ہیں اور یہ غرض بھی ہے کہ ان پر سوار ہو کر تم اپنے
صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝ وَ
مقصود تک جو تمہارے دلوں میں ہو پہنچ جاؤ اور ان پر اور کشتیوں پر تم لدے لدے پھرتے ہو۔ اور
يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۚ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ۝ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا
وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے پھر تم اللہ کی نشانیوں میں کونسی کی انکار کرتے ہو کیا یہ زمین میں
فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ
چلے پھرے کہ یہ دیکھ لیتے کہ ان سے پہلوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے تعداد
قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي
میں (بھی) زیادہ تھے اور قوت میں (بھی) اور زمین میں
الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝
نام و نشان کی حیثیت سے بھی۔ پھر جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آیا۔
فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا
پس جس وقت انکے رسول انکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تو جو علم انکے پاس
عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
پہلے سے تھا اسی پر نازاں رہے اور (انجام کار) جس (عذاب) کا وہ ٹھٹھا اڑایا کرتے تھے
يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ
اسی نے انکو آن گھیرا۔ پھر جس وقت انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو کہنے لگے اب ہم
وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۝ فَلَمْ يَكُ
اللہ کیتا پر ایمان لائے اور جن چیزوں کو اسکا شریک کیا کرتے تھے اب ہم ان سب کا سنکر ہو گئے۔ مگر جو ہمارا

يَنْفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِي قَدْ

عذاب دیکھ چکتے تو اللہ کے اُس قاعدہ کے موافق جو اُسکے بندوں میں برابر جاری

خَلَتْ فِي عِبَادِهِ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُونَ ۝ ع ۱۲

رہا ہے اُنکا ایمان اُنکو کچھ نفع نہ پہنچائیگا اور کافر وہاں ٹوٹے ہی میں رہینگے۔

سورۃ حٰمٓ السجدۃ مکیۃ وھی اربع وخمسون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ تَنْزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ كِتٰبٌ

حٰمٓ۔ رحمٰن و رحیم کی طرف سے اس کتاب کا اُترنا ہے جسکے احکام صاف صاف

فُصِّلَتْ اٰيٰتُهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ بَشِيرًا

ہیں۔ اُن لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں عربی زبان کا قرآن خوشخبری سنانیوالا اور

وَنَذِيرًا ۚ فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝

ڈرانیوالا ہے پس اُن میں سے بہت سوں نے روگردانی کی سو وہ نہیں سنتے۔

وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِي

اور اُنھوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے دل تو اُسکی طرف سے جسکی طرف تم بلاتے ہو غلاف میں ہیں اور ہمارے

اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ

کانوں میں سیٹی ہے اور ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان ایک آڑ ہے پس تم (اپنے دین پر) عمل

إِنَّنَا عٰمِلُونَ ۝ قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحٰى إِلَيَّ

کرو (ہم اپنے دین پر) عمل کرتے ہیں یہ کہدو کہ میں (صورت میں) تو تم ہی جیسا آدمی ہوں (مگر فرق یہ ہے) کہ میری طرف

أَنَّمَا إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ

یہ وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے پس تم اُسی کی طرف سیدھے ہو جاؤ

الجزء الرابع والعشرون — حٰمٓ السجدۃ مکیۃ — رکوعاتھا ۶ — حروفہا ۳۲۶ — کلماتہا ۱۰۹

الربع الثالث

وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ لَا

اور اُسی سے مغفرت طلب کرو اور اُن مشرکوں کو اسطے ویل ہے۔ جو زکوٰۃ

يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

ادا نہیں کرتے اور وہ آخرت کے بھی (پورے پورے) منکر ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے اُن کے لیے ایسا اجر ہے جسکا کوئی

مَمْنُوْنٍ ۝ قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ ع ۱۵

احسان نہ جتایا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ کیا تم اُسکا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن

الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗۤ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ

میں پیدا کیا اور اُسکے شریک قرار دیتے ہو؟ تمام عالموں کا

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا

پروردگار تو یہی تو ہے۔ اور اُسی نے اس زمین میں (بڑے بڑے) بوجھل پہاڑ اوپر کی طرف سے نظر کو

وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَاۤ اَقْوَاتَهَا فِيْۤ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ

اور اُسی نے اس (زمین) میں برکت دی اور اُسی نے اس میں چاروں کے موصہ میں اُنکی قوت بسرکے سامانی مساوی

سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝ ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ

سے مقرر کر دیا جسمیں مانگنے والوں کو کچھ برابر ہیں۔ پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا حالانکہ وہ اُس وقت

دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ

دھواں تھا۔ پس اُسنے آسمان و زمین کو یہ حکم دیا کہ تم خوشی یا بے کراہت

قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۝ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ

دونوں نے عرض کی ہم خوشی حاضر ہیں۔ پس اُس نے دو دن میں اُن کو سات آسمان

فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَ

بنا دیا اور ہر ہر آسمان میں بذریعہ وحی اُسکے مناسب حال حکم بھیجا دیا اور

زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظًا ۚ ذٰلِكَ
سب سے نیچے والے آسمان کو ہمنے ستاروں (کے چراغوں) سے زینت دی اور (اسکی) نگہبانی (بھی کی) یہ
تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۝ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ
زبردست صاحب علم کی قرار داد ہے۔ پس اگر وہ (پھر بھی) روگرداں ہوں تو تم یہ کہدو
أَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ ۝ إِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ
کہ میں تو تم کو ویسی ہی بجلی سے ڈراتا ہوں جیسی بجلی (قوم) عاد و ثمود پر
وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوٓا إِلَّا اللّٰهَ ۖ قَالُوا لَوْ شَآءَ
گری تھی۔ جبکہ انکے پاس رسول انکے (پیدا ہونے سے) پہلے سے اور پیچھے سے آئے اور
رَبُّنَا لَأَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَإِنَّا بِمَآ أُرْسِلْتُمْ بِهِ
آگے بھی یہی کہ تم سوائے خدا کے کسی اور کی عبادت نہ کرو (اور) انھوں نے جواب میں یہ کہا کہ اگر
كٰفِرُونَ ۝ فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ
ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتے بھیجدیتا پس تم کو جو (حکم) دیکر بھیجا ہے ہم اسکے منکر ہی
بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۖ أَوَلَمْ يَرَوْا
رہے۔ اب رہی (قوم) عاد تو انہوں نے ناحق (تکبر) زمین میں بڑا
أَنَّ اللّٰهَ الَّذِي خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۖ وَكَانُوا
بننا چاہا اور یہ کہا کہ قوت میں ہم سے زیادہ ہے کون؟ کیا وہ اتنا بھی نہ سمجھے
بِـَٔايٰتِنَا يَجْحَدُونَ ۝ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا
کہ وہ اللہ جس نے انکو پیدا کیا ہے وہ قوت میں اُن سے کہیں زیادہ ہے۔ بہرحال وہ
فِي أَيَّامٍ نَحِسَاتٍ لِنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي
ہماری آیتوں کا انکار ہی کرتے رہے۔ پس ہم نے بھی اُن پر منحوس دنوں میں باد صرصر بھیجدی۔
تاکہ ہم انکو زندگانی دنیا میں رسوائی کے عذاب کا مزا

فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ پر عطف ہے ۱۲ ۵۳ يُحَاصُّ صَرًّا الخ میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ یہ امر

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ
چکھا دیں اور آخرت کا عذاب تو زیادہ رسوا کرنیوالا ضرور ہی ہے اور اُنکی کوئی
لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا
مدد نہ کی جائیگی۔ اب رہی (قوم) ثمود سو ہمنے تو اُنکو ہدایت کی اور اُنھوں نے ہدایت
الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ
کے مقابلے میں گمراہی کو پسند کیا پس جیسی کرتوت وہ کیا کرتے تھے (ویسے ہی) اُنکے عوض میں
الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ
ذلت کے عذاب کی بجلی نے آن کو (بھی) آلیا۔ اور جو ایمان لے آئے تھے اور (برے
اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ ع ۲ ۱۶
رہنے سے) اُنکو ہمنے نجات دیدی۔ اور جس دن اللہ کے دشمن جہنم کے پاس جمع
اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰۤى اِذَا مَا
کیے جائینگے پھر وہ (پہلے پیچھے اور دوں کو انتظار میں) روکا جائیگا یہاں تک کہ جب وہ (سب)
جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَ
جہنم میں پہنچ جائینگے تو اُنکے کان اور اُنکی آنکھیں اور اُنکی کھالیں جو جو
جُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا
بدعملی وہ کیا کرتے تھے اُنکی بابت اُنکے برخلاف شہادت دینگی۔ اور وہ اپنی کھالوں سے
لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْۤا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ
یہ کہینگے کہ (بھلا) تم نے ہمارے برخلاف شہادت کیوں دی؟ وہ جواب دینگی کہ جو خدا سبھی چیزوں کو گویائی دی ہے
الَّذِيْۤ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ
جسنے ہر چیز کو گویائی دی ہے (الحاصل) اُسی نے تمکو پیدا کیا ہے اور اُسی کی حضور میں
اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ
تمہاری بازگشت ہوگی۔ اور تم اِس (خوف) سے کہ تمہارے کان تمہارے برخلاف گواہی دینگے

عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ
(آنکھوں کو) چھپاتے ہی نہ تھے اور نہ (اس خوف) سے کہ تمہاری آنکھیں (گواہی دیں گی) اور نہ (اس
وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝
خوف) سے کہ تمہاری کھالیں (گواہی دیں گی) بلکہ تم تو یہ گمان کرلیتا تھا کہ جو بہت سی باتیں تم کیا کرتے ہو اُن میں سے بہت سی باتوں کو
وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ
خدا جانتا ہی نہیں۔ اور تمہارا (یہی) بدگمان (یا) جو تم نے اپنے پروردگار کی نسبت کرلی تھی تمہیں تباہ کر دیا کہ تم
فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ
(سخت) نقصان اٹھانیوالوں میں سے ہو گئے۔ اب اگر صبر کریں تو جہنم اُن کا خاصا ٹھکانا
مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ۝
ہے اور اگر توبہ چاہیں تو وہ اُن لوگوں میں سے نہیں ہیں جن کی توبہ قبول کی جاتی ہے
وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
اور ہم نے اُنکے لیے ایسے ہمنشین مقرر کر دیے تھے کہ وہ جو کچھ اُنکے سامنے تھا اُسکو اور جو کچھ اُنکے
وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ
پیچھے تھا اُسکو اُنکے لیے زینت دیے رہتے تھے اور تمام اُمتوں میں جو اُنسے پہلے گزری
خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا
جنات کی تھیں تو اور انسان کی تھیں تو اُن پر ہمارا قول پورا اُترا کہ وہ سب نقصان
خٰسِرِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا
اُٹھانیوالے ہوئے۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے تھے اُنہوں نے یہ کہا کہ تم اِس قرآن ہی کو
الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ۝ فَلَنُذِيْقَنَّ
نہ سنو اور اُس (کے پڑھے) میں (بیہودہ) شور مچاؤ تاکہ تم ہی غالب رہو۔ پس ہم اُن لوگوں کو جو
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ
کافر ہو گئے ہیں ضرور سخت عذاب کا مزا چکھائینگے اور جو بد عمل وہ کیا کرتے تھے

ع ۲۴ ۱۷

۱۲ اور تفسیر صافی میں ہے کہ اِس کے معنے ہیں تم بھی بکو خرافات بکو۔ ۱۲ منہ

سَوَآءً الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ
برابر ہے بدلہ اُن کو ضرور دیں گے۔ اللہ کے دشمنوں کا بدلہ یہی جہنم

النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا
ہے اِس میں اُنکے ہمیشہ رہنے کا گھر ہے بدلہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے

بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا
ویسا ہی اُسکا بدلہ ہے۔ اور جو لوگ کافر ہوئے وہ یہ کہینگے اے ہمارے پروردگار تو

الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ
ہمیں اُن دو نوکو دکھلا دے جنہوں نے ہمکو گمراہ کیا تھا کہ ایک اُن میں سے جنوں میں سے ہے اور ایک

اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ
اور دوسرا انس سے کہ ہم اُنکو اپنے پاؤں کے نیچے کچلیں کہ وہ بہت نیچے ہو جائیں۔ بیشک جن لوگوں نے

قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ
یہ کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ (اوامر الٰہیہ میں) قائم رہے اُن پر فرشتے (یہ پیغام دیکر) نازل ہوتے

الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا
کہ تم نہ آئندہ کے لیے خوف کرو اور نہ گذشتہ کے متعلق افسوس اور جس

بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ نَحْنُ
جنت کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا اُس کی بشارت لو۔ ہم

اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ
زندگانی دنیا میں بھی) تمہارے دوست تھے اور آخرت میں بھی ہیں

وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا
اور جنت میں تمہارے لیے ہر وہ چیز موجود ہے جسکو تمہارا جی چاہے اور اُس میں تمہاری خاطر ہر

مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝
چیز جو تم طلب کرو بڑے بخشنے والے اور رحم کرنے والے کی طرف کی مہمانی کے طور پر ملتا ہے۔

ع ۱۸

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ
اور اُس سے بہتر بات کس کی ہوگی جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل
صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَلَا
کرے اور یہ کہے کہ یقیناً میں (خدا کی) اطاعت کرنیوالوں میں سے ہوں۔ اور نیکی
تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ
اور بدی تو برابر ہوتی نہیں تم بدی کا دفعیہ اُس چیز سے کرو جو بہت ہی
هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ
اچھی ہو تو یکایک وہ شخص جسکے اور تمہارے مابین عداوت تھی ایسا ہو جائیگا
كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ
جیسے سرگرم دوست ہوتا ہے۔ اور اس خصلت کے قبول کرنیکی توفیق سوا اُن لوگوں کو
صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَاِمَّا
نہیں ملتی جو صبر کرتے ہیں اور اس خصلت کو نہیں ملتی اور اس خصلت پر عمل کرنیکی توفیق سوا اُن کے کسی کو نہیں ملتی اور
يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ
اگر شیطان کی طرف سے تمہارے دل میں کوئی وسوسہ ڈالا جائے تو تم اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو
اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ
یقیناً وہ بڑا سننے والا (اور) بڑا جاننے والا ہے۔ اور رات اور دن اور سورج اور
وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ
چاند اُسی کی نشانیوں میں سے ہیں تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو
وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ
اور نہ چاند کو بلکہ اُس اللہ کو سجدہ کرو جس نے اُن کو پیدا کیا ہے اگر تم اُسی کی
اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ

بندے بننا چاہتے ہو۔ پھر اگر یہ اکڑیں تو تمہارے پروردگار کے پاس تو

منزل ۶

وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ۔ تفسیر حقی میں ہے کہ ظاہر خطاب جناب رسول خدا سے ہے۔ اور مراد حضرتؐ کی اُمت ہے۔ ۱۲۔ ط ف ط

عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ
وہ موجود ہیں حورات اور ان اسکی پاکی بیان کرتے رہتے ہیں اور وہ (ذرا بھی)
لَا يَسْـَٔمُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ
نہیں گھبراتے۔ اور اسکی نشانیوں میں سے یہ بات بھی ہے کہ زمین کو تم ذلیل
خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ
(خشک) حالت میں دیکھتے ہو پھر جب ہم اس پر پانی اتارتے ہیں تو وہ لہلہاتی اور ابھر جاتی ہے
وَرَبَتْ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى اِنَّهٗ
جس نے اسکو زندہ کر دیا وہ مُردوں کو بھی ضرور زندہ کرنیوالا ہے بیشک وہ ہر چیز
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ
پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ یقیناً وہ لوگ جو ہماری آیتوں میں بیجا دخل
فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي
دیا کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں کیا وہ جو جہنم میں ڈالا جائیگا
النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ
اچھا ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن و امان سے آئیگا؟
اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
تمہارا جو جی چاہے کرتے رہو (جو جو کچھ تم کر رہے ہو خدا بیشک اسکا
بَصِيْرٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا
دیکھنے والا ہے۔ بیشک وہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے قرآن مجید کا جس وقت بھی انکے
جَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ
پاس آیا انکار کر دیا۔ حالانکہ وہ ایسا زبردست نوشتہ ہے کہ نہ گزشتہ کے متعلق
الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ
اسکی خبریں غلط ہیں اور نہ آئندہ کے متعلق غلط ہونگی وہ صاحب حکمت اور لائق تعریف

سجدہ واجبہ

الجزء ۲۴

ع ۴ بیشک جو لوگ اس نصیحت کے ساتھ کفر کر رہے ہیں جب وہ ان کے پاس آئی ہے اور یہ بیشک ایک زبردست کتاب ہے

ل اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ تفسیر حقی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ یہاں الذکر سے مُراد قرآن مجید ہے۔

مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ○ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ
(خدا) کی طرف سے اُتارا ہوا ہے۔ تمہارے لیے کچھ اور نہیں کہا جاتا مگر وہی جو تم سے پہلے

لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ
رسولوں کے لیے کہا گیا ہے بیشک تمہارا پروردگار ضرور بخشنے والا بھی ہے

وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ○ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا
اور دردناک عذاب دینے والا بھی۔ اور اگر ہم اِس قرآن کو عجمی زبان میں اُتارتے تو

لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ
اُس وقت لوگ یہ کہتے کہ اسکے احکام (ہماری) بھی (لائق) صاف کیوں نہیں کیے گئے کیا (کلام) عجمی ہوتا

هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ
صاحب اور مخاطب عربی ہیں۔ تم یہ کہدو وہ اُن لوگوں کیلئے تو جو ایمان لائے ہدایت و شفا ہے اور جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ
ایمان نہیں رکھتے اُن کے کانوں میں تو گویا ٹھیٹی ہے اور قرآن اُن کے لیے نابینائی

عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ○
ہے وہ ایسے ہی ہیں کہ (گویا) اُن کو دور سے آواز دی جارہی ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَ
اور ہم نے یقیناً موسےٰ کو کتاب عطا کی تھی اُس میں اختلاف کیا گیا اور

لَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ
اگر تمہارے پروردگار کا کلمہ (مشیّت صلت) سابق نہ ہو چکا ہوتا تو اُنکے مابین بھی کا فیصلہ ہو چکا

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا
اور بیشک وہ اُسکی طرف سے ضرور بچین کر نہ الشک میں ہیں رہے ہیں۔ جو شخص کوئی نیکی کریگا تو اپنی ذات کے لیے

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○
اور جو کوئی بدی کریگا تو اُسکا خمیازہ اُسی کو بھگتنا ہوگا اور تمہارا پروردگار بندوں کی حق میں ظالم نہیں ہے۔

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ
قیامت کا (کب آئیگی) اسی کو علم ہے اور اس کے علم بغیر نہ کوئی پھل
ثَمَرٰتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثٰى وَلَا تَضَعُ
اپنے غلاف سے نکلتا ہے اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ بچہ
إِلَّا بِعِلْمِهٖ ۚ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ شُرَكَاءِيْ قَالُوْٓا
جنتی ہے اور اس دن وہ (مشرکوں) کو ندا دیکر فرمائیگا کہ میرے شریک کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے
اٰذَنّٰكَ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۝ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
کہ ہم تو تجھ کو اطلاع دے چکے کہ ہم میں کوئی بھی (شرک کی) گواہی دینے والا نہیں ہے۔ اور جن (بتوں) کو وہ پہلے
يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝
پکارا کرتے تھے اب وہ سب ان کو کھو بیٹھیں گے اور ان کو یقین ہو جائیگا کہ ہمارے لیے کوئی چھٹکارا نہیں۔
لَا يَسْـَٔمُ الْإِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۖ وَإِنْ مَّسَّهُ
انسان بھلائی کی دعا (مانگنے) سے تو اکتاتا ہی نہیں اور اگر اس کو کوئی تکلیف
الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ ۝ وَلَئِنْ أَذَقْنٰهُ رَحْمَةً
چھو جاتی ہے تو مایوس (اور) ناامید ہو جاتا ہے۔ اور اگر بعد اس کے کہ مصیبت اسپر پہنچی تھی
مِّنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ وَمَآ
ہم اسکو اپنی رحمت کا مزا چکھا دیں تو ضرور ہی یہ کہیگا کہ اسکا تو میں مستحق ہی تھا اور میرے
أَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ إِلٰى رَبِّيْٓ إِنَّ
خیال میں قیامت آنے ہی کی نہیں اور اگر میں اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹایا بھی گیا تو
لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا
میرے لیے اسکے پاس (اس) اچھی حالت (موجود) ہے۔ پس جو لوگ کافر ہو گئے ہیں انکو ہم جو کچھ وہ کیا کرتے
عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝
ہیں ضرور جتلا دینگے اور ان کو سخت عذاب کا مزہ ضرور چکھائینگے۔

ف ۱ یعنی قیامت کی خبر قرآن میں ہے کہ ان سے اور دیوی بتوں سے جن کو لوگ خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے ۱۲ ف ۲ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ تفسیر صحابی میں ہے کہ ایک

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ
اور جب ہم نے انسان کو نعمت عطا کی تو اُس نے (شکر سے) روگردانی کی اور (غرور سے) اپنے پہلو

وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ
کی طرف مائل ہوا اور اگر اُسے کوئی مصیبت پہنچ گئی تو لمبی چوڑی دعا والا بنگیا۔ تم کہدو کہ (کبھی) تم نے (یہ بھی) سوچا

اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ
یہ بات آئی ہے کہ اگر یہ (قرآن) خدا کی طرف سے ہے پھر تم اس کے منکر ہوئے ہو تو جو بھی بڑھی ہوئی

مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ۝ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي
نافرمانی میں ہو اُس سے زیادہ گمراہ کون ہو سکتا ہے؟ ہم عنقریب اُن کو اپنی نشانیاں آفاق عالم

الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۗ
میں (بھی) دکھلائیں گے اور خود اُن کی ذات میں (بھی) یہاں تک کہ اُن پر یہ بات کھل جائیگی کہ یہ حق ہے

اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝
کیا تمہارا پروردگار اس بات کے لیے کافی نہیں ہے کہ وہ ہر امر پر گواہ ہے۔

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ۗ اَلَآ اِنَّهٗ
خبردار ہو وہ اپنے پروردگار کی حضوری میں جانے کے متعلق شک میں ہیں آگاہ رہو کہ وہ (تمہارا پروردگار)

بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ۝ ع ۱
ہر چیز کو (علم و قدرت سے) گھیرے ہوئے ہے۔

سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ هِيَ ثَلٰثٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ
حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ زبردست حکمت والا خدا اسی طرح تمہاری طرف وحی کرتا ہے

مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اور اسی طرح (آن کی طرف (کیا کرانا تھا) جو تم سے پہلے تھے۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ تَكَادُ

اور جو کچھ زمین میں ہے اسی کا ہے اور وہی بلند مرتبہ اور عظمت والا ہے۔ قریب ہے کہ آسمان

السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يُسَبِّحُوْنَ

(عظمتِ الٰہی کے خوف سے) اوپر سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے پروردگار کی حمد کی تو

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ

تسبیح کرتے رہتے ہیں اور جو لوگ زمین میں ہیں اُن کے لیے استغفار کرتے رہتے ہیں

اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ وَالَّذِيْنَ

آگاہ رہو کہ اللہ وہی تو بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور جن لوگوں نے

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ

اُس کو چھوڑ کر اور سرپرست بنالیے ہیں خدا اُنکے اُن کا نگراں ہے

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

اور (اے رسول) تم اُن کے ذمہ دار نہیں ہو اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف قرآن

اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ

عربی زبان پر (مشتمل) وحی بھیجا تاکہ تم خاص مکہ اور اُسکے اردگرد کے رہنے والوں کو

حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ

ڈراؤ اور قیامت کے دن سے ڈراؤ جس کے بارے میں کچھ شک نہیں ہے

فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ۝ وَلَوْ شَاۗءَ

ایک گروہ (اُس دن) جنت میں ہوگا اور ایک گروہ بھڑکتی ہوئی آگ میں۔ اور اگر اللہ

اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ

چاہتا تو اُن سب کو ایک ہی اُمت بنا دیتا لیکن وہ تو جس کو چاہتا ہے

يَشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ
اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے۔ اور نافرمانوں کا نہ کوئی سرپرست ہوگا اور
وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ
نہ کوئی مددگار یا انہوں نے اسے چھوڑ کر اور سرپرست بنا لیے ہیں حالانکہ اللہ
هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ع ۱
وہی تو سرپرست ہے اور وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہی ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے
وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ
اور جس کسی چیز میں تم اختلاف کرو پس اسکا فیصلہ اللہ ہی پر ہے وہی اللہ
اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝ فَاطِرُ
میرا پروردگار ہے اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں آسمانوں کا اور
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
زمین کا پیدا کرنیوالا جسنے تمہارے لیے تمہاری ہی ذات سے جوڑے
اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ
بنا دیے اور چوپایوں میں سے بھی جوڑے جوڑے بنا دیے اسی میں وہ تمکو بڑھاتا ہے۔
لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝ لَهٗ
کوئی چیز اسکے مانند نہیں ہے اور وہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے آسمانوں کی
مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ
اور زمین کی کنجیاں اسی کے ہاتھ ہیں رزق کو جسکے لیے چاہتا ہے زیادہ کر دیتا
يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ شَرَعَ لَكُمْ
ہے اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے بیشک وہ ہر چیز سے (پورا پورا) آگاہ ہے۔ تمہارے
مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ
لیے دین کی وہی باتیں مقرر کیں جنکی بابت اسنے نوح کو ہدایت کی تھی اور (اے محمد) جسکی بابت ہم نے تمہاری طرف

وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا
وحی کی ہے اور جسکی بابت ہمنے ابراہیمؑ اور موسےٰ اور عیسےٰ کو وصیت کی تھی کہ دین کو قائم
الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ
رکھو اور اُس کے بارے میں فرقے فرقے نہ بن جاؤ۔ مشرکوں پر وہ امر جسکی طرف تم اُن کو
مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ
بُلاتے ہو بہت ہی گراں گزرا اللہ اُس امر کے لیے جس کو چاہتا ہے منتخب فرمالیتا ہے
وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ۝ وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا
اور توفیق ہدایت اُسی کو عطا کرتا ہے جو اُسکی طرف رجوع کرے۔ اور بعد اِسکے کہ اُنکے پاس علم
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا
آچکا تھا وہ محض آپس کے حسد کے باعث فرقہ فرقہ بنگئے اور اگر تمہارے پروردگار
كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ
(کی طرف سے مہلت) کا حکم ایک وقت معینہ کے لیے نہ ہو چکا ہوتا تو اُنکے مابین (ابھی کا) فیصلہ
بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ
ہو چکتا اور بیشک جن لوگوں کو اُنکے بعد کتاب کا وارث کیا گیا ہے (یعنی
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ
اُنکی بابت) یہ شک میں ہیں جو انہیں اُلجھن میں ڈالے ہوئے ہے پس (اے
رسول) تم اُسی کی طرف (لوگوں کو) بلاؤ اور جیسا
كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ
جسکا تمکو حکم دیا گیا ہے ویسی ہی قائم رہو اور اُنکی خواہشوں کی پیروی نہ کرو اور یہ کہدو کہ اللہ نے جو کتاب
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ
نازل کی ہے میں اُس پر ایمان لایا ہوں اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ تمہارے مابین انصاف کروں
اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۭ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۭ لَا حُجَّةَ
اللہ ہمارا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی ہمارے اعمال ہمارے لیے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لیے ہمارے اور تمہارے

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝

ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ اللہ (قیامت کے دن) ہم سب کو جمع کریگا اور اسی کی طرف (سب کی) بازگشت ہوگی۔

وَالَّذِيْنَ يُحَاۗجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ

اور جو لوگ (دین) خدا کے بارے میں کٹ حجتی کیے جاتے ہیں بعد اسکے کہ اس کی بات (خلق میں) مان لی گئی

حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ

اُن کی حجت اُنکے پروردگار کے نزدیک لغو ہے میں ہے اور اُن پر غضب ہوگا اور اُنکے لیے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

سخت عذاب ہے۔ اللہ وہی تو ہے جس نے کتاب کو حق کے ساتھ اُتارا

وَالْمِيْزَانَ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ۝

اور میزان کو (بھی) اور تمہیں کیا خبر ہے شاید قیامت قریب ہی ہو۔

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اسکی نسبت جلدی تو وہی لوگ کرتے ہیں جو اُسپر ایمان نہیں لاتے اور جو ایمان لائے ہیں

مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ۭ اَلَآ اِنَّ

وہ تو اُس سے ڈرتے ہوئے ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے آگاہ رہو کہ جو

الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝ اَللّٰهُ

لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں (وہ) بیشک بڑی گمراہی میں ہیں اللہ

لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ

کل بندوں پر بہت ہی مہربان ہے جسے (جس طرح) چاہتا ہے (جس میں جس طرح چاہتا ہے) رزق عطا فرماتا ہے۔ اور وہ بڑا

الْعَزِيْزُ ۝ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ

قوت والا (اور) زبردست ہے جو آخرت کی کھیتی چاہتا ہے ہم اُس کی کھیتی کو خوب بڑھا دیتے ہیں

حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ

اور جو دنیا کی خرمن چاہتا ہے تو ہم اُسکو اُسی میں سے دیدیتے ہیں اور اُسکا

فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۝ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا
آخرت میں کوئی حصّہ نہ ہوگا آیا اُنکے کوئی شریک ایسے ہیں جنہوں نے اُن کے لیے
لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةُ
دین کے ایسے قواعد مقرر کر دیے ہوں جنکا خدا نے حکم نہیں دیا اور اگر فیصلہ کی بات نہ ہوگئی
الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ
ہوتی تو اُنکے مابین کبھی کا چکتا ہو گیا ہوتا اور جنیک نافرمانوں کے لیے دردناک عذاب ہے
اَلِيْمٌ ۝ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ
تم نافرمانوں کو دیکھو گے کہ جو کچھ وہ کرچکے ہیں اُس سے ڈرتے ہیں حالانکہ اُسکا
وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ
وبال اُن پر پڑ کر رہیگا اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے
رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ
بہشت کے چمنوں میں ہونگے اُنکے لیے جو کچھ وہ چاہینگے اُنکے پروردگار کے پاس (مہیا) ہے۔
ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ
یہی تو وہ بڑا فضل ہے یہی تو وہ ہے جس کی اللہ اپنے بندوں کو جو
عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ
ایمان لائے اور نیک عمل بجالائے خوشخبری دیتا ہے تم یہ کہدو کہ میں تو اس
عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ۭ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ
(تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی مزدوری طلب نہیں کرتا مگر (اپنے) قرابت داروں کی محبت اور جو اس (کے) پاس
حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝
کوئی نیکی بھی کریگا اُسکی خاطر اُسے ہم اور نیکی بڑھا دینگے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا قدردان ہے۔
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ
یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا پس اگر اللہ چاہے تو تمہارے دلوں پر

کے پاس سے چلے گئے۔ اور بعض اُن میں سے یہ کہتے تھے کہ کہو ابھی ابھی کیا کہہ رہا تھا اور ہم نے اُسکی طرف کچھ دھیان نہ دیا یہ وہی ہیں جنکے دلوں پر اللہ نے مہر کر دی ہے اور یہ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں اور جو لوگ سیدھے راستے پر چلتے ہیں اُنکو اللہ اور زیادہ ہدایت دیتا ہے اور اُنکو پرہیزگاری کی توفیق بخشتا ہے۔ کیا یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں کہ قیامت اچانک اُنکے سر پر آ پہنچے سو اُسکی علامتیں تو آ چکی ہیں پھر جب قیامت اُنکے سر پر آ پہنچے گی تو اُنکو نصیحت کہاں سے ہوگی۔ پس (اے پیغمبر) تم جان رکھو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنے اور مومن مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی بخشش مانگتے رہو اور اللہ تمہارے آنے جانے اور رہنے سہنے کو جانتا ہے۔ اور مومن کہتے ہیں کہ کوئی سورت کیوں نہیں اُتاری جاتی مگر جب کوئی صاف مطلب کی سورت اُتاری جاتی ہے اور اُسمیں لڑائی کا ذکر ہوتا ہے تو جنکے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے تم دیکھو گے کہ وہ تمہاری طرف اس طرح دیکھتے ہیں جس طرح کسی پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو سو اُنکے لیے افسوس ہے۔ فرمانبرداری اور اچھی بات (اُنکو اچھی لگتی ہے) پھر جب کام کا قطعی وقت آ جاتا ہے تو اگر یہ اللہ سے سچے رہیں تو اُنکے حق میں بہتر ہو۔ پھر اگر تم سے کچھ بعید ہے تو یہی کہ تم ملک میں فساد کرو اور آپس میں قطع رحم کرو۔ یہ وہ لوگ ہیں جنپر اللہ نے لعنت کی ہے تو اُنکو بہرا کر دیا ہے اور اُنکی آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے۔ کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا اُنکے دلوں پر اُنکے قفل لگ رہے ہیں۔ جو لوگ اپنی پیٹھ پھیر کر چلے گئے اُنکے لیے کہ ہدایت اُنپر ظاہر ہو چکی تھی شیطان نے (اُنکے برے کاموں کو) آراستہ کر دکھایا ہے اور اُنکو (لمبی) اُمیدیں دلائی ہیں۔ یہ اس لیے ہوا کہ جو (کتاب) اللہ نے اُتاری اُسکو ناپسند کرنیوالوں سے اُنھوں نے کہا کہ ہم بعض کاموں میں تمہاری بات مانینگے اور اللہ اُنکی خفیہ باتوں کو جانتا ہے۔ پھر جب فرشتے اُنکی جانیں قبض کرینگے اور اُنکے منہ اور پیٹھ پر مارتے ہوئے (اُنکو) لیجائینگے اُس وقت اُنکا کیا حال ہوگا۔ یہ اس لیے کہ جس چیز سے اللہ ناخوش ہے اُسکی پیروی کرتے ہیں اور اُسکی خوشنودی کو ناپسند کرتے ہیں تو اللہ نے بھی اُنکے اعمال اکارت کر دیے۔ کیا جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے اُنھوں نے خیال کر رکھا ہے کہ اللہ اُنکے کینے ظاہر نہ کریگا۔ اور اگر ہم چاہیں تو تمکو اُنکے چہرے دکھا دیں پھر تم اُنکو اُنکے چہرے سے پہچان لو اور تم اُنکو اُنکے طرز کلام سے پہچان ہی لیتے ہو اور اللہ تمہارے کاموں کو جانتا ہے۔ اور ہم ضرور تمکو آزمائینگے یہاں تک کہ جو تم میں لڑنیوالے اور ثابت قدم ہیں اُنکو ظاہر کر دیں اور تمہارے حالات کا امتحان کر لیں۔ جو لوگ کافر ہیں اور اللہ کے رستے سے روکتے ہیں اور پیغمبر کی مخالفت کرتے ہیں اور اُنکے سامنے ہدایت ظاہر ہو چکی ہے وہ اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکتے اور اللہ اُنکے اعمال اکارت کر دیگا۔ اے ایمان والو اللہ کی فرمانبرداری کرو اور پیغمبر کی فرمانبرداری کرو اور اپنے اعمال کو برباد نہ کرو۔ جو لوگ کافر ہیں اور اللہ کے رستے سے روکتے ہیں پھر کافر ہی مرے ہیں اللہ اُنکو ہرگز نہ بخشیگا۔ پس تم سستی نہ کرو اور صلح کی طرف نہ بلاؤ تم ہی غالب رہو گے اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور تمہارے اعمال کو ضائع نہیں کریگا۔ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشا ہے اور اگر تم ایمان رکھو اور پرہیزگاری کرو تو اللہ تمکو تمہارے اجر عطا فرمائیگا اور تم سے تمہارا مال نہیں مانگتا۔ اگر مانگے اور بہت سا مانگے تو تم بخل کرو اور اللہ تمہارے دلی بغض ظاہر کر دے۔ دیکھو تم لوگ ہو کہ تمکو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے بلایا جاتا ہے تو بعض تم میں سے بخل کرتے ہیں اور جو بخل کرتا ہے تو اپنے ہی سے بخل کرتا ہے اور اللہ بے پروا ہے اور تم محتاج ہو اور اگر تم روگردانی کرو گے تو اللہ تمہاری جگہ اور لوگ پیدا کر دیگا پھر وہ تم جیسے نہ ہونگے۔

عَلٰى قَلْبِكَ ؕ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ
مہر کر لے تو اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور اپنے کلمات کے ذریعے سے حق کو ثابت کرتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ
بیشک وہ دلوں کی حالت سے (پورا پورا) آگاہ ہے۔ اور وہ وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول

عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝
کرتا ہے اور ان کی بدکاریاں معاف کرتا ہے اور جو کچھ کیا کرتے ہو وہ جانتا ہے

وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ
اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل بجا لائے ان کی دعا قبول فرماتا ہے اور ان کے حق میں اپنا

مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝
فضل (وکرم) بڑھا دیتا ہے اور کافروں کے لیے سخت عذاب ہے۔

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ
اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لیے رزق بڑھا دیتا تو وہ زمین میں ضرور بغاوت کرتے

وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ
مگر وہ تولے اندازے سے جو کچھ چاہتا ہے اتارتا رہتا ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں کے حال کو پوری پوری خبر رکھتا

بَصِيْرٌ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا
(اور) انکی دیکھ بھال کرنیوالا ہے۔ اور وہ وہی تو ہے جو بندوں کے مایوس ہو چکنے پر بارش نازل کرتا

قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ وَمِنْ
اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے اور وہی سرپرست (اور) ستودہ صفات ہے۔ اور اس کی

اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ
نشانیوں میں سے آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا بھی ہے اور جتنے جنتے پھر نیوالے ان دونوں میں انکا

دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ۝ وَمَآ
(پیدا کرنا بھی) اور جس وقت وہ چاہے انکے جمع کر لینے پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اور جو

ع ۴

أَصَابَكُمْ مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو
مصیبت ہی انکو پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی ہاتھوں کی کرتوت کا نتیجہ ہے حالانکہ اللہ بہت سے
عَن كَثِيرٍ ۝ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَمَا لَكُم
معاف کرتا رہتا ہے اور وہ یہ کہ تم زمین میں عاجز کرنیوالے نہیں ہو (کہ خدا کو عاجز کرسکو) اور (اللہ کے سوا) نہ تمہارا
مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ
کوئی سرپرست ہے اور نہ کوئی مددگار اور اسی کی نشانیوں میں سے سمندر
فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ۝ إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ
میں پہاڑ جیسے جہاز ہیں۔ اگر وہ چاہے تو ہوا کو تھما دے تو وہ جہاز اس کی سطح
رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
پر کھڑے (کے کھڑے) رہ جائیں یعنی اس میں ہر اس شخص کے لیے جو صبر و شکر کرنیوالا ہے نشانیاں
شَكُورٍ ۝ أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ۝ ربع
موجود ہیں۔ یا اگر وہ چاہے تو ان (کی سواریوں) کو بوجہ ان کے کرتوتوں کے ہلاک کر دے حالانکہ وہ بہت سی باتوں سے درگزر کرتا ہے
وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُم مِّن
اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں میں جھگڑتے رہتے ہیں یہ خوب جان جائیں کہ ان کے لیے کوئی چھٹکارا
مَّحِيصٍ ۝ فَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا
نہیں ہے۔ پس جو چیز بھی تم کو دیگئی ہے یہ تو زندگانی دنیا کا سرمایہ ہے
وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ
اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کہیں بہتر اور کہیں زیادہ پائدار ہے (اگر آپ) کہیں (تو) ایمان لانیوالوں
يَتَوَكَّلُونَ ۝ وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَ
پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اور جو بڑے گناہوں سے اور بےحیائی کی باتوں سے بچتے رہتے
الْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ۝ وَالَّذِينَ
ہیں اور جب انکو غصہ آجاتا ہے تو وہ بخش دیتے ہیں اور جو اپنے

احادیث میں بکثرت ہیں۔ ۱۲۰

اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى
پروردگار کا حکم مانتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور آپکا معاملہ باہمی مشورہ سے (طے) ہوتا ہے

بَيْنَهُمْ ۪ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ
اور جو کچھ ہم نے انکو دیا ہے اسکا ایک حصہ (ہماری راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیں۔ اور جو ایسے ہیں کہ جب ان سے

الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ
بغاوت کی جاتی ہے تو وہ بدلہ لیتے ہیں۔ اور برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہو سکتا ہے

مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ
پھر جو معاف کر دے اور اصلاح کرلے تو اسکا اجر اللہ کے ذمہ ہے بیشک وہ ظلم

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ
کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور جو بدلہ ظلم سہنے کے بعد لے بس وہی تو ایسے

فَاُولٰۗىِٕكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۭ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَي
ہیں جن پر (انتقامی) کوئی راہ نہیں۔ سوائے اسکے نہیں ہے کہ ایسی راہ تو اُس پر

الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ
(کھلی) ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں (ناحق) بغاوت کرتے

الْحَقِّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَمَنْ صَبَرَ
ہیں وہی لوگ ہیں جن کے لیے دکھ دینے والا عذاب (مہیا) ہے۔ اور البتہ جو صبر کرے اور

وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ
بخشدے تو اس میں شک نہیں کہ یہ معاملات کی بڑی میں داخل ہے۔ اور جس کو اللہ (توفیق ہدایت سے) بے

فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا
تو اسکے بعد اسکا کارساز کوئی نہ ہوگا اور ظالموں کو تم دیکھو گے کہ جس وقت وہ عذاب

الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ وَتَرٰىهُمْ
کو دیکھیں گے تو یہ کہیں گے کہ آیا (دنیا کی طرف) لوٹ جانیکی (بھی) کوئی سبیل ہے؟ اور تم ان کو دیکھو گے کہ

ع ۴ ۵

يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ
وہ دوزخ کے سامنے لائے جائینگے اس حال میں کہ ذلت کے مارے جھکے ہوئے ہونگے اور (چوری چھپی)
طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ
نظروں سے دیکھتے جاتے ہونگے اور جو لوگ ایمان لے آئے ہیں وہ یہ کہتے ہونگے کہ حقیقی نقصان میں تو وہ لوگ ہیں
الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ
جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو بھی نقصان میں ڈالا اور اپنے عزیزوں کو بھی (اگاہ رہو کہ)
اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ
ظالم دوامی عذاب میں رہینگے۔ اور اللہ کے سوا انکے لیے کوئی ایسا
اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ
اور کارساز نہ ہونگے جو اُن کی نصرت کریں اور جس سے خدا (بوجہ) ہدایت سلب کرلے
فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
اسکے لیے کوئی (ہدایت وبخات کی) راہ نہیں۔ قبل اس کے کہ وہ دن آئے جسکا ٹلنا خدا کی طرف سے مقدر نہیں تم
يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ
اپنے پروردگار کا حکم مانو اُس دن نہ تو تمہارے لیے کوئی جائے پناہ
يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ۝ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ
ہو گی اور نہ (اُس دن) تمہارا کوئی انکار چل سکیگا۔ اس پر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو ہمنے
اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ وَ
تم کو انکا محافظ بناکر نہیں بھیجا تمہارے ذمے صرف پہنچا دینا ہے اور
اِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ
ہم جب انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اُسے خوش ہوتا ہے اور اگر اُن کو
تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ
انہی کی کرتوت کی بدولت کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو انسان (اسکے بارے میں) بڑا ہی ناشکرا

لہ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ۔ تفسیر ثانی میں چونکہ اس آیت کے پہلے جملہ کو تو اذا سے شروع کیا ہے اور دوسرے کو ان

كَفُورٌ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ

ہو چاہتا ہے آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کے لیے (مسلم) ہے وہ جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝

جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے عنایت فرماتا ہے

اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ۚ

یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں جوڑواں دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا

بیشک وہ صاحب علم اور صاحب قدرت ہے۔ اور کسی بشر کی یہ مجال نہیں کہ اللہ اس سے بات کرے سوائے اسکے کہ

اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ

وحی کے ذریعے سے ہو یا پس پردہ سے یا کسی رسول کو بھیجے پھر جو چاہے اپنے حکم سے اسکو وحی

مَا يَشَآءُ ۚ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

بھیجے بیشک وہ بلند مرتبہ (اور) حکمت والا ہے اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے روح (الامین) کو

رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۚ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

تمہاری طرف وحی کی (کہ) تم نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ یہ کہ (تعلیم الٰہی کی) چیز کیا

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ

فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ۝ وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ

میں ڈال دیا جس (کی حالت) یہ تھی کہ وہ (خود) اپنے آپ ہی کو برا لگتا تھا۔ اور (اسی طرح واقعہ) قوم عاد میں (نشانی ہے) جبکہ ہم نے ان پر

الْعَقِيْمَ ۝ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ

منحوس ہوا بھیجی کہ جس چیز پر وہ آتی تھی اس کو ذرا کے بغیر چھوڑتی

كَالرَّمِيْمِ ۝ وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ۝

تھی۔ اور (واقعہ ثمود میں بھی نشانی ہے) جبکہ ان سے یہ کہا گیا کہ ایک مدت (معینہ تک نفع اٹھا لو)

فَتَوَلَّوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ
پھر انہوں (پیغمبر) پروردگار کے حکم سے سرکشی کی تو ان کے دیکھتے (دیکھتے) ان کو ایک کڑک نے

يَنْظُرُوْنَ ۝ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا
آلیا پھر نہ تو وہ کھڑے ہی ہو سکے اور نہ بدلا

مُنْتَصِرِيْنَ ۝ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا
لے سکے اور نوح کی قوم کو اس سے پہلے ہی (ہم نشانی بنا چکے تھے) یقیناً وہ لوگ

فٰسِقِيْنَ ۝ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝
نافرمان تھے۔ اور آسمان کو ہم نے ہی اپنے دست قدرت سے بنایا ہے اور ہم ہی اسکو وسعت دیے والے ہیں۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ
اور زمین کو ہم نے ہی بچھایا ہے پس ہم کیسے اچھے بچھانے والے ہم ہی ہیں۔ اور ہر چیز کو ہم ہی نے

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ
جوڑا جوڑا بنایا تاکہ تم یاد رکھو۔ سو تم اللہ ہی کی طرف بھاگ چلو

اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا
میں بیشک تمہارے لیے اسی کی طرف سے کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ اور اللہ کے ساتھ تم اور خدا نہ بناؤ

اٰخَرَ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ
یقیناً میں تمہارے لئے اسی کی طرف سے کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ اسی طرح ان لوگوں کے پاس جو ان سے

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝
پہلے تھے ایک رسول بھی ایسا نہیں آیا جس کی نسبت انہوں نے یہ نہ کہدیا ہو کہ یہ جادوگر ہے یا مجنون ہے۔

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ
کیا وہ (اس قول) کی ایک دوسرے کو وصیت کر گئے ہیں بات یہ کہ وہ لوگ ہی سرکش۔ اب تم ان سے منہ پھیر لو

فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ۝ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ
کہ تم پر کوئی ملامت نہیں ہے۔ اور نصیحت کیے جاؤ کہ نصیحت مومنوں کو یقیناً

الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ○
نیچ دیگی۔ اور میں نے جنوں کو اور آدمیوں کو نہیں پیدا کیا مگر اس لیے کہ میری عبادت کیا کریں۔
مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ○
میں اُن سے کوئی روزی نہیں چاہتا اور نہ میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کچھ کھلا دیا کریں۔
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ○ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ
بیشک اللہ وہی تو بڑا روزی دینے والا قوت والا (اور) زبردست ہے۔ پس بیشک اُن لوگوں کے لیے
ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ○
ہمنوں نافرمانی کی کو ویسا ہی بڑا بھرا ہوا ہے (یعنی اُتنا ہی عذاب جیسا کہ اُنکے (پہلے) ہم قبیلہ لوگوں کو ہو چکا ہے) ہم قبیلہ لوگوں کو جو سا عذاب
فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝
پھر اُنکے واسطے کافر ہیں اُن لوگوں کے لیے جو اُس دن کا جس دن کا اُنسے وعدہ کیا جاتا ہے ویل ہے۔

سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
وَالطُّوْرِ ○ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ○ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ○
قسم ہے طور کی۔ اور پھیلی ہوئی جلد میں لکھی ہوئی کتاب کی
وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ○ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ○ وَالْبَحْرِ
اور بیت المعمور کی اور بلند کی ہوئی چھت کی اور بھرے ہوئے
الْمَسْجُوْرِ ○ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ○ مَّا لَهٗ مِنْ
سمندر کی یقیناً تمہارے پروردگار کا عذاب واقع ہونیوالا ہے جسکا کوئی دفع کرنیوالا
دَافِعٍ ○ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ○ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ

نہ ہوگا جس دن کہ آسمان بڑے زور سے ہلنے لگیگا اور پہاڑ اپنی جگہ سے حرکت کرنے

سَيْرًا ۝ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

ڈانوا ہو جائینگے تو اُس دن جھٹلانیوالوں کے لیے جو باتوں میں بڑے کھیل کرتے

خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۝ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝

ہیں ویل ہوگا اور جس دن اُن کو آتش جہنم کی طرف دھکے پر دھکے دیے جائینگے (اور جھٹلایا جائیگا کہ)

هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ

یہ آگ وہی ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اب (بتلاؤ) آیا یہ جادو ہے یا تم کو

اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ۝ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا

سوجھتی ہی نہیں؟ اب تم اس میں گھس جاؤ خواہ تم برداشت کرو یا برداشت کرو

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

تمہارے لیے یکساں ہے۔ جو عمل تم کیا کرتے تھے صرف اُسی کا بدلا تم کو دیا جاتا ہے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ۝ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ

بیشک پرہیزگار لوگ بہشتوں میں اور نعمتوں میں ہونگے جو (جو) کچھ اُن کے پروردگار نے اُنکو دیا ہوگا اُسکی لذتیں

رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ كُلُوْا

پاتے ہونگے۔ اُنکا پروردگار اُن کو جہنم کے عذاب سے بچالیگا۔ (اور اُن سے یہ فرمایا جائیگا کہ) کھاؤ

وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ

تم کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں (خوب) کھاؤ پیو (تکلے) ہر بچھے ہوئے تختوں پر

مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

جنکے لگا کے بیٹھے ہونگے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں اُنکے ہم نکاح میں کردینگے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

اور اُن کی اولاد نے ایمان میں اُنکی پیروی کی اُن کی اولاد کو (بھی) ہم اُن کے ساتھ ملا دینگے

وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا

اور اُنکے اعمال (نیک) میں سے کچھ (بھی) کم نہ کرینگے۔ ہر شخص اپنے کیے (کی جواب دہی) میں

وقف لازم

ع ۲

كَسَبَ رَهِينٌ ۝ وَأَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ
گرفتار ہوگا۔ اور ہم اُن کو میووں سے اور گوشت سے (جو) کھاویں

مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَأْسًا لَّا لَغْوٌ
چاہیں گے۔ مدد دیں گے۔ جنت میں وہ آپس میں ایسے پیالے کی چھین جھپٹ کریں گے جس میں

فِيْهَا وَلَا تَأْثِيْمٌ ۝ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ
نہ کوئی لغویت ہوگی اور نہ کوئی گناہ۔ اور اُن کے وہ غلام جو پھرتے ہوں گے موتیوں کے مانند

لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ۝ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى
ہوں گے اُن کی خدمت میں چکر لگایا کریں گے۔ اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر

بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ أَهْلِنَا
وہ سوالات کیا کریں گے۔ (بعض) کہیں گے کہ اس سے پہلے ہم تو اپنے بال بچوں میں تھے اور

مُشْفِقِيْنَ ۝ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ
ڈرتے ہی رہتے تھے۔ پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہم کو جہنم کے عذاب سے

السَّمُوْمِ ۝ إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ إِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ
بچا لیا۔ ہم تو اس سے پہلے اُس سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ بیشک وہ بڑا نیکی کرنیوالا

الرَّحِيْمُ ۝ فَذَكِّرْ فَمَآ أَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا
(اور) مہربان ہے۔ پس (اے رسول) تم نصیحت کیے جاؤ تم اپنے پروردگار کے فضل سے نہ کاہن ہو اور نہ

مَجْنُوْنٍ ۝ أَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ
دیوانے۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ شاعر ہے جس کے بارے میں ہم زمانہ کی گردش کا انتظار

الْمَنُوْنِ ۝ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَإِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ۝
کرتے ہیں؟ تم کہدو کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں ہوں۔

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۝
کیا اُن کی عقلیں اُن کو ایسا ہی بتلاتی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں؟

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ فَلْيَأْتُوا
یا وہ یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اسکو اپنی سی بنا لیا ہے بات یہ ہے کہ وہ ایمان ہی نہیں رکھتے۔ پھر اگر وہ سچے ہیں تو

بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ۝ أَمْ خُلِقُوا مِن
وہ بھی) کوئی ایسی ہی بات بنا لائیں۔ کیا وہ بغیر کسی چیز کے خود پیدا

غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ ۝ أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ
ہو گئے ہیں یا وہ (اپنے آپ کو) پیدا کر بیٹھے ہیں؟ یا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا

وَالْأَرْضَ ۚ بَل لَّا يُوقِنُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ
کیا ہے؟ یہ بھی نہیں وہ یقین ہی نہیں رکھتے۔ کیا آپ کے پاس تمہارے پروردگار کے خزانے

أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ۝ أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ ۖ
یا وہ داروغہ ہیں؟ یا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے جسکو اوپر چڑھ کر وہ آسمان کی خبریں سن آتے

فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ
ایسا ہے تو ان کا سننے والا کوئی کھلی دلیل لے آئے۔ یا خدا کی بیٹیاں ہیں

وَلَكُمُ الْبَنُونَ ۝ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ
اور تمہارے بیٹے؟ یا تم ان سے کوئی مزدوری مانگتے ہو جسکے بوجھ سے وہ دبے جاتے

مُّثْقَلُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ۝ أَمْ
ہیں؟ یا ان کے پاس غیب کی خبریں ہیں جنکو وہ لکھتے جاتے ہیں؟ یا

يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ۝ أَمْ
وہ تم سے کوئی چال چلنے ہیں۔ پس جو لوگ کافر ہو گئے چال میں تو وہ خود ہی پھنس گئے ہیں۔ یا خدا کے

لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ وَإِن يَرَوْا
سوا انکا کوئی اور معبود ہے؟ جو شریک ٹھہراتے ہیں خدا بالا ہے اپنی ذات اُن سب سے منزہ ہے۔ اور اگر کوئی آسمان

كِسْفًا مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ۝ فَذَرْهُمْ
کا ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو یہ کہیں کہ یہ تو جما ہوا بادل ہے۔ سو تم اُن کو رہنے دو

حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ

یہاں تک کہ وہ دن اُنکے سامنے آئے جس دن وہ بیہوش کر دیے جائینگے۔ جس دن اُن کی چال ذرا بھی

عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ

اُن کے کام نہ آئیگی اور نہ اُنکی مدد کی جائیگی۔ اور بیشک اُن لوگوں کے

ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

واسطے جنہوں نے ظلم کیا اس کے علاوہ بھی عذاب ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے ہی نہیں۔

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

اور تم اپنے پروردگار کے حکم کے بارے میں صبر کرو کیونکہ تم ہماری حفاظت میں ہو اور جس وقت تم (نماز شب کیلئے) اٹھو اپنے

حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝

پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھا کرو۔ اور رات کے کسی حصہ میں بھی) اور ستاروں کے ڈوبتے وقت بھی کہ

سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِثْنَتَانِ وَسِتُّوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝

قسم ہے ستارے کی جس وقت کہ وہ اُترا تمہارا رفیق نہ بھٹکا ہے اور نہ بہکا۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝

اور وہ خواہش نفسانی سے کچھ نہیں کہتا۔ جو کچھ وہ کہتا ہے وہ نہیں ہے مگر وحی جو اُسکی طرف بھیجی جاتی ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ذُوْ مِرَّةٍ ۭ فَاسْتَوٰى ۝ وَهُوَ

اُسکو بڑی قوتوں والے اور بڑی عقل والے نے تعلیم کیا۔ پھر وہ کھڑا ہو گیا جس حال میں کہ وہ

بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝ فَكَانَ قَابَ

اونچے سے اونچے افق کے قریب تھا۔ پھر وہ اور قریب ہوا اور معلق ہو گیا۔ پھر دو کمان کا فاصلہ

ع ۱ ۲ ۱ ۲

الربع ۸

ابجد ۶۲ — کلمات ۳ — حروف ۱۳۶۵

قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهٖ مَا أَوْحٰى ۝ مَا

پانچ کم۔ پھر وہ نیچا اترا اپنے بندے کی طرف وحی فرمائی جو کچھ بھی وحی فرمائی۔ اس (رسول) نے

كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأٰى ۝ أَفَتُمٰرُونَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝

جو کچھ (آنکھ) نے دیکھا (دل نے اس میں) جھوٹ نہیں ملایا (آنکھ کو جو کچھ نظر آیا دل نے اس کو صحیح تسلیم کیا) تو کیا تم ان سے جو کچھ وہ دیکھتے ہیں

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً أُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝

حالانکہ انہوں (آنحضرت) نے ایک مرتبہ اور سدرۃ المنتہیٰ کے پاس بھی دیکھا تھا۔

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوٰى ۝ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝

جس کے پاس رہنے کی جنت بھی ہے۔ جس وقت کہ سدرہ پر جو کچھ بھی چھا رہا تھا چھا رہا تھا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ

نہ تو (رسول کی) نظر نے کجی کی اور نہ وہ حد سے بڑھ گئی۔ بیشک انہوں نے اپنے پروردگار کی نشانیوں میں سے بڑی بڑی نشانیوں کو

الْكُبْرٰى ۝ أَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۝ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ

دیکھا۔ کیا تم نے لات اور عزیٰ کو اور ایک اور تیسری منات کو

الْأُخْرٰى ۝ أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنْثٰى ۝ تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ

سے دیکھا؟ کیا تمہارے حصہ میں تو بیٹے آئیں اور خدا کے حصہ میں بیٹیاں؟ یہ تو بڑی بیجا تقسیم

ضِيزٰى ۝ إِنْ هِيَ إِلَّا أَسْمَاءٌ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَ

ہے! یہ تو نام ہی نام ہیں جو اُن کے تم نے اور تمہارے باپ دادا ؤں نے رکھ لیے

اٰبَاؤُكُمْ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ إِنْ يَتَّبِعُونَ

ہیں خدا نے تو اُسکے بارے میں کوئی سند اُتاری نہیں ہے۔ وہ تو نرے گمان کی اور جان

إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْأَنْفُسُ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ مِنْ

چیزوں کی پیروی کرتے ہیں جن کو اُن کے دل چاہتے ہیں حالانکہ اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی

رَبِّهِمُ الْهُدٰى ۝ أَمْ لِلْإِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ۝ فَلِلّٰهِ الْأٰخِرَةُ

جانب سے ہدایت آچکی ہے۔ کیا انسان جو خواہش کرتا ہے وہی بھلائی ہے؟ پس آخرت اور دنیا اللہ ہی

وَالْاُوْلٰى ۝ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ
کا اللہ ہی مالک ہے۔ اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں کہ اُن کی شفاعت
شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ
کچھ کام نہ آئیگی مگر بعد اِس کے کہ اللہ تعالےٰ جس کے لیے چاہے اجازت دیدے اور پسند بھی
وَيَرْضٰى ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ
فرمالے۔ بیشک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کے نام
الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ۝ وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ
عورتوں کے ایسے نام رکھتے ہیں۔ اور اِس بارے میں اُنکو علم خاک بھی نہیں ہے۔
اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ
وہ نری اٹکل پر چلتے ہیں۔ حالانکہ اٹکل حق کے مقابلے میں کچھ بھی کام نہیں دے سکتی۔
شَيْـًٔا ۝ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ
پس جس نے ہماری یاد سے منہ پھیر لیا ہے اور سوائے زندگانی دنیا کے اور کسی چیز کا خواہشمند
اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ
ہی نہیں ہوا اُس سے تم بھی اُس سے منہ پھیر لو۔ اِن کے علم کی انتہا اتنی ہی ہے۔ بیشک تمہارا
رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ
پروردگار اُس سے اچھی طرح واقف ہے جو اُسکی راہ سے بھٹک گیا ہے اور اُس سے بھی اچھا آگاہ ہے
اهْتَدٰى ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لِيَجْزِيَ
جسنے ہدایت پائی ہے۔ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ اللہ ہی کا ہے تاکہ وہ اُنکو
الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
جنہوں نے بدی کی ہے اُنکی کرتوت کی سزا دے اور اُنکو جنہوں نے نیکی کی ہے
بِالْحُسْنٰى ۝ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ
جزا دے۔ جو کبیرہ گناہوں سے اور بیحیائی کی باتوں سے اجتناب کرتے رہتے ہیں

ع ۱ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰ ۳۱ ۳۲ ۳۳ ۳۴ ۳۵ ۳۶ ۳۷ ۳۸ ۳۹ ۴۰ ۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵ ۴۶ ۴۷ ۴۸ ۴۹ ۵۰ ۵۱ ۵۲ ۵۳ ۵۴ ۵۵ ۵۶ ۵۷ ۵۸ ۵۹ ۶۰ ۶۱ ۶۲

إِلَّا اللَّمَمَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۚ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ
گر صغیرہ سے نہ کریں۔ بیشک تمہارا پروردگار تو بڑی بخشنے والا ہے۔ وہ تمہارے حال سے اُسوقت بھی خوب
أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ
واقف تھا جبکہ اُسنے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اُس وقت بھی جبکہ تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں
أُمَّهَاتِكُمْ ۖ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَىٰ ۝
بچے تھے۔ پس تم اپنے آپ کو پاکیزہ نہ ٹھہراؤ جو پرہیزگار ہے اُس سے خوب واقف ہے۔
أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ ۝ وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ ۝ أَعِندَهُ
آیا تم نے اُس شخص کو نہ دیکھا جس نے (حق سے) منہ پھیر لیا۔ اور تھوڑا خرچ کیا اور بالکل بند کر لیا۔ کیا علم غیب
عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ۝ أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ
اُس کے پاس ہے کہ وہ (اسے) دیکھ لیتا ہے۔ یا اُسکو اُسکی خبر نہیں دی گئی جو کچھ موسےٰ کے صحیفوں
مُوسَىٰ ۝ وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ ۝ أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ
میں ہے اور ابراہیم کے جنہوں نے (حق اطاعت) پورا (پورا) ادا کر دیا تھا (یعنی) یہ کہ کوئی بوجھ اُٹھانیوالا دوسرے کا
أُخْرَىٰ ۝ وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ ۝ وَأَنَّ
بوجھ نہ اُٹھائیگا۔ اور یہ کہ انسان کے لیے کچھ (بھی) نہیں ہے مگر وہ جسکی اُسنے کوشش کی ہو۔ اور یہ کہ اُسکی
سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَىٰ ۝ ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ ۝ وَأَنَّ
کوشش عنقریب دیکھی جائیگی۔ پھر اُس کو اُسکا بدلا پورا پورا دیا جائیگا اور یہ کہ
إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنتَهَىٰ ۝ وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَىٰ ۝ وَأَنَّهُ
انتہا تمہارے پروردگار ہی کی حضور میں ہوگی۔ اور یہ کہ اُسی نے ہنسایا اور رُلایا۔ اور یہ کہ
هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا ۝ وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ
اُسی نے مارا اور جلایا۔ اور یہ کہ نطفے سے جب وہ (رحم میں) پہنچایا گیا اُسی نے
وَالْأُنثَىٰ ۝ مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ ۝ وَأَنَّ عَلَيْهِ
دونو قسمیں نر و مادہ پیدا کیے۔ اور یہ کہ دوبارہ پیدا کرنا

ع ۲

الجزء ۲۷

الشِّعْرٰى ۝ وَاَنَّهٗٓ اَهْلَكَ عَادَا ِۨلْاُوْلٰى ۝ وَثَمُوْدَا

اُسی کے ذمے ہے۔ اور یہ کہ اُسی نے مالدار اور صاحب ثروت بنایا۔ اور یہ کہ وہی زستارہ

شعرے کا مالک ہے۔ اور یہ کہ اُسی نے پہلے عاد کو ہلاک کیا اور ثمود کو اس طرح

فَمَآ اَبْقٰى ۝ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ

کرکسی کو باقی نہ چھوڑا۔ اور نوح کی قوم کو (اُن سے) پہلے ہی کہ یقیناً وہ بڑے ظالم اور بڑے

وَاَطْغٰى ۝ وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ۝ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ۝ فَبِاَيِّ

سرکش تھے۔ اور اُلٹی ہوئی بستیوں کو اُسی نے دے پٹخا۔ پھر اُن پر گری پڑی چھا گئی۔ پس اپنے پروردگار

اٰلَاۗءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ۝ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ۝

کی کون کونسی نعمتوں میں شک کرتے ہو؟ یہ تو پہلے ڈرانیوالوں میں سے ایک ڈرانیوالا ہے۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ۝ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ۝

آنیوالی قریب آپہنچی۔ اللہ کے سوا اُس کا ٹالنے والا کوئی نہیں ہے۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا

کیا تم اِس بات سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے

تَبْكُوْنَ ۝ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝ ع

نہیں۔ اور تم کھیل کود میں لگے ہوئے ہو؟ پس خدا کو واسطے سجدہ کرو اور اُسی کی عبادت کرو

سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ وَاِنْ يَّرَوْا

قیامت نزدیک آگئی اور چاند شق ہوگیا۔ اور اگر یہ لوگ کوئی معجزہ (بھی)

اٰيَةً يَّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا
دیکھیں تو اعراض کرتے اور کہتے ہیں کہ یہ تو ہمیشہ کا جادو ہے۔ اور انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں
اَهْوَآءَهُمْ ۭ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝ وَلَقَدْ جَاۗءَهُمْ مِّنَ
کی پیروی کی اور ہر کام اپنا ٹھکانا پہنچنے والا ہے۔ اور ان کے پاس بیشتر ایسی خبریں پہنچی
الْاَنْۢبَاۗءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ ۡ فَمَا تُغْنِ
ہیں جن میں (کافی) روکنا تھا۔ (اور) انتہا درجہ کی دانائی (بھی) پھر (ان) ڈراؤنی چیزوں کچھ کام
النُّذُرُ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝
نہیں دیتیں۔ اب تم ان سے منہ پھیر لو جس دن بلانیوالا ان کو مکروہ چیز کی طرف بلائیگا۔
خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ
آنکھیں ان کی جھکی ہوئی ہونگی قبروں سے اس طرح نکلیں گے گویا وہ پھیلی ہوئی ٹڈیاں
مُّنْتَشِرٌ ۝ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ۭ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ
ہیں۔ بلانیوالے کی طرف تیز تیز جا رہے ہونگے (اور) کافر یہ کہتے ہونگے کہ
هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا
یہ دن تو بڑا ہی سخت ہے۔ ان سے پہلے نوح کی قوم نے جھٹلایا تھا پس انہوں نے ہمارے
عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ
بندے کی تکذیب کی تھی اور یہ کہا تھا کہ یہ تو دیوانہ اور مخبوط ہے۔ پس انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ میں
مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَاۗءِ بِمَاۗءٍ
مغلوب ہو گیا اب تو انتقام لے لے۔ پس ہم نے موسلا دھار پانی کے ساتھ آسمان کے دروازے
مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَاۗءُ عَلٰٓى
کھول دیئے اور ہم نے زمین کو پھاڑ کر چشمے ہی چشمے کر دیئے پس اس امر کے موجب جو پہلے مقرر کر دیا گیا
اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰي ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝
تھا آسمان کا پانی سے (زمین کا) پانی مل گیا اور ہم اس (نوح) کو تختوں اور کیلوں والی (زمین کشتی) پر سوار کئے۔

ع ۱

تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِّمَن كَانَ كُفِرَ ۝ وَلَقَد
جو ہماری حفاظت میں چلتی رہی (یہ) معاوضہ اس شخص کی خاطر کیا گیا تھا جسکی قدر ناشناسی کی گئی اور بیشک ہے

تَّرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ
اسکو ایک نشانی بنا کر چھوڑا پس کوئی نصیحت پکڑنیوالا ہے؟ پھر میرا عذاب اور میری

عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
دھمکی کیسی رہی؟ اور بیشک ہم نے نصیحت حاصل کرنیکے لیے اس قرآن کو آسان کر دیا تو آیا

مِن مُّدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَ
کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ (قوم) عاد نے بھی جھٹلایا تھا تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا

نُذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ
رہا؟ بیشک ہے ان پر دائمی نحوس دن میں

نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝ تَنزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ
بھیجا۔ جو آدمیوں کو اس طرح کراتا تھا گویا وہ کھجور کے تنے جڑ سے اکھڑے

مُّنقَعِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا
پڑے ہیں۔ پھر میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا رہا؟ اور ہے نصیحت حاصل کرنیکو

الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ ثَمُودُ
اس قرآن کو ضرور آسان کیا ہے پس کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ (قوم) ثمود نے بھی ڈرانیوالی نشانیوں

بِالنُّذُرِ ۝ فَقَالُوا أَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ إِنَّا إِذًا
کو جھٹلایا تھا۔ سو انہوں نے یہ کہا تھا کہ کیا ہم اپنے ہی میں سے ایک اکیلے آدمی کی پیروی کریں کہ اس صورت

لَّفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ۝ أَءُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِن بَيْنِنَا
میں ہم ضرور گمراہی میں اور پاگل پن میں ہونگے۔ کیا ہم میں سے وہی اس پر اتارا گیا ہے

بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ۝ سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَّنِ
بلکہ وہ جھوٹا شیخی خورہ ہے۔ یہ تو وہ کل ہی جان لینگے کہ

الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ۝ إِنَّا مُرْسِلُو النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

جھٹی خورہ کون ہے؟ ہم اُن کی آزمائش کے لیے ایک سانڈنی بھیجنے والے ہیں

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ۝ وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ

پس اُنکے گراں رہو اور برداشت کرو۔ اور اُنکو خبر دیدو کہ اُنکے (اور اُسکی) کا مہین پانی تقسیم ہو گیا ہے تو

بَيْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ

ہر ایک (فریق اپنی اپنی) باری پر حاضر ہو۔ پھر اُنہوں نے اپنے رفیق کو پکارا پھر اُسنے ہاتھ چلایا پھر اُسکی کوچیں

فَعَقَرَ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا

کاٹ دیں۔ پھر میرا عذاب اور میرا ڈراوا کیسا رہا؟ یقیناً ہم نے اُن پر ایک چیخ

عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ۝ وَلَقَدْ

بھیجی پھر وہ روندے ہوئے خشک جمع شدہ بھوسے کے مانند ہو گئے اور ہم نے

يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ قَوْمُ

نصیحت حاصل کرنیکے لیے اس قرآن کو یقیناً آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت پکڑنیوالا ہے؟ لوط کی قوم نے بھی

لُوطٍ بِالنُّذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ

ڈرانیوالی باتوں کو جھٹلایا۔ یقیناً ہم نے اُنپر پتھراؤ بھیجا (اور) لوط کے گھر کے

لُوطٍ نَّجَّيْنَاهُم بِسَحَرٍ ۝ نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا كَذَٰلِكَ

کیا اُنکو ہم نے سحری کے وقت نجات دیدی۔ یہ ہماری طرف سے ایک احسان تھا اور جو شکر گزار ہوتا ہے

نَجْزِي مَن شَكَرَ ۝ وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا

ہم اُسکو ایسا ہی عوض دیا کرتے ہیں۔ اور لوط نے ضرور اُنکو ہماری گرفت سے ڈرایا تھا پھر اُنہوں نے ڈرانے میں

بِالنُّذُرِ ۝ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا

شک کیا۔ اور اُنہوں نے ضرور اُن کے مہمانوں سے ارادۂ بد کیا پھر ہم نے اُن کے دیدے

أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ صَبَّحَهُم

پونچھ کر دیئے (اور کہہ دیا کہ لو) اب میرے عذاب اور میرے ڈراوے کا مزہ چکھو۔ اور ضرور صبح ہی صبح اُن کو

منزل ۷

اور ایک روایت کی یوجب چھوٹی چھوٹی ٹکڑیاں بس اور اُنکے منہ پر ماریں جس سے اُنکے چہرے بگڑ گئے اور اُس شہر کے کُل ہنوز والا نہ ہو چکا

بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ۝ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝
ایک بارگی عذاب نے آپکڑا۔ (پھر ان سے کہا گیا کہ لو) اب میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ چکھو

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝ وَلَقَدْ
اور ہم نے نصیحت کے لیے اس قرآن کو ضرور آسان کر دیا ہے تو کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ اور فرعون

جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ۝ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا
والوں کے پاس ڈرانیوالے ضرور آئے (تو سہی) انہوں نے ہماری کل نشانیوں کو جھٹلایا

فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ
تو ہمیشہ کی نگوں سار والا اور لاجواب اکہ زبردست صاحب قدرت کے (اکر کر) لے ڈالا کرتا ہے۔ (اے گروہ قریش) آیا تمہارے کفار ان

مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ
(مذکورہ بالا امتوں) سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے کتابوں میں چھٹکارا لکھا گیا ہے؟ یا یہ کہتے ہیں کہ ہم

نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ۝ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ
بدلا لینے والے گروہ ہیں۔ عنقریب یہ گروہ ہزیمت دیا جائیگا اور پیٹھ

الدُّبُرَ ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَ
دکھائینگے۔ بات یہ ہے کہ قیامت انکے وعدے کا دن ہے اور قیامت بڑی ہی سخت اور بڑی ہی

اَمَرُّ ۝ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۝ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ
تلخ چیز ہے۔ بیشک گناہگار (یہاں تو) گمراہی میں ہیں اور (وہاں) بھڑکتی آگ میں (ہونگے)۔ جسدن کہ وہ آگ میں

فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ۝ اِنَّا
اپنے چہروں کے بل گھسیٹے جائینگے (اور اُن سے یہ کہا جائیگا) کہ (جہنم کے چھونے کا) مزہ چکھو۔ بیشک ہم نے

كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ۝ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ
ہر ایک چیز کو ایک اندازے سے پیدا کیا ہے۔ اور ہمارا حکم نہیں ہے مگر جیسے ایک پلک کا

بِالْبَصَرِ ۝ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝
جھپک جانا۔ اور ہم تمہارے ہمسروں کو ضرور ہلاک کر چکے ہیں پس ہے بھی کوئی نصیحت پانیوالا؟

ع ۲ ۱۸ ۹

ع ۱۹ ۱۰

میں ہیں، اور مجرم میں وہی ہیں جو

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ۝ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ
اور ہر کام جو انہوں نے کیا نامۂ اعمال میں (موجود) ہے اور ہر چھوٹا اور بڑا (عمل)
مُّسْتَطَرٌ ۝ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَّنَهَرٍ ۝ فِي
لکھا ہوا ہے ۝ بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں میں اور نہروں میں ذی اقتدار
مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ ع ۱۵ ۱۰
بادشاہ کے پاس خوشنودی کی جگہ میں ہوں گے۔

سُورَةُ الرَّحْمٰنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ وَسَبْعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
الرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْآنَ ۝ خَلَقَ الْإِنسَانَ ۝ عَلَّمَهُ
(خدائے) رحمٰن نے قرآن (مجید) تعلیم فرمایا۔ اُسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اور اُسی نے اسکو
الْبَيَانَ ۝ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ
بیان (کرنا) سکھایا۔ سورج اور چاند (مقرر) حساب پر (چلتے) ہیں۔ اور بیل اور درخت دونو
يَسْجُدَانِ ۝ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ ۝ أَلَّا
سجدے میں ہیں۔ اور آسمان کو اُس نے بلند کیا اور میزان کو (بیچ) رکھا تاکہ تم
تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ۝ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا
میزان کے بارے میں سرکشی نہ کرو۔ اور انصاف سے وزن کو ٹھیک (ٹھیک) کہا جائے اور میزان کو
الْمِيزَانَ ۝ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ۝ فِيهَا فَاكِهَةٌ
نقصان نہ پہنچاؤ۔ اور زمین کو اُس نے لوگوں کے لیے بنایا ہے جس میں میوے بھی ہیں
وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝
اور پھلی دار کھجور کے درخت (بھی) اور بھوسے والا دانہ اور خوشبودار پھول ہیں۔

آیاتها ۷۸ کلماتها ۳۵۱ حروفها ۱۶۲۵ ۷۰

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ
پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اُسی نے انسان کو ٹھیکرے جیسی کھنکھناتی مٹی سے
كَالْفَخَّارِ ۝ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ فَبِاَیِّ
پیدا کیا۔ اور اُسی نے جنوں کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا پھر تم دونوں
اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۝
اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ دونوں مشرقوں کا مالک ہے اور دونوں مغربوں کا مالک ہے۔
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝
پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اُس نے دو دریا بہا دیے وہ باہم ملتے ہیں (اور)
بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝
اُن دونوں کے مابین ایک پردہ ہے کہ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کر سکتا۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟
يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
اُن دونوں سے موتی اور مونگا برآمد ہوتا ہے۔ پس تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں
تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَـَٔاتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝
جھٹلاؤ گے؟ اور سمندر میں پہاڑوں کے مانند اونچے اونچے جہاز اُسی کے ہیں۔
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّ
پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ہر شخص جو زمین پر ہے فنا ہونے والا ہے۔ اور
يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ
تمہارے پروردگار کی ذات صاحب جلال و عزت باقی رہے گی۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ جو جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اُسی سے مانگتے رہتے ہیں۔
كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝
وہ ہر روز ایک نئی حالت میں ہے۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

الجزء ۲۷ ع ۱۱

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اے دو بوجھ! ہم عنقریب تمہارے حساب کیلئے فارغ ہو جائیں گے۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

جھٹلاؤ گے؟ اے گروہ جن وانس اگر تم سے ہو سکتا ہے کہ تم آسمانوں کے اور زمین

تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ

کے کناروں سے نکل جاؤ نو نکل جاؤ۔

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

حالانکہ بغیر غلبہ (بالے) تم نکل نہ سکو گے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝

تم دونو پر آگ کی لپٹ اور بھبھوکا بھیجا جائیگا پس تم دونو روک نہ سکو گے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ پھر جب آسمان پھٹیگا اور

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

پس سرخ نرمی کی طرح لال ہو جائیگا۔ تو تم دونو اپنی پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ

پھر اُس دن نہ تو انسان سے اُسکے گناہوں کی بابت پوچھا جائیگا اور نہ جن سے۔ پھر تم دونو

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ گناہگار اپنی (ظاہری) علامتوں سے پہچان لیے جائینگے

فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پھر اگلی چوٹی سے گرفتار کیے جائینگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝

جھٹلاؤ گے؟ (کہا جائیگا کہ) وہ جہنم ہے گناہگار جسکو جھٹلایا کرتے تھے

يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

یہی ہے پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا
(اسکھولتے اُسکے اور کھولتے پانی کے مابین پڑے پھر رہے ہیں۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبَانِ ۝ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ
جھٹلاؤ گے؟ اور جو اپنے پروردگار کی حضور میں کھڑے ہونے سے ڈرا اُسکے لیے دو باغ ہیں۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا
کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ طرح طرح کی نعمتوں والے۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبَانِ ۝ فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝
جھٹلاؤ گے؟ اِن دونوں میں دو چشمے بہتے ہیں۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝
ان دونوں میں ہر میوہ دو دو قسم کا ہوگا۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ۚ وَجَنَا
دو اپنے فرشوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہونگے جن کے استر ریشمی ہونگے اور میوے ان دونوں

الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ فِيهِنَّ
باغوں کے جھکے ہوئے ہونگے۔ پھر تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اِن جنتوں میں

قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ۝
(غیر سے بچا کر اپنے شوہروں پر) نظر کی روکنے والی حوریں ہونگی جنہیں اِن سے پہلے کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ ۝
پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ گویا وہ یاقوت اور مونگا ہیں۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا
پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ کیا نیکی کا بدلہ سوائے نیکی کے کچھ اور

الْإِحْسَانُ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ وَمِن دُونِهِمَا
ہوسکتا ہے؟ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اور ان دونوں کے علاوہ دو باغ

ع ۲

جَنَّتَيْنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مُدْهَامَّتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ

اور ہرے۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ دو دو بہتے چشمے (ہوں گے) پھر تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں میں دو چشمے اُبلتے ہوں گے۔ پھر تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں میں میوے اور خرمے اور انار ہوں گے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۝

پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان جنتوں میں نیک سیرت اور خوبصورت عورتیں ہوں گی۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ

پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ (یعنی حوریں جو خیموں میں چھپی ہوئی

فِي الْخِيَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ لَمْ

ہوں گی۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ جن کو

يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ان سے پہلے کسی آدمی نے چھوا ہے اور نہ کسی جن نے۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (وہ جنتی) سبز قالینوں اور خوبصورت نفیس قالینوں پر

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

تمہارے صاحب عزت و جلالت پروردگار کا نام بڑا بابرکت ہے۔

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً

ع ۳ ۱۳ ۳۲ ۳۳ ۳۴ ۳۵ ۳۶ ۳۷ ۳۸ ۳۹ ۴۰ ۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵ ۴۶ ۴۷ ۴۸ ۴۹ ۵۰ ۵۱ ۵۲ ۵۳ ۵۴ ۵۵ ۵۶ ۵۷ ۵۸ ۵۹ ۶۰ ۶۱ ۶۲ ۶۳ ۶۴ ۶۵ ۶۶ ۶۷ ۶۸ ۶۹ ۷۰ ۷۱ ۷۲ ۷۳ ۷۴ ۷۵ ۷۶ ۷۷ ۷۸

الجزء ۲۷

یا ایھا ۲۹ کلما ۳۸۲ ذکر حاقا ۲۹ حم ۲۴۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

رکوع ۱ نظم

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝

جب قیامت واقع ہو جائے جس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں۔

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۝ وَّ

(وہ ہیبت کر دینے والی ہوگی اور بلند کر دینے والی (یعنی ہیبت نے ایسی بلائی جائیگی جیسا کہ بلند (بلانا) کا حق ہے اور پست (ایسی گرائی

بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝ وَّكُنْتُمْ

دبائی جائیگی جیسا کہ گرانا (دبانا) کا حق ہے) پھر وہ پھیلا ہوا غبار ہو جائیگے اور تم

اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

تین گروہ ہو جاؤ گے پس دائیں طرف والے کیا (کہنے) دائیں طرف

الْمَيْمَنَةِ ۝ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝

والوں کے۔ اور بائیں طرف والے بھوٹ کے نصیب بائیں طرف والوں کے۔

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ فِيْ

اور آگے بڑھنے والے وہ تو آگے ہی بڑھنے والے ہیں۔ نعمت والی جنتوں میں مقرب بارگاہ تو

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَقَلِيْلٌ مِّنَ

وہی ہیں۔ یہ پہلوں میں سے بہت سے ہیں۔ اور پچھلوں میں سے

الْاٰخِرِيْنَ ۝ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۝ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا

تھوڑے سے۔ سونے کے بُنے ہوئے بڑا دُختوں پر آمنے سامنے تکیے لگائے بیٹھے

مُتَقٰبِلِيْنَ ۝ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۝

ہوئے۔ ہمیشہ رہنے والے لڑکے گلاس اور لٹکیاں اور ایسی شراب کے

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۝ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝ لَّا يُصَدَّعُوْنَ

جام لئے ہوئے اُن کے پاس آئے جائے رہیگے۔ جس سے نہ تو کبھی درد سر ہوگا

محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ میں سبقت کر جانے۔ وہ جناب علی مرتضےٰ علیہ السلام ہیں۔ ۱۲ ۵ وَلِدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۔ تفسیر مجمع البیان میں ہے

عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ ۝ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ۝ وَ
اور نہ اُنکے ہوش وحواس کم ہونگے۔ اور پھل وہ لائینگے جن کو یہ پسند کریں۔ اور
لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ۝ وَحُورٌ عِينٌ ۝ كَأَمْثَالِ
پرندوں کا گوشت جسکا یہ جی چاہے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں ایسی جیسے
اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ۝ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ لَا يَسْمَعُونَ
موتی ہوتے ہیں جو نیک عمل یہ کیا کرتے تھے یہ اُسکا عوض ہوگا۔ سوائے سلام اور سلام کے کہ
فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ۝ إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ۝ وَأَصْحَابُ
وہ جنت میں نہ کوئی لغو بات سنینگے اور نہ کوئی گناہ کی بات اور داہنے
الْيَمِينِ ۝ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ ۝ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ۝ وَطَلْحٍ
ہاتھ والے کیا کہنے داہنے ہاتھ والوں کے وہ بیر کانٹوں کی جھلی ہوئی پریوں میں ہونگے اور تہ بہ
مَّنضُودٍ ۝ وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝ وَمَاءٍ مَّسْكُوبٍ ۝ وَفَاكِهَةٍ
لبوں میں اور پھیلے ہوئے سائے میں اور بہتے ہوئے پانی میں اور بہت سے
كَثِيرَةٍ ۝ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ۝ وَفُرُشٍ
میوے میں جو نہ ختم ہوگا اور نہ روکا جائیگا۔ اور اونچے اونچے فرشوں پر ہونگے (لوگوں کی)
مَّرْفُوعَةٍ ۝ إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً ۝ فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ۝
جن اُن کو بیٹھنے اُٹھنے کا بالکل نیا پیدا کیا ہے۔ پھر ہم نے اُن کو کنواریاں
عُرُبًا أَتْرَابًا ۝ لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ۝
دلنواز یاں اور ہمسن خاصکر داہنے ہاتھ والوں کے لیے تیار دیا ہے۔ یہ بہت سے اگلوں میں سے ہونگے
وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ۝ وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ ۝ مَا أَصْحَابُ
اور بہت سے پچھلوں میں سے ہونگے۔ اور بائیں ہاتھ والے کیا بُری گت ہوگی بائیں ہاتھ
الشِّمَالِ ۝ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ۝ وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ۝ لَّا

ع ۱ ۱۲

الجزء ۲۷

بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝
ٹھنڈا ہوگا اور نہ نفع بخش۔ بیشک وہ اس سے پہلے بڑی آسائش میں تھے۔

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۝
اور بڑے بڑے گناہوں پر اصرار کیا کرتے تھے اور یہ کہا کرتے تھے کہ

اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝
کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر اٹھائے جائیں گے؟

اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝
کیا ہمارے پہلے باپ دادا اٹھائے جائیں گے؟ تم یہ کہدو کہ پہلے اور پچھلے

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا
ایک مقررہ دن کے معین وقت پر ضرور جمع کر دیے جائیں گے۔ پھر تم اے گمراہو!

الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ۝ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۝
اے جھٹلانے والو! تھوہڑ کے درخت میں سے کھانے والے ہو اور

فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ۝
اسی سے پیٹ بھرنے والے ہو گے۔ پھر اس کے اوپر سے کھولتا پانی پینے والے

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۝ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝
اور پیاسے اونٹوں کی سی طرح پینے والے ہو گے۔ جزا کے سزا کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی۔

نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝
ہم نے تم کو پیدا کیا ہے پھر تم کیوں نہیں تصدیق کرتے؟ کیا تم نے غور کیا کہ جو منی تم (رحم میں) پہنچاتے ہو

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ
کیا تم اس سے آدمی کو پیدا کرتے ہو یا ہم پیدا کرنے والے ہیں؟ ہم نے ہی تمہارے مابین موت کو

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَ
مقرر کر دیا ہے اور ہم اس میں عاجز نہیں ہیں کہ تمہارے بدلے میں تم جیسے اور بنا دیں اور

ع ۲

نُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى

تم کو اس حالت میں پیدا کردیں جسے تم نہیں جانتے۔ اور پہلی پیدائش کو تو تم پتیجا سمجھ گئے ہو

فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ

پھر اسکو کیوں نہیں یاد رکھتے؟ آیا تم نے اس میں بھی غور کیا کہ جو بیج تم بوتے ہو۔ کیا تم اس کو

تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا

اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں؟ اگر ہم چاہتے تو اس کو چورا چورا کر دیتے

فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ۝ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝

پھر تم باتیں ہی بناتے رہ جاتے کہ ہم پر تو ڈنڈ پڑ گیا۔ بلکہ ہم (تو) بدنصیب لوگ ہیں۔

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ

آیا تم نے اس پانی کے بارے میں بھی غور کیا جسے تم پیتے ہو؟ کیا تم نے اسکو بادلوں سے

الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا

اتارا ہے یا ہم اتارنے والے ہیں؟ اگر ہم چاہتے تو اس کو کڑوا کھاری کر دیتے پھر تم

تَشْكُرُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ

کیوں نہیں (اسکا) شکر ادا کرتے؟ آیا تم نے اس آگ کے بارے میں بھی غور کیا جسے تم سلگاتے ہو۔ کیا اسکے (پیدا کرنے) درخت

شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ

کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا کرنے والے ہیں؟ ہم نے اسکو (دوزخ کی) یاد دہانی اور جنگل کے راہ گیروں کی

مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝ فَلَآ

بے نفع کی چیز قرار دیا ہے۔ پس (اے رسول) اپنے عظمت والے خدا کے نام کی تسبیح کیا کرو بس تم ہے

اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ

ستاروں کے گرنے کی جگہ کی اور اگر تم سمجھو تو یہ قسم بہت ہی بڑی

عَظِيْمٌ ۝ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۝

ہے۔ بیشک نفع دینے والا قرآن (کریم) ضرور باشکوہ نوشتہ میں ہے۔

لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
جسکو سوائے اُن لوگوں کے جو پاک کر دیئے گئے ہیں کوئی چھو نہیں سکتا۔ تمام مخلوق کے پروردگار کی طرف سے اُتارا ہوا ہے

اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ
کیا تم اسی بات سے تعلق کاہلی کرتے ہو؟ اور اپنی روزی کا شکر یہ اسی بات کو

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝
قرار دیتے ہو کہ جھٹلایا کرو۔ پھر اُس وقت تمہارا قابو کہاں نہیں چلتا جبکہ جان حلق تک آپہنچتی ہے

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ
اور تم اُس وقت بڑے بڑے دیکھا کرتے ہو۔ اور ہم اُس (موت) کی نسبت تم سے زیادہ قریب ہیں

وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝
لیکن تم کو سوجھتا ہی نہیں۔ پھر اگر تم کسی کے ماتحت نہیں ہو

تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ
تو اگر تم سچے ہو تو اُس (جان) کو لوٹا کیوں نہیں لاتے؟ پس اگر وہ مقربانِ بارگاہ

الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝ وَاَمَّآ اِنْ
سے ہے تو (اُسی کے لیے) راحت اور خوشبو ہے اور نعمت والی جنت ہے اور اگر وہ

كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝
داہنی طرف والوں میں سے ہے تو داہنی طرف والوں سے تمہارے لیے سلامتی ہی سلامتی ہے

وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۝ فَنُزُلٌ مِّنْ
اور اگر وہ جھٹلانے والے (اور) گمراہوں میں سے ہے تو کھولتے پانی کی مہمانی

حَمِيْمٍ ۝ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ
ہے اور جہنم میں جانا ہے (جو کچھ بیان کیا گیا) یہ ضرور سچی سچی یقینی خبر

الْيَقِيْنِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝
ہے پس (اے رسول) تم اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی تسبیح پڑھو۔

الجزء ٢٧ | الحاقة ١ | ع ١٩ | ثلثة ع ٢

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

آسمانوں میں اور زمین میں (جو) کچھ ہے وہ خدا کی پاکی بیان کرتا ہے اور خدا غالب (اور) حکمت والا ہے

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى

آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت اُسی کی ہے وہی جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اور وہی ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ

(پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ وہی اوّل ہے اور وہی آخر اور وہی غالب ہے اور وہی مخفی سے آگاہ

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اور وہی ہر چیز کا جاننے والا ہے وہ وہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي

میں پیدا کیا پھر عرش پر (اسکا حکم) غالب آیا۔ وہ اسکو بھی خوب جانتا ہے جو چیز

الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ

زمین میں داخل ہوتی ہے اور اسکو بھی جو اُس سے نکلتی ہے اور آسمان سے اُترتا ہے اور اسکو بھی جو اُس

فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ

آسمان میں چڑھ جاتا ہے اور جہاں کہیں تم ہوتے ہو وہ تمہارے ساتھ (ساتھ) ہے اور جو عمل تم کرتے ہو اللہ اُس کا دیکھنے والا ہے

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ

آسمانوں کا اور زمین کا اختیار اُسی کو ہے اور کل معاملات کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ

وہ رات کو دن میں داخل کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے۔ اور دلوں کے

عَلِيمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا

مال کا جاننے والا وہی ہے۔ تم اللہ پر اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور (اُس کی راہ میں)

مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ

چیزوں میں اُس نے تمکو جانشیں بنایا ہے۔ اُنکا (ایک حصہ) (اسکی راہ میں) خرچ کرو۔ پس جو لوگ تم میں سے ایمان لائے

وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

اور (انھوں نے) (اسکی راہ میں) خرچ کیا اُنکے لیے بڑا اجر ہے۔ اور تمھیں کیا ہوا کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے

وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ

حالانکہ رسول تمکو (دعوت دیتے) ہیں کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ اور اگر تم ماننے والے ہو (تو یہ اشتباہ کی)

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰي عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ

تمکو اسی کی بابت بخوبی قطع ہو جائے۔ وہ (اللہ) وہی ہے جو اپنے بندے پر صاف صاف نشانیاں نازل کرتا

بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ

ہے تاکہ تمکو (کفر کی) تاریکی سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لائے۔ اور بیشک اللہ تمہارے بارے میں

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ

بڑا مہربان (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور تمھیں ہو کیا گیا ہے کہ تم راہ خدا میں کوئی چیز خرچ نہیں کرتے حالانکہ

مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ

آسمانوں کی اور زمین کی وراثت اللہ ہی کی ہے۔ تم میں سے جنہوں نے فتح (مکہ) سے پہلے (راہ خدا میں) خرچ کیا

مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ

اور جہاد کیا وہ برابر نہیں ہو سکتا۔ ایسے لوگ اُن سے جنہوں نے بعد فتح خرچ کیا اور جہاد کیا

اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ۭ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ

درجہ میں کہیں بڑھے ہوئے ہیں۔ اور اللہ نے اجر نیک کا وعدہ تو سبھی سے کیا ہے اور اللہ کو

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا ع ۱۷

تمکو کرتے ہوئے اُس سے خوب واقفیت ہے۔ وہ کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ

حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ

دے کہ خدا اسے کئی حصے زیادہ کر دے اور اسکو بڑا صلہ عنایت فرمائے۔ جس دن تم مومن مردوں اور

وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ

مومن عورتوں کو دیکھو کہ انکا نور انکے آگے اور انکے داہنے ہاتھ روشنا ہوتا ہے (اُنسے کہا جائیگا کہ) آج تمہارے

الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ

خوشخبری ہے یعنی وہ بہشتیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ تم اُن میں (ہمیشہ) ہمیشہ رہو گے۔ یہی تو

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ

وہ بڑی کامیابی ہے۔ اُس دن منافق مرد اور منافق عورتیں ایمان لانیوالوں سے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا

یہ کہینگے کہ ذرا ہمارا (بھی) انتظار کرو کہ تو ہم (بھی) تمہارے نور سے فائدہ اٹھالیں۔ کہا جائیگا کہ تم پیچھے (اپنے) گھر

وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ

اور کو لوٹ جاؤ اور نور ڈھونڈو تو پھر اُن (مومنین و منافقین) کے بیچ میں ایک دیوار کھڑی کر دی جائیگی جسمیں ایک دروازہ ہوگا۔

بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ

اُسکے اندر کی طرف تو اُس میں رحمت ہوگی اور اُس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا۔

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ

وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہینگے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ جواب دینگے کہ ہاں تھے لیکن تمنے اپنے آپکو

پاک ہے زبردست ہے (اور) حکمت والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے سے کے رہنے والوں میں

الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ

ایک رسول انہی میں سے مبعوث فرمایا جو انکو خدا کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور (کفر و بد باطنی سے)

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ

کو پاک کرتا ہے اور انکو قرآن اور شریعت کی تعلیم دیتا ہے۔ گو اس سے پہلے

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا

کھلی گمراہی میں تھے۔ اور انہی میں سے دوسروں کے لیے بھی (مبعوث فرمایا ہے) جو

بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ

ابھی اُنسے نہیں ملے ہیں۔ اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ یہ تو اللہ کا فضل ہے کہ جسے چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ مَثَلُ الَّذِيْنَ

عنایت فرماتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔ جن لوگوں کی مثال جن پر

حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ
توریت کے علم دعمل کا بار ڈالا گیا تھا پھر انہوں نے اسکا بار نہ اٹھایا اس گدھے کی سی مثال ہو جو کتابیں
اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ
اٹھائے ہوئے ہو۔ ان لوگوں کی حالت جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا ہو کیا ہی بری ہے
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اور اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔ تم یہ کہدو کہ اے وہ لوگو! جو
هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ
یہودی ہوگئے ہو اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ تم ہی خدا کے دوست ہو نہ اور لوگ تو اگر تم
فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ
(اپنے اس گمان میں) سچے ہو تو موت کی آرزو کرو۔ اور جو اعمال اپنے ہاتھ سے آگے
اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝
آگے بھیج چکے ہیں ان کی وجہ سے یہ موت کی تمنا کبھی نہ کریں گے۔ اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے۔
قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ
تم یہ کہدو کہ وہی موت جس سے تم بھاگتے ہو تم سے ضرور ملاقات کرنیوالی ہے
ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا
پھر تم کھلی اور چھپی کے جاننے والے کی حضور میں پیش کیے جاؤ گے پھر جو عمل تم کیا کرتے تھے
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ ع ١١
اس وہ تمکو آگاہ کر دیگا۔ اے ایمان لانیوالو! جب تمکو جمعہ کے دن نماز (جمعہ) کیلئے
لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا
پکارا جائے تو تم خدا کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور لین دین چھوڑ دو۔
الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ فَاِذَا
اگر تم علم رکھتے ہو تو یہ تمہارے لیے سب سے بہتر ہے۔ پھر جب

قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ
نماز تم ہو جائے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور خدا کے فضل کے
فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝
خواستگار رہو اور اللہ کو زیادہ یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ
وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ
اور انہوں نے جب کوئی سودا گری یا کھیل کود کی بات دیکھی تو وہ (بیت ورثہ) اسکی طرف دوڑ گئے اور
قَآئِمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ
اور تم کو (نماز پڑھتے) چھوڑ گئے (اے پیغمبر) تم یہ کہدو کہ جو (ثواب) اللہ کے پاس ہے وہ اس کھیل کود اور اس سوداگری سے
التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝
بہت بہتر ہے۔ اور اللہ سب روزی دینے والوں سے بہتر (روزی دینے والا) ہے۔

سورۃ المنفقون مدنیۃ وھی احدی عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
(رحمٰن و رحیم) خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ
جس وقت منافق تمہارے پاس آتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ تم ضرور اللہ کے رسول ہو
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
اور اللہ بھی یہ جانتا ہے کہ تم بیشک اسکے رسول ہو۔ اور اللہ یہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق ضرور
لَكٰذِبُوْنَ ۝ اتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ
جھوٹے ہیں۔ انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو سپر بنا لیا پس لوگوں کو راہ خدا سے
سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ
روکا۔ بیشک جو عمل یہ کرتے ہیں وہ بہت ہی برا ہے۔ یہ اس لیے

ع ۳ ۱۳

الجزء ۲۸

رکوعاتھا ۲ کلماتھا ۱۸۰ حروفھا ۷۶

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝
کہ وہ ایمان لائے اور پھر کافر ہوگئے اب انکے دلوں پر چھاپا لگا دیا گیا تو وہ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ
اور جب تم انکو دیکھو تو انکا ڈیل ڈول تمکو اچھا معلوم ہوگا۔ اور اگر وہ باتیں کریں تو تم انکی باتیں

لِقَوْلِهِمْ ۭ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ
سُنو گے۔ (مگر یہ علم وعقل سے ایسے خالی ہیں) گویا وہ لکڑیاں ہیں جنکو دیوار کے سہارے کھڑا کر دیا ہو۔ ہر چیخ کو یہ

عَلَيْهِمْ ۭ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝
سمجھتے ہیں کہ انہی پر پڑی ہے۔ وہ دشمن ہیں سو انسے بچتے رہو۔ خدا انکو غارت کرے۔ کدھر بہکے جاتے ہیں؟

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا
جس وقت اُن سے یہ کہا جاتا ہے کہ آؤ رسولِ خدا تمہارے لیے دعائے مغفرت کریں تو وہ اپنے سر ہلا

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝
پھیر لیتے ہیں۔ اور تم انکو دیکھو گے کہ وہ متکبرانہ انداز سے منہ بھی پھیر لیتے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۭ
انکے لیے برابر ہے خواہ تم انکے حق میں دعائے مغفرت مانگو یا انکے حق میں دعائے مغفرت نہ مانگو

لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝
اللہ انکو ہرگز نہ بخشیگا۔ بیشک اللہ بدکار لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰي مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
یہ وہی تو ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا کے پاس جو لوگ ہیں انپر اپنا پیسہ خرچ نہ کرو

حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ۭ وَلِلّٰهِ خَزَاۗىِٕنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ
تاکہ وہ بھاگ جائیں۔ حالانکہ آسمانوں کے اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن

الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَ لَىِٕنْ رَّجَعْنَآ اِلَى
منافق (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ پلٹ کر گئے تو

الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ ۚ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَ
جو زیادہ عزت دار ہے وہ مدینہ سے زیادہ ذلیل کو ضرور باہر نکال دیگا۔ حالانکہ حقیقی عزت اللہ
لِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَٰكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝
کیلئے اور اسکے رسول کی اور مومنین کی۔ لیکن منافق (اتنا بھی) نہیں جانتے۔
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ
اے ایمان لانیوالو! تم کو تمہارے مال خدا کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں اور نہ
عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝
تمہاری اولاد۔ اور جو ایسا کرینگے وہی تو نقصان اٹھانیوالے ہیں۔
وَأَنْفِقُوا مِنْ مَا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ
اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا ہے اُس میں سے کچھ (ہماری راہ میں) خرچ کرو قبل اسکے کہ تم میں سے کسی کو موت
الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ
آجائے پھر وہ یہ عرض کرے کہ اے میرے پروردگار! تو مجھے تھوڑی سی مہلت اور کیوں نہ دی کہ میں
فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ وَلَنْ يُؤَخِّرَ اللَّهُ
تصدق کرتا اور میں نیک بندوں میں سے ہو جاتا۔ اور اللہ تعالےٰ کسی نفس کو ہرگز ہرگز
نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝
اجل آجانیکی ہرگز مہلت نہ دیگا۔ اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے خبردار ہے۔

سورۃ التغابن مدنیۃ وھی ثمان عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
آسمانوں میں جو چیز ہے وہ اور زمین میں جو چیز ہے وہ اللہ ہی کی تسبیح کرتی ہے بادشاہت اُسی کی ہے اور ہر طرح کی

الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ

تعریف اُسی کی (زیبا) ہے اور وہی ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ وہی (خدا) ہے جس نے تمہیں پیدا کیا تو تم میں کوئی تو

كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيرٌ ۝ خَلَقَ

کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔ اُس (خدا) نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

کو اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور صفو صورت بخلاف دیگر جانوروں کے تمہاری صورتیں بھی اچھی بنائی ہیں

وَاِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ

اور بازگشت اُسی کی طرف ہونیوالی ہے۔ وہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اُسکو بھی جانتا ہے اور زمین میں جو کچھ ہے اُسکو بھی۔ اور

مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

جو کچھ تم چھپاتے ہو اُسکو بھی جانتا ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اُسکو بھی۔ اور اللہ دلوں کے حالات سے آگاہ ہے

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ

کیا تمہارے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو پہلے سے کافر ہو چکے تھے۔ کہ اُنہوں نے اپنے کئے کی سزا کا مزہ (یہاں

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيمٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

بھی) چکھا اور (وہاں بھی) اُنکے لئے دردناک عذاب ہے۔ یہ اس وجہ سے کہ اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۫ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى

آئے تھے تو وہ یہ کہتے تھے کیا آدمی ہم کو ہدایت کرینگے؟ پس اُنہوں نے انکار کیا اور روگرداں ہوئے اور

اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا

اللہ (بھی) کسی کی پروا نہ کی۔ اور اللہ بےپروا (اور) قابل تعریف ہے۔ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کیا ہے کہ وہ

قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

ہرگز زندہ نہ کئے جائینگے۔ تم کہدو کہ کیوں نہیں میرے پروردگار کی قسم تم ضرور زندہ کئے جاؤ گے پھر جو کچھ تم کر چکے ہو اُسکی بابت ضرور تمکو آگاہ کیا جائیگا۔ اور

يَسِيْرٌ ۝ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ

یہ بات خدا کیلئے آسان ہے۔ پھر اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور اُس نور پر جسکو ہم نے نازل کیا ہے ایمان لاؤ۔ اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَٰلِكَ يَوْمُ
جو تم کرتے ہو اس سے آگاہ ہے جب وہ قیامت کے دن تم کو جمع کریگا یہی تو ہار جیت کا دن
التَّغَابُنِ ۗ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ
ہے اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اور نیک عمل کریگا تو اللہ اسکی بدیوں کو اس سے
وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ
دور کردیگا اور اسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں آن میں ہمیشہ (رہینگے) ابد
ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ
یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو لوگ کافر ہوگئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی دوزخ والے
أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ مَا أَصَابَ
ہیں جس میں ہمیشہ رہینگے اور وہ بری جگہ ہے۔ (اور) جو آفت بھی (کسی پر) آتی ہے (وہ) خدا کے
مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ ۚ
کئی حکم سے (ہی) پہنچتی ہے۔ اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اللہ اسکے دل کو ہدایت کریگا۔
وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ۚ
اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے۔ اور تم اللہ کا اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔
فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ
پھر اگر تم روگردان ہو جاؤ تو ہمارے رسول پر تو صرف پیغام کا کھول کر پہنچا دینا واجب ہے۔ خدا وہی ہے جسکے
إِلَّا هُوَ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
سوا کوئی معبود نہیں۔ اور مومنوں کو لازم ہے کہ خدا ہی پر توکل کیا کریں۔ اے ایمان لانیوالو!
آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ ۚ
یقیناً تمہاری بیبیوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے حق میں دشمن ہیں پس انسے بچتے رہو
وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝
اور اگر معاف کردو گے اور درگزر کرو گے اور بخشدو گے تو (جان لو) اللہ بڑا بخشنے والا (اور) مہربان ہے

الا علیا نایسے مخص کریکہ اپنے ساتھ قبیل کرے اور صلہ رحم کو کام میں لائے۔ چنانچہ فرمایا کہ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝
سوائے اِسکے نہیں کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد (تمہارے لئے) آزمائش ہیں (یہ نہ سمجھو کہ اِن کی بدولت) اللہ کے ہاں بہت بڑا ثواب ہے

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا
پس جہاں تک تم سے بن پڑے اللہ سے ڈرو اور (اُسکی نصیحت) سنو اور (اُسکے احکام) مانو اور اپنی (اور اپنی ذات کی بہتری کے) مال (میں سے) خرچ کرو۔ اور جو شخص اپنی نفس کی تنگی سے بچا لیا گیا پس وہی تو (پوری پوری) فلاح

خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ
پانیوالے ہیں۔

الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَ
اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو وہ اُسکو تمہارے لیے دوچند کر دیگا اور

يَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ
تمہارے گناہ بخشدیگا۔ اور اللہ بڑا قدردان (اور) بڑا بردبار ہے۔ غیب اور حاضر کا

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
جاننے والا زبردست (اور) صاحب حکمت ہے۔

ع ۱۲

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ
اے نبی جب (کبھی) عورتوں کو طلاق دو تو اُنکے عہدہ کے (صحیح) زمانہ سے (پاک ہونے کے وقت طلاق دو)

اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ
اور عدت کا شمار رکھو۔ اور اللہ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو۔ نہ تم اُنکو اُنکے گھروں سے

بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَ
نکالو اور نہ وہ خود نکلیں سوائے اسکے کہ اُنہوں نے کوئی کھلی بےحیائی کی ہو۔ اور یہ خدا کی

تلک حدود اللہ ومن یتعد حدود اللہ فقد ظلم نفسہ لا تدری لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا ۱۲

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ
(مقرر کردہ) حدیں ہیں۔ اور جو خدا کی (مقرر کردہ) حدوں سے تجاوز کرے تو اسی نے اپنے اوپر (بڑا) ظلم کیا
لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝ فَاِذَا بَلَغْنَ
کوئی شخص نہیں جانتا کہ اس (طلقہ) کے بعد شاید خدا کوئی بات پیدا کر دے (اور طلاق ہو جائے) پھر جب وہ
اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّ
اپنی مدت بلوغ کو پہنچیں تو یا تم انہیں حسن سلوک کے ساتھ روک لو یا انہیں بطور طریق مفارقت کر دو اور
اَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ
(بوقت طلاق) اپنوں میں سے دو عادل گواہ کر لو اور (اے گواہو!) (سنہ خدا کیلئے سچی گواہی دینا) ان (باتوں) کی
يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ
انکو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو۔ اور جو شخص
يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا
اللہ سے ڈریگا خدا اسکے لیے (مشکلات سے) نکلنے کا کوئی راہ پیدا کر دیگا۔ اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائیگا جہاں سے
يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ
اسکو گمان بھی نہ ہو۔ اور جو اللہ پر بھروسہ کریگا تو اللہ ہی اس کے لیے کافی ہے۔ بیشک اللہ اپنا کام پورا کرنیوالا ہے۔
اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ
خدا نے ہر چیز کیلئے ایک اندازہ مقرر فرما دیا ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس
مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔيْ
ہو چکی ہوں اگر تم کو (انکے بارے میں) شک ہو تو انکا عدہ تین مہینے ہے اور ایسا ہی اُن کا جن کو
لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ
(ابھی) حیض نہیں آیا (یعنی) اور حمل والیوں کا عدہ یہ ہے کہ اُن کا وضع حمل ہو جائے
وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ
اور جو اللہ سے ڈریگا تو اللہ تعالیٰ اس کے (ہر) کام میں آسانی پیدا کر دیگا۔ یہ اللہ کا حکم ہے

ع ۱

أَنزَلَ لَكُمْ ذِكْرًا ۝ رَّسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَمَن يُؤْمِنْ بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۖ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝

انزل لکم ذکرا ۝ رسولا یتلو علیکم ایٰت اللہ مبینٰت لیخرج الذین اٰمنوا وعملوا الصٰلحٰت من الظلمٰت الی النور ۚ ومن یؤمن باللہ ویعمل صالحا یدخلہ جنٰت تجری من تحتہا الانہٰر خٰلدین فیہا ابدا ۖ قد احسن اللہ لہ رزقا ۝ اللہ الذی خلق سبع سمٰوٰت ومن الارض مثلہن ۖ یتنزل الامر بینہن لتعلموا ان اللہ علی کل شیء قدیر ۙ وان اللہ قد احاط بکل شیء علما ۝

جو تمہارے سمجھنے کو تمہارے پاس بھیجا ہے۔ اور جو اللہ سے ڈریگا اللہ اسکی بدیاں اُس کو دور کر دیگا اور اُسکے لیے اجر
کو بڑھا دیگا۔ مطلقہ عورتوں کو جسے الامکان وہیں رکھو جہاں تم رہتے ہو
اور تنگ کرنیکی غرض سے انہیں تکلیف نہ پہنچاؤ۔ اور اگر وہ
حاملہ ہوں تو جب تک انکا وضع حمل نہو جائے انہیں خرچ دیتے رہو۔ پھر اگر
وہ تمہارے لیے دودھ پلائیں تو انکی اجرت انکو دیتے رہو۔ اور آپس میں حسن سلوک سے
معاملہ کرو۔ اور طرفین سے تم میں کشمکش ہو تو مرد کی خاطر (یعنی کو) کوئی اور عورت دودھ پلائے۔ تنگ دست کو خدا کے
اپنی مقدور بھر خرچ کرے۔ اور جس کی روزی تنگ ہو تو اسکو لازم ہے کہ اللہ نے جو کچھ اسکو دیا ہے
جسکی مطابق خرچ کرے۔ اور اللہ کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا مگر اتنی ہی جتنا کہ اسکو عطا فرمایا ہے عنقریب
اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد فراخی عطا فرمائیگا۔ اور کتنی ہی بستیوں نے اپنے پروردگار اور اسکے رسولوں کے حکم
سے سرتابی کی پھر ہم نے بھی بڑی سختی سے انکا امتحان لیا اور بڑے عذاب بھی انکو دیئے
عذاب دیا۔ پھر انہوں نے اپنے کیے کی سزا کا مزہ چکھا اور انکو سماکا انجام نقصان ہی نقصان

ع ۱۲

خُسْرًا ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ
ہوا۔ اللہ نے انکے لیے سخت عذاب تیار فرمایا ہے پس اے صاحبان عقل اجو
يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝
ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔ یقیناً اللہ نے تمہاری طرف ذکر کو رسول بنا کر
رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ
بھیجا ہے جو تم کو خدا کی کھلی آیتیں پڑھکر سناتا ہے تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَ
لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں (کفر کی) تاریکیوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لائے۔ اور
مَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے اللہ تعالیٰ اسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ
جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ ہمیشہ ہمیشہ انمیں رہنے والے ہونگے۔ یقیناً اللہ نے ایسے شخص کو اچھے
لَهٗ رِزْقًا ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ
عمدہ رزق مہیا فرمایا ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سات آسمانوں کو پیدا کیا ہے اور انہی کے
الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۭ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ
برابر زمینوں کو۔ حکم خدا انہی میں سے ہوکر نازل ہوتا ہے۔
لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ
تاکہ تم یہ جان لو کہ اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ
قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝
(اپنے) علم سے ہر چیز کا ضرور احاطہ کرلیا ہے۔

سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً

آسمانوں اور زمینوں میں ہوتا ہوا اُترکر اُس کے پاس پہنچتا ہے۔ (دیکھو صفحہ ۸۳ - نوٹ نمبر ۲) ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع) کرتا ہوں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ

اے نبی! تو کیوں اللہ نے تمہارے لیے حلال قرار دیا تم اسکو کیوں حرام کرتے ہو؟ کیا تم اپنی بیبیوں کی خوشنودی

اَزْوَاجِكَ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ

چاہتے ہو؟ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ خدا تمہارے لئے تمہاری قسموں (کا کفارہ) مقرر

تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○

کر چکا ہے اور اللہ تمہارا مالک ہے۔ اور وہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ

اور جس وقت نبی نے اپنی کسی زوجہ سے ایک بات بطور راز کے کہی اور اس نے اس راز سے کسی اور کو آگاہ

بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۚ

کر دیا اور اللہ (نبی) نبی پر یہ حال ظاہر کر دیا تو نبی نے کچھ تو اسکا جتلا دیا اور کچھ حصہ سے چشم پوشی کی۔

بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ

پھر جس وقت نبی نے اس (عورت) کو اس سے مطلع کیا تو وہ کہنے لگی کہ آپکو اس کی خبر کس (نے دی)؟ فرمایا

نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ

مجھکو بڑا جاننے والے (اور) بڑی خبر رکھنے والے خدا نے خبر دی۔ اگر تم دونوں خدا کی طرف توبہ کرو (تو بہتر ہے) اس لئے کہ تمہارے دونوں کے

قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ

دل (سچی توبہ کی طرف) مائل ہو گئے ہیں۔ اور اگر دونو ہمارے رسول کے برخلاف ایک دوسرے کی پشت و پناہ بنو

وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَعْدَ

گے تو خدا اور جبرئیل اور صالح المومنین اسکے مددگار ہیں۔ اور (علاوہ) اسکے فرشتے

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ○ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ

بھی (اسکی مدد پر) ہیں۔ اگر وہ تم کو طلاق دیدے تو قریب ہے کہ اسکا پروردگار بدلے میں اسکو

أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ
ایسی ازواج دے سے جو تم سے بہتر ہوں فرمانبرداری کرنیوالیاں۔ ایمان والیاں۔ اطاعت کرنیوالیاں
تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا ۝ يَا أَيُّهَا
توبہ کرنیوالیاں عبادت کرنیوالیاں روزہ رکھنیوالیاں شوہر دیدہ اور کنواریاں۔ اے
الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا
ایمان لانیوالو! اپنے آپ کو اور اپنے بال بچوں کو اُس آگ سے بچاؤ جسکا ایندھن
النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُونَ
آدمی ہیں اور پتھر اُس پر ضابط تند خو اور سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں جو خدا تعالےٰ کی
اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
کسی بات میں جسکا وہ اُنکو حکم دیتا ہے نافرمانی نہیں کرتے اور جس بات کا اُنکو حکم دیا جاتا ہے وہی بجالاتے ہیں۔ اے
كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ
وہ لوگو جو کافر ہوگئے ہو آج تم کوئی عذر نہ کرو۔ سو اسکے نہیں کہ جو عمل تم کیا کرتے تھے اُسی کا بدلہ
ع ۱۹ تَعْمَلُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً
دیا جاتا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! خدا کی حضور میں اچھی طرح توبہ کرو
نَّصُوحًا عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ
خالص ہے کہ تمہارا پروردگار تم سے تمہاری بُرائیوں کو دور کردے
وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي
اور تم کو اُس دن جبکہ پیغمبر کو اور جو لوگ اُسکے ساتھ ایمان لائے ہیں رسوا نہ کریگا۔ انکا نور اُن کے آگے اور
اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۖ نُورُهُمْ يَسْعَىٰ بَيْنَ
داہنی طرف چلتا ہوگا اور وہ یہ کہتے ہوئے کہ اے ہمارے پروردگار ہمارا نور ہمارے لئے پورا کردے
أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا

وَاغْفِرْ لَنَا ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ

اور ہمارے گناہ بخشدے۔ بیشک تو ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی

جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ

کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور اُن پر سختی کرو۔ اور اُنکا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ

جہنم ہے۔ اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہو گئے ہیں

كَفَرُوا امْرَأَتَ نُوحٍ وَامْرَأَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ

نوح کی زوجہ کی اور لوط کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے۔ کہ یہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو

مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ

نیک بندوں کی ماتحت تھیں پھر اِن دونوں زنان دونوں کی حق میں خیانت کی پس وہ دونوں خدا کے عذاب

اللَّهِ شَيْئًا وَقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِينَ ۝ وَضَرَبَ

بچانے میں اِن دونوں کے کچھ بھی کام نہ آئی اور (انکو) دونوں کو یہ کہا جائیگا کہ تم بھی جانیوالوں کیساتھ جہنم میں چلی جاؤ۔ اور

اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ آمَنُوا امْرَأَتَ فِرْعَوْنَ إِذْ قَالَتْ

اللہ نے اُن لوگوں کی جو ایمان لاتے ہیں فرعون کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے کہ جس وقت اُسنے یہ عرض کی کہ

رَبِّ ابْنِ لِي عِندَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِن فِرْعَوْنَ

اے میرے پروردگار میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک مکان بنادے اور مجھ کو فرعون سے اور اُسکی بدکاری سے

وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

نجات دے اور مجھ کو ظالم لوگوں کی بلا سے چھٹکارا دے۔ اور عمران کی بیٹی مریم کی (مثل بیان کی ہے)

عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا وَ

جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی تھی پھر ہم نے اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونک دی تھی اور وہ اپنے

صَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِينَ ۝

پروردگار کے کلمات کی اور اُسکی کتابوں کی تصدیق کیا کرتی تھی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھی۔

ع ۲ ۵ ۱۲

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

برکت والا ہے وہ خدا جس کے قبضہ میں (تمام جہان کی) بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز (پوری پوری)

شَيْءٍ قَدِيْرُ ۝ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ

قدرت رکھنے والا ہے۔ ۲ جس نے موت کو بھی پیدا کیا اور حیات کو بھی تاکہ تم کو آزمائے کہ

اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝ الَّذِيْ

تم میں کون شخص عمل میں بہتر ہے۔ اور وہی زبردست (اور) بخشنے والا ہے۔ جس نے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ

سات آسمانوں کو تہ بر تہ پیدا کیا۔ تم (خدائے) رحمٰن کی پیدائی ہوئی چیزوں میں کوئی

مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ

اختلاف نہ پاؤ گے۔ پھر نظر ڈال کر دیکھو آیا تم کوئی خلل دیکھتے ہو؟ پھر

ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

بار بار نظر ڈالو وہ نظر تمہاری طرف تھک کر ذلیل ہو کر لوٹ آئیگی۔

وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ

اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے زینت دی ہے

وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

اور انکو شیطانوں کے لیے (پھینک کر) مار سکا کرنا قرار دیا ہے۔ اور انکے لیے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب

السَّعِيْرِ ۝ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۭ وَ

تیار کیا ہے۔ اور جن لوگوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا ہے انکے لیے جہنم کا عذاب ہے۔ اور

بِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ
وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہوگا۔ جس وقت وہ اس میں ڈالے جائینگے تو اسکی چیخ سنینگے
تَفُورُ ۝ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ
جوش مار رہی ہوگی۔ قریب ہوگا کہ وہ غصے کے مارے پھٹ پڑے۔ جب کوئی گروہ اس میں ڈالا جائیگا تو اس
سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۝ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا
سے اسکے داروغے پوچھینگے کہ کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا نہیں آیا تھا؟ وہ کہینگے ہاں ہمارے پاس ڈرانیوالا آیا تو تھا
نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي
پس ضرور آیا تھا۔ مگر ہم نے اسکو جھٹلا دیا تھا اور یہ کہدیا تھا کہ اللہ نے تو کوئی چیز بھی نہیں اتاری۔ تم تو بڑی بڑی
ضَلَالٍ كَبِيرٍ ۝ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ
گمراہی میں ہو۔ اور وہ یہ بھی کہینگے کہ اگر ہم سنتے اور سمجھ لیتے تو ہم جہنمیوں میں (داخل)
السَّعِيرِ ۝ فَاعْتَرَفُوا بِذَنبِهِمْ فَسُحْقًا لِّأَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝
نہ ہوتے۔ پس وہ اپنے گناہوں کا اقرار کرینگے۔ پس جہنمیوں کے لیے ضرور (اللہ کی رحمت سے) دوری ہے
إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ
بیشک وہ لوگ جو بغیر دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں انکے لیے گناہوں کی بخشش اور بڑا
كَبِيرٌ ۝ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ
اجر ہے۔ اور تم اپنی بات کو چھپاؤ یا اسے ظاہر کرو یقیناً وہ (ہر ایک) دلوں کے حال سے
الصُّدُورِ ۝ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝ هُوَ
واقف ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے حالانکہ وہ باریک بین اور خبردار ہے۔ وہ
الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا
وہی ہے جسنے زمین کو تمہارے لیے نرم کردیا ہے پس تم اس کے راستوں میں چلو پھرو
وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ۝ أَأَمِنتُم مَّن فِي
اور خدا تعالےٰ کے رزق میں سے کھاؤ (پیو) اور اسی کی طرف تم سب کو اٹھ کر جانا ہوگا۔ کیا تم اس سے خوف نہیں کرتے

السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۝ اَمْ
کہ وہ (فرشتوں کا گروہ) جو آسمان میں (رہتا) ہے تمکو زمین میں دھنسا دے اور وہ (زمین) یکایک جھولنے لگے یا
اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ
تم اس سے جو آسمان میں ہے (یہ) بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تم پر پتھراؤ کی بارش بھیجے۔
فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ
پھر تم جان ہی لوگے کہ میرا ڈرانا کیسا ہے؟ اور بیشک ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے
قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ
جھٹلایا تھا پس میرا ناخوش ہونا (عذاب نازل کرنا) کیسا رہا؟ کیا انہوں نے پرندوں کی طرف جو ان کے اوپر
صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ۛ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ
(آسمان میں) پر پھیلائے ہوئے ہیں اور (کبھی) اکٹھے (بھی) سمیٹ لیتے ہیں (سو) انہیں (بغیر) خدا (کی قدرت) کے کوئی اور نہیں روکتا وہ
شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ۝ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ
بیشک ہر چیز کو دیکھ رہا ہے (بھلا) یا کوئی شخص (جسکو تم سمجھتے ہو) تمہارا لشکر ہے جو (اس طرح) خدا (کے عذاب) کے سوا تمہاری مدد کرے؟ (کافر) محض
دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ
دھوکے میں ہیں۔ یا (ان میں) کوئی ایسا ہے جو
يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ؕ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝ اَفَمَنْ
تمہیں روزی دیوے اگر خدا تعالےٰ اپنا رزق روک لے؟ بات یہ ہے کہ سرکشی اور نفرت میں بہت ہی بڑھ گئے ہیں۔ بھلا وہ
يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ
زیادہ ہدایت پانے والا ہے جو اوندھا منہ کھل کر نہ چل رہا ہے یا وہ جو سیدھا (اور) صراط مستقیم پر چلا جا رہا
مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ
ہے۔ (تم) کہدو کہ وہی (خدا) جس نے تمکو پیدا کیا اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل
وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي
بنا دیے۔ (مگر) تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ (تم) کہدو کہ وہی (خدا) جس نے تمکو زمین میں

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ
پھیلا دیا ہے اور اسی کی حضور میں تم اٹھے پیچے جاؤ گے۔ اور لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (بتلاؤ) یہ وعدہ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاِنَّمَآ اَنَا
وقت کب آئیگا؟ (تم) کہدو کہ اسکا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ اور میں تو صاف صاف
نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ
ڈرانیوالا ہوں۔ مگر جب اسکو قریب آتا دیکھینگے تو ان لوگوں کا منہ جو کافر ہو گئے ہیں
كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ○ قُلْ
بگڑ جائیگا اور انسے کہا جائیگا کہ یہ وہی ہے جس کی تم خواہش کیا کرتے تھے۔ (تم) کہدو کہ
اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ
آیا تم نے سمجھے کہ اللہ مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں انکو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو
الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ
دردناک عذاب سے کون بچا لیگا؟ (تم) کہدو وہی (خدا کے) رحمن ہے ہم اسپر ایمان لائے ہیں اور اسی
تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ
پر ہمارا بھروسہ ہے کیا ہی سمجھ لوگے کہ کھلی گمراہی میں کون ہے؟ (تم) کہدو کہ بتاؤ تو سہی
اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ○
کہ اگر تمہارا پانی گہران میں چلا جائے تو چشمہ کا پانی تمہارے لئے کون لا سکیگا؟

سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

(رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں))

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ○ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ
نٓ۔ قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں۔ تم اپنے رب کی نعمت کے سبب دیوانے

بِمَجْنُونٍ ۝ وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ۝ وَإِنَّكَ

نہیں ہو۔ اور یقیناً تمہارے لیے ایسا اجر (مہیا) ہے جو منقطع ہونے والا نہیں ہے۔ اور بیشک تمہارا

لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ۝ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ۝ بِأَيِّيكُمُ

خلق بہت بڑھا ہوا ہے۔ سو عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور وہ بھی دیکھ لینگے کہ تم میں سے دیوانہ

الْمَفْتُونُ ۝ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ

کونسا ہے؟ بالیقین تمہارا پروردگار اُس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو اُسکی راہ سے بھٹک گیا ہے

وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ ۝ وَدُّوا لَوْ

اور اُن لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پانے والے ہیں۔ پس تم جھٹلانیوالوں کی بات نہ مانو۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ اگر تم

تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ۝ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ ۝ هَمَّازٍ

نرمی کرو تو وہ بھی نرم ہو جائیں۔ اور تم کسی ایسے شخص کی بات نہ مانو جو بہت قسمیں کھانیوالا ذلیل خصلت عیب جو

مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ۝ عُتُلٍّ بَعْدَ ذَٰلِكَ

چغل خور نیکی سے روکنے والا حد سے گزرجانیوالا گناہگار سنگدل

زَنِيمٍ ۝ أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ ۝ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا

حرامی بھی

قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝ سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ ۝ إِنَّا

ہیں وہ کہہ بیٹھا کہ یہ تو پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ عنقریب ہم اُسکی ناک پر ایک نشان لگا دینگے۔ بیشک ہمنے

بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا

اُنکی اسی طرح آزمائش کی ہے جیسے کہ ہمنے ایک باغ والوں کی آزمائش کی تھی جبکہ اُنہوں نے

مُصْبِحِينَ ۝ وَلَا يَسْتَثْنُونَ ۝ فَطَافَ عَلَيْهَا طَائِفٌ

قسم کھالی تھی کہ کل صبح ہم اس باغ کا پھل ضرور توڑینگے اور انشاءاللہ نہ کہا تھا پس اُس باغ پر تمہارے

مِّن رَّبِّكَ وَهُمْ نَائِمُونَ ۝ فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ ۝ فَتَنَادَوْا

پروردگار کی طرف سے ایک بلا پھر گئی اور وہ سو رہے تھے۔ پس وہ ایسا ہو گیا کہ اس میں پھل کاٹ لیا گیا ہو۔ پس صبح کے وقت

مُصْبِحِيْنَ ۝ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ۝
صبح کو سویرے ہی سویرے چلو۔ کہ اگر تم کو پھل لینے ہیں تو اپنے باغ کو سویرے ہی سویرے چلو۔

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۝ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ
پس وہ چلے اور مچھپے مچھپے یہ کہتے جاتے تھے کہ آج کوئی مسکین تمہارے پاس نہ آنے

مِّسْكِيْنٌ ۝ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا
پائے۔ اور انہوں نے (اپنے باغ میں پہنچکر) ایسی حالت میں صبح کی کہ وہ (صرف) روک تھام کی قدرت رکھتے تھے

لَضَآلُّوْنَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ
پھر جب انکو (اجڑا ہوا) دیکھا تو کہنے لگے کہ یقیناً ہم بھول کر (کسی اور باغ میں) آ گئے ہیں بلکہ (اب یہ پتہ لگا) ہم ہی بدنصیب (ان) میں سے جو بہرہ

لَكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝
تھا انہوں نے کہا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم خدا کی تسبیح کیوں نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار منزہ ہے بیشک

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا
ہم ہی ظالم ہیں۔ اب لگے ایک دوسرے کو ملامت کرنے (اور) یہ کہنے کہ ہائے خرابی ہماری

كُنَّا طٰغِيْنَ ۝ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا
ہم ہی حد سے بڑھ گئے تھے۔ قریب ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہمکو اس سے بہتر عطا فرمائے۔ یقیناً ہم

رٰغِبُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ
اپنے پروردگار ہی کی طرف رغبت کرنیوالے ہیں۔ عذاب یوں ہوا کرتا ہے۔ اور آخرت کا عذاب (اس سے) کہیں بڑھا ہوا ہے۔

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ
اگر یہ لوگ سمجھتے ہوتے۔ بیشک پرہیزگاروں کے لیے ان کے پروردگار کے پاس نعمت والی

النَّعِيْمِ ۝ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا لَكُمْ كَيْفَ
جنتیں ہیں۔ کیا ہم فرمانبرداروں کو گنہگاروں کی مانند کر دینگے۔ تمہیں ہو کیا گیا ہے؟ کیسے

تَحْكُمُوْنَ ۝ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ۝ اِنَّ لَكُمْ
فیصلے کرتے ہو؟ یا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو۔ کہ جو پسند کرو گے

فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ ۝ أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلَىٰ
وہ تمکو اُس میں ضرور ملیگا؟ یا تمہاری قسمیں ہمارے ذمے ہیں جو قیامت تک
يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُونَ ۝ سَلْهُمْ أَيُّهُم بِذَٰلِكَ
چلی جائینگی کہ جو کچھ تم حکم کروگے وہ ضرور تم کو ملیگا۔ ان کو دریافت کرو کہ ان میں سے اس کا
زَعِيمٌ ۝ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ فَلْيَأْتُوا بِشُرَكَائِهِمْ إِن
ضامن کون ہے؟ یا ان کے کچھ شریک ہیں۔ پھر اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شرکاء کو
كَانُوا صَادِقِينَ ۝ يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى
لے آئیں۔ جس دن پنڈلی کھولی جائیگی (یعنی سخت پریشانی اور بحر ہولناک کا دن ہوگا) اور لوگ
السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ
سجدہ کو بلائے جائینگے تو (سجدہ) نہ کرسکینگے۔ اُن کی آنکھیں بھی ہونگی اور ذلت اُن پر چھائی ہوئی
ذِلَّةٌ ۖ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ ۝
ہوگی۔ اور دنیا میں بھی یہ سجدے کو بلائے جاتے تھے جس حال میں کہ وہ تندرست تھے۔
فَذَرْنِي وَمَن يُكَذِّبُ بِهَٰذَا الْحَدِيثِ ۖ سَنَسْتَدْرِجُهُم
اب آپ مجھ پر اس بات کو چھوڑ دیجئے (کہ میں سمجھ لونگا) ہم آہستہ آہستہ عذاب کو اس طرح
مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ۝
قریب کرینگے کہ اُن کو خبر بھی نہ ہوگی۔ اور میں اُن کو ڈھیل دیتا رہونگا کہ میری تدبیر بھی بہت ہے
أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمُ
کیا تم اُن سے کوئی اُجرت مانگتے ہو کہ وہ تاوان کا مارا دبے ہوئے ہیں؟ یا اُن کے پاس
الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن
غیب کی خبریں ہیں جنکو وہ لکھ لیتے ہیں۔ اب تم اپنے پروردگار کے فیصلے کا انتظار میں صبر کرو اور مچھلی والے
كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ مَكْظُومٌ ۝ لَّوْلَا أَن تَدَارَكَهُ
(یعنی یونس) کی مانند نہ ہونا جبکہ انہوں نے غم و غصے کی حالت میں (خدا کو) پکارا تھا۔ اگر اُنکے پروردگار کی مہربانی

ع ۱۴

۱۸ الحاقة

نِّعْمَةً مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ۝ فَاجْتَبٰهُ
اُن کی خبر گیری نہ کرتی تو وہ بڑے حال سے چٹیل میدان میں پڑا ہوا ہوتا۔ مگر اُس پروردگار نے

رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اُسکو برگزیدہ کر لیا اور اُسکو نیک بندوں میں سے قرار دیا۔ قریب ہے کہ (جس وقت قرآن مجید کو سنیں

لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ
تو اپنی نظروں کے ڈریعے سے تمہیں پھسلا دیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ تو

اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝
دیوانہ ہے۔ حالانکہ وہ (قرآن) تمام عالموں کے لیے نصیحت ہے۔

سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْحَآقَّةُ ۝ مَا الْحَآقَّةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ۝
برحق ہونیوالی ہے۔ کیا چیز ہے وہ برحق ہونیوالی اور تم کیا سمجھے کہ وہ برحق ہونیوالی کیا ہے؟

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا
(قوم) ثمود و عاد نے تو اُس کھڑکھڑانیوالی کو جھٹلایا (یعنی جھٹلانے کی وجہ سے) ثمود (تو) سخت (عذاب) سے

بِالطَّاغِيَةِ ۝ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝
ہلاک کر دیئے گئے۔ اور رہے عاد تو وہ ایک تیز و تند ٹھنڈی ہوا سے ہلاک کیے گئے۔ جس کو (خدا نے)

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا فَتَرَى
لگاتار سات رات اور آٹھ دن اُن پر مسلط رکھا سو تم اُن لوگوں کو اُس میں

الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرٰى
اِس طرح پڑا ہوا دیکھتے گویا وہ کھجوروں کے کھوکھلے تنے ہیں۔ پس اب بھی تم اُن کا

لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ
کچھ بقیہ دیکھتے ہو؟ اور فرعون اور جو لوگ اُس سے پہلے تھے اور اُلٹی ہوئی بستیوں والے
بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً
گناہ کو مرتکب ہوئے۔ پس انہوں نے اپنے پروردگار کے رسول کی نافرمانی کی تو اللہ نے بھی بہت ہی سخت گرفت
رَّابِيَةً ۝ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝ لِنَجْعَلَهَا
کی۔ تم ہی سے کہ جب پانی نے طغیانی کی تو ہم نے تم کو کشتی میں سوار کر دیا۔ تاکہ ہم اس کو تمہارے
لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ
لیے ایک یادگار قرار دیں۔ اور ایک یاد رکھنے والا کان اس کو یاد رکھے۔ پھر جب صور ایک دم سے پھونکا جائیگا۔
نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً
اور زمین اور پہاڑ اُٹھائے جائینگے پھر کچا یک چکنا چور
وَّاحِدَةً ۝ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ
کر دیا جائینگے پس اُسی دن تو قیامت واقع ہوگی۔ اور آسمان پھٹ جائیگا
فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا وَيَحْمِلُ
تو وہ اُس دن بالکل کمزور ہو جائیگا۔ اور فرشتے اُس کے کناروں پر ہونگے۔ اور تمہارے
عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝ يَوْمَئِذٍ
پروردگار کے عرش کو اُس دن آٹھ اپنے اوپر لیے ہوئے ہونگے۔ اُس دن تم پیش
تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ
کر دیئے جاؤ گے اور تمہارا کوئی بھید چھپا نہیں رہیگا۔ اب رہا وہ شخص جس کا نوشتہ
كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝ اِنِّيْ
اُس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا وہ تو کہیگا کہ لو آؤ میرے نوشتے کو پڑھو
ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝
میں تو یقین رکھتا تھا کہ حساب دینا پڑیگا۔ اب وہ پسندیدہ عیش میں

فِیْ جَنَّةٍ عَالِیَةٍ ۙ قُطُوْفُهَا دَانِیَةٌ ۚ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِیْٓـًٔا
عالیشان باغ میں ہو کہ جسکے پھل جھکے ہوئے ہونگے (اُن کو کہا جائیگا کہ) گزشتہ دنوں میں جو تم نے

بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِی الْاَیَّامِ الْخَالِیَةِ ۝ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ
بھیجا کہ کھایا ہو اُسکے عوض میں اب مزے سے کھاؤ پیو۔ اور رہا وہ جسکا نوشتہ اُسکے بائیں ہاتھ میں

بِشِمَالِهٖ ۙ فَیَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِیَهْ ۚ وَلَمْ اَدْرِ مَا
دیا جائیگا تو وہ کہیگا کاش میرا نوشتہ ہی مجھے نہ دیا گیا ہوتا۔ اور میں جانتا ہی نہیں کہ

حِسَابِیَهْ ۚ یٰلَیْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِیَةَ ۚ مَآ اَغْنٰی عَنِّیْ
میرا حساب کیا ہے؟ اے کاش موت نے فیصلہ ہی کر دیا ہوتا۔ میرا مال تو میرے کچھ بھی کام

مَالِیَهْ ۚ هَلَكَ عَنِّیْ سُلْطٰنِیَهْ ۚ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۙ ثُمَّ
نہ آیا۔ میری سلطنت بھی مجھ سے جاتی رہی (حکم ہوگا کہ) اسکو پکڑو پھر اسکے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر

الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ ۙ ثُمَّ فِیْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا
اسکو جہنم میں جھونک دو۔ پھر ایک لمبی زنجیر میں جسکا طول ستر ہاتھ کا ہو اسے

فَاسْلُكُوْهُ ۝ اِنَّهٗ كَانَ لَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۙ وَلَا یَحُضُّ
جکڑ دو۔ یہی ہے وہ جو خدائے بزرگ پر ایمان نہ لاتا تھا۔ اور نہ مسکین کے

عَلٰی طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ۝ فَلَیْسَ لَهُ الْیَوْمَ هٰهُنَا حَمِیْمٌ ۙ
کھلانے پر آمادہ کرتا تھا۔ سو آج نہ تو اسکا یہاں کوئی دلسوز دوست ہے

وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِیْنٍ ۝ لَّا یَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخٰطِـُٔوْنَ ۝
اور نہ پیپ کے سوا کوئی اور کھانا جسکو گنہگاروں کے سوا کوئی اور نہ کھائیگا

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۙ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۙ اِنَّهٗ لَقَوْلُ
پس مجھے اُن (چیزوں) کی بھی قسم ہے جو تم دیکھتے ہو اور اُنکی بھی جو تم نہیں دیکھتے۔ یقیناً یہ عزت دار

رَسُوْلٍ كَرِیْمٍ ۙ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۭ قَلِیْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۙ
رسول کا قول ہے۔ اور یہ کسی شاعر کی بات نہیں ہے۔ تم لوگ کسقدر کم ایمان لاتے ہو۔

ع ۱ ۱۵

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ۝ تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ
اور نہ یہ کسی کاہن کی خیال بندی ہے کس قدر تم کم خیال سمجھتے ہو۔ یہ (قرآن) تو تمام عالموں کے پروردگار
الْعَالَمِينَ ۝ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ۝ لَأَخَذْنَا
کی طرف سے اتارا ہوا ہے۔ اور اگر (رسول) ہماری برخلاف کچھ باتیں بنا لیتے تو ہم اپنی قدرت سے اُن کو
مِنْهُ بِالْيَمِينِ ۝ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ۝ فَمَا مِنكُم
گرفتار کرتے۔ پھر ہم اُن کی شہ رگ کاٹ دیتے تو تم میں سے کوئی
مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ ۝
اُس کی طرف سے دفع کرنیوالا نہ ہوتا۔ اور یہ پرہیزگاروں کے لیے ضرور نصیحت ہے
وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى
اور یہ بھی ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے کچھ جھٹلانے والے بھی ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ یہ کافروں کے
الْكَافِرِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ۝ ع ۱۵/۲
حسرت ہے۔ اور یہ قطعاً حق ہے۔ پس (اے رسول) تم اپنے صاحب عظمت پروردگار کا نام تسبیح (ورد) کرتے رہو

سُورَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ رِبْعُ وَاَرْبَعُونَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝
(رحمٰن ۳ و ۱) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ ۝ لِّلْكَافِرِينَ لَيْسَ لَهُ
ایک مانگنے والے نے (اپنے اوپر) واقع ہونیوالے عذاب کا سوال کیا جو کافروں کے لیے واقع ہونا رہتا ہے
دَافِعٌ ۝ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۝ تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ
اور اسکا دفع کرنیوالا کوئی نہیں ہو سکتا۔ فرشتے اور روح اُسکی حضور میں (حاضر
وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ
ہوتے ہیں) ایک ایسے دن میں جس کا اندازہ پچاس ہزار برس ہوگا چڑھ جاتے ہیں۔

سَنَةٍ ۝ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا ۝ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا ۝

اب تم نہایت خوبی کے ساتھ برداشت کرتے رہو۔ یہ لوگ تو اس (قیامت) کو دور سمجھتے ہیں۔

وَنَرَاهُ قَرِيبًا ۝ يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ ۝ وَتَكُونُ الْجِبَالُ

اور ہم اسکو قریب (ہی) دیکھ رہے ہیں۔ جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی مانند ہو جائیگا اور پہاڑ دھنکی ہوئی اون کی

كَالْعِهْنِ ۝ وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ۝ يُبَصَّرُونَهُمْ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ

مانند ہو جائینگے اور آشنا آشنا کو نہ پوچھیگا حالانکہ ایک دوسرے کو دکھائے جائینگے۔ گنہگار یہ آرزو کریگا کہ

لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَ

عذاب سے بچنے کے لیے اگر ہو سکے تو اپنے بیٹوں کو اور اپنی بی بی کو اور اپنے بھائی کو اور اپنے کنبے کو جو

أَخِيهِ ۝ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ ۝ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ

اسے پناہ دیتا تھا اور زمین (بھر) میں جو (جو) ہیں اُن سب کو بطور فدیہ کے دیدے پھر یہ (فدیہ)

جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ ۝ كَلَّا إِنَّهَا لَظَىٰ ۝ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ ۝

اسے (اس عذاب سے) محفوظ رکھے (تو ہرگز ایسا نہ ہوگا۔ وہ جہنم کی آگ تو بھڑکتا ہوا شعلہ ہے جو کھال کو (جھلس کر)

تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ۝ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ۝ إِنَّ الْإِنْسَانَ

دور پھینکدیگا۔ یہ (جہنم) اُن لوگوں کو بلائیگی جو پیٹھ پھیرے اور روگردانی کی اور مال جمع کیا پھر اسکو (خوب) سنبھال رکھا۔

خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ

انسان (طبعاً) بڑا بیصبرا (پیدا ہوا) ہے جب اسے کوئی سختی پہنچتی ہے تو گھبرا جاتا ہے اور جب اسے دولت (بھلائی) کی

الْخَيْرُ مَنُوعًا ۝ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ

تو بڑا روکنے والا ہے۔ ہاں وہ نماز پڑھنے والے اس میں مستثنےٰ ہیں۔ جو اپنی نمازوں پر قائم

دَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ ۝

رہنے والے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کے مالوں میں مانگنے والوں اور نہ مانگنے والوں کا ایک

لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ۝ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ

مقرر حق ہے۔ اور وہ لوگ جو بدلے کے دن کو سچ جانتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ اِنَّ
اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں بیشک اُنکے پروردگار
عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ
کا عذاب ایسی چیز نہیں ہے کہ اُس سے بےخوف ہو جائیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کو اپنی
حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ
بیبیوں یا اپنی لونڈیوں کے سوا (اور) سے محفوظ رکھنے والے ہیں کہ اُس صورت میں
فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ
اُن کو کوئی ملامت نہیں کیجاسکتی۔ پس جو اُس کے سوا کا خواستگار ہو تو ایسے ہی لوگ تو حد سے
اور میوے اور گھاس خود تمہارے فائدے کیلئے اور تمہارے چوپایوں کے (کھانے کو) پیدا کیا

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝

پھر جب کانوں کی پردے پھاڑنے والی (چیز) آجائیگی تو اُس دن آدمی اپنے بھائی سے

وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ

اور اپنی ماں سے اور باپ سے اور اپنی جورو سے اور اپنے بیٹوں سے بھاگتا پھریگا۔ اور اُس دن اُن میں سے

مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ

ہر ایک (خاص) حالت ہوگی جو اُسے (اور وں سے) بے پروا کر دیگی۔ بہت سے چہرے تو اُس دن روشن

مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوهٌ

خندہ (اور) شادماں ہونگے اور بہت سے چہرے اُس دن گرد

يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ أُولَٰئِكَ

میں اٹے ہوئے ہونگے کہ اُن پر سیاہی چھا جائیگی۔ (اے مخاطب) یہی تو

هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝ ع ۱ ۱۴ ۵

کفار (اور) بدکار ہیں۔

سورۃ التکویر مکیۃ وھی تسع وعشرون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝

جبکہ سورج کی روشنی لپیٹ دیجائیگی۔ اور جبکہ تاروں کی روشنی جاتی رہیگی۔

وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝ وَ

اور جبکہ پہاڑ چلائے جائینگے۔ اور جبکہ گابھن اونٹنیاں بیکار ہوجائینگی۔ اور

اِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۝ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝

جبکہ جانور جمع کیے جائینگے۔ اور جبکہ دریاؤں میں آگ لگ جائیگی۔

وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۝ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝

اور جبکہ (نیک و بد) نفسوں کے جوڑے ملائے جائینگے۔ اور جبکہ زندہ دفن کی ہوئی (لڑکی) سے سوال کیا جائیگا

بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝ وَاِذَا

کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی تھی۔ اور جبکہ نامۂ اعمال پھیلائے جائینگے۔ اور جبکہ

السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝ وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۝ وَاِذَا

آسمان (اپنے مقام سے) کھینچ لیا جائیگا۔ اور جبکہ دوزخ بھڑکائی جائیگی۔ اور جبکہ

الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝

جنت قریب کردی جائیگی۔ تو ہر نفس جان لیگا کہ وہ (کیا) کیا لیکر آیا ہے۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝ وَالَّيْلِ

تو قسم ہے مجھ کو پیچھے اور چلنے والوں اور پھر پیچھے والوں کی اور رات کی

محو اس پر کہ وہ عالم ہوشمند میں چھپ جائیگا پھر اس طرح ظاہر ہوگا جیسے اندھیری رات میں شہاب۔ اور اگر تو ذرا کان لگا کر سنے تو تیری آنکھیں ٹھنڈی ہوجائیں

إِذَا عَسْعَسَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ

جبکہ وہ خوب تاریک ہو جائے۔ اور صبح کی جبکہ وہ روشن ہو جائے۔ بیشک یہ (قرآن) ایک معزز فرشتے

رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ ذِي قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝

والے رسول کی زبانی آیا ہے جو صاحب عرش کے ہاں رتبہ والا سردار

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۝ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ ۝ وَ

و امین ہے۔ اور تمہارا ساتھی دیوانہ نہیں ہے۔ اور

لَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ

یقیناً انہوں نے اس (رسول) کو آسمان کے کنارہ صاف میں دیکھا ہے۔ اور وہ غیب کی باتوں کے بارے میں

بِضَنِينٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ۝ فَأَيْنَ

بخیل نہیں ہے۔ اور نہ یہ شیطان ملعون کا قول ہے۔ تم پھر کدھر

تَذْهَبُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ۝ لِمَنْ

(چلے) جاتے ہو۔ یہ اور کچھ نہیں ہے مگر تمام عالموں کے لیے نصیحت۔ (خاص کر) اس

شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ ۝ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا

شخص کے واسطے جو تم میں سے سیدھی راہ چلنا چاہے۔ اور تم کچھ بھی نہ چاہو گے سوائے اسکے

أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝

کہ جو اللہ تمام عالموں کا پروردگار چاہے۔

سورۃ الانفطار مکیۃ وھی تسع عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ ۝ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ

جبکہ آسمان پھٹ جائے اور جبکہ تارے گر کر

قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ
کیا کرتے تھے اس سے ان کے دل سیاہ ہو گئے ہیں۔ انتہا یہی نہیں اس لئے ان وہ اپنے پروردگار کی

يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ
رحمت سے بھی بالکل محروم رہیں گے۔ پھر وہ جہنم میں بھی پڑیں گے۔ پھر

يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّ
ان سے یہ کہا جائے گا کہ جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے وہ یہی ہے۔ حق یہ ہے کہ بیشک

كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا
نیک لوگوں کا نوشتہ علیین میں ہوگا۔ اور تم کو کیا خبر ہے کہ علیون

عِلِّيُّوْنَ ۝ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝
کیا ہے؟ وہ لکھا ہوا نوشتہ ہے۔ جسکو مقربان بارگاہ الٰہی دیکھتے رہتے ہیں۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝
بیشک نیک لوگ بہشت میں تختوں پر بیٹھے نظارے کرتے ہونگے۔

تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۝ يُسْقَوْنَ مِنْ
اُن کے چہروں سے تم ناز و نعم کی تروتازگی پہچان لوگے۔ اُن کو سربمہر خالص

رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۝ وَفِيْ ذٰلِكَ
شراب پلائی جائیگی۔ جس کی مہر مشک کی ہوگی۔ اور خواہش کرنیوالوں کو

فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝
اُس کی خواہش کرنی چاہیے۔ اور اُس میں آبِ تسنیم کی آمیزش ہوگی۔

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا
یہ ایک چشمہ ہے جس میں سے مقربان بارگاہ الٰہی پئیں گے۔ بیشک جو لوگ گنہگار تھے

كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ۝ وَاِذَا مَرُّوْا
وہ ایمان لانیوالوں سے ہنسی کیا کرتے تھے۔ اور جب اُن کے پاس سے

يُبْصِرُونَ ۝ وَإِذَا انْقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوا
گزرتے تو چشمک زنی کیا کرتے تھے۔ اور جب اپنے گھر والوں میں پلٹ کر آتے تو خوش (خوش)
فَكِهِينَ ۝ وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَضَالُّونَ ۝
آتے تھے۔ اور جب اُن (مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے تھے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو
وَمَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِينَ ۝ فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ ۝
یقیناً گمراہ ہیں۔ حالانکہ وہ اُن پر نگراں بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے۔ تو آج کے دن وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں کافروں سے ہنسیں گے۔
عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ۝ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ ع ۱
تختوں پر بیٹھے نظارے کر رہے ہوں گے۔ (اور کہتے ہوں گے) آیا کافروں کو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکا (پورا پورا) بدلہ مل گیا؟

سورۃ الانشقاق مکیۃ وھی خمس وعشرون آیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝
جب آسمان پھٹ جائیگا اور اپنے پروردگار کا حکم سُن لیگا اور ہونا بھی یونہی چاہیئے
وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝
اور جب زمین تان دی جائیگی اور جو کچھ اُس میں ہے اُسکو نکال کر (خالی) اور خالی ہو جائیگی
وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ إِنَّكَ
اور اپنے مالک کا حکم سُن لیگی اور ہونا بھی یونہی چاہیئے (تب قیامت آجائیگی) اے انسان تو (کوشش) اپنے پروردگار کی

كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ ۝ فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ
حضور میں پہنچنے کی سخت کوشش کرنیوالا تو اُس سے جا ملیگا۔ پس جس شخص کو اسکا نامۂ اعمال اسکے

كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ۝
داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا تو اُسکے چلکر اُس سے حساب بھی آسان لیا جائیگا۔

وَيَنقَلِبُ إِلَىٰ أَهْلِهِ مَسْرُورًا ۝ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ
اور وہ اپنے بال بچوں کی طرف خوش خوش پلٹ آئیگا۔ اور رہا وہ جسکا نامۂ اعمال اُسکے

كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ ۝ فَسَوْفَ يَدْعُو ثُبُورًا ۝ وَ
پس پشت سے دیا جائیگا تو وہ آگے بڑھکر موت ہی موت پکاریگا اور

يَصْلَىٰ سَعِيرًا ۝ إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُورًا ۝ إِنَّهُ
جہنم داصل ہوگا۔ بیشک وہ اپنے اہل و عیال میں خوش خوش تھا۔ بیشک وہ

ظَنَّ أَن لَّن يَحُورَ ۝ بَلَىٰ إِنَّ رَبَّهُ كَانَ بِهِ
یہ گمان کرتا تھا کہ پھر پلٹ کر نہ آئیگا۔ (پلٹنا) ضرور ہے۔ بیشک اُسکا پروردگار اُس کا

بَصِيرًا ۝ فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝
نگراں تھا۔ پس قسم ہے شفق کی اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ ڈھانک لیتی ہے اُنکی

وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ ۝ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَن طَبَقٍ ۝ فَمَا
اور چاند کی جبکہ وہ پورا ہو جائے تم ضرور منزل بمنزل (بہلوں کے بعد سنبہ) چلوگے۔ تو انہیں کیا ہو گیا

لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ
ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ اور جب اُنکے سامنے قرآن مجید پڑھا جاتا ہے تو

لَا يَسْجُدُونَ ۝ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُكَذِّبُونَ ۝ وَاللَّهُ
سجدہ نہیں کرتے۔ بات یہ ہے کہ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ جھٹلاتے ہیں۔ اور اللہ

أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ۝ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝
خوب جانتا ہے اُس کو جسے وہ اپنے جی میں رکھتے ہیں۔ تو اُن کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔

ع ۱۴ منازلہا ۷ رکوعہا ۳۲ سجدۃ التلاوۃ مسنونہ

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ
وہ اس سے مستثنیٰ ہیں جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے کہ اُن کے لیے
غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝
بے انتہا ثواب ہے۔

سورۃ البروج مکیۃ وھی اثنتان وعشرون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۝ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۝
قسم ہے برجوں والے آسمان کی اور اُس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے

وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۝ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝
اور گواہی دینے والے کی اور جس کی گواہی دی جائے اُسکی۔ دھکتی ہوئی آگ کی خندقوں والے اس کال

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۝ وَّهُمْ
یں نہل کیے گئے کہ وہ اُن خندقوں کے کنارے بیٹھے ایمان والوں

عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ۝ وَمَا نَقَمُوْا
کے ساتھ جو سلوک کر رہے تھے اُسکا تماشہ دیکھ رہے تھے۔ اور انکو اُنکی کوئی بات بری

مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝ الَّذِيْ
تھیں تھی تھی مگر یہی کہ وہ اُس زبردست لائق تعریف خدا پر ایمان لائے تھے۔ جسکے

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت ہے۔ اور اللہ ہر چیز سے

شَهِيْدٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
واقف ہے۔ بیشک جن لوگوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں کو تکلیف دی

ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ۝

پھر توبہ نہ کی تو اُنکے لیے جہنم کا عذاب ہے اور اُنکے لیے جلنے کا عذاب بھی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي

یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے اُنکے لیے ایسے باغات ہیں جنکے نیچے

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ۝ إِنَّ بَطْشَ

نہریں بہتی ہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ یقیناً تمہارے پروردگار کی

رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ۝ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ۝ وَهُوَ

گرفت بڑی سخت ہے۔ بیشک وہی نے سرے سے پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کریگا اور

الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ۝

وہ بخشنے والا بڑا محبت کرنیوالا بڑے عرش کا مالک (اور) جو چاہے اُس کا کرنیوالا ہے۔

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۝ بَلِ

آیا تمہارے پاس لشکروں کی خبر آئی؟ (یعنی) فرعون و ثمود کی بات یہ ہے کہ

الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ ۝ وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ ۝

جو کافر ہوگئے ہیں وہ جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں اور اللہ ہر طرف سے اُنکا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

ع ۱ ۲۲

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ۝

حقیقت یہ ہے کہ یہ بزرگ قرآن لوح محفوظ میں ہے۔

سورۃ الطارق مکیۃ وھی سبع عشرۃ ایۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ ۝

قسم ہے آسمان کی اور شب کو آنیوالے کی۔ اور کیا سمجھے کہ (آنیوالے) شب کی رات میں آنیوالا کیا ہے۔

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝
وہ بھڑکتا تارہ ہے۔ ایک نفس بھی ایسا نہیں کہ اس پر نگہبان مقرر نہ ہو۔

فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِن مَّاءٍ دَافِقٍ ۝
پس انسان کو چاہیے کہ غور کرے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے۔

يَخْرُجُ مِن بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ۝ إِنَّهُ عَلَىٰ رَجْعِهِ
جو پشت اور سینے کی ہڈیوں کے مابین سے نکل کر آتا ہے۔ بیشک وہ (خدا) اسے دوبارہ

لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ ۝ فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ
لانے پر ضرور قدرت رکھتا ہے جس دن (پوشیدہ باتیں) جانچی جائیں گی پس نہ اس دن اسکا کچھ زور ہوگا

وَلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْأَرْضِ
اور نہ کوئی مددگار۔ قسم ہے گردش کرنیوالے آسمان کی اور پھٹنے والی

ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَمَا هُوَ
زمین کی بیشک یہ (قرآن) ضرور طے شدہ بات ہے۔ اور یہ کوئی ہنسی (قافیہ)

بِالْهَزْلِ ۝ إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَأَكِيدُ كَيْدًا ۝
نہیں ہے۔ بیشک وہ ایک چال چلتے ہیں۔ اور میں ایک تدبیر کرتا ہوں۔

فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝
سو کافروں کو مہلت دیدو انکو بھی ذرا عرصہ کے لیے چھوڑ دو۔

سورۃ الاعلیٰ مکیۃ وھی تسع عشرۃ ایۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ۝ الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّىٰ ۝
اپنے عالیشان پروردگار کے نام کی تسبیح کر۔ جسنے پیدا کیا پھر درست کیا۔

وَالَّذِي قَدَّرَ فَهَدَىٰ ۝ وَالَّذِي أَخْرَجَ الْمَرْعَىٰ ۝ فَجَعَلَهُ
(رحمتے) اندازہ کیا پھر راہبری فرمائی۔ اور جس نے چارہ اگایا۔ پھر اس کو
غُثَاءً أَحْوَىٰ ۝ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنسَىٰ ۝ إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ
خشک اور سیاہ کر دیا۔ (اے رسول) عنقریب ہم تمکو پڑھائینگے پھر تم نہ بھولو گے۔ مگر جو خدا چاہے۔ بیشک وہ
يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفَىٰ ۝ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَىٰ ۝ فَذَكِّرْ إِن
ظاہر کو بھی جانتا ہے اور چھپی بات کو بھی)۔ اور ہم تمہارے لئے ایک سہل طریقہ کو آسان کر دینگے۔ پس نصیحت کرتے جاؤ اگر
نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ ۝ سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَىٰ ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى
نصیحت فائدہ پہنچائے۔ جو (اللہ سے) ڈرتا ہو وہ عنقریب نصیحت حاصل کریگا۔ اور وہ بدبخت اس (نصیحت) کو الگ رہیگا
الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَىٰ ۝ ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا
جو بڑی آگ میں جائیگا۔ پھر اس میں نہ اسکو موت ہی آئیگی نہ زندگی
يَحْيَىٰ ۝ قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّىٰ ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ ۝
رہیگا۔ (یعنی جہنم میں ایسا طاقتور جانور ہوگا جو ایک بار مرکر پھر جی اٹھے گا اور بار بار مرتا اور جیتا رہیگا)۔ اسکے برعکس جو شخص پاک ہوا۔ اور پروردگار کے نام کو یاد کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا
بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۝ إِنَّ
لیکن تم لوگ دنیا کو مقدم رکھتے ہو حالانکہ آخرت زیادہ اچھی اور زیادہ باقی رہنے والی ہے۔ بیشک
هَٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ۝ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ ۝
یہی مضمون پہلی کتابوں میں بھی ہے۔ (یعنی) ابراہیم اور موسےٰ کی کتابوں میں۔

سورۃ الغاشیۃ مکیۃ وھی ست وعشرون اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ ۝ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ
آیا تمہارے پاس ڈھانپ لینے والی (مصیبت) کا ذکر بھی پہنچا ہے؟ اس دن کتنے ہی چہرے

خَاشِعَةٌ ۝ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝
رسوا ہونگے۔ تھکنے والے ہونگے بھڑکتی ہوئی آگ میں پڑیں گے

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ
(انہیں) کھولتا ہوا چشمہ کا پانی پلایا جائیگا۔ انکا کھانا سوائے ضریع (جہنمی خاردار گھاس) کے اور کچھ

ضَرِيْعٍ ۝ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ
نہ ہوگا۔ جو نہ موٹاپا ہی کریگا اور نہ بھوک سے ہی بچائیگا۔ (اور) کچھ چہرے اس دن نڈھال

نَّاعِمَةٌ ۝ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ لَّا تَسْمَعُ
اور اپنی کوشش سے نہال ہونگے۔ عالیشان باغ میں ہونگے کہ اس میں کوئی

فِيْهَا لَاغِيَةً ۝ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝ فِيْهَا سُرُرٌ
فضول بات نہ سنیگے۔ اس میں بہتا ہوا چشمہ ہوگا اور اس میں اونچے اونچے

مَّرْفُوْعَةٌ ۝ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۝ وَّنَمَارِقُ
تخت ہونگے۔ اور رکھے ہوئے آبخورے۔ اور برابر لگے ہوئے

مَصْفُوْفَةٌ ۝ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ۝ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ
تکیے۔ اور بچھی ہوئی سندیں۔ تو کیا وہ اونٹ کی طرف

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ
نہیں دیکھتے کہ وہ کیونکر پیدا کیا گیا ہے؟ اور آسمان کی طرف (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیونکر

رُفِعَتْ ۝ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۝ وَاِلَى الْاَرْضِ
بلند کیا گیا ہے؟ اور پہاڑوں کی طرف (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیونکر کھڑے کیے گئے ہیں؟ اور زمین کی طرف (نہیں دیکھتے)

كَيْفَ سُطِحَتْ ۝ فَذَكِّرْ ۝ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۝ لَسْتَ
کہ وہ کیونکر بچھائی گئی ہے؟ پس نصیحت کرو۔ تم تو فقط نصیحت کرنیوالے ہو۔ تم ان پر کوئی

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۝ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۝ فَيُعَذِّبُهُ
داروغہ تو ہو نہیں؟ سوائے اس شخص کے جو روگردانی ہو اور کافر ہو گیا کہ اللہ اسکو بہت بڑا

اللّٰهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ۝ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ۝
عذاب وہگا یقیناً ہماری ہی طرف اُن سب کا آنا ہو۔

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ۝
پھر ہماری ہی ذمے اُن سب کا حساب لینا ہے۔

سورۃ الفجر مکیۃ وھی ثلثون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْفَجْرِ ۝ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝
قسم ہو صبح کی۔ اور دس راتوں کی اور جفت کی اور طاق کی۔

وَالَّيْلِ إِذَا يَسْرِ ۝ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۝
اور رات کی جبکہ وہ قریب ختم ہو۔ ضرور اِس میں صاحب عقل کے لیے قسم ہے۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝
کیا تُو نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے قوم عاد کے ساتھ جو ستونوں والے ارم کے رہنے والے تھے

الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ
کہ ویسا شہر شہروں میں بنایا ہی نہیں گیا اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے میدان میں چٹانوں کو تراشا

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ۝
(اور انکو گھر بنایا) تھا اور فرعون کے ساتھ جو سزا کے لیے میخیں رکھنے والا تھا کیسا معاملہ کیا

الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝ فَأَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝
یہ ان سب ملکوں میں سرکشی کی تھی۔ پھر اُن میں خرابی کو بہت بڑھایا تھا۔

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝ إِنَّ رَبَّكَ
پس تمہارے پروردگار نے بھی اُنپر عذاب کا کوڑا لگایا۔ بیشک تمہارا پروردگار

ع ۱ ۱۲ ۱ ۱۲ ۱ ۱۲

الْمِرْصَادِ ۝ فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ
فروگاہ میں ہے۔ اب رہا انسان جب اسکا پروردگار اسکو (اس طرح) آزماتا ہے کہ اسکی عزت کرتا ہے
فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ ۙ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ۝ وَأَمَّا إِذَا
اور اسکو نعمت دیتا ہے۔ تب تو وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے میری عزت کی۔ اور جب اُسے (اس طرح)
مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ ۙ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ ۝
آزماتا ہے کہ اُسکا رزق اُسکے لیے تنگ کر دیتا ہے تب وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کر دیا۔
كَلَّا ۖ بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ۝ وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ
یہ ہرگز نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب
طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ۝
نہیں دیتے۔ اور میراث کا مال (حلال و حرام) ملا کر کھا جاتے ہو۔
وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝ كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ
اور مال کو جمع کرنے کے بڑے حریص ہو۔ انتہا نہیں ہے (بلکہ) جب زمین ہو توڑ توڑ کر چٹیل میدان
دَكًّا دَكًّا ۝ وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝
کر دی جائیگی اور تمہارا پروردگار (یعنی اسکا حکم) اور فرشتے صف بصف آموجود ہونگے
وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ
اور جہنم کو حاضر کیا جائیگا۔ اُس دن انسان نصیحت حاصل کریگا مگر اُس وقت اسکے لیے
وَأَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ ۝ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ۝
نصیحت حاصل کرنا کہاں (مفید ہوگا)۔ کہیگا کہ کاش میں (اپنی) زندگی (کی ابدی) کے لیے کچھ آگے بھیجا ہوتا۔
فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ۝ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ
پس اُس دن نہ تو کوئی خدا کا سا عذاب دیگا اور نہ اُسکا سا جکڑنا جکڑ سکیگا۔
أَحَدٌ ۝ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ
(تو فرشتوں سے کہا جائیگا کہ) اے اطمینان والے نفس تو اپنے پروردگار کی طرف رجوع کر (اس حال میں کہ تو اُس سے

راضیۃ مرضیۃ ۝ فادخلی فی عبدی ۝ وادخلی جنتی ۝
(راضی بھی اور پسندیدہ بھی) پس تو میرے بندوں میں داخل ہو جا۔ اور میری جنت میں چلا آ۔

سورۃ البلد مکیۃ وھی عشرون ایۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝
(رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لا اقسم بھذا البلد ۝ وانت حل بھذا البلد ۝ ووالد وما ولد ۝ لقد خلقنا الانسان فی کبد ۝ ایحسب
مجھے اس شہر (مکہ) کی قسم (اے محمد) کیونکہ اسی شہر میں آپ رہتے ہیں۔ اور باپ (آدم) کی اور (اولاد) اولاد کی قسم بیشک ہم نے انسان کو سختی میں پیدا کیا۔ کیا وہ یہ گمان کرتا ہے

ان لن یقدر علیہ احد ۝ یقول اھلکت مالا لبدا ۝ ایحسب ان لم یرہ احد ۝ الم نجعل لہ
کہ اسکے اوپر کوئی بھی قابو نہ پائیگا؟ کہتا ہے کہ میں نے کثیر مال ضائع کیا۔ کیا وہ گمان کرتا ہے کہ اسکو کسی نے دیکھا ہی نہیں؟ کیا ہم نے اسکے لیے دو آنکھیں

عینین ۝ ولسانا وشفتین ۝ وھدینہ النجدین ۝
نہیں بنائیں؟ اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے؟ اور ہم نے اسکو دونوں راستے دکھلا دیئے۔

فلا اقتحم العقبۃ ۝ وما ادرٰک ما العقبۃ ۝ فک
پھر بھی وہ (شکر کی) گھاٹی سے نہ اترا۔ اور تم کیا جانے کہ (شکر کی) گھاٹی کیا ہے؟ کسی بندہ کی

رقبۃ ۝ او اطعم فی یوم ذی مسغبۃ ۝ یتیما ذا
گردن آزاد کرنا۔ یا بھوک کے دن کسی رشتہ دار یتیم یا خاکسار مسلمین

مقربۃ ۝ او مسکینا ذا متربۃ ۝ ثم کان من الذین
کو کھانا کھلا دینا۔ پھر وہ ان لوگوں میں سے ہوتا جو

اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۝
ایمان لائے اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین تاکید کرتے رہتے ہیں اور ایک دوسرے کو رحم کی تلقین ہمیشہ کرتے رہتے ہیں

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ
ایسے ہی لوگ تو نیک فال و مبارک ہیں۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں کے منکر اور بدشگون ہیں

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ۝
نحوس ہیں۔ جو طرف سے بند کی ہوئی آگ انہی پر ہوگی۔

سورۃ الشمس مکیۃ وھی خمس عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا
قسم ہے سورج کی اور اسکی چمک دمک کی اور چاند کی قسم ہے جب کہ وہ سورج کے پیچھے ظاہر ہو قسم ہے دن کی جبکہ (خدا) اس (آفتاب)

جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝
کو روشن کر کے دکھائے قسم ہے رات کی جبکہ (آفتاب) کو چھپا لے قسم ہے آسمان کی اور اسکی جسنے اسے بنایا ہے۔

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝
اور زمین کی اور اسکی جسنے اسے بچھایا ہے قسم ہے جان کی اور اسکی جسنے اسے ٹھیک بنایا ہے۔

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝
پھر اسکی بدکاری اور اسکی پرہیزگاری اسکو سمجھا دی ہے۔ جس نے اسکو پاک کر لیا وہ (یقیناً) کامیاب ہوا۔

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۝
اور جس نے اسکو (خفیہ گناہ کی) خواہش دلا دیا وہ یقیناً ناکام رہا۔ (قوم) ثمود نے اسکی سرکشی کے سبب جھٹلایا۔

اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ
جبکہ انکی قوم کا سب سے بدبخت اٹھ کھڑا ہوا۔ پس ان کو اللہ کے رسول (صالح علیہ السلام) نے کہا کہ اللہ کی اونٹنی

وَسُقْيَاهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۚ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ
یا پینے کو۔ پھر جھٹلایا انہوں نے رسول کو پھر مار ڈالا اونٹنی کو پھر جس کاٹ ڈالیں۔ پس لایا ہے پروردگار ان پر آگ اس
رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝
گناہ کے سبب عذاب نازل کیا پھر اکٹھا کر دیا۔ اور اسے تو کسی کے بدلا لینے کا ڈر ہے ہی نہیں۔

سُوْرَةُ اللَّيْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اِحْدٰى وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ
قسم کرات کی جبکہ ڈھانپ جاتا ہے قسم ہے دن کی جبکہ وہ چمک آتا ہے۔ قسم ہے اسکی جس نے
الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى
نر و مادہ کو پیدا کیا ہے۔ بیشک تمہاری کوششیں مختلف ہیں۔ پس جس شخص نے دیا اور
وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝
پرہیزگاری برتی اور سچ مانا اچھی باتوں کی تصدیق کی۔ تو بہت جلد ہم اسے آسانی کی توفیق دیں گے۔
وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ
اور رہا وہ جس نے بخل کی اور بے پروائی برتی اور اچھی باتوں کو جھٹلایا۔ تو بہت جلد ہم اسے سختی میں
لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝ اِنَّ عَلَيْنَا
پھنسا دیں گے۔ اور جب وہ مرجائے تو اسکا مال اس کے کچھ کام نہ آئیگا۔ بیشک ہمارے ذمے ضرور
لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا
ہدایت کر دینا ہے۔ اور بیشک ہمارے ہی لئے (ملک) آخرت اور دنیا ہے۔ سو میں نے تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے
تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝
ڈرایا ہے۔ کہ اس میں کوئی نہ جائیگا مگر وہی بدبخت جس نے جھٹلایا اور روگردانی کی۔

وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ۝ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكّٰى ۝ وَمَا

اور عنقریب اُس (دوزخ) سے وہ پرہیزگار بچا لیا جائیگا۔ جو اپنا مال (اس غرض سے) دیتا ہے کہ پاک ہو جائے۔ اور اُس پر

لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰى ۝ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ

کسی کا احسان نہیں ہے کہ اُسکا بدلہ دیا جائے۔ بلکہ وہ اپنے عالیشان پروردگار کی

رَبِّهِ الْأَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝

رضا چاہتا ہے۔ اور اسکے سوا وہ ضرور اُس سے راضی ہو جائیگا۔

سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ إِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ إِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا

قسم ہے (تمہارے) چمکتے ہوئے دن کی اور (تمہارے) رات کی جبکہ چھا جائے۔ (اے محمدؐ) تمہارا پروردگار تم سے نہ تو رخصت ہوا ہے اور نہ ناراض

قَلٰى ۝ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُوْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ

ہوا۔ اور تمہارے واسطے آخرت دنیا سے کہیں بہتر ہے۔ اور آگے چلکر تمہارا

يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَاٰوٰى ۝

پروردگار تمکو اس قدر عطا فرمائیگا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔ کیا اُسنے تم کو یتیم نہیں پایا پھر جگہ دی۔

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى ۝

اور تم کو بھٹکا ہوا پایا اور منزل مقصود تک پہنچا دیا۔ اور تم کو محتاج پایا پھر مالدار کر دیا۔

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَأَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝

پس اب یتیم پر ظلم نہ کرنا۔ اور سوال کرنیوالے کو زجر نہ کرنا۔

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

اور تمہارے پروردگار کی نعمت سو اُسکا ذکر کرتے رہنا۔

سورۃ الانشراح مکیۃ وھی ثمان آیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الم نشرح لک صدرک ۝ ووضعنا عنک وزرک ۝

کیا ہم نے تمہاری خاطر سے تمہارا سینہ نہیں کھولدیا۔ اور پھر ہے وہ بوجھ جو تمہاری پیٹھ توڑے ڈالتا تھا

الذی انقض ظہرک ۝ ورفعنا لک ذکرک ۝ فان

(ہمیں) اُتار دیا۔ اور تمہاری خاطر سے تمہارے ذکر کو بلند (نہیں کیا۔ تو بیشک

مع العسر یسرا ۝ ان مع العسر یسرا ۝ فاذا فرغت

تکلیف کے ساتھ راحت ہے (اور) یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ پس جب تم فارغ ہو جاؤ تو اب

فانصب ۝ والی ربک فارغب ۝

(اپنا خاکسار مقام) مقرر کردو۔ اور اپنے پروردگار کی طرف رغبت (اور) توجہ رکھو۔

سورۃ التین مکیۃ وھی ثمان آیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

والتین والزیتون ۝ وطور سینین ۝ وھذا البلد

قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی اور طور سینا کی اور اس امن والے

الامین ۝ لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم ۝ ثم

شہر کی بیشک ہم نے انسان کو بہت ہی اچھے سانچے پر بنایا۔ پھر

رددنہ اسفل سافلین ۝ الا الذین امنوا وعملوا

الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ

کرتے رہے کہ اُنکے لیے بے انتہا ثواب ہے۔ تو (اے رسول) اُنکے بعد تمکو قیامت

بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

کے بارے میں کون جھٹلا سکیگا؟ کیا خدا سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالوں سے بڑھکر فیصلہ کرنیوالا نہیں ہے؟

سورۃ العلق مکیۃ وھی تسع عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

پڑھ اپنے پروردگار کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا۔

عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝

پڑھ اور تیرا ہی پروردگار بہت زیادہ کریم ہے۔ جسنے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی۔

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝

اور انسان کو وہ کچھ سکھا دیا جو کچھ وہ نہ جانتا تھا۔ دیکھو انسان جب اپنے آپ کو بڑا پاتا ہے تو وہ ضرور

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝ اَرَءَيْتَ

سرکش ہو جاتا ہے۔ بیشک تمہارے پروردگار ہی کی طرف پھر لوٹکر جانا ہے۔ (اے سننے والے) کیا تو نے بھی دیکھا

الَّذِيْ يَنْهٰى ۝ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ

جو ایک بندے کو جبکہ وہ نماز پڑھتا ہے روکتا ہے؟ کیا تم نے یہ بھی دیکھا کہ اگر وہ

عَلَى الْهُدٰٓى ۝ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ

ہدایت پر ہو یا پرہیزگاری کا حکم دیتا ہو (تو روکنا کیا معنی؟) کیا تم نے یہ بھی دیکھا کہ اگر (روکنے والا)

وَتَوَلّٰى ۝ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ

اور روکوائی (تو کیا نتیجہ پائیگا؟) کیا وہ یہ نہیں جانتا کہ اللہ ضرور دیکھتا ہے؟ ہرگز نہیں اگر وہ باز نہ آیا

لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۝ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝ فَلْيَدْعُ
ہم ضرور اسکو پیشانی کو پکڑ کر گھسیٹیں۔ جھوٹے قصور وار کی پیشانی کے بال۔ پس وہ چاہیے کہ بلوالے

نَادِيَهُ ۝ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝
اپنی مجلس کو ہم بھی جہنم کے فرشتوں کو بلا لیتے۔ دیکھو اسکا کہنا نہ ماننا اور سجدہ کرو اور قرب حاصل کرو۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ
بیشک ہمنے اسکو شب قدر میں نازل کیا۔ اور تم کیا سمجھے کہ شب قدر

الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ
کیا ہے؟ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس میں

الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝
روح اور سب فرشتے اپنے پروردگار کے حکم سے ہر معاملہ لیکر اترتے ہیں (یا رات)

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝
فجر کے طلوع ہونے تک (سلامتی ہی) سلامتی ہے۔

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ
اہل کتاب میں سے جو کافر ہو گئے ہیں وہ اور مشرک علیحدہ ہونیوالے نہیں تھے

مُنفَكِّينَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُولٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوا
جب تک کہ اُنکے پاس کوئی کھلی ہوئی دلیل نہ آجائے۔ (یعنی) اللہ کی طرف سے رسول جو اُنکو
صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝ وَمَا تَفَرَّقَ
پاک صحیفے پڑھکر سُناتا ہے۔ جن میں پختہ لکھے ہوئے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کو
الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝
کتاب دیگئی تھی متفرق نہیں ہوئے مگر بعد اِس کے کہ اُن کے پاس کھلی دلیل آگئی۔
وَمَآ أُمِرُوٓا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۝ ۙ
حالانکہ اُنکو یہی حکم دیا گیا تھا کہ اللہ کی عبادت کریں خالص بندگی اُسی کی کریں (عقائد باطلہ سے)
حُنَفَآءَ وَيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِينُ
ایک طرف رہیں۔ نماز پڑھیں۔ اور زکوٰۃ دیں۔ اور (یہ سمجھ لیں کہ) یہی ٹھیک (طریقہ)
الْقَيِّمَةِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ
دین ہی ہے۔ بیشک اہل کتاب میں سے جو کافر ہوگئے وہ اور مشرک
وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِينَ فِيهَا ۝ أُولٰٓئِكَ هُمْ
دوزخ کی آگ میں جائینگے (اور) ہمیشہ اُسی میں رہینگے۔ یہی ساری مخلوق سے
شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
بدتر یہی لوگ ہیں۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے
أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ
یہی ساری مخلوق سے بہتر درجے کے لوگ ہیں۔ اُنکا بدلا اُن کے پروردگار کے پاس ہمیشہ رہنے کے باغ
عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۝
ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ اُن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے۔
ع ۱ ۸ ۲۳ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝
اللہ اُن سے راضی اور وہ اُس سے خوش ہونگے۔ یہ اُسی کیلئے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا رہا ہو

سورۃ الزلزال مدنیۃ وھی ثمان ایات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ

جب زمین بڑے زور سے ہلائی جائے گی اور زمین اپنے دفینے

اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ

نکالدے اور انسان کہنے لگے کہ اسے ہو گیا ہے؟ اس دن (زمین) اپنی خبریں

اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ

بیان کردیگی۔ کیونکہ تمہارے پروردگار نے اسکو حکم دیا ہوگا۔ اس دن لوگ مختلف حالتوں میں

النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ

جائینگے تاکہ انکے اعمال انکو دکھائے جائیں۔ پس جس شخص نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی

ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

وہ اسے دیکھ لیگا۔ اور جس نے ذرہ بھر بدی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لیگا۔

سورۃ العٰدیٰت مکیۃ وھی احدٰی عشرۃ ایۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ

قسم ہے دوڑنے والے گھوڑوں کی جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں پھر ٹاپ مار کر آگ نکالتے ہیں پھر صبح کے وقت چھاپا مارتے

صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝ اِنَّ

ہیں۔ غبار کے گرد و غبار اڑا دیتے ہیں۔ پھر دشمنوں کے دل میں گھس جاتے ہیں۔ بیشک

اَلْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝
انسان اپنے رب کی بڑا ہی ناشکرا ہے۔ اور وہ اس بات پر خود بھی ضرور گواہ ہے۔

وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝
اور وہ مال کی بہت محبت رکھتا ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا کہ جب مُردے قبروں سے نکالے جائیں گے

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝ ع ۱ ۲۵
اور سینوں کے بھید کھول لیے جائیں گے اُس دن اُنکا پروردگار اُن سے ضرور واقف ہوگا۔

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝
کھڑکھڑانیوالا (واقعہ) کیا ہے وہ کھڑکھڑانیوالا (واقعہ)؟ اور تم کیا سمجھے کہ وہ کھڑکھڑانیوالا (واقعہ) ہے کیا؟

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۝ وَتَكُوْنُ
وہ دن جس میں لوگ ایسے ہو جائینگے جیسے پھیلے ہوئے پتنگے۔ اور پہاڑ ایسے

الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ
ہو جائینگے جیسے دُھنکی ہوئی اُون۔ پس جس کے اعمال نیک کی تول

مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ وَاَمَّا مَنْ
بھاری اُتریگی وہ تو خاطر خواہ عیش میں ہوگا۔ اور جس کے اعمال ہلکے

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝ وَمَا اَدْرٰىكَ
کی تول کم اُترینگی تو اُسکا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔ اور تم کیا سمجھے کہ ہاویہ

مَا هِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝ ع ۱ ۲۶
کیا ہے؟ دہکتی ہوئی آگ ہے۔

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ كَلَّا سَوْفَ

زیادتی کی خواہش نے تم کو غافل بنا رکھا ہے یہاں تک کہ تم قبروں کو دیکھا (یعنی تم کو موت آگئی) کلا جلد ہوگا کہ (اس کا)

تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ كَلَّا لَوْ

تم جان لوگے پھر سن رکھو کہ آگے چلکے تم جان لوگے دیکھو اگر تم

تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝ ثُمَّ

یقین کے طور پر جان لیتے (تو غافل نہوتے) تو تم دوزخ کو ضرور دیکھوگے۔ پھر

لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ

تم اسکو یقین کی آنکھ سے دیکھوگے۔ پھر تم سے اس دن نعمتوں کی بابت ضرور

عَنِ النَّعِيْمِ ۝ ع ۲

باز پرس کی جائیگی۔

سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وقت عصر کی قسم۔ انسان ضرور ٹوٹے میں ہے۔ سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝ ع ۱

اور اُنھوں نے نیک عمل کیے اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کی اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے

سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝

ہر عیب جوئی کرنیوالے طعنہ زن کے واسطے (دوزخ) کا عذاب ہے جو مال جمع کیا اور اسے گنتا رہتا ہے۔

يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝

گمان کرتا ہے کہ اسکا مال اسے ہمیشہ زندہ رکھیگا۔ ایسا نہیں ہوسکتا وہ ضرور حطمہ (نامی دوزخ) میں ڈالا جائیگا۔

وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝ الَّتِيْ تَطَّلِعُ

اور تم کیا سمجھے کہ حطمہ کیا ہے؟ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔ جو دلوں تک

عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝

جا پہنچیگی۔ پھر وہ بڑے (بڑے) لمبے ستونوں (کی صورت میں) انکو ہر طرف سے گھیر لیگی۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں (کے لشکر) کیساتھ کیا معاملہ کیا؟ کیا اسنے ان کی

كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝

چال کو بیکار نہ کر دیا؟ اور ان پر (ابابیل) پرندے بھیجے

تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

جو انکے اوپر پتھریلی مٹی کی کنکریاں پھینکتے تھے پھر انکو چبائے ہوئے بھوسے کی مانند کر دیا۔

لیکن اس شخص نے جٹلا کر دیکھو نہ پڑھا ہو ایسی صورت کا فقہ دیوبندی ہی ہوا کرتا ہے اسکے مقابل اہلحدیث کی مجھ کی ہوا کرتی ہے

سُوْرَةُ القُرَيْش مَكِّيَّة وَهِيَ اَرْبَعُ اٰيَات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝

چونکہ قریش کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کر دیا تھا ہم نے اس مانوس کرنے کی وجہ سے اُن کو چاہیے

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ

کہ اس گھر کے پروردگار کی عبادت کریں۔ جس نے (پہلے) بھوک (کے قحط) میں اُن کو کھانا دیا

وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

اور (پھر) خوف سے اُن کو مطمئن کر دیا۔

سُوْرَةُ المَاعُوْن مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعُ اٰيَات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ

کیا تم نے اُس شخص کو دیکھا جو جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟ یہی تو ہے

الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ

جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب

الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ

نہیں دیتا۔ پس وہ نمازیوں کے واسطے ہے جو

هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ

اپنی نماز سے غفلت کرتے ہیں اور جو دکھاوے کی

ع ۱

لہ اُن کا نماز پڑھنا محض دیا تھا۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ

يُرَآءُونَ ۝ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ۝
نماز پڑھتے ہیں۔ اور عاریت دینے کی چیزوں کو روکتے ہیں۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
یقیناً (اے رسول) ہم نے تمکو کوثر عطا کی ہے۔ اب تم اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھو اور (اونٹ وغیرہ) قربان کرو۔

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝
کانوں تک بلند کرو۔ یقیناً تمہارا دشمن جو ہے وہی بے اولاد رہیگا۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا
(اے رسول) تم کہدو کہ اے کافرو! جن کی تم عبادت کرتے ہو میں نہیں کرتا

تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
عبادت نہ کرونگا۔ اور نہ تم اسکی عبادت کرنیوالے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
اور نہ میں اُن کی عبادت کرنیوالا ہوں جنکی تم نے عبادت کی ہے۔ اور نہ تم اسکی عبادت کرنیوالے ہو

مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝
جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ تمہارا دین تمہارے لیے ہے اور میرا دین میرے لیے ہے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ

جب آئی اللہ کی مدد اور فتح (ہو گیا ملکہ)۔ اور دیکھا تم نے لوگوں کو

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ

کہ خدا کے دین میں گروہ گروہ (داخل ہو رہے ہیں) تو اب تسبیح کر ساتھ خوبی کی حمد کی

رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

تیرے رب کی اور اس سے طلب مغفرت کر۔ بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا ہے۔

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ

ٹوٹ جائیں دونوں ہاتھ ابولہب کے اور غارت ہو جاوے وہ خود۔ اور اسکا مال اور جو کچھ اُسنے کمایا

مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ

اُس کے کچھ کام نہ آئیگا۔ عنقریب وہ بھی لپٹ والی آگ میں

لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ

پڑیگا۔ اور اسکی جورو بھی جو سر پر لکڑیاں اٹھائے ہوئے (چغلی جاتی ہے) جس کے

جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

گلے میں آگ کی رسی ہوگی۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (او) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

تم کہو کہ وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ وہ کسی کا والد ہے اور نہ وہ خود کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ کوئی اُس کا ہمسر ہے۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (او) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

تم کہو میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے جس کو اُس نے پیدا کیا۔ اور اندھیری رات کے شر سے جبکہ وہ چھا جائے۔ اور گرہوں پر پھونک مارنے والیوں کے شر سے (جبکہ وہ پھونک مارں) اور حسد کرنیوالے کے شر سے جبکہ وہ حسد کرے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ

تم کہدو کہ میں آدمیوں کے پروردگار کی آدمیوں کے بادشاہ کی آدمیوں کو

النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ

معبود کی اُس شیطان کی وسوسوں کر شر سے بچنے کے لیے پناہ مانگتا ہوں جو لوگوں کے

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

دلوں میں وسوسے ڈالتا رہتا ہے (اُن میں سے) ایک جنوں میں سے اور ایک آدمیوں میں سے ہو سکتا ہے

ع ۲۹

اتمام مہمات بلحن عمیم

قطعۂ تاریخ ختم ترجمۂ قرآن مجید الشہیر بہ مقبول ترجمہ ریختہ مکلل گہر سلک عالیجناب مرزا کاظم حسین صاحب لکھنوی المتخلص بہ محشر والخاطب بہ فداح آل محمدؐ زیدتوفیقاتہ

اے فاضل اکمل تری کوشش کے تصدق — وہ کام کیا کہیے جسے نقش یگانہ
کس حسن سے تحریر کیے معنی قرآن — اُردو کو عطا کر دیا طوبیٰ شمانہ
ہر جملہ کی تاثیر بیان کر نہیں سکتا — ہر سطر کا گویا دلِ بسمل ہے نشانہ
خوبیِ فصاحت کو مخالف بھی جو دیکھے — دل سے ہو مسلماں نہ کرے کوئی بہانہ
لازم ہے نظارے کے لیے دیدۂ باطن — قرآن کے معنی ہیں نہیں ہے یہ فسانہ
اِس باغ حقیقت میں سُنے جسکو ہو سُننا — دل کھینچتا ہے بلبل سدرہ کا ترانہ

محشر نے کہا جوش میں یوں مصرع تاریخ
یہ ترجمہ قرآں کا ہے مقبول زمانہ

۱۳۳۱ ہجری

۵ ۱ واؤ تا ۔ تاریخ اتمام ترجمہ مجموعہ علوم قرآن مع کاشف سورہ فرقانی طالبناب حافظ ستید خلیل صاحب رئیس مارہرہ مطبع ایضاً